صاحب کرامات کثیرہ، زبدۃ العارفین مولانا غلام رسول رحمۃ اللہ علیہ کے نقشبندی مرشد
کے حالات وواقعات کا نایاب تذکرہ جس میں آپ کا نقشبندی شجرہ طریقت بھی موجود ہے۔

خوارق

فارسی

(اردو ترجمہ)

مصنف :۔ مولوی غلام رسول تخلص غلام

مترجم :۔ الحاج عبدالرزاق کوثر۔ مردان

مطبوعہ سلسلہ ۴

صاحبزادہ بک فاؤنڈیشن کوٹھہ۔ ضلع صوابی مردان

اَلَآ اِنَّ اَوْلِيَآءَ اللّٰهِ لَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ ط

سلطان الاولیاء حضرت سید امیر صاحب رحمۃ

حضرت جی صاحب رح کوٹھہ شریف

کے حالات و کرامات سے متعلق

خوارق

فارسی

(اردو ترجمہ)

مصنف : مولوی غلام رسول، قلعہ میہاں سنگھ

مترجم : - الحاج عبدالرزاق کوثر - مردان

مطبوعہ سلسلہ ۲

صاحبزادہ بک فاؤنڈیشن کوٹھہ ضلع صوابی - مردان

جملہ حقوق محفوظ ہیں

ناشر ——— صاحبزادہ محمد اشرف
حیات آباد
فون نمبر ۸۱۰۴۳۹

کاتب ——— محمد کمال مصلح

اشاعت اول ——— ربیع اول ۱۴۱۳ھ
ستمبر ۱۹۹۲ء

تعداد ——— ایک ہزار (۱۰۰۰)

قیمت ——— ۳۵/- روپے

——— باھتمام ———
صاحبزادہ بک فاؤنڈیشن۔ کوہاٹ

فون نمبر ۸۱۰۳۳۹

انتساب

حضرت جی صاحب کوہاٹ

کے

صادق اور خوددار

پرپوتوں

محمد شہاب اور محمد شیراز

کے

نام

فہرست

صفحہ
(۱) پیش لفظ : صاحبزادہ سید محمد مصطفٰے باچہ ۵
(۲) تعارف : الحاج صاحبزادہ محمد اشرف ۸
(۳) رسالہ خوارق کے مصنف کے حالات : ۱۲
(۴) شجرہ شریف : ۲۸
(۵) حضرت جی صاحب کی ابیات میں منقبت : ۳۸
(۶) مولانا غلام رسول ۔ قلعہ میہاں سنگھ ۴۰

پیش لفظ

اللہ تبارک وتعالیٰ کا بے انتہا فضل وکرم ہے کہ انسان ہی اللہ تعالیٰ کے نزدیک محبوب ترین خلائق بحر و بر ہے اس لئے قدرت لایزل نے اپنے بندوں کے اصلاح اور فلاح کے لئے نبیوں، رسولوں اور ہادیوں کو پیدا کیا کہ انسان جو محبوب حق ہے شیطان کے مکر و فریب سے معتوب و مغضوب نہ ہونے پائے، رشد و ہدایت کا یہ سلسلہ آدم علیٰ نبینا علیہ السلام سے شروع ہو کر اختتام خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وسلم پر ہُوا، اور دین اسلام کو مکمل ضابطہ حیات پر مہر اختتام ثبت کر دیا گیا لیکن کار نبوت تبلیغ دین اعلائے کلمۃ اللہ کو تا قیام ارض و سماء کی بشارت بھی دی گئی۔ قدرت کا فرمان ہے کہ ,, انّا لہٗ لحافظون ،، دین اسلام کو اللہ کی حفاظت حاصل ہے، اس لئے ہر صدی میں قدرت لایزل جب بھی زمین پر کفر و بدعت کی ظلمات طاری ہو جاتی تھیں، اس ظلمات کو ہٹانے کے لئے اپنے طرف سے ایک محبوب بندہ مامور فرماتا، کہ یہ باغ ہمیشہ کے لئے سرسبز و شاداب رہے، اسی نورانی چمن کے سیرابی کے لئے قدرت لایزل نے سنہ ۱۲۱۰ھ کو موضع کوٹھہ شریف علاقہ اتمانزئی میں ایک محبوب ترین عالم حق، رشد و ہدایت کا سرچشمہ نور



٦

حق کو پھیلانے والا نور، ایک عالم دین اور متقی محمد سعید علیہ الرحمۃ کے گھر کو اس نور سے منور فرمایا، اور اسی نیک بختی کی وجہ سے مسمی اسم شریف سید امیر صاحب علیہ الرحمۃ موسوم ہوا یعنی راہِ حق کے تلاش کرنے والے پروانوں کا سردار۔

اسی شمع رسالت صلی اللہ علیہ وسلم کے پروانوں کا ایک پروانہ مصنفِ رسالۂ خوارق مسمی غلام رسول صاحب صوبہ پنجاب کے موضع گوجرانوالہ قلعہ میہاں سنگھ کے مولوی رحیم بخش کے چشم و چراغ تھے جو کہ ایک مایہ ناز شاعر تھے۔ جب قدرت لایزل نے اس کے قلب میں جذبۂ اطاعت الٰہی اور اطاعت رسول صلی اللہ علیہ وسلم پیدا کیا، تو مرشدِ حق کی تلاش میں ذی الحج کے ۱۶ تاریخ سنہ ۱۲۶۳ھ کو گھر سے نکلا۔ کیونکہ مصنف مرحوم کا لکھنا ہے کہ گوناگوں تفکرات اور تخیلات کیوجہ سے میں اقم الصلوۃ لذکری کے حلاوت اور فیضیابی سے بہت دور چلا گیا تھا۔ راقم کے خیال میں لا تعمی الابصار ولکن تعمی القلوب التی فی الصدور جس کے آنکھیں اندھے نہیں ہوتے بلکہ تفکراتِ دنیاوی کیوجہ سے دل اندھا ہوتا ہے، اسی مردِ حق حاذق طبیب اور کامل مرشد کی تلاش اور جستجو میں مصنف کو پنجاب سے لے کر سوات کی مٹی چھاننی پڑی، اور دربدر ٹھوکریں نصیب ہوئے، لیکن اس روحانی مرض کا کوئی مسیحا نہیں ملا۔ بہت مصائب برداشت کرنے کے بعد مجھے ایک ایسے مرشدِ کامل اور پیرِ دستگیر کے آستانہ مبارک پر قدم بوسی کی

٧

شرف حاصل ہوئی جو کہ سلسلۂ مجددیہ کا حامل اور اموال اور افعال محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم کا تابع، اور اقتدا کرنے والا اور اسرارِ الٰہی اور انوارِ الٰہی کا بیش بہا خزانہ تھا، اور قدم بوسی کے بعد دردِ مستغاث کا نسخہ اس کی خدمت میں پیش کیا۔

کامل مرشد اور مردِ مومن حضرت جی صاحب کو جنہوں نے اللہ کریم کا شکریہ ادا کیا، اور اسی وقت ہمارے دل کا بھید اور تمام راز کی باتیں ہم پر منکشف ہوئے رسالہ لکھنے والے نے لکھا ہے بہ

جزاک اللہ کہ چشمم باز کردی
مرا بہ جاناں جان ہمراز کردی
پرے ہے چرخِ نیلی فام سے منزل مسلماں کی
ستارے جس کے گردِ راہ ہوں وہ کارواں تو ہے

راقم کے خیال میں رسالۂ خوارق کے مصنف نے خوارق لکھنے کا اشارہ بھی حضرت سید امیر صاحب معروف حضرت جی صاحب کو ہے خوارق جو عام مسلمانوں کے لئے محال ہو اور عارف باللہ کے لئے حال ہو۔ عارف باللہ کو عجائبات کا علم اپنے دربار سے عطا فرماتا ہے۔

العاصی

حسن زادہ سید مصطفےٰ

تعارف

ضلع گوجرانوالہ کے موضع میہاں سنگھ کے مولوی غلام رسول ایک درویش صفت عالم اور صوفی شاعر تھے۔ مولوی غلام رسول اپنے گاؤں سے پیر کامل کی تلاش میں نکلے اور باجکہ گاؤں علاقہ بیرنسیر میں حضرت جی صاحب کوٹھہ سے ملاقات کے بعد صفر ۱۲۶۴ھ میں بیعت ہوئے۔ مولوی صاحب نے ابجد کے حساب سے ۱۲۶۴ کے عدد سے خوارق نامی سال لکھا جس میں حضرت صاحب کے حالات اور کراماتؔ[1] کو منضبط تحریر کیا۔ اس رسالہ کو صاحبزادہ حافظ سید احمد صاحب (فرزند حضرت جی صاحب) نے فروری ۱۸۸۹ء (جمادی الثانی ۱۳۰۶ھ) میں اپنے دستخط سے مصنف کے اصل نسخہ سے نقل فرمایا۔ بعد میں حافظ صاحبزادہ صاحب کے فرزند (صاحبزادہ عبدالحئی مرحوم) نے فروری ۱۹۱۷ء (جمادی الاول ۱۳۲۵ھ) کو اس نسخہ سے نقل کر کے نومبر ۱۹۲۲ء (جمادی الاول ۱۳۴۵ھ) کو آرٹ پریس راولپنڈی سے شائع کیا۔ اب "خوارق" کا اردو ترجمہ پیش خدمت ہے۔

مولوی غلام رسول کو ۱۸۵۷ء کے غدر میں بڑھ چڑھ

---

[1] لہ دراصل کرامات کی تیدری نصالیہ صفحہ ۱۳۸ پر تفصیلی ذکر موجود ہے۔ (اشرف)

کر حصہ لینے اور ہندوستان میں بغاوت پھیلانے کے جرم میں گرفتار کر کے لاہور میں فنانشل کمشنر مسٹر منٹگمری کی عدالت میں پیش کیا گیا وہ انھیں دیکھ کر بہت متأثر ہوا اور کرسی پر بٹھایا بیان لینے کے بعد حوالات بھیج دیا گیا۔

بعد میں جب دوبارہ عدالت میں طلب کیا اور کہا:

"آپ کا کوئی ضامن ہے تاکہ آپ کو ضمانت پر رہا کر دیا جائے"

فرمایا "ہاں"

پوچھا: "کون"؟

آسمان کی طرف ہاتھ اُٹھا کر جواب دیا "میرا ضامن اللہ تعالیٰ ہے" اس پر مسل خوان اور دیگر اہل کار مسکرائے لیکن فنانس کمشنر کے دل پر اس کا بے حد اثر ہوا۔ اور کہا:

"اچھا تو ہم آپ کو اس کی ضمانت پر رہا کرتے ہیں"

اس کے بعد انہیں رہا کر دیا۔

ادارہ ثقافت اسلامیہ لاہور نے "فقہائے پاک و ہند" کی پانچ جلدیں شائع کی ہیں۔ جلد سوم میں مولانا غلام رسول قلعہ میہاں سنگھ کی زندگی اور شخصیت پر تفصیلی حالات لکھے ہیں جن سے اہم اقتباسات بھی رسالہ خوارق کے ترجمہ کے ساتھ قارئین کی دلچسپی کے لئے پیش کئے جاتے ہیں۔

مولانا غلام رسول اس رسالہ "خوارق" کے اختتامی



۱۰

صفحات میں بشارت اور مژدہ کا ذکر کرتے لکھتے ہیں، کہ جناب سیدنا محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو اختیار دیا گیا، کہ محبوبیت اور عبودیت میں کسی ایک کو پسند کر کے اختیار کر لیجئے۔ تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے عبودیت کو پسند فرمایا۔ عبدہٗ ورسولہٗ

اسی کے متعلق حضرت جی صاحب خوشی محسوس کرتے ہوئے ارشاد فرماتے تھے جسے مولوی صاحب نے درج ذیل اشعار میں اظہار کیا ہے: ؎

اشارت مخبر چند ایں بشارت
کہ ارشادی نگنجد در عبادت
ہمیں بس کز حیات پاک صمدی
شنیدستم خطاب اَنتَ عَبدِیْ

ترجمہ:-

عطا کر دی اشارت میں بشارت
نہیں تحریر میں آتی مسرت
ہے بس کافی اشارت یہ جو کر دی
سنی جب سے خطاب انت عبدی

یہ اللہ تعالیٰ کا کرم واحسان ہے کہ اس نے مجھ گنہگار کو خدمت کا موقع بخشا، جس کے لئے میں اپنے رب کے اس فضل وکرم پر سجدہ شکر بجا لاتا ہوں، اسی کی تفسیر

۱۱

دانائے شیرازؒ نے خوب فرمائی ہے: ؎

شکر خدائے کن کہ موفق شدی بخیر
ز انعام وفضل او، نہ معطل گذاشتت
منت منہ کہ خدمت سلطان ہمی کنی
منت شناس ازو کہ بخدمت بداشتت

ترجمہ:-

یعنی خداوند کریم کا شکر ادا کر کہ اس نے تجھ کو نیکی کی توفیق دی ہے، اور اس نے تجھے اپنے انعام واحسان سے محروم نہیں رکھا، یہ احسان مت بتلا کہ تو بادشاہ کی خدمت کر رہا ہے بلکہ اس کا احسان سمجھ کر کہ اس نے تجھے اپنی خدمت کا موقع دیا ہے۔

محمد اشرف
۱۹ر مارچ ۱۹۹۲ء
۱۴ر رمضان ۱۴۱۲ھ

رسالہ خوارق کے مصنف کے حالات

"رسالہ خوارق" کا مصنف مولوی غلام رسول صاحب جو کہ ایک درویش صفت اور بہت بڑا کامل شاعر تھا، صوبہ پنجاب کے ضلع گوجرانوالہ کے موضع قلعہ میاں سنگھ میں رہتا تھا۔ جب محبت الٰہی کا جذبہ آپ پر غالب ہوا تو ذی الحجہ ۱۲۶۳ھ میں اپنے گھر سے کسی پیر کامل کی تلاش میں روانہ ہو کر گلی گلی اور شہر بشہر پھرتا تھا، آخرکار چلتے چلتے اور تلاش کرتے ہوئے اخوند صاحب سوات کی خدمت میں حاضر ہوئے۔ مگر وہاں اپنے مطلب کو نہ پایا۔ کیونکہ وہ کسی عارف کامل کو تلاش کرتا تھا نہ کہ کسی عامل اور صاحب تسخیرات کو پس وہاں سے علاقہ بونیر کے موضع باجکٹہ میں آ گئے، اور کوٹھہ کے حضرت جی صاحب سے ملاقات کی، حضرت صاحب کے دیکھتے ہی اپنے مطلب کو حاصل کیا اور حضرت صاحب سے بیعت ہوئے۔ یہ صفر ۱۲۶۴ھ کا مہینہ تھا۔ اور یہ رسالہ خوارق کہ ابجد کے حساب سے اس کے بھی ۱۲۶۴ اعداد بنتے ہیں، تحریر فرمایا۔ اس میں حضرت جی کوٹھہ صاحب کے حالات و کرامات درج ہیں۔ اس کے بعد اپنے آبائی وطن واپس تشریف لے گئے۔ اور وہاں وعظ و نصیحت کرنے لگے۔ جس کے اثر سے بہت سے کافر مسلمان ہو گئے۔ اس کے حالات کو دیکھتے ہوئے دوسرے لوگ بھی جیسے کہ مولوی سراج الدین صاحب خوشنویس سکنہ گوجرانوالہ وغیرہ جو کہ کسی پیر کامل اور مرشد و رہنما کے تلاش میں تھے، کوٹھہ شریف تشریف لے آئے، اور حضرت صاحب کے حلقہ ارادت میں شامل ہو گئے۔ فقط۔ (۳ جمادی الاول ۱۳۴۵ھ بمطابق ۵ نومبر ۱۹۲۶ء،
الراقم، صاحبزادہ عبدالحی نقشبندی تخم الدوسی)

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الحمد للہ سبحانہ وتعالیٰ شانہ و سلام
علی عبادہ الذین اصطفٰی و تم علیھم احسانہ

اللہ کریم کی حمد و ثنا اور ہادی عالم رحمۃ للعالمین پر درود و سلام کے بعد یہ چند سطور اس امید پر لکھی جا رہی ہیں کہ اللہ کے نیک اور صالح بندوں یعنی اولیاء اللہ کے ذکر کرنے اور ان کے حالات بیان کرنے کے وقت اللہ کے بے پایاں رحمتیں نازل ہوتے ہیں۔ نیز طریقہ محمدیہ کے پیروی کرنے والے تابعوں کو مزید شوق و رغبت دلانے کی خاطر سپرد قلم کی جاتی ہیں۔ تاکہ سچے عقیدتمندوں کی عقیدہ میں پختگی اور زیادتی پیدا ہو جائے۔ اور بدفطرت حاسدوں کے دلوں میں ان کی بے بصیرتی اور کم نظری کے اندازے پر جلن اور کسک پیدا ہو جائے

ے آب نیل است و بقبطی خون نمود
قوم موسیٰ را نہ خون بود آب بود
ترجمہ نیل کے دریا نے قبطی کر دیا سب غرق خون
قوم موسیٰ کے لئے آب حیات و خوش نگون

چونکہ اس نیاز مند بندہ مسمی غلام رسول کا ولی نعمت رہنما اور پیر کامل اس فانی دنیا سے عالم بقا کو رحلت فرما چکے تھے۔ اور اس فقیر کو مہلک روحانی امراض نے ذکر الٰہی کی مٹھاس اور حلاوت سے محروم کر کے گوناگون اندیشہائے دور و دراز میں ڈال رکھا تھا۔ ان امراض روحانی کے علاج اور ان کے مہلک اثرات سے گلو خلاصی کے خاطر یہ فقیر کسی حاذق طبیب اور پیر کامل کی تلاش میں دربدر کو بکو تلاش کے لئے سرگرداں تھا۔ اسی تلاش و جستجو کے سلسلے میں ذی الحجہ کی سولہ تاریخ کو اپنے گھر سے نکل پڑا۔ اور دور و دراز کے سفر طے کرنے

کے بعد قسمت نے یاوری کی اور اللہ کریم کی عطا کردہ توفیق کی رہنمائی میں نہایت مبارک وقت اور خوش نصیب گھڑی ماہ صفر کے تین تاریخ ۱۴۰۰ ہجری ایک کامل معالج اور طبیب حاذق کے دربار میں حاضری کی سعادت نصیب ہوئی جس کی ذات گرامی مسیحا صفت تھی۔ اور مریضوں کا قاتل نہ تھا۔ مختصر یہ کہ میں ایک ایسے پیر دستگیر کے آستانہ مبارک پر قدم بوسی کی سعادت سے مشرف ہوا۔ جو کہ ضلالت و گمراہی کی تاریکیوں میں نور و روشنی کا ایک منبع تھا۔ جس سے فیض کی کرنیں پھوٹتی تھیں۔ جو کہ معارف مدینہ کا مظہر تھا۔ اور مواہب قدسیہ کا مورد شریف دین حنیف کی بلندیوں کا زینہ اور طریقت کے سلسلہ نقشبندیہ کے آرائش و زینت کا خزینہ اور سلسلہ احمدیہ مجددیہ (مجدد الف ثانی) کا چراغ اور افعال نبوی علیہ الصلوٰۃ والسلام کا تابع و متابع اور اقوال مصطفےٰ علیہ الصلوٰۃ والتحیات کا پیرو اور اقتدا کرنے والا۔ اسرار الٰہی کا ایک بیش بہا خزینہ اور انوار الٰہی کے روشنیوں کا ایک بے بہا گنجینہ۔ گرے پڑے لوگوں کو ہاتھ سے پکڑ کر اٹھانے والا اور اٹھا کر اپنے پاؤں پر کھڑا کرنے والا۔ جو کہ اپنے پرتاثیر لفظ کیمیا اثر سے غلیظ مکھی کو پاک و صاف اور مبارک شہد بنا دیتا ہے۔ مس اور جست کو کیمیا بنا دیتا ہے۔ محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم کی سنت مطہرہ و منورہ کا اتباع اور التزام اس کا شیوہ اور وظیفہ اور بدعت اور خلاف سنت باتوں سے دامن بچا کر رہنا اس کے زندگی بسر کرنے کا طریقہ۔ ان کے اعلیٰ اور احسن صفات کے لکھنے سے قلم عاجز ہے۔ اور ان کے محامد و محاسن کو اپنے سینے میں درج کرانے سے کاغذ اپنے تنگی دامان کا شاکی ہے۔

؎ دامان خرد تنگ و گل وصف تو بسیار
گلچین بہار تو ز دامان گلہ دارد

؎ تمہارے حسن کی پھولوں کی اتنی کثرت ہے
نظر کو تنگیٔ داماں کی شکایت ہے۔

کرمٹھ (تحصیل و ضلع صوابی) کو اس کی نسبت کی وجہ سے بخارا جیسی شہرت نصیب ہوئی۔ اور مدینہ ان کی وجہ سے مرکز علوم اسلام بن گیا۔

؎ ہزار بار بشویم دہن بہ مشک و گلاب
ہنوز نام تو گفتن کمال بے ادبی ست

؎ گلاب و مشک سے منہ لاکھ بار دھو رکھوں
جو نام ان کا کہوں ڈر ہے ادب کھو رکھوں

آخر کار ان کی آستانہ پر ان کی قدم بوسی کی سعادت کے حصول کے بعد درود مستغاث کا ایک نسخہ اشراق کے نوافل سے فراغت کے بعد تحفہ کے طور پر ان کی خدمت میں پیش کر کے عرض کیا۔ کہ "برگ سبز است تحفہ درویش"
ع فقیر ہم یہی لایا ہے۔ سبز پتے چند" حضرت جی صاحب رحمۃ اللہ علیہ نے اللہ کریم کے لاکھ لاکھ شکر ادا کئے۔ اور شکریہ ادا کرنے کے لئے دو رکعت نفل ادا کرنے کے بعد "چار علی" (چارگلی) کے گاؤں کے حاجی صاحب کو طلب فرمایا۔ اور اس فقیر کے ان کے ہاں پہنچنے سے پہلے میرے حالات جو آنحضرت نے حاجی صاحب کو بیان فرمائے تھے۔ اور جو عین میرے حالات کے مطابق تھے توثیق کے طور پر ان کو مطلع فرمایا۔ اس نیاز مند کو کچھ نقد رقم اور شیرینی عنایت فرمائی۔ اور اخلاق محمدی کی تقاضا کے طور پر مہربانی کا سلوک کر کے مسرت کا اظہار کیا۔ چونکہ مجھے افغانی یعنی پشتو زبان کی سمجھ نہیں تھی۔ اس لئے میری دل جوئی اور مسافر نوازی کے شریف جذبے کے ماتحت اردو کی زبان میں میرے ساتھ گفتگو [illegible] حضرت جی [illegible]

اخلاق حمیدہ اور اطوار شریفہ اقوال و افعال و آثار پسندیدہ کو کتاب اللہ اور سیرت و سنت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور اصحاب کرام کے افعال و کردار اور مشائخ عظام کے افعال کے مطابق پائے۔ اور امام ہمام کے تصنیفات اور تحریرات کے موافق و مطابق محسوس کیا۔ تو یہ بات بخوبی معلوم ہوئی کہ

؎ بعینہ ہمہ خلق محمدی ست دراو
ظہور نسبت خاص مجددی ست دراو

؎ بھرا ہے خلق محمد کا سارا نور اس میں
شعار و خوئے مجدد کا ہے ظہور اس میں

بنا بریں آپ کی باسعادت صحبت میں رہنے کو اپنے لئے ضروری اور لازم جانا۔ چند دن گزرنے کے بعد مکاشفہ کے ذریعے میرے سابقہ حالات سے اُن کو آگاہی حاصل ہوئی۔ اور مجھے مختلف کاموں سے مطلع فرمایا۔ اور ان امورات ماضیہ یعنی گزرے ہوئے دنوں کے واقعات میں سے ایک ایسے شخص کے حالات تھے۔ جو کہ رسالت کے منکر تھے۔ اور فاسقوں کی ایسی مدح اور تعریف کرتا تھا۔ جس کے مبالغہ آرائیوں کی کارن عرش معلی لرز اُٹھتا تھا۔ جب میں نے ان واقعات گزشتہ پر غور کیا۔ تو صحیح اور درست پایا۔ اور وہ یہ کہ عربی علوم کی تحصیل اور طالب علمی کی ابتدائی ایام میں جبکہ میرے ذوق و شوق کے جذبات اپنے عروج پر تھے۔ میں تقریباً ایک برس تک لاہور میں ایک استاد کے ہاں رہا۔ کہ جن کے حالات تفصیل اور وضاحت سے تحریر کرنا کسی طرح بھی مناسب نہیں۔ فقط یہ کہ خداوند کریم مجھے بھی معاف فرمائے اور اس میرے استاد کو بھی۔ اور مجھے خدا بھی بخشش دے اور اُسے بھی اگر وہ ایمان کے ساتھ مرا ہو۔ ان دنوں

حاجت مند لوگوں کے کہنے اور سفارش کرنے کی وجہ سے دنیاداروں کی مدح اور تعریف میں چند شعر کہے۔ جس کی وجہ سے دل کی سختی اتنی بڑھ گئی۔ کہ ایمان کی حلاوت عنقا اور نیست و نابود ہو گئی۔

؎ در بدر کو بکو ہمے پویم تاکہ زاں گل مرا نشانہ دہند
آنچہ گم کردہ ام ہمے جویم بوئے ہر گلشنے ہمے بویم

؎ گلی گلی میں ہر ایک در پہ گھومتا ہوں میں
متاع گم جو کیا اُس کو ڈھونڈتا ہوں میں
کوئی نشانی دے اُس پھول کی شاید مجھ کو
ہر ایک باغ کی خوشبو کو سونگھتا ہوں میں

کچھ عرصہ بعد انہوں نے اشارہ فرمایا۔ کہ صبح کے حلقہ کے آخر میں تسخیر جنات اور حصول کیمیاء کی خواہش معلوم ہوتی ہے۔ چونکہ ان دونوں باتوں کی خواہش درحقیقت میرے دل میں جاگزیں تھا۔ اس لئے ان دونوں میں سے توبہ کیا۔ اور اس خواہش کو خیرباد کہنے کا مکمل عزم کیا۔ اور انہی ایام میں مٹھاس کھانے سے مجھے منع فرمایا۔ حالانکہ اس کا ترک کرنا میرے لئے بندوق کی گولی کی طرح سخت تھا۔ اس فقیر کے خیال میں جو طفیل سمجھ کر استعمال کرتا تھا۔ اس کو چھوڑ دیا۔ پھر دوسری دفعہ حضرت صاحب نے لیدلا آبادی اور فلاں شخص کو تنبیہ فرمائی۔ میں سوچ میں پڑ گیا۔ آخر معلوم ہوا۔ کہ لعوک کا میوہ جو کہ پنجاب میں نایاب ہے۔ اور کوہستان کے علاقے میں سستا ہوتا ہے۔ اور جس کی قیمت بعض سپاہیوں سے مل گئی تھی۔ تھوڑی دیر بعد خلوت میں مجھے فرمایا۔ کہ تمہاری طبیعت میں جو حالت قبض واقع ہو گئی ہے۔ اس کی وجہ یہ ہے۔ کہ عصر کے حلقہ میں اچانک تمہارے دل پر نظر پڑ گئی۔ تو تمہارے دل کو جو کہ اللہ تعالیٰ



۱۸

کے تجلیات کا مظہر اور انوار کا منظر ہوتا ہے۔ مجھ سے تمہارے چھوٹے ہوئے اور متروکہ فطرت کی پلیدی اور میل سے آلودہ پایا۔ تو ہم نے زجر و توبیخ کے لئے تمہارے دل پر قبض کی حالت طاری کی تاکہ تم سب آلودگیوں سے باز آجاؤ۔ اور اس وقت کتاب و سنت کے مطابق چند کلمات میرے ڈرانے کے لئے فرمائے۔

؎ مرو بر سر رشتہ بار دگر
مبادا کہ ناگاہ گسشد رشتہ سر

اور اس آیت کریمہ کے حکم کے مطابق کہ توبوا الی اللہ توبۃ النصوحا میں نے اسی وقت پکا ارادہ کیا۔ کہ طریقت کے تمام ممنوعات سے توبہ کر کے جمعیت خاطر کے حصول کے لئے کوشش اور محنت کرونگا۔ دوسری بات یہ کہ ایک دن مجھے لوگوں سے علیحدہ ایک گوشہ میں فرمایا۔ کہ اہل سنت و جماعت کے برحق عقائد کو پوری طرح پاس رکھو۔ تمہارے ذہن و قلب میں چند اوراق کے مطالعے سے کچھ کدورت واقع ہوئی ہے۔ جس کا ازالہ ضروری ہے۔ یہ سنتے ہی اس فقیر کو یاد آیا۔ کہ عبدالمجید کے بکواسات جو کہ اپنے بدقسمتی اور شیطان کے بہکانے اور حاکموں کی لالچ کی وجہ سے دین اسلام کو چھوڑ کر مرتد ہو کر (اللہ تعالیٰ ہم کو بچائے رکھے) نصرانیت کے اندھے کنویں میں گر پڑا ہے اور جس نے اپنے غلط گمان کے بموجب رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے شان نبوت کے بارے میں چند فضول اور لغو باتیں تحریر کی ہیں۔ اور نیز کسی ایک رافضی کی لکھی ہوئی کتاب جو کہ سیاست مدنی (شہریت) کے بارے میں تھی۔ اس میں خلفائے راشدین کی خلافت راشدہ کے متعلق چند شکوک و شبہات تحریر کئے تھے۔ اور اپنے باطل خیال میں یہ بڑا کارنامہ سرانجام دیا

۱۹

تھا۔ اور درحقیقت گمراہی کے میدان سے ابدی اور دائمی بدبختی اور خسارے کا گیند حاصل کر چکا۔ اور اپنے چہرے اور سر پر ابدی ذلت بدبختی اور گھاٹے کی مٹی اور دھول ڈال رکھی۔ یہ دونوں میرے مطالعے میں آئیں۔ لیکن اللہ تعالیٰ سبحانہ کے فضل و کرم سے ان دونوں کے واہیات اور خرافات سے جن کے تار و پود مکڑی کے جالے سے بھی کمزور تر تھے۔ میرے ذہن پر کچھ اثر نہ ہوا۔ لیکن بسا اوقات ان کے وہ غلط خیالات دل پر چھا کر خطرات پیدا کرتے تھے اور کبھی کبھی موقع اور وقت کے مناسبت سے اہل علم حضرات کی مجلس میں اس کا ذکر زبان پر آتا تھا۔ کیونکہ اس قسم کی کتابوں کے مطالعہ سے دل میں کدورت اور سختی آجایا کرتی ہے۔ مجھے یاد آیا۔ کہ امام ہمام احمد بن حنبل رحمۃ اللہ علیہ کو جو مجبوری اور تکلیف محض اس وجہ سے مل گئی تھی۔ کہ انہوں نے معتزلہ کی رد کے لئے ان کی کتابیں مطالعہ کر کے ایک کتاب تصنیف کی تھی ان کے اس واقعے نے مجھے اپنی حالت کی یاد دلائی۔ اور اس لئے مجھے حضرت جی صاحب کی صحبت میں رہ کر جو خوارق (خرق العادت باتیں یعنی کرامتیں) ان دنوں نظر آئیں۔ وہ سب بغیر کسی کمی بیشی کے تحریر کر دیں۔ اب ان کے چند کرامتیں خوارق اور اخلاق حسنہ سپرد قلم کرتا ہوں۔

۱۔ آپ کی اچھی عادتوں اور محبوب معمولات میں سے ایک یہ ہے کہ نئے اور تازہ وضو کرنے کے بغیر نماز نہیں پڑھتے۔ اور ایک وضو کے اوپر دوسرا وضو کر کے نوافل ادا کرتے رہتے ہیں۔
۲۔ اور مسواک کرنا کبھی بھی ترک نہیں فرماتے۔
۳۔ اور ہمیشہ قبلے کی طرف رخ کئے رہتے۔
۴۔ دنیاوی باتوں سے اجتناب فرماتے۔



۵ اور غسل کرنے میں متوسط طریقہ اختیار فرماتے اور کمی بیشی نہیں فرماتے

۶ اور بول و براز (پیشاب و غیرہ) سے بہت احتیاط فرماتے۔ کہ اس سے بچنے میں احتیاط نہ کرنا عذاب قبر کا باعث ہے۔

۷ اور بکثرت دعا طلب کرنا۔ اکثر اوقات میں نہایت خشوع اور حضور قلب کے ساتھ آنحضرتؐ کے معمولات میں تھا۔ چنانچہ نقل کرتے ہیں کہ اپنے درجات کی رفعت کو دیکھکر دعاؤں میں تساہل اور سستی کرنے والے حسرت اور افسوس کرتے ہیں۔

۸ اور جیسا کہ امر خداوندی ہے کہ "وشاورھم فی الامر" پیش آمدہ امورات میں باہم مشورہ کیا کرو۔ حضرت جی صاحب کا معمول تھا۔ کہ ہر کام میں مشورہ کرنے میں پہل فرماتے۔

۹ نماز فجر کے ادا کرنے کے بعد اشراق تک اپنے حلقے کے ہمراہ مراقبہ فرماتے

۱۰ اس کے بعد مہمانوں کی حاجت روائی کے لئے دعا اور ان کے دلجوئی میں مصروف ہو جاتے۔ وضو تازہ کر کے نماز چاشت فرماتے۔ اور پھر عیال کی خاطر تواضع اور اہل خانہ کی مزاج پرسی اور تربیت کے لئے گھر تشریف لے جاتے اور حسب الحکم نزلوا الناس منازلھم۔ مہمانوں کے درجات و مراتب کے مطابق ہر ایک کو طعام عطا فرماتے۔

۱۱ قیلولہ فرماتے کیونکہ یہ سنت ہے۔ (قیلولہ دوپہر کے نیند اور آرام کرنے کو کہتے ہیں)

۱۲ نماز ظہر کو اول وقت میں پڑھتے۔ پھر تفسیر اخلاقیات اور دیگر عربی علوم پڑھاتے نماز عصر پڑھکر مغرب تک ذکر کرتے ہوئے خاموش بیٹھتے۔

۱۳ شام کی نماز پڑھکر نوافل پڑھتے۔ گھر جا کر مہمانوں کا مناسب انتظام فرماتے نماز عشاء پڑھکر پھر گھر تشریف لے جاتے۔

۱۴ صبح کاذب سے قبل رات کی تیسری حصے کے گزرنے کے بعد نماز تہجد پڑھتے۔

۱۵ دن رات میں کئی بار تقاضائے حال کے مطابق تلاوت کلام اللہ المجید فرماتے۔

۱۶ اور جن نمازوں کے بعد نفل پڑھنا جائز ہوتا ہے۔ نفل پڑھتے۔ اور بعض میں خفیف اور بعض نوافل میں طویل قرأت فرماتے۔

۱۷ اور آیات شریفہ کی تکرار کر کے بار بار پڑھتے ہیں۔ جیسا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یہ آیت مبارک کہ "وان تعذبھم فانھم عبادک الخ" (اگر تو انہیں عذاب دے تو یہ تیرے بندے ہیں) تمام رات تلاوت فرماتے رہے۔ اور اس غیر معمولی قیام کی باعث آپ کے مبارک پاؤں متورم ہوئے۔

۱۸ اور اکثر سورہ یٰسین اور سورہ حشر کی آخری آیتیں اور آیت کرسی کی تلاوت فرماتے۔

۱۹ قناعت اور توکل علی اللہ کرنے میں ثابت قدم ہیں۔ اور اللہ تعالیٰ کے دربار عالیہ کے علاوہ کسی کے سامنے اپنا حاجت بیان نہیں کرتے اور خوب دلجمعی اور اطمینان کے ساتھ اللہ تعالیٰ کے عطا کردہ اشیاء پر قانع تھے۔

۲۰ خوانین ظالمین اور دیگر ایسے کھانوں سے جس میں شبہ ہو کے کھانے سے جان بچاتے۔



۲۲

۲۱ غیبت اور بے ہودہ لغو باتوں سے اجتناب فرماتے اور اس طرح سے بات کرتے کہ اور لوگ بھی بے فائدہ باتوں سے باز رہیں۔

۲۲ میں آپ کے وسیع اور مسنون دسترخوان پر دیکھتا، کہ آپ سنت کے مطابق مہمانوں سے پہلے ہاتھ دھوڈالتے اور کھانا کھانے میں ایثار سے کام لے کر دوسروں کو ترجیح دیتے۔ اور سفر و حضر میں نمک چکھنے سے کھانے کی ابتداء اور اختتام کرتے اور سب کے بعد میں کھانے سے ہاتھ منع فرماتے (تاکہ مہمان خوب سیر ہو کر کھائیں اور شرم کی وجہ سے بھوکے نہ رہ جائیں)

۲۳ اور لوگوں کے خوش کرنے کے خاطر ہنس کر لطیف بات فرماتے۔ جس میں خوش طبعی کی نہایت لطیف چاشنی بھی ہوتی۔ اور تبسم کے وقت آواز اونچا نہ فرماتے۔ جو کہ دل کی موت کا باعث بنتا ہے۔

مجھے یہ ڈر ہے دل زندہ تو نہ مر جائے
کہ زندگانی عبادت ہے تیرے جینے سے

۲۴ اور آن کے معمولات اور عادات میں سے یہ بات بھی قابل ذکر ہے۔ کہ کھانے سے فارغ ہونے کے بعد الحمد اللہ الذی اطعمنی ھذا الطعام ورزقنی من غیر حول منی ولا قوۃ فرما کر اللہ کا شکر ادا فرماتے۔

۲۵ اور جب حضرت واپس تشریف لاتے تو چھوٹوں کو کچھ مٹھائی وغیرہ عنایت فرماتے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی عادت شریفہ ایسی تھی

۲۶ اور کھانے پینے میں اعتدال فرماتے

نہ چندان بخور کز دہانت بر آید
نہ چندان کہ از ضعف جانت بر آید

۲۳

نہ کھاؤ اتنا کہ نکلے بیرون دہن سے تیرے
نہ اتنا کم کہ بیرون روح ہو بدن سے تیرے

لذیذ اور دلپسند طعام جب سامنے پڑا ہو۔ اور اس کا اعتدال سے استعمال کرنا نفس کے لئے سخت ریاضت ہے۔ اور سخت اور حد سے زیادہ بھوک میں فرائض کے ترک ہونے کا احتمال ہے۔ اور نفس میں ایک گونہ عزیز کا شائبہ پیدا ہوتا ہے۔ جیسا کہ اشراقیوں کے حق میں محسوس کیا جاتا ہے۔ ان اشراقیوں میں سے ایک افلاطون بھی ہے۔ جس نے حضرت عیسیٰ علیہ الصلوٰۃ والسلام کو اس وقت کہا۔ کہ جس وقت آپ نے اس کو اللہ تعالیٰ کی طرف دعوت دی نحن قوم مھذبون لا حاجۃ لنا الی من یھذبنا۔ یعنی ہم ایک مہذب اور تہذیب یافتہ قوم ہیں۔ ہم کو کسی کی ضرورت نہیں جو ہمیں ہدایت دے اور مولائی قاری نے اس کی عمدگی کے سلسلے میں لکھا ہے۔ اما التماوۃ النقشبندیۃ والشاذلیۃ فعمدۃ غرضھم الستر عن الخلق ورفع الریاء والاعمال بالنیات.

نقشبندی اور شاذلیہ فرقے کے طریقوں میں لباس کی علت غائی اور غرض و غایت بدن کا ستر چھپانا اور ریا کاری سے بچنا ہے۔ اور اعمال کا دارومدار نیتوں پہ ہوتا ہے۔ اور نااہل بے بصیرت لوگوں نے صوفی ہونے کو رہبانیت تصور کیا ہے۔ یہ لوگ فقر و تصوف کے ساتھ کوئی نسبت نہیں رکھتے۔ یہ لوگ کثرت ازدواج یعنی ایک سے زیادہ بیویوں کو بھی عیب تصور کرتے ہیں۔ اور یہ نہیں جانتے کہ کوئی پیغمبر بھی غیر شادی شدہ یا مجرد نہیں رہا۔ سوائے حضرت عیسیٰ علیہ الصلوٰۃ والسلام کے جو کہ اس وقت جبکہ آسمان سے نزول فرمائیں گے امام مہدی کی بیٹی سے شادی کریں گے۔ اور حضرت یحییٰ نے شادی کی تھی۔ مگر حصور

کی وجہ سے عورت کی طرف میلان نہیں کی۔ اور دنیا سے رحلت فرما گئے۔ جیسا کہ ملا علی قاری رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی کتاب شرح عین العلم میں تحریر کیا ہے۔ حضرت داؤد علیہ الصلوٰۃ والسلام کے ننانوے بیویاں تھیں۔ حضرت فاطمۃ الزہرا رضی اللہ عنہا کے وفات کے بعد حضرت علی کرم اللہ وجہہ کے چار بیویاں اور چند ایک کنیزیں تھیں اور محبوب سبحانی رحمۃ اللہ علیہ کی بھی چار بیویاں اور چند کنیزیں تھیں۔ اور اسی طرح تمام مشائخ کی الا ماشاء اللہ بیویاں ہوتی تھیں۔

؎ کار پاکان را قیاس از خود مگیر
گرچہ ماند در نوشتن شیر و شیر

؎ ہے شیر و شیر ایک سے لکھنے مگر دیکھ
اللہ کے ولیوں کو نہ خود پر قیاس کر

اور حضرت جی صاحب کے چہرے پر ہمیشہ مسکراہٹ رقصاں رہتی۔ نہایت خندہ رو اور متحمل مزاج تھے۔ اس ملک کے نااہل بے ادب لوگ جو عالی مرتبت عالموں اور فقیروں کے ساتھ دشمنی اور عداوت رکھتے ہیں اور اپنی جہالت اور نااہلی کی وجہ سے جہاں کہیں بھی جانوروں کی چارہ کی طرح کہیں روٹی ملے اور پیٹ بھر کر کھا لیں اس شخص کو فقیر اور ولی کامل تصور کرتے ہیں۔ اور جو کوئی بھی ان کے خواہشات کے موافقت میں غیبت اور بے ہودہ باتیں کرتے ہیں۔ اس کو ماس تصور کرتے ہیں۔ حضرت صاحب برخلاف ان ظالموں کے بڑے صابر ہیں۔ اور لوگوں کے الزامات کی پرواہ نہ کرتے ہوئے نہایت متحمل مزاج ہیں۔ بقول بزرگ

؎ کردم از عقل سوالے کہ بگو ایمان چیست
عقل در گوش دلم گفت کہ ایمان ادب است

؎ کہ ایمان کی حقیقت جو عقل سے پوچھا
تو دل کی کان میں کہا وہ ادب کو کہتے ہیں

اگرچہ عام لوگ اُن کے پاکیزہ کلام اور طبیعت کی لطافت کو نہیں سمجھ سکتے۔ مگر اپنی پاکیزہ فطرت کے تحت ہمیشہ لوگوں سے خندہ روئی اور نہایت تحمل سے بات فرماتے ہیں۔

؎ مردمانے کہ اندریں حین اند
گہ ملائک گہے شیاطین اند

؎ با ہمیں مردماں بباید ساخت
چہ تواں کرد مردماں ایں اند

؎ اس زمانے میں کہ جو انسان ہیں
گہ ملائک کبھی شیطان ہیں

؎ کر گزارہ ان سے جیسا ہو سکے
کیا کریں، نام کے انسان ہیں،

انتہائی افسوس کی بات ہے۔ کہ یوسف علیہ السلام مصر میں ہیں۔ مگر بے قدر و قیمت ہیں۔ دوسری بات یہ کہ حضرت جی صاحب نے فرمایا۔ کہ پیر کی رات کو میں نے دیکھا کہ میں گویا کوٹھے میں ہوں۔ اور وضو بنا رہا ہوں۔ یا کوئی دوسرا عبادت سے متعلق کام کر رہا ہوں۔ کہ ایک نورانی چہرے والا بوڑھا آدمی چھت پر سے اُتر آیا۔ اور اگر میرے ساتھ محبت سے معانقہ کیا۔ اُس کے مبارک منہ سے دل اور روح کو فرحت اور سرور سے لبریز خوشبو آ رہی تھی اُس وقت میرے دل میں خیال آیا۔ کہ یہ حضرت خضر علیہ السلام ہیں۔ اور یہ خوشبو عالم قدس کی خوشبو ہوا کرتی ہیں۔ جب منگھانہ کو پہنچے۔ تو فرمایا کہ [illegible]



۲۶

کے گھوڑں میں اپنے گھوڑے سے ہوئے انگریزوں یعنی دھوبیوں کے گھر کے پاس کھڑا رہا۔ اور دیوانہ بابا کے قبر کو مشاہدہ کیا۔ دیوانہ بابا صاحب حضرت پیر بابا رحمۃ اللہ علیہ کی طرح ایک بڑے ولی اللہ ہیں۔ دیوانہ بابا صاحب علیہ الرحمت کو مسنون طریقے پر سلام کیا۔ کیا دیکھتا ہوں۔ کہ وہی نورانی چہرے والے معمر شخص تشریف لائے ہیں۔ اس وقت مجھے یقین ہوا کہ وہ مذکورہ نورانی چہرے والا بوڑھا شخص یہی دیوانہ بابا صاحب ہیں۔ اور وہی مکان یہیں باغ کٹہ ہے۔ اس وقت حضرت خضر علیہ السلام کی موجودگی کی آرزو بھی دل میں پیدا ہوئی۔ تو میں نے ایسا محسوس کیا کہ دونوں کی روحانی فیوضات اکٹھے ہو کر بارش کی قطروں کی طرح برس رہی ہیں۔ لیکن حضرت خضر علیہ السلام کے فیوضات پہلے کی طرح جو مجھے مل گئے تھے نہ تھے۔ کیونکہ اس وقت وہ مجھ پر احاطہ کئے ہوئے تھا۔ اور میں اپنے آپ کو حضرت سے علیحدہ نہیں کر سکتا۔ اسی اثنا میں کو پے در پے اور متواتر فیوضات کی بھرمار تھی۔ موضع بیلی کے ایک طالب کا حال آپ کے خیال و ذہن میں آیا۔ وہ طالب سخت بخار میں مبتلا تھا اور نہایت اضطراب اور تکلیف کی وجہ سے حضرت جی صاحب کی مسجد خاصہ میں بے ہوش پڑا تھا۔ تو گویا اس طالب کو صحت اور شفا کی رنگ میں رنگ دیا۔ پرانے طریقوں کے خلاف ایسا محسوس ہوا کہ بیماری کی لباس کو اتار کر نیا اور صحت کا لباس زیب تن کیا۔ یعنی فوری صحت نصیب ہوئی۔ آخری دور میں کہ آپکے فیض کے سمندر سے ایک گھونٹ باقی رہا تھا۔ اپنے عم محترم منگنانہ کے بابا جی صاحب کی بیماری کا حال یاد آیا۔ بابا جی صاحب موصوف بھی علم تفسیر علم حدیث اخلاق حسن قرأت علماء و مشائخ کا صحبت یافتہ بیت اللہ شریف کا حاجی اور سات زبانوں کا عالم و فاضل تھا۔

۲۷

؎ در اصلابش کرم رسم قدیم ہست
کریم بن الکریم ابن الکریم ہست

؎ نسب شریف ایسی اُن کی نسبت کی توریث
وہ خود شریف ہیں۔ اور ابن شریف ابن شریف

اُن کی بیماری کا خیال آتے ہی اطمینان ہوا۔ اور فرمایا کہ اگرچہ اس کی بیماری مکمل طور پر زائل نہ ہوئی۔ تاہم جسم مبارک کو کافی آرام و راحت حاصل ہوئی۔ فرمایا کرتے تھے۔ کہ یہ سب معلومات اور محسوسات ہوشیاری اور قائمی ہوش و حواس کی حالت میں ہوتی ہیں۔ اور دوسرے ادراکات و محسوسات بھی اسی طرح کے ہوتے ہیں۔

؎ چوں غلام آفتابم ہم ز آفتاب گویم
نہ شبم نہ شب پرستم کہ حدیث خواب گویم

؎ کھڑا ہوں زمیں میں روشنی کی بات کہتا ہوں
نہ شب ہوں نہ خواب شب کی جھوٹی بات کہتا ہوں

اس ضمن میں آپ کا شجرۂ سلسلہ شریفہ سپرد قلم کرتا ہوں



شجرہ شریفہ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ٥

نحمد اللہ علی الالٰہ — نشکر اللہ علی نعمائہ
الذی ارسل الینا الانبیاء — و اصطفی منہم محمدؐ مصطفا
کان صلواتی علی روح النبی — ثم خیر الصحب صدیق التقی
اعدل الاصحاب فاروق النقی — جامع القرآن عثمان الزکی
خاتم الخلفاء علی المرتضیٰ — سیدا شباب جنت اہلہا
سائر الاصحاب طرا اجمعین — ثم تبع ثم تبع التابعین
استمع منی اسامی العارفین — انہم عرفاء رب العالمین
شیخنا الداعی الی اللہ سید امیر — من لہ الارشاد و القدر الخطیر
شیخنا یار محمد کابلی — من مریدی الشیخ اناق الولی
من سراج الدین ایضا نورہ — بل باستعداد منظور رہ
من ضیاء اللہ اقتبا الضیاء — کان فی الکشمیر کنز الصفاء
شیخنا الملجاء خواجہ زبیر — من المتبعیہ فی الدارین خیر
حجۃ اللہ فی الطریقہ مقتداہ — عروۃ الوثقیٰ الی العرفان ہداہ
شیخنا احمد امام المتقین — شیخنا الباقی دلیل العارفین

لہ صیغہ شیخہ فی محمد اناق وسراج الدین سرد د لوو صفا۔

خواجگی مولاہ فی سبل الہدیٰ — شیخنا الدرویش فی طرق التقی
مولوی زاہد صفی الوصلین — شیخنا الاحرار زین العارفین
شیخنا یعقوب چرخی بوالوفاء — من بہاؤ الدین لہ حصل البہاء
شیخنا مولانا السید کلال — فازمن بابا بدرجات الکمال
شیخنا النساج رامیتنی علی — شیخنا محمود شیخ الفغنوی
مولوی عارف تقدس سرہ — غجدوانی کان یقدس درہ
یوسف ہمدان مرید بوعلی — من مریداء ابی الحسن الولی
شیخنا بو زید زین العابدین — جعفر الصادق امام العارفین
قاسم ابن ابن صدیق التقی — شیخنا سلمان من اہل النبی
شیخنا الصدیق خیر الاصفیاء — من رسول اللہ ختم الانبیاء
اعطنی یارب عشقا کاملا — ابقنی فی القلب ذوقا شاملا

(ترجمہ)

اللہ تعالیٰ کی بخشش پر اُس کا حمد کرتا ہوں۔ اور اس کی بے پایاں نعمتوں پر شکرگزار ہوں۔ اُس خدائے کریم کا شکر ادا کرتا ہوں جس نے ہماری ہدایت و رہنمائی کے لئے پیغمبر ارسال فرمائے اور ان میں سے محمد مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کو منتخب فرمایا، درود و صلوٰۃ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی پاک اور مقدس روح پر ہو، اور اصحاب میں سب سے بہتر یعنی حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ پر، اور اس کے بعد سب سے عادل حضرت فاروق اعظم رضی اللہ عنہ پر اور پھر قرآن کے جامع حضرت عثمان ذی النورین رضی اللہ عنہ اور پھر خاتم الخلفاء حضرت علی مرتضیٰ کرم اللہ وجہہ اور جنت



۳۰

کے جوانوں کے دونوں سردار (امام حسن اور امام حسین رضی اللہ عنہما)
پر اور اسی طرح تمام اصحاب کرام تابعین اور تبع تابعین پر۔ اس کے بعد مجھ سے
خدا کے عارفین کے اسمائے گرامی سن لیجئے، کیونکہ یہ لوگ اللہ رب العالمین
کے عارف ہیں، خدا کی طرف بلانے والا ہمارا پیر و مرشد حضرت سید امیر
صاحبؒ جو کہ صاحب ارشاد اور بڑے مرتبے والے ہیں، اُن کے شیخ یار محمد صاحب
کابلی اور اُن کے شیخ آفاق ان کے مرشد سراج الدین اور ان کے شیخ ضیاء اللہ صاحب
کاشمیری، ان کے شیخ خواجہ زبیر صاحب جو کہ اپنے مریدوں کے لئے دونوں
جہانوں کا خیر تھا ان کا شیخ نقشبند ثانی اور ان کا خواجہ محمد معصوم المعروف
بہ عروۃ الوثقیٰ ان کا شیخ حضرت احمد مجدد الف ثانی پھر ان کا مرشد خواجہ
محمد باقی صاحب اُن کا مرشد تقویٰ کا راہ کا درویش ان کا مولوی زاہد صاحب
اور اُن کا شیخ الاحرار ان کا شیخ حضرت یعقوب چرخی صاحب ان کو شیخ
بہاؤالدین سے فیض حاصل ہوا، ان کا مرشد شیخ کلال صاحب صاحب
کمال تھا، جن کا شیخ باباجی اور ان کا مرشد شیخ رامیتنی ان کا مرشد شیخ
فغنوی ان کا مرشد خواجہ عارف صاحب اور اُن کا شیخ عبدالخالق عجدوانی
پھر اُن کا مرشد یوسف ہمدان تھا جو کہ بوعلی صاحب کا مرید تھا جس کی تربیت
ابی الحسن نے فرمائی تھی، اور ان کا مرشد حضرت امام زین العابدین مرید حضرت
امام جعفر صادق رحمۃ اللہ جو کہ حضرت قاسم کے مرید تھے، جن کے رہنما شیخ
سلمان فارسی تھے جنہوں نے حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ علیہ عنہ سے فیض
حاصل کیا تھا، اور وہ جناب ختم المرسلین رحمۃ اللعالمین امام الانبیاء والمرسلین
محمد رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے صحبت وہدایت کی سعادت کا شرف حاصل فرما
چکے تھے۔ اے میرے رب مجھے سچا عشق عطا فرما اور میرے دل کو عشق کا ذوق مرحمت فرما۔

۳۱

نوٹ:۔ فقیر عبدالرزاق کو شرم یہ عرض کرنے میں حق بجانب ہے
کہ عربی شجرۂ نسب کا ترجمہ جو پیش کیا گیا، عربی کے اصلی
الفاظ کا عشر عشیر بھی نہیں۔ عربی زبان کی اپنی حلاوت،
سلاست اور استعارے اگر دوسری زبان میں ترجمہ کئے
جائیں تو وہ نہایت بھدے دکھائی دیتے ہیں اور پھر عربی
شعر کا ترجمہ کرنا تو موتیوں سے کوئلہ کی ڈبی بنانے کا مترادف
ہے، بہرحال اپنے اعتراف عجز کے بعد یہ عرض کرنا ضروری
سمجھتا ہوں کہ اصل عربی شجرہ کو دیکھا جائے اور اس کے چند
ابہامات کو غور کر کے حل کئے جائیں تاکہ اس سہل ممتنع کا
لطف آجائے

فارسی زبان میں ایک دوسرا شجرہ لکھا جا رہا ہے۔ جاننا چاہیے کہ
حضرت جی صاحب علم منقول اور علم معقول حاصل کرنے کے بعد فرد الافراد
قطب الاقطاب، امام المتقین زینۃ الزاہدین امام ربانی حضرت شیخ احمد
مجدد الف ثانی رحمۃ اللہ علیہ سرہندی فاروقی کے اولاد کرام میں سے جناب
حضرت جی فضل احمد سرہندی کے نور چشم اور خلیفہ ماذون جناب فضل حق صاحب
سے فیض حاصل کیا، اور اسی طرح منبع فیوضات جامع علوم عقلیہ ونقلیہ
وسمعیہ جناب استاد کامل یار محمد صاحب کابلی سے نسبت حاصل کر کے فیض
کامل حاصل کیا، اسی بنا پر یہ دوسرا سلسلہ اور شجرہ لکھا گیا۔ فارسی زبان
کا یہ شجرہ جو منظوم ہے اور چھبیس اشعار پر مشتمل ہے، کا ترجمہ حضرت صاحب



۴۲

کے ارادت مندوں کے تسلی کیخاطر کرتا ہوں :۔

(۱) بدم درین کہ جوانی چو سیل آب گذشت
مگر کہ بود خیالے ولے بہ خواب گذشت

میں اس خوش فہمی میں تھا کہ جوانی پانی کی لہروں کی طرح گذر گئی شاید یہ جوانی اور شباب ایک خیال تھا جو کہ نیند میں گذر گئی۔

(۲) بقیہ ماندہ چو وہمی است آید و یانی
دریغ و حسرت برباد داغ جانی

باقی زندگی وہم وخیال ہے (حقیقت نہیں) یہ زندگی ہر گز پاک نہیں، افسوس جان عزیز کو تباہ و برباد کر ڈالا۔

(۳) ہمیشہ تازہ چمن زار زندگانی نیست
علے الدوام اقامت بہ دار فانی نیست

اس حیات مستعار کا باغ اور چمن زار ہمیشہ تر و تازہ نہیں ہوتا، اور اس فانی گھر میں ہمیشہ اقامت پذیر نہیں رہا جاتا۔
(بلکہ اس کو چھوڑنا پڑے گا)

(۴) شنو منادی مرگت بکوفت کوس رحیل
بجہت زاد رہ آخرت بکن تعجیل

کہاں لگا کر سنو تمہارے موت کے اعلان کرنے والے نے کوچ کا اعلان کیا اپنے آخرت کے لئے توشے اور زاد راہ بنانے کے لئے جلدی کیجئے۔

(۵) سیاہ نامۂ خود را بآب دیدہ بشو
دوائی خود ز کسی طبیب حاذق جو

۴۳

اپنے اعمال کی سیاہی کو اپنے رب کے آگے رو رو کر اپنی آنکھوں کے آنسوؤں سے دھو ڈالو۔ اور کسی طبیب حاذق سے اپنے لئے دوائی تلاش کر۔

(۶) بگفت ملہم غیبم بیا باج کھٹا
بمسجدے است بکر نائب رسول خدا

مجھے غیب سے الہام کرنے والے ہاتف نے کہا کہ باجکھٹا آؤ، اور یہاں کی مسجد میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے نائب تشریف فرما ہیں، ان کے دید کی سعادت حاصل کرو۔

(۷) کہ سیدامیر محمد خلیفۃ اللہ است
بروئی او ہمہ انوار رحمت اللہ است

کہ اللہ تعالیٰ کا خلیفہ جناب حضرت جی صاحب سید امیر ہیں، جس کے چہرے پر اللہ تعالیٰ کی رحمتوں کے انوار ہیں۔

(۸) درین زمانہ بفیضان بہر طرف مشہور
نمودہ ظلمت پندار ہستی خود دور

اس زمانے میں ہر جانب اپنے فیض رسانی کے لئے مشہور ہیں اور جنہوں نے اپنی ہستی سے غرور کی سب تاریکیاں دور کئے ہیں۔ (حلیم الطبع متحمل اور ملنسار ہیں)

(۹) بہ فضل حق کہ بودہ ہست فردے از افراد
مرید بود نخستین کنون شدہ است مراد

پہلے تو جناب فضل حق صاحب جو کہ لاکھوں میں ایک صاحب دل ہستی ہیں، کا مرید بنا، اور اب اپنے کمالات کیوجہ سے



۳۴

ان کا مراد اور محبوب بنا۔

(۱۰) در از حضرت جیو انکہ فضل[۳] احمد بود
در این طریقۂ عالیہ فیض سرمد بود

وہ یعنی جناب فضل حق صاحب جناب حضرت صاحب فضل احمد سے جو کہ طریقۂ عالیہ میں ایک دائمی فیض رسانی کا منبع و مصدر تھے، فیضیاب ہوئے تھے۔

(۱۱) در است شیخ رسا[۴]۔ پادشاہ[۵] است پیر او
کہ نقشبند[۶] دوئم گشت دستگیر او

ان کے پیر رسا صاحب اور پھر اُن کے مرشد جناب بادشاہ صاحب تھے جن کے پیر دستگیر جناب نقشبند ثانی ہیں

(۱۲) دلیل او شدہ معصوم[۷] عروۃ الوثقیٰ
کہ شیخ او مجدد[۸] ہزار ثانی را

اُن کے رہنما اور مربی خواجہ محمد معصوم صاحب المعروف بہ عروۃ الوثقیٰ ہیں۔ اور اُن کے شیخ و رہبر حضرت مجدد الف ثانی رحمۃ اللہ ہیں۔

(۱۳) جناب خواجہ باقی[۹] کہ پیر کامل اوست
ز خواجۂ خواجگی الطاف خاص شامل اوست

اُن کے پیر کامل حضرت خواجہ باقی باللہ صاحب ہیں جن پر اپنے پیر خواجہ خواجگی کا الطاف ہے۔

(۱۴) جناب خواجۂ درویش[۱۱] کرد تلقینش
کہ شیخ زاہد[۱۲] گفت این خجستہ آئینش

۳۵

اور جن کی رہنمائی اور تربیت خواجہ درویش نے فرمائی جن کو شیخ زاہد صاحب نے آئین طریقت سے روشناس کرکے مرد کامل بنایا

(۱۵) کہ داشت است ارادت بخواجۂ احرار[۱۳]
در ایچرخی یعقوب[۱۴] پیر اور عطار[۱۵]

وہ خواجۂ احرار کا مرید تھا، جو کہ خواجہ یعقوب چرخی کا ارادتمند تھا، اور خواجہ یعقوب چرخی جناب فرید الدین عطار کا شاگرد خاص تھا

(۱۶) کہ ہر دو گشتہ مجاز اند از بہاؤ الدین[۱۶]
طریقۂ خفیہ از آن خواجہ نقشبند است این

یہ دونوں خواجہ بہاؤ الدین نقشبندی کے ماذون و مجاز ہیں۔ نقشبندی کا خفیہ طریقہ ان ہی سے جاری ہوا ہے۔

(۱۷) امیر سید[۱۷] کلال آنکہ پیر او بابا[۱۸] است
علی[۱۹] خواجہ عزیزاں کہ داعی ارا است

اُن کے مرشد امیر سید کلال اور ان کے پیر جناب بابا صاحب ہیں جو کہ علی رامیتنی صاحب کے مرید ہیں۔

(۱۸) گرفت سبق طریقت ز فغنوی محمود[۲۰]
جناب عارف[۲۱] را پیر غجدوانی[۲۲] بود

انہوں نے طریقت کے اسباق محمود فغنوی سے سیکھے، جن کے پیر جناب عارف اُن کا مرشد جناب غجدوانی (عبدالخالق) صاحب تھے

(۱۹) طریق یوسف[۲۳] ہمدان ز بوعلی[۲۴] دانی
ابوعلی ز ابوالقاسم[۲۵] است گرگانی

جن کے پیر یوسف ہمدانی اُن کا مرشد بوعلی صاحب تھے، اور ان



جناب ابوالقاسم گورگانی صاحب سے فیضیاب تھے۔

(۲۰) وی از ریاض ابوالحسن[۲۶] ثمرہا اندوخت
ابوالحسن چہ فوائد ز بایزید[۲۷] اموخت

اُس نے جناب ابوالحسن صاحب کے باغ کے میوے چن لئے اور جناب ابوالحسن صاحب نے فوائد اور فیوضات جناب بایزید سے حاصل کئے۔

(۲۱) ز روح جعفر[۲۸] صادق رسید فیضانش
نمود قاسم[۲۹] ابن محمد احسانش

اُس کو جناب حضرت امام جعفر صادق سے فیض حاصل ہوا اور اُن پر قاسم ابن محمد نے احسانات کئے۔

(۲۲) دُر از حضرت سلمان[۳۰] دُر از صدیق است
دُر از آنحضرت[۳۱] نبوی نخست تصدیق است

اس کو حضرت سلمان فارسی اور اُن کو جناب سیدنا ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے فیوضات بے پایان حاصل ہوئے جو کہ بارگاہ نبویؐ اور آستان رسالت جناب سیدنا و سندنا و شفیعنا محمد رسول اللہ صلے اللہ علیہ و آلہٖ وسلم سے سیرابی حاصل ہوئی۔

(۲۳) اگر ہوا و ہوس با تو میکنند ستیز
بیا بہ سلسلۂ خواجہ نقشبند آویز

اگر خواہشات نفسانی اور ہوا و ہوس تمہارے ساتھ جھگڑتے ہوں، تو آؤ اور آکر خواجہ نقشبند کے سلسلے میں منسلک ہو جاؤ

(۲۴) کہ تا ز ہستی پندار دی رہا گردی
باصطلاح حقیقت ہمین بود مردی



تاکہ تو اپنی ہستی کے غرور سے نجات حاصل کرے، اور حقیقت کی اصطلاح میں یہی مرد ہونا ہے۔

(۲۵) غلام خستہ دل امد بہ کوئی درویشان
کہ تا ز یمن محبت یکے شود ز ایشان

شکستہ و خستہ دل رکھنے والا غلامؔ (غلام رسول غلامؔ) درویشوں کے کوچے میں آیا ہے تاکہ ان کی محبت کی برکت سے ان میں سے ایک ہو جائے۔

(۲۶) برین شکستہ دل ای مومنان رحم آرید
برائی خاتمۂ خیر دست بر دارید

اے مسلمانو! اس شکستہ پر رحم کرو، اور اُس کے خاتمۂ خیر کے لئے ہاتھ اُٹھا کر دعا کرو۔

نوٹ:- سلسلہ اور شجرہ یہاں ختم ہوا، اب مصنف صاحب غلامؔ رسول نے ایک پیاری نظم میں اپنے ممدوح اور مرشد صاحب کی منقبت بیان فرمائی ہے جسکا اردو ترجمہ پیش خدمت ہے :-

حضرت جی صاحب کی ابیات میں

منقبت

دلا خلاصۂ عمرت بقیل وقال گذشت
تو خفتۂ بہ تغافل کہ چوں خیال گذشت

اے میرے دل : تمہاری ساری عمر قیل و قال میں بسر ہوئی ، تو غفلت کی نیند میں سویا ہوا پڑا ہے ، اور زندگی ایک خیال کی طرح گذر گئی

دگر مدائح اخلاق اولیاء اللہ
کہ مورث است پئے رحمت و عطاء اللہ

اب اولیاء اللہ کے اخلاق حسنہ کی تعریف جو کہ اللہ کی عطاء اور رحمت کا سبب ہے بیان کر ۔

بیا کہ تا پئے کفارت ذنوب کبار
کنیم توبہ مجددہ بدرگہ غفار

آؤ تاکہ اپنے بڑے اور عظیم گناہوں کے کفارے کے طور پر اللہ تعالیٰ کے درگاہِ عالی میں اپنے توبہ کی تجدید کریں ۔

سواد دیدۂ گریان مداد کردہ تیار
بنوک خامۂ مژگان بورق دل بنگار

اپنے روتے ہوئے آنکھوں کی سیاہی سے سیاہی (روشنائی) تیار کریں اور دل کے ورق پر اپنی پلکوں کی نوک سے تحریر کریں

مگر نگاہِ عنایت ز کیمیا نظری
بجانِ خستہ کشاید زواردات دری

شاید کسی کیمیا نظر کی نگاہ عنایت پڑ جائے اور میری زخمی روح پر واردات کا کوئی دروازہ کھول ڈالے ۔

درایں زمانہ اگر طالبی بیا بنگر
بہ کوٹھہ عارفی از واصلان نمودہ مقر

اگر روحانیت اور رضائے الٰہی کو تلاش کرنے کی طلب ہے تو اس زمانے میں واصلانِ الٰہی میں سے ایک عارف نے کوٹھہ میں سکونت اختیار فرمائی ہے ۔

سمی حضرت نبوی علیہ الف صلوٰۃ
شدہ است متصف او بہم بدان ستودہ صفات

جو کہ حضرت صاحب کے نام پر موسوم ہے ، اس پر ہزار دل رحمتیں ہوں ، اور وہ اوصاف نبوی کے اچھے صفتیں رکھتا ہے ۔

نمیزند بجز از ہمدمی ہوش دمے
نمی نہد ز فراز نگاہِ خود قدمے

وہ ہوش و خرد کے بغیر ایک سانس بھی نہیں لیتا اور اپنے نگاہوں کے سیدھ سے ادھر اُدھر قدم نہیں رکھتا ۔

علی الدوام سفر در وطن شعار او
بانجمن ہمہ جا خلوت است کار او

اپنے وطن میں ہمیشہ سفر کرنا اس کا شعار ہے (یعنی اپنے ملک میں تبلیغ دین کے لئے ہر وقت پا بہ رکاب ہوتا ہے اور مجالس

ubqari.org

اور انجمنوں میں خلوت کرنا اس کا شیوہ ہے۔

چناں کہ ملکۂ او شدہ دوام آگاہی
بچشم ہوش نظر کن اگر ہمی خواہی

وہ ہر وقت باخبر رہتا ہے، اور یہ باخبر رہنا اُس کا ایک ملکہ بن گیا ہے اگر اُن کی صحبت کا خواہاں ہو تو ہوش کی آنکھوں سے دیکھا کر

باتباع سنن نائب رسولِ خدا
ظہور کردہ زیبائی اوست نورِ ہدیٰ

رسول اللہ کا یہ نائب، رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کی سنتوں کا اتنی سختی سے اتباع کرتا ہے کہ اُس کی پیشانی سے ہدایت کا نور پھوٹتا رہتا ہے۔

کنارہ کردہ ز بدعاتِ محدثات چنان
کہ جز طریقۂ سنت نماند نام و نشان

اُس نے محدثات اور بدعتوں کو اس طرح چھوڑ رکھا ہے کہ اس کے افعال و اقوال میں سنت نبوی (صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم) کے علاوہ کسی دوسری چیز کی نشانی بھی نہیں ملتی۔

کلام او ہمہ قال الرسول و قال اللہ
چہ نسبتے است گرامی باد تعالے اللہ

اُس کا سارا کلام قال اللہ اور قال الرسول پر مشتمل ہوتا ہے اور سبحان اللہ یہ کتنا بڑا نسبت اور مرتبہ ہے (کہ ایک بندہ کی زبان پر اللہ کریم ہی کا قول ہو)

چنانکہ است آتش عشقش فروختہ در دل
بسوخت ہر چہ سوی اللہ بود لا حاصل

اللہ اور رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کے عشق کی آگ اُس کے دل میں ایسے شعلہ کناں ہے کہ اللہ کے سوا سارے لاحاصل خیالات کو جلا کر بھسم کر ڈالا۔

زدہ است آتشِ لا را بہ اَنفُس و آفاق
چناں کہ نفی نفی کرد و از ہمہ شد طاق

"لا" کی آگ کو تمام دنیا وما فیہا پر لگا کر خود نفی اور لا کرتا ہوا لاثانی اور طاق ہو گیا۔

بعینہٖ ہمہ خلق محمدی است در او
ظہورِ نسبتِ خاص مجددی است در او

اخلاقِ محمدی اسمیں بعینہٖ سمٹے ہوئے ہیں، اور اوصاف مجددی (مجدد الفِ ثانی) کا اس میں ظہور ہے۔

نمودہ سیرِ ولایت محمدیہ را
شدہ است مظہرِ انوار احمدیہ را

ولایت محمدیہ کی سیر کرتا ہوا انوار احمدیہ (مجدد الف ثانی) کا مظہر ہو گیا ہے۔

بیا کہ برخود و بر حالِ خویش گریہ کنیم
برائے تفرقۂ دل ھزار آہ کنیم

آؤ کہ اپنے آپ اور اپنے حال پر گریہ کریں، اور اس دل کی جدائی پر افسوس کریں۔

محرکر زین ہمہ از سوز سینہ ات آہی
لتد قبول بخدمت شریف آگاہی

ubqari.org



۴۲

شاید کہ آپ کے سینے کی جلن اور تڑپ کی ایک آہ کسی وقت ان کی دربارِ عالی میں قبول ہو جائے۔

کہ تا نمی زمی عاشقی عطاء سے زد
زما سواد خیالش ولت صفا سازد

تاکہ عشق کی شراب سے کچھ تراوت اور نمی بخش دے اور ماسوی اللہ اور اُس کے خیال سے تمہارا دل صاف ہو جائے۔

منقبت ختم ہو گئی

آپ میاں صاحب سرور شاہ کی عیادت اور مزاج پرسی کے لئے چھلہ کے علاقے کے ڈھیری گاؤں میں تشریف لے گئے تھے جب میں نے عشاء کی نماز کے بعد قرآن مجید کی تلاوت کے بعد یہ اشعار حضرت جی صاحب کی خدمت میں پیش کئے۔ تو آپ نے نہایت خلوص اور صدق دل سے اور نہایت توجہ کے ساتھ دعا فرمائی۔ اُمید رکھتا ہوں کہ یہ دُعا دینی اور دُنیوی مرادوں کے بر لانے کے لئے نتیجہ خیز ثابت ہوگی۔ انشاء اللہ تعالٰے۔ اور مجھے مکمل امید ہے کہ جب کبھی ان کی نظر سے یا حضرت جی کی کسی مخلص مرید کی نظر ان اشعار پر پڑ جائے تو مجھے صدق دل سے دعاء میں یاد فرمائے گا، واللہ الموفق۔

یہاں پھر مؤلف نے اپنا عرضداشت اور خیال سولہ اشعار میں بیان کیا ہے، ارادت مندوں کی دلچسپی اور خوشی کیلئے طرا اُن کا ترجمہ پیش خدمت کرتا ہوں

زین کاروان سرائے فنا در گذشتنی ست
بار دگر ز گور کجا باز گشتنی است

۴۳

فنا کے اس کارواں سرائے کو چھوڑ کر جانا ہے، اور قبر سے دوبارہ کہاں واپس ہونا ہے۔

ہر چند جمع مال بطول امل کنیم
آخر ہمہ گذاشتہ در خاک رفتنی است

لمبی لمبی امیدیں کر کر کے جتنا مال و دولت بھی جمع کریں، آخر کار سب کو چھوڑ کر مٹی میں چلے جانا ہے۔

روزے بسنگ مرگ بفرمانِ بے نیاز
مینائی مستعارِ جوانی شکستنی است

بے نیاز اور بے پروا خداوند تعالٰے کے حکم سے اس جوانی کے پیالے کو ایک دن ٹوٹ جانا ہے۔

بادِ خزاں در آید و در موسم بہار
زاغ آشیان بلبل و قمری گرفتنی است

خزاں کی ہوا چل پڑے گی اور بہار کے موسم کوا بلبل اور قمری کے آشیانہ پر تسلط جما کر رہے گا۔

چند از ہوس کنیم مقیمانہ کارہا
بر پشت بارگی فنا رخت بستنی است

مقیم لوگوں کی طرح ہوس اور لالچ کا کام کیوں کروں۔ فنا کی سواری پر ہم کو اپنا سامان باندھنا ہے۔

تنہا بریز خاک مقام تو ساختند
این بام و سرائی مجاز تو ختنی است

مٹی کے نیچے تمہارے لئے مکان بنایا گیا ہے۔ یہ سرائے اور اس



۴۴

کی ان چھتوں کو تمہاری ہی حقیقی نہیں برباد ہوتا ہے ۔

بر چیست این غرور تو ای بےخبر ز موت
از باز پرس روز قیامت نہ رستنی است

اے موت سے بے خبر اور غافل شخص تم کو کس بات کی گھمنڈ ہے قیامت کے دن پوچھ گچھ سے کسی طرح بھی چھٹکارا نہیں ۔

نامہ سیاہ خویش تو با آب دیدہ شو
کاین است و با شہادت حال تو گفتنی است

اپنے سیاہ عملنامے کو آنکھوں کے پانی (اشک ندامت) سے دھو ڈال، کیونکہ ان ہاتھ پاؤں کو تمہارے حالات کی شہادات دینا ہے ۔

اینجا براہ سنت اگر راست رفتۂ
از پل صراط غم مخور آسان گذشتنی است

اگر تم یہاں اس دنیا میں سنت کے موافق چلے ہو تو کچھ غم نہ کر پل صراط پر آسانی سے گذر جائے گا ۔

با دامن رسول درآویز جان من
کان روز سنت شافع زلات گشتنی است

اے میری جان ! دامن رسول ابھی سے تھام لو ، کیونکہ اس سنت دن کو آپ ہی کو لغزشوں کا شافع ہونا ہے ۔

تائب شو و تدارک عمر گذشتہ کن ،
روی سیاہ بشوی کہ ہنگام شستنی است

توبہ کر ، اور گذرے ہوئے عمر کے اعمال کا تدارک کر ، ابھی ہی سے اپنا کالا منہ دھو ڈال کہ دھونے کا وقت اور موقع ہے ۔

۴۵

نظرے ز دوستان خدا التماس دار
کاین عمر چند روزہ گذران گذشتنی است

اللہ کے دوستوں یعنی اولیاء اللہ کی نظر کرم حاصل کر کیونکہ اس گذرنے والے چند روز عمر کو گذر جانا ہے ۔

چون نفس و دیو راہ زنان اند در کمین
یک بدرقہ شفیق درین راہ جستنی است

نفس و شیطان راہزنی اور لوٹنے کیلئے راہ میں گھات میں بیٹھے ہیں تو ایک مہربان بدرقہ حاصل کرنا ایک ضروری امر ہے ۔

بازا بہ کوٹھہ تا کہ از آن ات نشان دہم
زان نفس پاک غنچۂ دل را شگفتنی است

کوٹھہ کے گاؤں کو آجاؤ تاکہ میں تم کو اس کی نشانی بتاؤں اس پاک نفس کی نشانی جس سے دل کی کلی کو شگفتہ ہونا ہے ۔

بیدار شو ز خواب بہ تلقین خاص وی
در گور سالہای فراوان تو خفتنی است

ان کی نصیحت اور تلقین سے غفلت کی نیند سے جاگ اٹھو کیونکہ قبر کے اندر تمہیں سالوں تک نیند کرنا ہے ۔

آمد غلام نیز بگریہ بر این حضور
بر درگہ کریم چہ حاجت بگفتنی است ۔

اس دربار میں غلام بھی روتا ہوا حاضر ہوا کریم کی دربار میں کہنے کی کیا ضرورت ہے ۔ مطلب یہ ہے کہ جو یہاں حاضر ہوجاتا ہے اس کو بن مانگے مل جاتا ہے ۔ (ابیات ختم ہوئے)



۴۶

جب میں نے یہ ابیات حضرت جی صاحب کو عرض کیے۔ تو آپ نے دُعا فرمائی اور ڈیا کے گاؤں کے صاحبزادہ صاحب کو جو کہ قدیمی مخلص اور ارادت مند ہیں۔ ان ابیات کو محفوظ رکھنے کی ہدایت فرمائی۔ اور ان اشعار کے استعاروں اور نصیحتوں کی تحسین فرمائی یعنی تعریف کی۔ میں نے یادگار کے طور پر اتنا ہی لکھ لیا۔ تاکہ جب کبھی حضرت صاحب کے مخلص ارادت مند اس کو ملاحظہ فرمائیں گے۔ اور حضرت صاحب کے حالات اور مناقب دیکھیں گے۔ خاتمہ بالخیر کے لئے دُعائیں یاد کرینگے۔

؎ اندکے گفتم کہ تا زاں رہ برند
پیش ازاں کز فوت آں حسرت خورند
؎ کہا یہ تھوڑا کہ تا اس سے سیدھی راہ چلے
اسی سے قبل کہ حسرت سے کر کے آہ چلے

ورنہ حقیقت یہ ہے کہ خدا شناسی کے باریکیوں کو سمجھنے والوں کے لئے جنہوں نے اپنے بُرے اخلاق نیک اور اچھے اخلاق و اطوار سے آراستہ کیا ہوا ہے۔ یہ کوئی ڈھکی چھپی بات نہیں۔ کہ

؎ مدحت اگر کنند و گر نکنند اہل نفس
حاجت مشاطہ نیست روئے دل آرام را
؎ کر تعریف اُس کی خدا۔ اُس سے تو تغافل کر
نہیں محتاج زیور کا جسے خوبی خدا نے دی

جو شخص کہ ان کھلے اور واضح مناقب کا اپنی حسد کی وجہ سے انکار کرتا ہے یا اپنی کج فہمی اور نا سمجھی کی وجہ سے دوسری باتیں دل میں لائے تو اپنے اعمال کے سرمایہ کو تباہ و برباد کر دیگا

۴۷

؎ با صاف دلاں فساد با خویش دشمنی ست
ہر کس کشید با آئینہ خنجر بہ خود کشید
ترجمہ ؎ جن کے دل صاف ہوں شیشے کی طرح
اُن سے بیر اپنے سے عداوت ہے
؎ ہے عیاں تو ہی اس آئینے میں
وار اس شیشے پر حماقت ہے۔

جیسا کہ عبداللہ انصاری کی عادت ہے۔ اے رب ذوالجلال تو جسکو چاہتا ہے۔ کہ ہلاک و برباد کرے۔

اتنے زیادہ مبالغہ کرنے کی وجہ یہ ہے۔ کہ دور کے لوگ تو آگاہ اور خبردار ہیں۔ اور نزدیک کے لوگ اندھے اور بے خبر ہیں۔

؎ گو توفیق و سعادت درمیاں افگندہ اند
کس بمیداں در نمے آید سواراں را چہ شد
؎ توفیق سعادت کا ہے میدان میں پڑا بال
میدان میں نہیں کوئی سواروں کو ہے کیا حال

یہ تو اللہ ہی ہے۔ جو توفیق بخشنے والا ہے۔ اور سیدھے راستے پر کس کو چلاتا ہے۔ اور سلامتی ہو اُن لوگوں پر جو ہدایت ربانی پر چلیں اور محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم کی سنت مطہرہ کی اتباع اور پیروی کریں۔ ایک روز حضرت صاحب کے چچیرے بھائی اور پُر خلوص مرید میر عبداللہ صاحب جو کہ انتہائی خلیق شریف اور نیک دل آدمی ہیں نے ایک حکایت بیان کی جو کہ ایک دفعہ حضرت صاحب مدینہ سے بانج کھنہ تشریف لے جا رہے تھے۔ کہ راستے میں ونگی کے مقام پر میاں صاحب سر دیرت۔

مرحوم کی اہلیہ کے فاتحہ اور تعزیت کے لئے وہاں قیام فرمایا۔ چونکہ میاں صاحب موصوف کا مرحومہ کے ساتھ نہایت محبت اور عشق تھا۔ اور ان دنوں بلیہ مرحومہ کی موت کی جدائی کی وجہ سے انتہائی بے قراری اور کرب محسوس کرتا تھا۔ اس بات کا آرزومند تھا۔ کہ حضرت جی صاحب اس مرحومہ کے متعلق کچھ حال بیان فرمائے۔ چونکہ اس وقت حضرت صاحب کی طبیعت واقعات کے پوشیدہ رکھنے کی طرف مائل تھی۔ کچھ بھی نہ فرمایا۔ پھر جب کے مسجد میں درخت کے نیچے تشریف فرما تھے۔ کہ میاں صاحب کی عجز وزاری حد سے گزر گئی۔ تو پوشیدہ باتوں اور اسرار ہائے مخفی سے تھوڑا سا پردہ اٹھا کر فرمایا۔ کہ اس مرحومہ کی روح اپنے چھوٹی بیٹیوں کی وجہ سے کہ ان کے کپڑے نہایت پرانے ہیں اور آنکھیں بھی دکھتی ہیں۔ بہت پریشان ہے۔ حالانکہ حضرت صاحب نے چھوٹے بچوں کو نہیں دیکھا تھا۔ معلوم ہوا۔ کہ آنکھیں بھی دکھتی ہیں۔ اور کپڑے اتنے بوسیدہ ہو کر پھٹ گئے ہیں۔ کہ دیکھنے والوں سے شرم آتی ہے۔ اور اسی وقت یہ اشارہ بھی فرمایا۔ کہ تم ایک دن انتہائی باہمی محبت کی حالت میں تھے۔ اور مرحومہ آپ کی داڑھی میں کنگھی پھیر رہی تھی۔ اور انتہائی شوق کی اظہار ہو رہی تھی۔ اور وہ کنگھی آدھی سفید ہے۔ اور آدھی کالی ہے۔ اور اس کے چند دندانے ٹوٹے ہیں۔ اس وقت اسکی روح اسی طرح یہی نسبت میں مبتلا اور اسی کنگھی کی طرف مائل ہے۔ اور دیگر حالات سے سکوت اختیار کر کے کچھ نہ فرمایا۔ تاہم ان باتوں میں بال بھر فرق نہیں تھا۔

اور اسی طرح میر عبداللہ صاحب حکایت بیان کرتے تھے۔ کہ حضرت صاحب منگلتانہ سے درگئی کے جانب تشریف لاتے تھے۔ ظہر سے عصر تک خان زمان کے قبر کے پاس جو کہ نہایت دیندار اور شریف مریدوں میں سے

تھے تشریف فرما رہے۔ اس کے بعد یہ بات بیان کی۔ کہ موت کے وقت اس کے منہ میں کوئی ایسی چیز ڈالی گئی۔ کہ جو نہ میٹھی تھی۔ اور نہ تلخ اور معلوم ہوتا ہے۔ کہ وصی بھی نہیں رکھتا تھا۔ یعنی کسی کو وصیت بھی نہیں کی۔ اور اپنے گھر والوں کے ساتھ جن کے گھر کا دروازہ قبلے کی جانب ہے۔ بہت زیادہ رغبت رکھتے ہیں۔ اور فرماتے ہیں۔ کہ چالیس دن کے بعد اتنی رغبت نہیں ہو گی۔ جب وہاں سے روانہ ہو کر چلے گئے۔ تو راستے میں "موتم" نام کا ایک شخص ملا۔ جو کہ خان زمان مذکور مرحوم کے نزع کے وقت موجود تھا۔ اُن سے پوچھا گیا۔ تو معلوم ہوا کہ نزع کے وقت انار دانہ ہلیلہ میں ملا کر اُس کو کھلایا گیا تھا۔ اور وہ وصی سے بھی شرم کرتا تھا۔ اس لئے وصیت نہیں کی۔ اور اپنے گھر کے دروازے سے قبلہ کے جانب کے گھر کے ساتھ بہت رغبت رکھتا تھا۔ واللہ اعلم۔

عالم برزخ کے اس قسم کے بہت سے عجائبات ان کے معائنہ میں آتے رہتے ہیں۔ مگر ظاہر واقعہ اور ان کی باتوں میں جو لطیف فرق ہوتا ہے۔ وہ ہماری سمجھ میں نہیں آتی۔ کہ ہم اُن کو بیان کریں۔ پس ہزار میں سے ایک اور خروار میں سے مٹھی بھر پر اکتفا کرتے ہیں۔ تاکہ طالبان راہ طریقت کو اس کی کچھ قدر و قیمت معلوم ہو جائے۔ کہ اس ویرانے میں جہاں کہ منحوس اُلو اردگرد منڈلاتے رہتے ہیں۔ کتنی عظیم دولت اور نعمت اللہ تعالیٰ نے عطا فرمائی ہے۔ الحمد للہ علی ذالک حمداً کثیراً طیباً مبارکاً فیہ۔

ع ہمیں بس گرچہ بس کم صدقِ شم
کہ در سلک خریدارانت باشم
ع اگرچہ کھوٹا میرا مال ہے۔ نادار ہوں بہا
مجھے خوشی ہے کہ اک تیرا خریدار ہوں میں



سوم ربیع الاول پیر کے دن اشراق سے فارغ ہو کر اخوند صاحب قمر شاہ نے ایک صالح اور نیک سیرت سالک تھے۔ اور بڑے بڑے مشائخ سے استفادہ کر چکا تھا۔ اور عجیب بہترین اخلاق اور عمدہ طبیعت رکھتا تھا۔ پتھر کے دو ٹکڑے جو کہ کھجور کے گٹھلی کے برابر تھے۔ نکال کر حضرت صاحب کے ملاحظہ میں پیش کئے۔ اور نیا وضو بنا کر فوراً شکرانے کے دو رکعت نماز ادا کی۔ اس فقیر نے اس کے متعلق پوچھا۔ کہ یہ کیا معاملہ ہے۔ اخوند صاحب نے بیان فرمایا۔ کہ چار برس ہوئے کہ سنگ مثانہ یعنی مثانے کی پتھری کی بیماری میں مبتلا ہوں۔ جس کے علاج سے نا امید ہو چکا تھا۔ پس میں نے لاچار ہو کر حضرت صاحب سے التجا کی۔ اور اور ہر قسم کے علاج کو چھوڑ کر توبہ کر لی۔ اور دعا کا طالب ہوا۔ پس صفر کے مہینے میں پتھر کے چار عدد ٹکڑے جن میں سے دو بڑے اور دو چھوٹے تھے۔ نکل آئے اور اگرچہ ان کے نکلنے کا راستہ تنگ تھا۔ مگر کسی قسم کی تکلیف یا درد محسوس نہ ہوا۔ اور جس رات حضرت صاحب کو خواب میں دیکھتا اس کی صبح کو پتھر کا ٹکڑا نکل آتا۔ اب میرے خیال میں کچھ رہ گیا ہے۔ وہ بھی نکل پڑے گا۔

؎ دولت ہر دو جہاں خدمت درویشان ست
مایہ غنی ہمت درویشان ست

؎ دونوں جہاں کی دولت خدمت ہے فقیروں کی
شاہی ہو یا حکومت ہمت ہے فقیروں کی

حضرت صاحب کی دعاؤں سے بہت سے خلاف معمول باتیں ظاہر ہوتی ہیں۔ جو کہ شمار نہیں کئے جا سکتے۔ الحمد للہ رب العلمین

پھر اخوند صاحب نے اشی کے نماز کے بعد فراغت کا وقت پا کر شکرانے

کے طور پر کچھ رقم نذر فرمایا۔ آپ نے فرمایا۔ کہ معلوم ہوتا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے روح مبارک سے تعلق رکھتا ہے۔ حضرت صاحب کو اس وقت مجمل طور پر اور پھر خلوت میں مفصل طور پر عرض کیا کہ اہل بیت میں سے یہ فلاں کی نذر ہے۔ کہ ادب بھی اس کے عظمت و عفت کی اعلیٰ مقام دیکھ کر ان کا نام نہیں لے سکتا۔ واللہ اعلم بالصواب دوسری بات یہ ہے کہ استخارہ کے دو رکعت اور دعائے استخارہ پڑھ کر بعض باتیں اور اشارتیں صبح کی روشنی کی طرح ظاہر ہوئیں۔ ان کے ظاہر کرنے یا پوشیدہ رکھنے کے متعلق اللہ تعالیٰ کے دربار سے استخارہ کرتے۔ بعض امورات کے ظاہر کرنے کے متعلق اذن اور اجازت ملتا۔ اور بعض کے متعلق التوا اور تعطل کی ہدایت ہوتی۔ کہ دوسرے کسی مناسب وقت پر اس کا اظہار ہو جائے۔ اور اہل غلط اندیش کج فہم لوگوں سے بھی ڈر محسوس ہوتا ہے۔ کہ کہیں ایسا نہ ہو کہ کسی کے حق میں کوئی فتنہ جاگ اٹھے۔ یا حسد پیدا ہو جائے۔ اور غیبت پر آمادہ ہو کر طعنے دے کر یا کچھ دوسری زبان درازی کر کے کہنے اور سننے والے کو بیڑہ غرق ہو یا بعض لوگ اپنے بدظنی کو چھپا کر ظاہر داری سے منافقانہ طور پر تعریف اور تحسین کر کے تردد اور پریشانی پیدا کریں۔ اس لئے مشائخ کرام کے احوال جو سن چکے ہوں۔ ابھی مصلحت وقت کا تقاضا ہے۔ کہ ان واردات کو حروف مقطعات یعنی (Code words) میں اشارات اور علامتوں سے لکھا جائے۔ اور جس وقت اللہ کی مرضی ہو اور اور اس کا حکم ہو جائے۔ یعنی محرمانہ راز کے لئے اس سے پردہ اٹھایا جائیگا۔

؎ کاش آنانکہ عیب من جستند رویت اے دلستان بدیدندے



٥٢

ے تا بہارے تریخ در نظر شش
بیخبر و شتابارے بہ بید ندے

ے جو مجھے کوس رہے ہیں، اے کوشش
ترے رضا کو دیکھیں اک بار
ہاتھ کاٹیں بجائے نارنگی
ہوں ترے دید حسن سے سرشار

اس جگہ اصل نسخہ میں خالی سفید جگہ چھوڑ گیا تھا۔ معلوم ہوتا ہے کہ یہ جگہ حروف مقطعات کے لئے خالی چھوڑا گیا تھا۔ مگر حروف مقطعات کو نہیں لکھا گیا اور وہ جگہ خالی رہ گیا۔ دوسری بات یہ ہے کہ فرمایا کرتے تھے، کہ چارشنبہ (بدھ) کے دن مدینہ شریف میں سورۃ فتح کی قرأت کرتے ہوئے (یہ کلام سنا)

ے شنید ستم کمانی سے یہ آواز
معانی در معانی راز در راز

ے نہ کلام نہ تھا جس میں صورت یا آواز
وہ تھا معانی و مطلب وہ تھا سر بسر راز

ے وہ جمال فزا اور روح پرور آواز تھی انت عبدی یعنی تم میرے بندے ہو۔ (اسمی اللہ) اگرچہ اس قسم کے واقعات نہیں لکھے جاسکتے، لیکن اس کے بیان کرنے سے بھی چھٹکارا نہیں اگرچہ حضرت صاحب کے تمام [illegible] اور خلاف معمول عادتیں یعنی خوارق بہت زیادہ ہیں۔ اور [illegible] تحریر کیا جائے۔ تو ایک پورا دفتر بند جائیگا۔

ے تو یہ گر بارے انشا کنم مگر دفتر دیگر انشا کنم

٥٣

اگر میں کوئی تحریر لکھوں۔ تو ایک دوسری کتاب لکھوں گا۔

لہذا ارادت مندوں اور طلب کرنے والوں کی ترغیب کی خاطر اس باغ سے نمونہ پیش کیا گیا۔

مصرع قیاس کن ز گلستان وی بہار مرا
مصرع اس باغ کی رونق سے سمجھ فیض بہار کا

ایک دن حلقہ میں مریدوں میں سے ایک مرید نے اپنے کمال عقیدت سے یہ خواہش ظاہر کی۔ کہ حضرت صاحب کو اپنے گھر لے جاکر مہمانی میں اہل خانہ کو تلقین فرمائے۔ اور دوسرے مرید کے ذہن میں بایزید بسطامی کے الفاظ سبحانی ما اعظم شانی خلش کناں تھے۔ اسی وقت حضرت صاحب اسی پُرفیض مضمون سے گویا ہوئے۔

انہم یحلون فی حلق مالا یلیق بکمال شان العقول کمن حولک بالاحتیال وغیرہ بجناب تدسنا ما لا ینبغی بعد شان من التماس التقدس بالبشریۃ تعالی وتقدس ذاتنا عما یقولون علوا کبیرا۔

اگر کوئی حاسد اپنی ناسمجھی کی وجہ سے اپنے جہل مرکب کے دھوکے میں پڑکر کوئی برخلاف تعبیر کرے یا اپنی بے خبری کی وجہ سے اس کو خلاف واقعہ سمجھ لے تو یہ ایک دوسری بات ہے۔ اور اس پر بحث نہیں کرنی چاہیے۔

ے شپر اگر وصل آفتاب نخواہد
رونق بازار آفتاب نہ کاہد
چمگادڑ دل کی بات سے ہرگز نہ گھٹے گا
سورج کی وہ رونق تو بہر حال بڑھے گا



۵۴

؎ قیل ان الاله ذو ولد
قیل ان الرسول قد کھنا
؎ مانجی الله والرسول معا
من لسان الوری فکیف انا
؎ کہتے ہیں کہ اللہ بھی ہے۔ صاحب اولاد
کاہن ہے رسول عربی صاحب ارشاد
اللہ و رسول اُن کی زبان سے نہیں محفوظ
کیا غم جو پڑے مجھ پر بھی تہمت کی کچھ اُفتاد

اس رسالے کے پورے ہونے پر اللہ کا ہزار بار شکر ہے۔ اور اس کے ناظرین سے استدعا کرتا ہوں۔ کہ سلامتی ایمان کی دعا کریں اور اللہ کے تمام پیغمبروں پہ درود وسلام ہو۔ والحمد للہ رب العالمین جمعہ شریف کے دن ربیع الاول کے بیس تاریخ نماز کے بعد مدینہ شریف کے مسجد کے مشرقی کونے کے کمرے میں ۱۲۶۴ ایک ہزار دوسو چونسٹھ ہجری نبوی میں لکھا گیا۔

؎ باندیشہ بودم کہ در روزگار
چہ سازم کہ ماند زمن یادگار
کہ گردد شفیع گناہان من
کفارت بود بر عصیان من
طلب ساختم از خرد یاوری
بگو در رہ چیست بخت آوری
گفت این رسالہ خوارق بگو کہ تا مرد خود کنی شست وشو

۵۵

مقولہ کہ کردم خرد را شمار
ہمیں بود تاریخ انجام کار
ہر آنکس درین نسخہ سازد نگاہ
دعائے کند بہر این پر گناہ

ترجمہ

مجھے تھا فکر کہ اس وقت میں کیا کام کروں
کہ جس سے زندہ پس مرگ اپنا نام کروں
میری گناہوں کی ہو جائے شفاعت اس سے
ہر اک خطا کی بھی ہو جائے۔ کفارت اس سے
خرد سے پوچھ کے جو چاہی معاونت اپنی
کہ جس سے جاگ اٹھے بیدار قسمت اپنی
کہا خرد نے کہ لکھ لیجئے خوارق کو
کہ اس سے صاف کرو بدعمل سابق کو
جو بوجھ ڈالا خرد سے کہ کیا ہیں یہ اشعار
لکھ کر لیجئے تاریخ گفت اس سے شمار
کرے کوئی جو ان نوشتہ چند صفحوں پر نگاہ
دعا کرے کہ خدا عفو کرے میرے گناہ

اس کتابچے کا مادہ تاریخ رسالہ خوارق ہے۔ جس سے بحساب ابجد ۱۲۶۴ نکل آتا ہے۔

اور وہ بشارت جس سے اس رسالہ کا اختتام ہوتا ہے۔ وہ بشارت در مژدہ یہ ہے کہ جب جناب سیدنا محمد رسول اللہ صلعم کو منتخب کر دیا گیا۔ کہ محبوبیت اور عبودیت میں کسی ایک



کو پسند کر کے اختیار کر لیجئے۔

تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے عبودیت کو پسند فرمایا۔

عبده ورسولهٗ۔

ان کا ایک قصیدہ حمد اللہ تعالیٰ کی عطا کردہ سعادت کے بل بوتے پر سپرد قلم کرتا ہوں، تاکہ محفوظ رہیں۔ اپنی یادداشت اور حافظے سے بعض کو مجمل طور پر اور بعض کو اشاروں میں تحریر کرتا ہوں۔ ان میں سے ایک یہ ہے کہ محرم الحرام کے آخری دنوں میں منگل کے دن صبح سویرے فجر کے صفے کے اوپر جنات کے ایک گروہ کی حاضری محسوس ہوئی۔ جی میں آیا کہ اگر یہ بیعت ہو جائیں تو بہتر ہوگا۔ لیکن پھر اس بات نے موافقت نہ کی یہاں تک کہ عید شریف کی رات کو پانچ گھنٹے مسجد کی جنوبی احاطے میں ایسے واردات محسوس ہونے لگے۔ پہلی بار کی طرح پھر جنات کی کثرت اور بھیڑ ہوگئی کہ اس آیت شریف کے مطابق کہ ورکادوا یکونون علیہ لبدا۔ آپ پڑھتے پڑھتے تھے۔ ان سب سے اسی کلمہ پر کہ ربنا اللہ ربنا اللہ ہمارا رب اللہ ہے۔ ہمارا رب اللہ ہے۔ بیعت لی۔ دوسری بات یہ کہ اسی مذکورہ مسجد میں ظہر کے بعد اوپر کے ذکر شدہ واقعہ سے قبل کہ میں نے پہلے پہلے ان ہی دنوں حضرت صاحب کی خدمت میں رہنے کی سعادت حاصل کی تھی۔ اس مولوی غلام رسول کو ہدایت فرمائی کہ تمہارے دل کی کدورتوں کے ازالے کے لئے مجھے تین چیز بذریعہ الہام بتائی گئی ہیں۔ کہ فاسق اور دنیادار لوگوں کی مدح اور تعریف کرنے سے جو سیاہی اور کدورت تمہارے دل میں پیدا ہوئی ہے اللہ کے صالح اور نیک لوگوں کی منقبت سے اور ناشائستہ لوگوں کی صحبت اور مجلسوں کی کدورتیں قرآن کریم کی تلاوت

سے اور اپنے روحانی حلاوت کو بڑھانے کے لئے ہم سے محبت کرنا اور عقیدت وارادت رکھنا کافی ہے۔ دوسری بات یہ کہ پیر کے دن موضع کرنگو علاقہ بونیر میں صبح سے تھوڑی دیر پہلے خواب میں جناب رسالت مآب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ایک عالم معتبر شخص کی شکل وصورت میں جو کہ حضرت صاحب کا ہمنام تھا، ایک زاہد شخص جو کہ جبریلؑ تھا۔ اور دحیہ الکلبی (ایک صحابی کا نام ہے) رضی اللہ عنہ کی شکل میں ظاہر ہوا۔ اور مجھے خوشی اور بشارت سے فرماتے ہیں، کہ تم ہمارے ساتھ اذان کرو۔ اس سے میں کچھ نہ سمجھ سکا۔ میں نے معقول عذر کیا کہ آپؐ کی صحبت حاصل کرنے کے لئے یہی کام (اذان) کروں۔ تاکہ حضور اولوالعزم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے روشن حلقے میں شامل ہوسکوں۔ ان ملاقات میں جیسا کہ کمال رحمت اور شفقت سے مجھ فقیر کے ہاتھ کو بوسہ دے رہے تھے چنانچہ تعجب ہوتا ہے کہ

؎ اگر بادشاہ بر در پیر زن
بیاید تو اے خواجہ سبلت مکن
گر ایک عجوزہ کے گھر بادشاہ آ جائے
تمہارے دل کو کیوں یہ فکر و غم ستا جائے

دوسری بات یہ ہے، کہ جمعہ کے دن ننگئی کے مقام پر عظیم الشان واردات رونما ہوئے۔ جنکی روداد کی تشریح اور تفصیل بیان کرنے کی اجازت نہیں، مگر جیسا کہ بزرگوں نے کہا ہے کہ

؎ سخن را بہ تنگ تنم بند کن
مرا از یاد مردم گزیداد سخن



۵۸

؎ قلم کی نوک سے کر بند بات میری جف
کہ بجھ گئی ہے دماغوں سے ہر گھڑی ہیجان

سبحان اللہ یہ کتنی بڑی اور گراں قدر نعمت ہے کہ اللہ تعالیٰ جل شانہٗ کسی کو اپنے فضل و کرم احسان و عنایت سے اپنے مقام محبوبیت میں قبول فرمائے۔ اور اسی پیارے نام سے یاد فرمائے اور اس دل پذیر اور روح پرور خطاب سے مخاطب فرمائے۔ اس کے متعلق حضرت جی صاحب خوشی محسوس کرتے ہوئے ارشاد فرماتے تھے۔ جس کو میں نے نظم کا لباس پہنایا ؎

ہمہ و جملہ یاران وفا کیش
مریدان سعادت مندی اندیش
دریں دنیا و در دار قیامت
اگر بروند ایمان با سلامت
زجملہ مژدہ ہائے پر ز امید
کہ باشد فخر ثمرات جاوید
افادت فخر بند این بشارت
کہ از شادی بگنجد در عبادت
ہمیں بس کز جناب پاک مہدی
شنیدستم خطاب انت عبدی

ترجمہ

ہمیں سب دوستان باوفا کو
مریدان باسعادت باصفا کو

۵۹

یہاں سے لے کر تا دار قیامت
اگر لے جائیں ایمان باسلامت
ہے سب خوش خبریوں سے خوب و بہتر
کہ ہمیں خیریہ میوے اس کے یکسر
عطا کر دی اشارت میں بشارت
نہیں تحریر میں آتی مسرت
ہے بس کافی اشارت یہ جو کر دی
ملی جب سے خطاب انت عبدی

آج بتاریخ ۵ جمادی الاول سنہ ۱۳۲۵ ہجری بروز بدھ مطابق ۲۸ فروری سنہ ۱۹۱۶ بمقام کوہاٹ بوقت نماز عصر اس رسالے مسمی بہ خوارق کو میں مسمی صاحبزادہ عبدالحی نے اس نسخہ سے نقل کیا۔ جس کو میرے والد محترم صاحب صاحبزادہ سید احمد صاحب مرحوم نے اپنے ہی دستخط سے ۲۹ جمادی الثانی ۱۳۰۶ مطابق ۲۷ فروری ۱۸۸۹ کو مصنف صاحب کی اصل نسخہ سے نقل فرمایا تھا۔

فقط

ترجمہ از

فقیر حاجی عبدالرزاق کوثر لوند خوڑ ضلع مردان



مولانا غلام رسول ـــ قلعہ میہاں سنگھ

فقہائے پاک وہند (جلد سوم، ناشر ادارۂ ثقافت اسلامیہ لاہور) کے مصنف نے مولانا غلام رسول قلعہ میہاں سنگھ کے حالات کا تذکرہ اپنی کتاب میں کیا ہے جس سے اہم اقتباسات قارئین کی دلچسپی کے لئے پیش کئے جاتے ہیں۔

خطۂ پنجاب میں بے شمار علماء، محدثین اور صوفیاء وفقہاء پیدا ہوئے جن کی علمی مساعی اور فقہی کاوشوں سے لاتعداد لوگوں نے استفادہ کیا، ان اعاظم رجال میں ایک بزرگ مولانا غلام رسول تھے جو ضلع گوجرانوالہ کے ایک قصبے قلعہ میہاں سنگھ میں فروکش تھے، اعوان برادری سے تعلق رکھتے تھے۔ اور ان کا خاندان کئی پشتوں سے علم وفضل اور تصوف وصالحیت میں مشہور تھا، ان کا سلسلۂ نسب یہ ہے :۔
غلام رسول بن رحیم بخش بن نظام الدین بن بہاؤ الدین بن محمد اکرم بن حافظ عصمت اللہ بن عبداللہ بن سکندر بن نور محمد بن پیر محمد۔ یہ تمام بزرگ اپنے دور کے عالم، فاضل، صوفی اور دیندار لوگ تھے، وعظ ونصیحت اور تحقیق مسائل میں اس نواح کے باشندے انہی سے رجوع کرتے تھے اور اس اعتبار سے ان کو مرجع خلائق کی حیثیت حاصل تھی۔

مولانا غلام رسول کے دادا مولوی نظام الدین جو تدین وتقوی کی دولت سے مالامال تھے۔ فارسی کے بہت اچھے شاعر بھی تھے، وہ خادم تخلص کرتے تھے، نظامی گنجوی کے تتبع میں انہوں نے فارسی مثنوی بھی لکھی تھی جو اس عہد میں بہت مقبول ہوئی تھی۔

ولادت

یہ خاندان ضلع گجرات کے موضع سکندرپور میں سکونت پذیر تھا، وہاں کی سکونت ترک کرکے یہ لوگ ضلع گوجرانوالہ کے ایک گاؤں کوٹ بھوانیداس میں آبسے تھے، وہیں ۱۲۲۸ھ (۱۸۱۳) میں مولوی غلام رسول پیدا ہوئے، ان کی ولادت کے سلسلے میں دو واقعے قابل ذکر ہیں۔

ایک واقعہ یہ ہے کہ مولوی غلام رسول کے دادا مولوی نظام الدین خادم کے ایک دوست کا نام میاں محمد یوسف تھا جو ضلع گوجرانوالہ کے ایک مقام پیر کوٹ کے رہنے والے تھے، بہت متقی اور پرہیزگار بزرگ تھے نجاری کا کام کرتے تھے کوٹ بھوانیداس سے پیر کوٹ تقریباً چار میل کے فاصلے پر ہے، میاں محمد یوسف کا یہ معمول تھا کہ وہ ایک دن چھوڑ کر ہر دوسرے دن مولوی نظام الدین سے ملنے کوٹ بھوانیداس آتے تھے، مولوی غلام رسول کے بڑے بھائی کا نام غلام محمد تھا، جو طبابت کرتے تھے اور دینی علوم سے بہرہ ور تھے۔ ان کی پیدائش کے بعد میاں محمد یوسف نے مولوی غلام رسول کے والد مولوی رحیم بخش سے کہا :

"آپ کے ہاں ایک لڑکا پیدا ہوگا، اس کا نام غلام رسول رکھنا یہ عالم باعمل صوفی باکمال، متبع سنت نبوی، مقتدائے انام اور ہادئ کتاب وسنت ہوگا۔ لوگ اس کے علم وعرفان اور مواعظ ونصائح سے استفادہ کریں گے"

دوسرا واقعہ جو لائق تذکرہ ہے۔ یہ ہے کہ غلام رسول کی ولادت سے پہلے ان کی ماں نے خواب دیکھا کہ چودھویں رات کا چاند ان کی جھولی میں آگرا ہے اور دور دور تک اس کی روشنی پھیل گئی ہے اور چاند مسلسل بڑھتا جا رہا ہے۔



۶۲

معبروں سے خواب کی تعبیر پوچھی گئی تو بتایا گیا کہ اللہ تعالےٰ انھیں ایک ایسا بیٹا عطا فرمائے گا جو صاحب ورع و تقوی ہوگا، اور بہت سے لوگ اس سے مستفید ہوں گے[1]

عالمِ طفولیت

غلام رسول ابھی عالمِ طفولیت ہی میں تھے کہ ان کے عمل و حرکت سے ایسے آثار نمایاں ہونے لگے جو زہد و اتقا کے سلسلے میں ان کے تابناک مستقبل کی نشاندہی کرتے تھے۔ مثلاً وہ عام بچوں کی طرح کھیل کود کے عادی نہ تھے، اپنے ہم عمر بچوں کو شرارتوں سے روکتے اور گالی گلوچ سے منع کرتے تھے۔ مزاج میں نرمی اور انکسار کا غلبہ تھا۔ بڑوں کا احترام بجا لاتے، اور آگے بڑھ کر ان کو سلام کرتے، والدہ نماز میں مشغول ہوتیں تو خاموشی سے ان کے پاس بیٹھ جاتے، قرآن مجید پڑھا جاتا تو چپ چاپ بیٹھے سنتے رہتے، ان اوصاف کی وجہ سے وہ بچپن ہی سے "متقی" مشہور ہو گئے تھے، گاؤں کے مسلمان اور ہندو ان کی تعریف کرتے، اور ان کے والد مولوی رحیم بخش سے کہا کرتے تھے کہ آپ کا بیٹا بڑا سعادتمند ہے اور اس کی عادات و اطوار اولیاء اللہ سے ملتی ہیں، اس بچے سے لوگوں کی عقیدت کا یہ حال تھا کہ کوئی بیمار ہو جاتا تو اس سے پانی دم کراتے اور بیمار پر چھڑک دیتے، بعض لوگ مریضوں پر دم کرانے کے لئے اس کو اپنے گھر لے جاتے، اور مریض اس کے دم سے واقعی اچھا بھلا ہو جاتا، کسی کی کوئی چیز گم ہو جاتی تو اس بچے سے دعا کرائی جاتی اور چیز کہیں نہ کہیں سے مل جاتی[2]

---

[1] سوانح حیات مولوی غلام رسول، ص۲۳

[2] ایضاً ص۲۳، ۲۴

۶۳

تعلیم و تربیت

پانچ برس کے ہوئے تو اس زمانے کے دستور کے مطابق قرآن مجید پڑھنے کے لئے ان کو مسجد میں لے جا کر معلم کے سپرد کیا گیا کہ والدین اور معلم کو نہایت پریشانی ہوئی کہ پڑھنے لکھنے کی صلاحیت سے یکسر عاری اور حفظ و ذکاوت کی نعمت سے ذہن بالکل خالی، بڑی مشکل سے ناظرہ قرآن مجید پڑھا، والد انتہائی متفکر کہ جو لڑکا بچپن ہی میں نیک اور پرہیزگار مشہور ہے اور لوگ جسے "متقی" کہتے ہیں، وہ پڑھنے لکھنے کے اوصاف سے تہی دامن ہے، توقع کچھ اور تھی ظہور میں کچھ اور ہی آرہا ہے، اسی طرح کئی سال گذر گئے ـــــ ایک دن خود غلام رسول نے خواب دیکھا کہ وہ مہاراجہ رنجیت سنگھ کی حویلی میں اذان دے رہے ہیں، اور اذان کی آواز سن کر ہجوم در ہجوم ان کی طرف آرہے ہیں۔ صبح ہوئی تو خواب اپنے دادا حافظ نظام الدین خادم کو سنایا، انہوں نے تعبیر دی کہ بہت سے لوگ تیرے ہاتھ پر مسلمان ہوں گے، اس واقعہ سے چند روز بعد حافظ نظام الدین کو اسہال کا عارضہ لاحق ہوگیا، ایامِ مرض میں غلام رسول نے ان کی بہت خدمت کی، اور حافظ صاحب نے اپنے اس پوتے کو بہت دعائیں دیں۔

اسی اثنا میں ایک بزرگ حضرت کاکا شاہ (جو موضع گڈگور ضلع سیالکوٹ کے رہنے والے تھے) کوٹ بھوانیداس میں حافظ نظام الدین سے ملاقات کے لئے تشریف لائے، وہ حافظ صاحب سے قلبی تعلق رکھتے تھے، حافظ صاحب نے ان کو بتایا کہ غلام رسول نے میری بے انتہا خدمت کی ہے، میں نے اس کے لئے بارگاہِ خداوندی میں فیض رسانی کی دعا کی ہے، اب میرا وقتِ رحلت قریب ہے، میرے بعد اس کی روحانی تربیت اور ظاہری پرورش کا اہتمام آپ



٦٤

کے ذمے ہے، جب تک آپ زندہ ہیں، اس کا خیال رکھیں ایسا نہ ہو کہ یہ لڑکا ضائع ہو جائے ـــــ شاہ صاحب نے اس ذمہ داری کو نبھانے کا عہد کیا، اور فی امان اللہ کہہ کر تشریف لے گئے، اس سے دوسرے دن حافظ نظام الدین وفات پا گئے۔

چند روز بعد حضرت کاکا شاہ پھر کوٹ بھوانیداس آئے، اور غلام رسول سے ملے، گلے لگایا اور کچھ پڑھنے کی تلقین فرمائی، حافظ صاحب کی قبر پر جانے کے لئے بھی کہا، دوسرے دن پوچھا جو کچھ میں نے بتایا تھا وہ پڑھا، عرض کی "حضرت! میں تو وہ الفاظ بھول گیا ہوں"۔ شاہ صاحب نے ہنس کر فرمایا "حافظہ ندارد" پھر انہیں اپنے پاس بلا کر فرمایا "تم میرے دوست کے پوتے ہو اور تمہارے بارے میں انہوں نے مجھے خاص طور سے وصیت کی ہے" ـــــ یہ کہہ کر غلام رسول کے سینے پر ہاتھ رکھا اور فرمایا "برخوردار کہو "اَللّٰهُمَّ بَارِكْ فِيْ عِلْمِيْ وَعَمَلِيْ رَبِّ زِدْنِيْ عِلْمًا" ـــــ اسوقت غلام رسول کی عمر ۱۲ برس کی تھی[1]

یہاں یہ یاد رہے کہ اس زمانے میں کوٹ بھوانیداس میں متعدد اہل علم و ارباب تصوف سکونت پذیر تھے اور مولوی نظام الدین کی وجہ سے بہت سے صلحاء و اتقیاء کی وہاں آمد و رفت تھی۔ اسی بنا پر مشہور تھا:

کوٹ بھوانیداس دا   بغداد اے پنجاب دا

بہرحال کچھ دن کاکا شاہ صاحب کوٹ بھوانیداس میں مقیم رہے، جانے لگے، تو غلام رسول دور تک ان کے ساتھ گئے، رخصت ہوتے وقت فرمایا:

---

[1] سوانح حیات مولوی غلام رسول ص ۲۵ تا ۲۷

٦٥

"بیٹے میں جب بھی تمہیں بلاؤں مجھے ضرور ملنا۔ جس طرح بھی ہو سکے، کتابیں پڑھو، زیادہ محنت کرنے اور پریشان ہونے کی ضرورت نہیں، اللہ تعالےٰ خود تمہاری حفاظت کرے گا، وہی تمہیں کتابیں اور ان کے مضامین حفظ کرائے گا۔ محنت و مشقت جس قدر ہو سکے یادِ خدا میں کرو" اس کے بعد دعا کی اور تشریف لے گئے[1]

مولانا غلام رسول فرماتے ہیں جس دن شاہ صاحب نے میرے سینے پر ہاتھ رکھ کر مجھے دعا کی تلقین کی تھی، اس دن کے بعد میری یہ کیفیت ہو گئی، کہ اگر میں نے کسی کتاب کے سو صفحات کا بھی مطالعہ کیا ہے تو کتاب کے الفاظ اگر تمام و کمال یاد نہیں رہے تو مطالب ضرور ذہن میں محفوظ ہو گئے[2]

اب اللہ نے حصول علم کے لئے ان کا سینہ کھول دیا اور وہ باقاعدہ طلب علم کی راہوں پر گامزن ہو گئے، اس کے ساتھ ساتھ ذکر الٰہی اور وظائف و اوراد کو بھی اپنا معمول ٹھہرا لیا۔ یعنی علم ظاہری اور علم باطنی دونوں کے لئے کمر ہمت باندھ لی، اور اللہ نے دونوں میں حصہ وافر عطا فرمایا۔ ذٰلِكَ فَضْلُ اللّٰهِ يُؤْتِيْهِ مَنْ يَّشَآءُ

حضرت کاکا شاہ صاحب کے تشریف لے جانے سے چند روز بعد غلام رسول گاؤں سے چلے اور لاہور آ گئے۔ وہاں بازار حکیماں کی لال مسجد میں موضع بگہ[3] کے مولانا غلام محی الدین بگوی کا سلسلۂ درس جاری تھا، اس

---

[1] سوانح حیات مولوی غلام رسول ص ۲۹

[2] ایضاً ص ۲۹

[3] بگہ، ضلع سرگودھا میں بھیرہ کے قریب ایک مشہور جگہ ہے جسے کسی زمانے میں علم و علماء (باقی اگلے صفحہ پر)

میں شریک ہو گئے، اور باقاعدہ حصولِ علم کا آغاز کیا، دو مہینے بعد خواب میں حضرت کا کا شاہ کو دیکھا کہ وہ فرما رہے ہیں" تم مجھے ضرور ملو!" صبح اُٹھے تو مولانا غلام محی الدین بگوی سے اجازت لی، اور موضع گڈگور پہنچے، شاہ صاحب انھیں دیکھ کر بہت خوش ہوئے، کچھ نصیحتیں کیں، وظائف بتائے، اتباعِ سنت پر قائم رہنے کی تلقین فرمائی، صحابہ کرام کا عملی نمونہ بننے کا درس دیا، اور حصولِ علم کی تاکید کی۔

مولانا غلام رسول فرماتے ہیں، شاہ صاحب کی ان باتوں سے میں نہایت متاثر ہوا، ان کی ہر بات دل میں اترتی اور ذہن میں پیوست ہو جاتی تھی — ان کے دلنشین وعظ اور اثر میں ڈوبے ہوئے اسلوبِ کلام کا نتیجہ یہ ہوا کہ تمام مدارج محبت کا مرکز رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی ذات اقدس قرار پا گئی اور قلب کی گہرائیوں میں ایسا جذبہ پیدا ہوا کہ اتباعِ رسولؐ اور پیروی سنت کے لیے

کے مرکز کی حیثیت حاصل تھی۔ مولانا غلام محی الدین بھیں کے رہنے والے تھے، اور اپنے عہد کے نامور عالم اور فقیہ تھے۔ ۲ محرم ۱۲۱۰ھ (۱۷۹۵ء) کو بگہ میں پیدا ہوئے۔ قرآن مجید حفظ کرنے اور ابتدائی تعلیم کے بعد اپنے بھائی مولانا احمد الدین بگوی کے ساتھ دہلی گئے۔ مولانا شاہ محمد اسحاق دہلوی سے حدیث پڑھی، حضرت شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی سے سند حدیث حاصل کی اور شاہ غلام علی مجددی کے حلقۂ بیعت میں داخل ہوئے۔ ۱۲۳۱ھ کو وطن واپس آئے۔ والد صاحب حافظ نور حیات، وفات پا چکے تھے، ان کی مسند درس کو رونق بخشی فقیر عزیز الدین کی درخواست پر لاہور آئے اور بیس برس تک بازار حکیماں کی لال مسجد میں درس حدیث دیتے رہے۔ بے شمار علماء و طلباء نے ان سے استفادہ و استفاضہ کیا۔ بعد ازاں اپنے وطن بگہ چلے آئے۔ ۳۰ شوال ۱۲۷۳ھ کو وفات پائی۔

جان بھی چلی جائے۔ اور میرے جسم کے پرزے اُڑا دیئے جائیں تو بھی مجھے کوئی پروا نہ ہوگی۔ اور میں اس نعمت عظمیٰ کو کسی صورت میں بھی ہاتھ سے نہ جانے دوں گا۔ اس دن سے مجھے ایسے محسوس ہونے لگا، کہ میں آنحضرتؐ کی ذات ستودہ صفات کو اپنے سامنے دیکھ رہا ہوں۔ اگر مجھ سے خلاف سنت کوئی کام ہونے لگتا تو ایسے معلوم ہوتا کہ خود آنحضرتؐ اس سے منع فرما رہے ہیں میں ہر وقت نشۂ محبت رسولؐ میں سرشار رہتا تھا۔ ؎

شاہ صاحب سے اجازت لے کر مولانا غلام رسولؒ واپس آنے لگے۔ تو فرمایا "غلام رسول! میری زندگی میں مجھ سے ملتے رہنا۔ شاید تم میری باقیات صالحات میں سے ہو اور ممکن ہے یہی بات میرے لئے ذریعۂ نجات بن جائے۔ دیکھنا علم حاصل کرنے میں ہرگز کوتاہی نہ کرنا۔

اس واقعہ پہ کچھ عرصہ گزرا تھا، کہ مولانا غلام محی الدین لاہور سے اپنے وطن بگہ تشریف لے گئے۔ اور ان کی جگہ ایک اور عالم کو مدرس مقرر کر لیا گیا۔ جو علم میں تو بلاشبہ کامل تھے۔ مگر عمل میں ان کا درجہ کم تھا۔ مولانا غلام رسول نے ان سے علم نحو کی کتابیں ہدایت النحو اور کافیہ پڑھیں۔ اسی اثنا میں ایک رات مولانا غلام رسولؒ نے خواب دیکھا کہ حضرت کا کا شاہ صاحب نے ان سے ملاقات کے لئے فرمایا ہے مولانا نے اُستاد سے وہاں جانے کی اجازت طلب کی۔ لیکن استاد نے اجازت نہ دی۔ دوسری رات پھر وہی خواب دیکھا۔ استاد نے اب بھی اجازت دینے سے انکار کیا، تیسری رات خواب دیکھا کہ شاہ صاحب فرما رہے ہیں، [illegible] تم سے آخری ملاقات ہے تم لاہور سے بگہ چلے جاؤ [illegible]

؎ سوانح حیات [illegible] ص ۲

استفادہ کرو، تمہارے موجودہ استاد دین دار نہیں ہیں۔" اب مولانا غلام رسول نے کتابیں اٹھائیں اور استاد سے اجازت لیے بغیر لاہور سے روانہ ہوئے۔ اور حضرت کاکا شاہ صاحب کے گاؤں گڈگور پہنچے۔ لیکن ان کے وہاں پہنچنے سے قبل شاہ صاحب وفات پا چکے تھے۔ ان کی قبر پر گئے۔ نماز جنازہ پڑھی۔ پھر اپنے گاؤں واپس آ گئے۔ بیٹے کو دیکھ کر ان کے والد رحیم بخش بہت خوش ہوئے۔ اور فرمایا اچھا ہوا تم آ گئے اور مجھ سے ملاقات ہو گئی۔ دوسرے دن مولوی رحیم بخش کا ظہر ادا کر رہے تھے کہ چوتھی رکعت کے سجدے میں جان جان آفریں کو دے دی۔ سعادت مند بیٹے نے پدر بزرگوار کو غسل دیا اور کفن دفن کا انتظام کیا۔ چند روز وہاں مقیم رہے پھر بگہ تشریف لے گئے۔ وہاں غلام محی الدین بگوی کے برادر اصغر مولانا احمد الدین بگوی کا سلسلہ درس جاری تھا۔ اس میں شامل ہو گئے اور پھر تمام درسی کتابوں کی تکمیل انہی سے کی۔[1]

قلعہ میہاں سنگھ میں سکونت

موضع بگہ کے مولانا احمد الدین بگوی سے تحصیل علم کے بعد مولانا غلام رسول واپس اپنے گاؤں کوٹ بھوانی داس آ گئے۔ اس سے قبل سردار میہاں سنگھ (جس کے نام سے قلعہ میہاں سنگھ کا قصبہ موسوم ہے) مولانا غلام رسول کے والد مولوی رحیم بخش سے علم حاصل کرتا رہا تھا۔ وہ مولانا کے بڑے بھائی حکیم غلام محمد کو قلعہ میہاں سنگھ لے آیا تھا، اور ان کے علم وفضل اور تدین اور تقویٰ سے بہت متاثر تھا۔ بڑے بھائی کے ساتھ مولانا غلام رسول بھی یہیں آ گئے۔ اور پھر اسی قصبے میں مستقل سکونت اختیار کر لی۔ یہاں انہوں نے تعلیم وتدریس کا سلسلہ بھی شروع کر دیا اور خطابت اور امامت کی ذمہ داریاں بھی سنبھال لیں۔ یہاں آنے کے بعد ان کے علم وعرفان کی شہرت دور دور تک پھیل گئی۔ اور لوگ وسیع تعداد میں ان کی خدمت میں حاضر ہونے لگے جو ان سے علم بھی حاصل کرتے تھے۔ اور تصوف وسلوک کا درس بھی لیتے تھے۔ چونکہ وہ اپنے دور کے جید عالم، صاحب اتقا صوفی وسالک اور عارف باللہ تھے۔

اخوند صاحب سوات سے ملاقات

مولانا غلام رسول پر اب یہ کیفیت طاری تھی۔ کہ ہر آن نسبت الٰہی میں مستغرق رہتے اور توحید میں سرمست رہتے۔ جس طرف کسی مے کدۂ معرفت کا پتہ چلتا اسی طرف دوڑ پڑتے۔ اس راہ کی مشکلات کو عبور کرنے میں وہ انتہائی خوشی محسوس کرتے اور مجاہدہ وریاضت کی کٹھن منزلوں سے گزرنا ان کے لیے باعث مسرت ہوتا۔ انہیں معلوم ہوا کہ سوات میں ایک بزرگ ملا اخوند صاحب فروکش ہیں۔ بہت سے جویان حق ان کی خدمت میں حاضر رہتے ہیں۔ مولانا غلام رسول وہاں پہنچے اور اخوند صاحب سے ملے۔ مولانا فرماتے ہیں۔ اخوند صاحب عابد و

---

[1] مولانا حافظ احمد الدین بگوی ۱۲۱۰ھ میں موضع بگہ (ضلع سرگودھا) میں پیدا ہوئے۔ علم صرف ونحو و معانی میں معقول اور فقہ میں شرح وقایہ تک کتابیں اپنے بڑے بھائی مولانا غلام محی الدین بگوی سے پڑھیں اور بعد ازاں انہی کی معیت میں مزید حصول علم کے لیے دہلی گئے۔ اور حضرت شاہ محمد اسحاق دہلوی سے استفادہ کیا۔ چودہ سال وہاں قیام فرما رہے اور علوم قرآن، حدیث، فقہ اور دیگر علوم مروجہ کی تکمیل فرمائی۔ شاہ محمد اسحاق صاحب سے سند اجازہ کا شرف حاصل کیا۔ اور واپس وطن آکر مسند تدریس آراستہ کی۔ بے شمار لوگ ان سے مستفید ہوئے۔ اور اپنے علاقے میں تبلیغ اسلام اور اشاعت علوم کا مؤثر ترین ذریعہ تھے۔ حضرت ممدوح بہت متقی اور خدا ترس عالم دین تھے۔ کئی کتابوں کے مصنف اور اردو کے اچھے شاعر تھے۔ پنجاب کے اس نامور عالم نے ۳ محرم ۱۲۶۹ھ کو وفات پائی۔ تفصیل دیکھئے فقہائے پاک و ہند تیرھویں صدی ہجری جلد دوم [illegible]



۷۰

زاہد و متقی بزرگ ہیں۔

وہاں انہیں اطمینان قلب حاصل نہیں ہوا۔ صرف دو دن اُن کے ہاں ٹھہرے اور واپس چلے گئے۔[1]

سید امیر صاحب کی خدمت میں

واپسی پر علاقہ ہزارہ کے ایک مقام تربیلہ میں آئے تو ان کی ملاقات وہاں کے ایک ارباب (یعنی رئیس یا نمبردار) سے ہوئی۔ ارباب صاحب نے ان کو اپنا مہمان ٹھہرایا۔ گفتگو شروع ہوئی تو انہوں نے مولانا غلام رسول سے اس تکلیف دہ اور طویل و عریض سفر کا سبب دریافت کیا۔ مولانا نے جب تفصیل بیان کی تو ارباب صاحب نے ان کو سید امیر صاحب ساکن کوٹھا کا پتہ دیا۔ اور یہ بھی بتایا کہ وہ خود بھی سید امیر صاحب کے مرید اور عقیدت مند ہیں۔ اور کہا کہ وہ عبادت و زہد میں یکتا ہیں۔ علم و فضل کے زیور سے بھی آراستہ ہیں اور عامل کتاب و سنت بھی ہیں۔ ارباب صاحب نے سید امیر صاحب کی بہت تعریف کی۔ حضرت سید امیر صاحب کے بارے میں ارباب صاحب کی باتوں سے وہ اس درجے متاثر ہوئے کہ بڑی مشکل سے وہاں ایک رات گزاری۔ فجر کی نماز پڑھی اور عازم کوٹھا ہو گئے۔ سید امیر صاحب سے ملاقات ہوئی تو خوشی کی کوئی انتہا نہ تھی۔ سلسلہ بیعت سے متعلق پوچھا تو سید امیر صاحب نے بتایا "میں بیعت شدہ سید صاحب بریلوی مرشد مولوی اسماعیل صاحب شہید کا ہوں"[2] سید امیر صاحب کو حضرت سید احمد بریلوی سے فیض حاصل تھا۔ اور

---

[1] سوانح حیات مولوی غلام رسول ص ۳۸

[2] سوانح حیات مولوی غلام رسول ص ۳۹

۷۱

بلاشبہ وہ بہت متقی اور پرہیزگار عالم تھے۔[1]

مولانا غلام رسول کو سید امیر صاحب نے سینے سے لگایا۔ اور فرمایا تم روحانی اعتبار سے تعجب انگیز استعداد کے حامل ہو۔ تیری خوشی کی بھی کوئی انتہا نہیں اور میری خوشی کا بھی کوئی حساب نہیں۔ مجھے آج تک تیرے جیسا مشتاق سنت نہیں ملا۔ الحمدللہ کہ اس نے تمہیں بدعتیوں اور بے راہرو لوگوں سے بچا لیا ہے

---

[1] اخوند سید امیر صاحب نے "ملا صاحب کوٹھا" کے نام سے شہرت پائی کوٹھا تحصیل صوابی ضلع مردان کا ایک مشہور مقام ہے سید امیر صاحب یہیں کے رہنے والے تھے اور سید احمد صاحب بریلوی کے مخلص ارادت مند تھے۔ بیعت اقامت شریعت کے بعد سید احمد بریلوی نے انہیں کوٹھا کا قاضی مقرر کیا تھا۔ ماہ شعبان ۱۲۴۶ھ میں ان کے نام باقاعدہ قضا نامہ جاری ہوا۔ سید صاحب سے تعلق ارادت کی بنا پر کوٹھا صاحب گوناگوں مصائب و آلام کا ہدف بنے۔ ایک موقع پر انہیں "وہابیت" سے متہم کیا گیا۔ اور ان کی زندگی خطرے میں پڑ گئی، لیکن وہ اپنے موقف و مسلک پر قائم رہے۔ اکابر ہند میں سے دو بزرگوں کو ملا صاحب کوٹھا سے خاص تعلق پیدا ہوا ایک مولانا غلام رسول قلعہ میہاں سنگھ کو اور دوسرے مولانا سید عبداللہ غزنوی کو۔ حضرت جی صاحب کوٹھا کے حقیقی بھانجے صاحبزادہ عبدالرؤف کو ان کا داماد بنا لیا تھا۔ وہ بھی اجل عالم تھے۔ عالم جوانی میں انہیں شہید کر دیا گیا تھا۔ ان کے صاحبزادے (یعنی ملا کوٹھا صاحب کے نواسے) صاحبزادہ نواب سردار عبدالقیوم خان تھے جو اس ملک کی سیاست میں خاصے نامور ہوئے۔ اور تعلیمی خدمات کے اعتبار سے وہ صوبہ سرحد کے سرسید کہلائے۔

[3] حیات مولوی غلام رسول ص ۴۰

مولانا چند روز سید امیر صاحب کی خدمت میں رہے۔ اور پھر واپس قلعہ میہاں سنگھ آ گئے۔ اب ان کی دنیا بالکل بدل چکی تھی یاد الٰہی اور اتباع سنت ان کا اصل مشغلہ قرار پا گیا تھا۔ جو طالب علم ان سے تعلیم حاصل کرتے تھے۔ انہیں بھی جواب دے دیا۔ قلب پر خوف خدا نے غلبہ حاصل کر لیا تھا۔ اور زبان اس کے ذکر سے تر رہتی تھی۔

خواجہ سلیمان تونسوی سے ملاقات

اس زمانے میں خواجہ سلیمان تونسوی کے تصوف و ریاضت کا بہت شہرہ تھا۔ مولانا غلام رسول کے دل میں ان سے ملاقات کی خواہش نے کروٹ لی۔ اور عازم تونسہ ہوئے۔ تونسہ سے کچھ فاصلے پر ایک گاؤں میں پہنچے تو سورج غروب ہو گیا اور وہیں رہ پڑے۔ اس گاؤں کی مسجد کے امام صاحب نیکی و تدین کے اوصاف سے متصف تھے اور حدیث و فقہ اور دیگر علوم متداولہ میں درک رکھتے تھے وہ نہایت تکریم سے پیش آئے۔ اور مولانا کو کھانا کھلایا۔ اثنائے گفتگو میں جب انہیں پتہ چلا کہ مولانا علم و فضل کی دولت سے بہرہ ور ہیں۔ تو ان سے بعض مشکل علمی مسائل دریافت کیے۔ مولانا نے جو جواب دیا۔ اس سے وہ متاثر ہوئے اور تسکین خاطر ہوئی۔ پھر پوچھا۔

”آپ کہاں جا رہے ہیں؟“

فرمایا ”خواجہ سلیمان کے پاس تونسے جا رہا ہوں“

بولے ”وہاں تو بدعات کا زور ہے۔ آپ کا وہاں جانا مناسب نہیں بہتر یہی ہے کہ آپ وہاں نہ جائیں“

لیکن مولانا نہیں مانے اور وہاں جانے پر مصر رہے اب امام صاحب نے دونوں ہاتھ اوپر کو اٹھائے اور اللہ سے دعا مانگی کہ،

”اے اللہ! اگر میں اپنے عقیدے میں سچا ہوں اور وہ شخص ایسا ہی ہے جیسا کہ میں جانتا ہوں تو مولوی غلام رسول کو اس کی ملاقات کا موقع نہ دے“

مولانا غلام رسول جب تونسہ پہنچے تو خواجہ سلیمان صاحب وہاں موجود نہ تھے۔ اور وہاں سے بہت دور کہیں دورے پر تشریف لے گئے تھے۔

مولانا پھر اسی گاؤں میں اسی امام صاحب کے پاس آ گئے۔ اور خواجہ صاحب سے ملاقات نہ ہونے کی اطلاع دی۔ امام صاحب یہ سن کر خوش ہوئے۔

اس سے کئی مہینے بعد پھر تونسہ گئے۔ اور خواجہ صاحب سے ملاقات ہوئی مولانا نے ان کو فارسی نظم میں ایک طویل خط لکھ کر پیش کیا۔ یہ خط نہایت عمدہ ہے۔ اس میں بہترین الفاظ و دلنشین اسلوب کلام میں نصیحتیں کی گئی ہیں اور دنیا کی ناپائیداری کا تذکرہ کیا گیا ہے۔ اس خط سے واضح ہوتا ہے۔ کہ مولانا فارسی کے بہت اچھے شاعر تھے۔

مولانا فرماتے ہیں یہ خط پڑھکر خواجہ سلیمان صاحب خوش ہوئے۔ لیکن میری اور ان کی نسبت نہ ملی۔ کیونکہ خواجہ صاحب کی حالت موافق سنت کم تھی مولانا ان کے بعض وظائف سے بھی اتفاق نہ کرتے تھے اور تصور شیخ کو بھی صحیح نہ سمجھتے تھے۔ فرماتے ہیں ”میں ایسی باتوں کا سخت مخالف تھا“

مولانا غلام رسول خواجہ صاحب کے بارے میں یہ بھی فرماتے ہیں۔

”مجھ پر آپ نے بڑی مہربانی کی۔ اپنے مجربہ تعویذ اور وظائف سکھائے اور بلا بیعت آرزوئے مجھے اپنا خلیفہ ہونے کا لقب عطا فرمایا۔ چند روز مجھے وہاں ٹھہرایا۔ مجھ پر بہت خوش ہوئے۔ اور فرمایا کہ اب تم کو مرید ہونے کی ضرورت نہیں، تم خود لوگوں کو اپنا مرید بناؤ۔ بعد رخصت میں لوٹ آیا [illegible]



٧٤

ایک مجذوب سے ملاقات

ترلسہ سے مولانا غلام رسول قلعہ میہاں سنگھ آئے۔ اور وہاں سے فتح گڑھ جوڑیاں (ضلع گورداسپور مشرقی پنجاب) گئے۔ ان کی شادی فتح گڑھ جوڑیاں میں ہوئی تھی۔ یہاں کے لوگوں نے انہیں بتایا کہ علاقہ تخت ہزارہ میں ایک گاؤں کا نام "نبجے" ہے۔ وہاں ایک بزرگ رہتے ہیں۔ جو حافظ القرآن اور باکمال ولی ہیں۔ فتح گڑھ جوڑیاں کے سب لوگ ان حافظ صاحب کے مرید تھے۔ مولانا غلام رسول وہاں سے موضع نبجے پہنچے۔ یہ سفر انہوں نے پیدل طے کیا۔ اور حافظ صاحب سے ملاقات کی۔ کئی دن حافظ صاحب کے ہاں مقیم رہے۔ حافظ صاحب نے ان سے فرمایا:

"میرے پاس براہ راست آپ کا کوئی حصہ نہیں۔ مگر ایک مجذوب کے طفیل میرے فیض کا کچھ حصہ آپ کو ملے گا۔"

حافظ صاحب نے اس مجذوب کے نام ایک خط لکھ کر مولانا کو دیا۔ اور فرمایا اس کا نام نامدار قوم کا مارچھ ہے اور ضلع گڑھی اعواناں میں ملک رحمت خاں کے گھر میں رہتا ہے۔ بُرا بھلا کہے گا۔ آپ بُرا نہ مانئے۔ میرا یہ خط ان کو دے دیں اور میری طرف سے السلام علیکم کہہ دینا۔"

مولانا غلام رسول حافظ صاحب سے اجازت لے کر موضع اعواناں گئے۔ ان کے ساتھ ایک کشمیری طالب علم تھا۔ جو ان سے علم معانی و بیان کی کتاب "مطول" پڑھتا تھا۔ اس گاؤں میں جا کر مجذوب کے متعلق دریافت کیا تو معلوم ہوا کہ وہ گاؤں سے باہر گئے ہیں۔ اور جنگل میں بیمار گدھوں کو چرا رہے ہیں۔ [1]

یہ تمام تفصیلات سوانح حیات مولوی غلام میں درج ہیں۔ (دیکھئے صفحہ ۴۰ تا ۴۴)

٧٥

مولانا اپنے کشمیری شاگرد کے ساتھ جنگل میں پہنچے اور مجذوب کے قریب گئے۔ تو وہ مولانا سے مخاطب ہوا۔ یہ تیرا ساتھی شخص نسب کے اعتبار سے صحیح نہیں ہے۔ اس کو میرے پاس نہ لاؤ دور چھوڑ کر میرے پاس آ جاؤ۔ اس طالب علم کے بارے میں مجذوب نے کئی قسم کی باتیں کیں۔ مولانا طالب علم کو چھوڑ کر مجذوب کے پاس پہنچے۔ تو حافظ صاحب کا خط پیش کیا۔ اور ان کا سلام پہنچایا اس نے اپنی گودڑی بچھائی۔ مولانا کو احترام کے ساتھ اس پر بٹھایا اور بہت عزت سے پیش آیا۔

مولانا کہتے ہیں اُس دن سے میرا شوق ریاضت و مجاہدہ روز بروز ترقی کرتا گیا۔ میری شہرت دُور دُور تک پہنچ گئی اور کثرت سے لوگ میرے پاس آنے لگے۔ لیکن مجھے حضرت سید امیر صاحب کوٹھا والے کا شوق ملاقات آرام نہیں لینے دیتا تھا۔ ان کی صحبت نہایت دلکش و دلآویز تھی اور اس کا کچھ اور ہی رنگ تھا

دوبارہ عزم کوٹھا

گڑھی اعواناں کے مجذوب سے ملاقات کے بعد مولانا اپنے گاؤں قلعہ میاں سنگھ آئے اور اہل خانہ سے سید امیر صاحب کی خدمت میں حاضر ہونے

---

[1] اس مجذوب کی یہ عادت تھی کہ لوگ اپنے گدھوں سے سخت محنت کا کام لے کر بے کار اور کمزور کر کے چھوڑ دیتے تو اس قسم کے تمام گدھوں کو اکٹھا کر کے جنگل میں لے جاتے۔ اور محض اللہ کی رضا جوئی کے لئے ان کو چرایا کرتے۔ جب یہ گدھے تندرست اور کام کے لائق ہو جاتے تو مالک ان کو اپنے گھروں میں لے جاتے اور دوسرے بے کار و عاجز گدھوں کو چھوڑ جاتے پھر یہ مجذوب ان گدھوں کو چرانا شروع کر دیتے۔ دن بھر وہ یہی کام کرتے رہتے۔ (سوانح حیات مولوی غلام رسول ص ۴۵)

کا عزم ظاہر کیا اور تیاری شروع کر دی۔ ان کے اعزہ و اقارب ان کے اس کثرت سے مختلف مقامات میں جانے پر تعجب و حیرت کا اظہار کرتے اور کہتے کہ "یہ مجنون ہو گیا ہے یا اس کے پاؤں کو چکر آ گیا ہے۔ یہ آسیب زدہ ہے۔ یہ شخص اب حیات کی تلاش میں ہے۔" مولانا فرماتے ہیں۔ اس قسم کے طعن و ملامت سے میرے شوق میں مزید اضافہ ہوتا اور میری آتش اشتیاق اور بھڑکتی۔ بہر حال وہ اپنے گاؤں سے روانہ ہوئے، اور سید امیر صاحب کی خدمت میں دوبارہ کوٹھا پہنچے۔

مولانا عبداللہ غزنوی سے ملاقات

کوٹھا گئے ابھی دو دن ہی ہوئے تھے کہ حسن اتفاق سے مولانا عبداللہ غزنوی بھی وہاں پہنچ گئے۔ اور مولانا غلام رسول اور مولانا عبداللہ کی پہلی ملاقات یہیں ہوئی جس نے آگے چل کر مضبوط روحانی تعلقات و روابط کی شکل اختیار کر لی۔ ان دونوں بزرگوں کے درمیان اس قدر محبت کا رشتہ استوار ہو گیا تھا کہ حضرت سید امیر صاحب اسے دیکھ کر انتہائی خوش ہوتے اور فرماتے کہ تم دونوں کے درمیان مجھے عجیب طرح کا نور ہر وقت گردش کرتا ہوا دکھائی دیتا ہے اور تمہیں دیکھ کر مجھے بہت مسرت ہوتی ہے۔ اللہ تعالیٰ تم دونوں کی نسبت میں ترقی دے۔[1]

مولانا غلام رسول کا کوٹھے کا یہ دوسرا چکر تھا۔ وہ اس سے قبل جب پہلی مرتبہ یہاں آئے تھے۔ تو حضرت سید امیر صاحب کے حلقۂ بیعت میں داخل ہو گئے تھے۔ مولانا عبداللہ غزنوی پہلی دفعہ تشریف لائے تھے وہ بھی سید صاحب

---

[1] سوانح مولوی غلام رسول ص ۸۴ — مولانا عبداللہ غزنوی کے حالات کے لئے دیکھئے "فقہائے ہند تیرھویں صدی" جلد دوم ص ۱۸۴ تا ۲۱۹۔

سے بیعت ہوئے اور ان کی بیعت کا مقصد محض سید امیر صاحب کے سلسلہ بیعت میں داخل ہونا تھا، ورنہ ان کو بیعت کی ضرورت نہ تھی۔

کوٹھا سے روانگی اور ایک مجذوب سے ملاقات

مولانا غلام رسول اور مولانا عبداللہ غزنوی چند روز کوٹھا میں مقیم رہے۔ اس اثنا میں دونوں کے درمیان گہرے قلبی اور روحانی روابط پیدا ہو چکے تھے۔ دونوں کوٹھا سے قلعہ میہاں سنگھ کو روانہ ہوئے جب گجرات کے قریب پہنچے تو مولانا عبداللہ غزنوی ایک مقام پہ رک گئے اور فرمایا مجھے یہاں ایک ایسے مجذوب کی خوشبو آ رہی ہے جو ملاقات کے قابل ہے۔

یہاں یہ واقعہ لائق تذکرہ ہے کہ کوٹھا سے روانگی کے بعد دوران سفر میں دونوں بزرگوں نے کتب حدیث پڑھنے کا ارادہ کر لیا تھا اور یہ بات بھی دونوں میں طے پا چکی تھی کہ دہلی جا کر حدیث کی تعلیم حاصل کی جائے گی۔ اسی خیال کو دل میں لیے ہوئے مجذوب کی طرف روانہ ہوئے۔ اس مجذوب کا نام جنگر شاہ تھا۔ اس سے حضرات یہ پوچھنا چاہتے تھے کہ حدیث کہاں جا کر پڑھی جائے۔

جب مجذوب کی طرف روانہ ہوئے تو اس نے اپنے قریب بیٹھے ہوئے لوگوں سے کہا دیکھو! دو ایسے شخص آ رہے ہیں جو علم و اخلاق کے اعتبار سے محمدی نمونہ ہیں۔ ان کے آنے سے پہلے جلدی سے کپڑا بچھا دو اور ان کے لئے فرش بچھا دو۔"

جب یہ اس مجذوب کے قریب آئے تو اس نے اپنی جگہ سے اٹھ کر ان کا استقبال کیا، اور احترام سے اپنے پاس بٹھایا۔ پھر دہلی کی طرف اشارہ کر کے کہا۔ "جنت اس طرف ہے" اس کے ارد گرد بیٹھے لوگ حیران تھے کہ یہ مجذوب کبھی کسی سے مخاطب نہیں ہوا، مگر آج ان بزرگوں سے باتیں کر رہا ہے۔ مولانا عبداللہ غزنوی اور مولانا غلام رسول مجذوب کی مجلس سے اٹھ کر واپس آنے لگے تو اس نے کہا وہ لباس دیکھ کر نہ بھول جانا، وہ شخص مسکین صورت ہے اور اس کا نام سید نذیر حسین ہے اس سے پڑھنا۔[1]

حاشیہ در صفحہ ۷۸



٧٨

وہاں سے چل کر یہ بزرگ قلعہ میہاں سنگھ پہنچے۔ مولانا عبد اللہ غزنوی نے فرمایا مجھے اللہ کی طرف سے القا ہوا ہے کہ میں چند مہینوں کے بعد حدیث پڑھنے دہلی جاؤں۔

مولانا غلام رسول کو سید امیر صاحب نے فی الحال لاہور جا کر قیام پذیر ہونے اور وہاں وعظ و ارشاد کا سلسلہ جاری کرنے کا حکم دیا تھا۔ چنانچہ وہ قلعہ میہاں سنگھ سے لاہور آ گئے چند روز وہاں قیام کیا پھر امرتسر چلے گئے اور وہاں باغ والی مسجد میں حافظ محمد صاحب کے ہاں مقیم ہوئے۔ حافظ صاحب نے مولانا عبد اللہ غزنوی کے حلقۂ بیعت میں داخل ہونے کا شرف حاصل کیا۔

لاہور میں قیام اور سلسلۂ وعظ و ارشاد

مولانا غلام رسول کچھ دن امرتسر رہے اور پھر لاہور آ گئے۔ لاہور میں انہوں نے مسجد چینیاں والی میں قیام کیا اور وعظ و ارشاد میں مشغول ہو گئے۔ ان کا وعظ نہایت عمدہ اور موثر ہوتا تھا۔ ہر بات سامعین کے دلوں میں اترتی جاتی تھی وعظ میں مسلمانوں کے علاوہ غیر مسلم بھی شرکت کرتے اور ان کے ارشادات سے اثر پذیر ہوتے تھے۔ بہت سے غیر مسلم وعظ کے دوران ہی میں اسلام قبول کر لیتے اور آگے چل کر تبلیغ اسلام کا ذریعہ بنتے۔ اس طرح بے شمار لوگ ان کے وعظ سے مسلمان ہوئے اور بہت سے افراد کی زندگیاں اسلام کے قالب میں ڈھلیں۔

مولانا غلام رسول میں یہ خوبی تھی، کہ اگر کسی جگہ کے لوگ ان کے وعظ سے متاثر نہ ہوتے یا دوران وعظ مخالفت پر اتر آتے، تو بالکل نہ گھبراتے، نہ بددل ہوتے بلکہ اپنا سلسلہ ارشاد جاری رکھتے۔ ان کا نقطہ نظر یہ تھا، کہ وعظ اور تبلیغ کا کام اپنی بات پورے اخلاص اور کوشش سے لوگوں کے کانوں تک پہنچانا ہے۔ کسی کو ماننے پر مجبور کرنا اس کے فرائض میں داخل نہیں۔ بعض لوگ انبیاء علیہم السلام

٧٩

کی بات نہیں مانتے تھے۔ حالانکہ وہ مبعوث من اللہ تھے۔ ہم لوگوں کی بات اگر کوئی نہیں مانتا تو افسوس و ملال کی ضرورت نہیں۔

ان کے وعظ میں عوام و خواص اور علماء و طلباء کثیر تعداد میں شریک ہوتے اور ان کے ارشادات عالیہ سے فیض حاصل کرتے۔ بعض لوگ اعتراض و بحث کی غرض سے آتے اور اثر پذیر ہو کر واپس جاتے۔ ان کا انداز کلام نہایت شیریں اور پیارا تھا۔ وعظ میں قرآن کی آیات تلاوت کرتے۔ احادیث رسول ﷺ پڑھتے ائمہ کے اقوال بیان کرتے اور اشعار سناتے جس سے سامعین محظوظ بھی ہوتے اور متاثر بھی جو بات ان کی زبان سے نکلتی وہ ان کے دل کی آواز تھی۔ وہ جب وعظ میں جنت، دوزخ، قیامت کا ذکر کرتے تو سامعین پر یہ کیفیت طاری ہو جاتی کہ گویا وہ ان تمام مقامات کو اپنی آنکھوں کے سامنے دیکھ رہے ہیں۔ اس سے ان کی آنکھوں سے بے ساختہ آنسو جاری ہو جاتے اور ان کی اثر پذیری کی کوئی انتہا نہ ہوتی۔

طلب حدیث کیلئے عزم دہلی

کچھ عرصہ مولانا غلام رسول نے لاہور میں قیام کیا۔ اور وعظ و نصیحت کو اپنا مشغلہ قرار دیے رکھا۔ ان کے مواعظ و نصائح سے نہایت اچھے اثرات مرتب ہوئے اور بے شمار لوگوں نے مسائل دین سیکھے اور اسلام قبول کیا۔ پھر لاہور سے امرتسر گئے۔ اور باغ والی مسجد میں حافظ محمد صاحب کے پاس ٹھہرے امرتسر میں بھی وعظ و نصیحت[1] کا سلسلہ جاری رہا۔ امرتسر سے مولانا عبد اللہ غزنوی کے ساتھ تحصیل علم حدیث کے لئے عازم دہلی ہوئے۔ امرتسر سے دہلی تک کا سفر پیدل کیا، آٹھ دن میں طے کیا۔ ان دنوں حضرت سید میاں نذیر حسین محدث دہلوی وہاں درس حدیث دیتے تھے۔ مولانا غلام رسول بھی ان کے حلقۂ درس میں

---

[1] سوانح مولانا غلام رسول ص ۴۸، ۴۹

شامل ہو گئے۔ اور کتب حدیث پڑھنا شروع کیں۔ مولانا عبداللہ غزنوی بھی ان کے شریک درس تھے۔ حضرت میاں صاحب سے مولانا غلام رسول نے سند حدیث حاصل کی۔

مولانا غلام رسول کے وعظ کی شہرت دہلی تک جا چکی تھی۔ جب وہاں کے لوگوں کو ان کی دہلی میں آمد کی اطلاع ہوئی۔ تو وعظ کے لئے ان کی خدمت میں حاضر ہونے لگے۔ ایک دن لال قلعے سے ایک مغل شہزادہ بھی حضرت میاں نذیر حسین کی خدمت میں آیا اور کہا کہ مولوی صاحب کو وعظ کے لئے قلعے میں بھیجا جائے چنانچہ یہ درخواست منظور ہوئی اور لال قلعہ میں مولانا نے وعظ کیا۔ جس میں خود سید نذیر حسین نے بھی شرکت فرمائی۔ اور بھی بہت سے حضرات مولانا کا وعظ سننے کیلئے قلعہ میں گئے۔ وعظ نہایت مؤثر اور دلنشین تھا۔

۱۸۵۷ء کی جدوجہد آزادی

مولانا غلام رسول اور مولانا عبداللہ غزنوی ابھی دہلی میں حضرت میاں صاحب کے حلقۂ درس ہی میں تھے۔ کہ ۱۶ رمضان ۱۲۷۳ھ (۱۱ مئی ۱۸۵۷ء) کو جنگ آزادی شروع ہو گئی۔ فتح کے بعد جسے انگریزوں نے "غدر" کے نام سے موسوم کیا۔ اس کا آغاز میرٹھ سے ہوا۔ پھر یہ جنگ دہلی پہنچی اور اس کے بعد بہت جلد ہی پورے ہندوستان میں پھیل گئی۔ دہلی شہر اس زمانے میں بدامنی کی لپیٹ میں تھا اور چاروں طرف گولیاں چل رہی تھیں جس مسجد میں مولانا عبداللہ غزنوی اور مولانا غلام رسول علم حدیث حاصل کرنے کیلئے اقامت گزیں تھے۔ وہاں مسلسل بندوق کی گولیاں گر رہی تھیں اور عجیب آوازیں آتی تھیں۔ اس پر مولانا عبداللہ غزنوی جو مولانا غلام رسول کو عبداللہ کہہ کر پکارتے تھے۔ ان سے حیران ہو کر پوچھتے اے عبداللہ! یہ کیا ہو رہا ہے۔ [illegible]

یہ نہایت اضطراب اور گھبراہٹ کا زمانہ تھا۔ ہر شخص اپنی جان کی فکر میں تھا۔ کسی دوسرے کی خبر نہ تھی۔ مولانا غلام رسول اور مولانا عبداللہ غزنوی اس وحشتناک دور میں بھی نہایت اطمینان اور سکون کے عالم میں تھے۔ اور حصول علم حدیث ہی ان کا اصل مشغلہ تھا۔ کسی اور طرف قطعاً ان کی توجہ نہ تھی۔

ایک انگریز عورت کی امداد

ایک دن مولانا عبداللہ غزنوی نے مولانا غلام رسول سے کہا۔ میں نے خواب دیکھا ہے۔ کہ تم پر بڑے آسمانی مارل ہو رہی ہے۔ لہٰذا یہاں رہنے کی نسبت تمہارا اپنے گھر چلے جانا زیادہ بہتر ہے۔ جب سے میں نے یہ خواب دیکھا ہے۔ تمہاری طرف سے بہت مضطرب ہوں۔

مولانا غلام رسول فرماتے ہیں۔ کہ مولانا عبداللہ غزنوی مجھے بار بار گھر جانے کیلئے کہتے۔ اور اصرار کرتے تھے۔ میں انہیں جواب میں کہتا۔ کہ اگر آپ مجھے الیٰ واقعی مبتلا مصیبت ہونے والے دیکھتے ہیں۔ تو مجھ سے ایسی باتیں کریں۔ جن سے مجھے تسکین قلب اور اطمینان حاصل ہو۔ نہ کہ مزید گھبراہٹ میں ڈالنے کی کوشش فرمائیں۔ لیکن مولانا عبداللہ برابر اس قسم کی باتیں کرتے رہے۔ بالآخر ان کے بیحد اصرار پر دہلی سے وطن جانے کیلئے تیار ہو گئے۔

مولانا عبداللہ غزنوی ان کو رخصت کرنے کیلئے میاں سید نذیر حسین کے مدرسے سے لاہوری دروازے کے باہر شاہدرہ تک ان کے ساتھ گئے۔ وہاں کھڑے دونوں بزرگ الوداعی باتیں کر رہے تھے۔ کہ سامنے ایک انگریز عورت پر نظر پڑی جو سخت زخمی حالت میں تھی۔ اور پیاس سے بلک رہی تھی۔ مگر

---

[۱] سوانح حیات مولانا غلام رسول ص ۶

کوئی اُسے پانی نہ پلاتا تھا۔ انسانی ہمدردی کے پیشِ نظر یہ دونوں بزرگ اس عورت کے پاس آئے اور کہیں سے پانی لاکر اُسے پلایا۔ اس وقت غلام رسول نے ایک عجیب فقرہ کہا، جو بعد میں پیش آنے والے حالات کی روشنی میں الہامی ثابت ہوا۔ انہوں نے فرمایا:

"خبر نہیں، کب تک یہ ہندوستان غلامی میں رہے۔ کیونکہ لوگ بچوں اور عورتوں پر ظلم کرنے لگ گئے ہیں، جو اسلامی قانون کے خلاف ہے"[1]

اس سے ٹھیک نوّے سال بعد (۱۹۴۷ء) تک یہ برصغیر انگریزوں کا غلام رہا۔ اس کے بعد پاکستان اور ہندوستان کے نام سے دو مملکتیں معرضِ قیام میں آئیں۔

۱۸۵۷ء کا دور کچھ ایسا ہنگامہ خیز تھا کہ کسی انگریز سے اظہارِ ہمدردی کرنا اپنے آپ کو مصیبت کے منہ میں ڈالنے کے مترادف تھا۔ اگرچہ وہ انگریز بوڑھا ہو، مظلوم ہو، بیمار ہو، عورت ہو، بچہ ہو، کوئی ہو اُس کی امداد کرنا نہایت مشکل تھا۔ حالانکہ اسلام کی رو سے ایسے لوگوں کی امداد کرنا اور ان کو ظلم و زیادتی سے بچانا ضروری ہے۔ مولانا غلام رسول اور مولانا عبداللہ نے اپنے آپ کو خطرے میں ڈال کر اس انگریز عورت کی مدد کی۔ اس کو کسی صورت میں مردانہ لباس پہنایا اور مسجد کے حجرے میں لے آئے۔ رات کو کچھ لوگوں کو شبہ ہوا تو وہ مسجد میں تلاشی کے لئے آئے۔ انہوں نے ان لوگوں کو بتایا کہ کوئی مسافر مریض ہے جو حجرے میں لیٹا ہوا ہے۔ اس پر وہ لوگ واپس چلے گئے۔

مولانا غلام رسول نے اب وطن جانے کا ارادہ ملتوی کر دیا، اس

---

[1] سوانح حیات مولوی غلام رسول، ص ۵۹

عورت کے علاج اور خدمت میں مصروف ہو گئے۔ چند روز میں وہ صحت یاب ہو گئی۔ تو پتہ چلا کہ وہ ایک انگریز کرنل کی بیوی ہے۔ اسے کسی طرح اس کے گھر پہنچا دیا گیا۔ اب عورت نے مولانا غلام رسول کو اپنی طرف سے خط لکھ کر دینا چاہا کہ اگر کسی وقت ضرورت پڑے تو اس سے فائدہ اٹھایا جا سکے۔ لیکن مولانا نے خط لینے سے انکار کر دیا۔ اور فرمایا ہم نے یہ کام صرف رضائے الٰہی اور انسانی ہمدردی کے لئے کیا ہے۔ اللہ ہی اس کا صلہ دے گا۔ اس عورت نے یہ بھی کہا کہ ممکن ہے۔ ہندوستانیوں کی پکڑ دھکڑ کا سلسلہ شروع ہو جائے اس صورت میں یہ خط آپ کے کام آئے گا۔ اور انگریزی حکومت سے کسی نے آپ کی شکایت کی تو بھی متعلقہ لوگوں کو یہ خط دکھایا جا سکتا ہے۔ لیکن مولانا نہیں مانے۔ فرمایا ہم درویش آدمی ہیں۔ کوئی ہماری شکایت کیوں کرے گا۔ اور ہمیں تکلیف پہنچا کر اُسے کیا ملے گا۔

وطن کو روانگی اور وارنٹ گرفتاری

اس انگریز عورت کی صحت یابی کے بعد اُسے گھر پہنچایا اور پھر اس سے کئی دن بعد وطن کو روانہ ہوئے۔ اس اثنا میں کسی نے حکومت سے شکایت کر دی کہ انگریزوں کے خلاف جو کچھ ہوا ہے، اس میں مولوی غلام رسول قلعہ میہاں سنگھ والے کا بھی ہاتھ ہے۔ اور یہ اس زمانے میں دہلی میں مقیم تھے۔ اور انگریزی حکومت کے خلاف سازش میں شریک تھے۔ یہ وہ دور تھا جب انگریزوں نے بغاوت کو کچل دیا تھا۔ اور ہندوستانیوں کو وسیع پیمانے پر گرفتار کر کے انہیں سنگین سزائیں دی جا رہی تھیں۔ جگہ جگہ پھانسیاں نصب تھیں اور جس پر کوئی ذرا سا شبہ ہوتا اسے پھانسی پر لٹکا دیا جاتا تھا۔ مولویوں سے حکومت بالخصوص بدظن تھی اور جن مولویوں پر وہابی کے لفظ کا اطلاق ہوتا تھا، انہیں بہت زیادہ



ہدفِ ستم ٹھہرایا جاتا تھا۔ اتفاق سے مولانا غلام رسول اسی زمرے میں شامل تھے، اور انہیں وہابی کہا جاتا تھا۔ انگریزوں کی مخالفت کی وجہ سے بے شمار مجاہد اور بہت سے علمائے کرام گرفتار کیے جا چکے تھے۔ مولانا غلام رسول کے وارنٹ گرفتاری بھی جاری ہو چکے تھے۔ وہ دہلی سے چلے اور ادھر ادھر کے چکر کاٹتے ہوئے امرتسر پہنچے۔ دو دن حافظ محمود کے پاس باغ والی مسجد میں رہے۔ وہیں انہیں معلوم ہو گیا تھا کہ ان کی گرفتاری کے لیے حکومت نے اشتہار جاری کر دیا ہے یعنی پولیس کی اصطلاح میں انہیں "اشتہاری مجرم" قرار دے دیا گیا ہے۔ امرتسر میں دو دن قیام کے بعد اپنے سسرال فتح گڑھ چوڑیاں (ضلع گورداسپور) گئے۔ ان کے خسر مولوی مبارک زندہ تھے۔ اور مولانا کی گرفتاری سے متعلق اشتہار کا واقعہ ان کے علم میں آ چکا تھا۔ پریشان کن بات یہ تھی کہ حکومت کے جاسوس اور ملازم ان کے رشتہ داروں اور واقفوں کے گھروں میں جا جا کر ان کے متعلق معلومات حاصل کرنے کی کوشش کر رہے تھے۔ امرتسر کا ڈپٹی کمشنر انگریز تھا۔ جو اس قدر بدحواس ہو گیا تھا کہ جس شخص کے بارے میں غدار ہونے کی ذرا سی بھنک اس کے کان تک پہنچتی، اسے بلا تحقیق گرفتار کر کے پھانسی پر لٹکا دیتا تھا۔ مولوی عبدالحق اس صورت حالات سے سخت پریشان تھے، اور تمام دن دروازے پر بیٹھے رہتے کہ اگر کسی کو پتہ نہ چل جائے کہ مولانا غلام رسول ان کے گھر میں موجود ہیں۔

فتح گڑھ چوڑیاں کے ایک مشہور رئیس دیوان نرنجن داس تھا۔ وہاں کے لوگ ان کی بہت عزت کرتے تھے۔ سرکار دربار میں بھی اچھی حیثیت رکھتا تھا۔ اور حسن اتفاق سے مولوی مبارک صاحب کا دوست تھا۔ اور ان کو بھائی [illegible] احترام کرتا تھا۔ [illegible] دیوان نرنجن داس کے پاس پہنچے۔ اس کو مولانا غلام رسول کے وارنٹ گرفتاری [illegible] اور ان کی گرفتاری کے [illegible] اس سے طالب امداد ہوئے

دیوان صاحب نے خفیہ طور پر اس کی اطلاع مولوی عبدالحق کو دی اور پیغام بھجوایا کہ اگر مولانا غلام رسول یہیں ہیں تو ان کو علی الصبح ان کے وطن (قلعہ میہاں سنگھ ضلع گوجرانوالہ) روانہ کر دیں۔ ان کا اپنے علاقے میں چلے جانا ہی مناسب ہے۔ ایک تو اس لیے کہ وہاں کے لوگ ان کے حالات و معاملات سے ہماری نسبت زیادہ واقفیت رکھتے ہیں اور خطرے کی صورت میں وہ ان کی اچھے طریقے سے مدد کر سکتے ہیں۔ دوسرے یہ کہ وہاں کوئی ایسا حاکم نہیں جو محض شبہے کی بنا پر پکڑنا مناسب سمجھے جو لوگوں کی شہادتیں اور بیان لینا بھی ضروری قرار دیتا ہو اور اس کی روشنی میں فیصلہ کرنے کا عادی ہو۔

دیوان نرنجن داس کی یہ بات بالکل صحیح اور ہمدردانہ تھی۔ چنانچہ مولانا فتح گڑھ چوڑیاں سے چلے اور اپنے وطن قلعہ میہاں سنگھ پہنچ گئے۔

گرفتاری

یہاں ان کے بڑے بھائی حکیم غلام محمد سکونت پذیر تھے۔ انہوں نے مولانا کو باہر نہ نکلنے اور گھر ہی میں چھپے رہنے کا مشورہ دیا۔ مولانا نے فرمایا چھپ چھپ کر زندگی گزارنا مشکل ہے۔ میں اللہ کی رضا اور قضا پر راضی ہوں۔ حاکم وقت آ کر میرا بیان بھی لے گا۔ اور معاملے کی تحقیق بھی کرے گا۔ یوں ہی کسی کی شکایت پر تو پھانسی نہیں دے دے گا۔ آپ مجھے باہر نکلنے سے منع نہ کریں۔[1]

مولانا کا یہ جواب سن کر حکیم صاحب مسجد میں چلے گئے۔ دیکھا تو مسجد میں ایک نووارد مسافر بیٹھا تھا۔ حکیم صاحب نے اسے اجنبی سمجھ کر کھانے کے متعلق پوچھا اس نے انکار کیا اور کھانا نہیں کھایا۔ اس کی شکل و شباہت سے حکیم صاحب کو شبہ ہوا کہ

---

[1] سوانح حیات مولوی غلام رسول، ص ۶۲

ہوتی انگریز ہے جو بھیس بدل کر اور دیسی لباس پہن کر یہاں آیا ہے۔ وہ اسی وقت گھر گئے اور مولانا کو اس نووارد کے بارے میں بتایا۔ وہ نماز ظہر کا وقت تھا۔ مولانا نماز کے لئے مسجد میں آئے تو وہ شخص ان کو دیکھتے ہی باہر نکل گیا۔ اور تھوڑی دیر بعد پولیس کپتان اور اس کے ساتھ بہت سے پولیس والے مسجد میں آ گھسے وہ نووارد مسافر بھی ان کے ساتھ تھا۔ آتے ہی مولانا کو گرفتار کر لیا اور انہیں پکڑ کر لاہور کو روانہ ہو گئے

اس پر گاؤں میں ایک ہنگامہ بپا ہو گیا۔ اور لوگوں نے پولیس والوں کو گھیرے میں لے لیا۔ یہ بڑا نازک وقت تھا۔ اور خدشہ تھا کہ پولیس تمام لوگوں پر سختی کا برتاؤ کرے گی۔ مولانا نے جو پولیس کی حراست میں تھے، بلند آواز سے لوگوں سے کہا کہ وہ پولیس کی کارروائی میں مزاحم نہ ہوں۔ اس نے مجھے گرفتار کیا ہے گھبرانے کی ضرورت نہیں۔ سب لوگ آرام سے اپنے گھروں کو چلے جائیں اگر مزاحمت کی گئی تو لوگوں کے لئے بھی خطرہ پیدا ہو جائے گا۔ اور خود میری زندگی بھی خطرے میں پڑ جائے گی۔ اگر امن وامان قائم رہا، تو میں انشاء اللہ جلد ہی واپس آ جاؤں گا۔ مولانا کی یہ باتیں سن کر لوگ پیچھے ہٹ گئے۔ اور پولیس مولانا کو پکڑ کر لاہور کو روانہ ہو گئی۔ اس وقت تین آدمی ان کے ساتھ تھے۔ بڑے بھائی حکیم غلام محمد، پھوپھی زاد بھائی مولوی بدرالدین اور گوجرانوالہ کے مولوی علاء الدین جو ان کے شاگرد تھے۔

میاں سنگھ کی بہو کا نام "سکھدیئی" تھا۔ خود سکھدیئی اس کے خاندان کے لوگ مولانا کی بے حد تکریم کرتے تھے۔ یہ مولانا کی گرفتاری سے بہت پریشان ہوئے اس زمانے میں ایمن آباد (ضلع گوجرانوالہ) کا دیوان جوالا سہائے مہاراجہ جموں و کشمیر کا وزیر تھا۔ وہ اتفاقاً چند روز بیشتر جموں سے ایمن آباد آیا تھا۔ اور پولیس اور فوج کے کچھ لوگ بھی اس کے ساتھ تھے۔ سکھدیئی نے اس کو مولانا کی گرفتاری

کی اطلاع دی اور ان کی رہائی کے لئے کوشش کرنے کو کہا وہ بھی مولانا کا بہت احترام کرتا تھا۔ چنانچہ اس نے کوشش کر کے مولانا کو اور اس پولیس کو جس نے انہیں گرفتار کیا تھا۔ اپنے ہاں ایمن آباد بلا لیا، اور پولیس سے کہا کہ مولانا کا تعلق چونکہ گوجرانوالہ سے ہے۔ اور اسی علاقے میں انہیں گرفتار کیا گیا ہے۔ بہتر ہے گوجرانوالہ ہی میں مقدمہ چلایا جائے۔ لاہور یا کسی دوسری جگہ انہیں نہ لے جایا جائے۔ اب پولیس والے مولانا کو دیوان جوالا سہائے کے پاس چھوڑ گئے۔ اور دیوان صاحب مولانا کو گوجرانوالہ لے گئے۔ دیوان صاحب کا مقصد یہ تھا کہ گوجرانوالہ کے لوگ مولانا کو جانتے اور قابل احترام گردانتے ہیں۔ اس لئے ضلعی حکام ان سے کسی قسم کی سختی کا برتاؤ نہیں کریں گے۔ لیکن اس کے بعد ہوا یہ کہ گوجرانوالہ کی ضلعی انتظامیہ نے مولانا کو لاہور پہنچا دیا اور کہا کہ یہ کیس فنانشل کمشنر منٹگری کی عدالت میں پیش ہوگا اور وہی اس کی سماعت کریں گے۔

اللہ کی ضمانت پر رہائی

لاہور میں ان کو فنانشل کمشنر منٹگری کی عدالت میں پیش کیا گیا۔ وہ انہیں دیکھ کر نہایت متاثر ہوا اور کرسی پر بٹھایا۔ بیان لینے کے بعد حسب قاعدہ انہیں حوالات میں بھیج دیا گیا۔ لاہور ان کے لئے کوئی اجنبی شہر نہ تھا۔ یہاں کے لوگ بے شمار ان کے حلقۂ عقیدت میں شامل تھے۔ انہیں گرفتاری کا پتہ چلا تو فنانشل کمشنر صاحب کے دفتر کے سامنے آ بیٹھے فنانشل کمشنر کو مختلف ذرائع سے مولانا کی شخصیت کا علم ہوا تو انہیں دوبارہ عدالت میں طلب کیا اور کہا۔

"آپ کا کوئی ضامن ہے تاکہ آپ کو ضمانت پر رہا کر دیا جائے۔"

فرمایا "ہاں۔"

پوچھا "کون؟"

آسمان کی طرف ہاتھ اٹھا کر جواب دیا، "دوسرا ضامن اللہ تعالیٰ ہے"۔ اس پر سل خواں اور دیگر اہل کار جو وہاں موجود تھے، مسکرائے۔ لیکن فنانشل کمشنر کے دل پر اس کا بے حد اثر ہوا، اور کہا:

"اچھا تو ہم آپ کو اسی کی ضمانت پر رہا کرتے ہیں"۔ اس کے بعد انہیں رہا کر دیا گیا[1]۔

دوبارہ نظر بندی اور وعظ کی بندش

۱۸۵۷ء کے بعد کا زمانہ نہایت نازک اور پُر آشوب تھا۔ انگریزی حکومت اس قدر حساس ہو گئی تھی، کہ ذرا سی شکایت اور شبے پر بڑے سے بڑے آدمی کو گرفتار کر کے جیل میں بند کر دیتی تھی۔ علمائے کرام کو بالخصوص نشانۂ ستم بنایا جاتا تھا کہ ملک میں بغاوت پھیلانے کا ذمہ دار یہی گروہ ہے۔ مولانا غلام رسول کے بارے میں بھی بعض لوگوں نے حکومت کے کان بھرنا شروع کر دیے اور کہا گیا کہ یہ شخص وہابی ہے اور انگریزی حکومت کا مخالف ہے۔ اس وقت وہابی اور باغی کے ایک ہی معنی لیے جاتے تھے۔ چنانچہ مولانا کو ان کے گاؤں میں نظر بند کر دیا گیا، کافی عرصہ نظر بند رہے۔ نہ کہیں جانے کی اجازت تھی نہ وعظ و نصیحت کی۔

اس کے بعد حالات معمول پر آئے تو نظر بندی بھی ختم کر دی گئی۔ اور وعظ و نصیحت کی اجازت بھی دے دی گئی۔

حج بیت اللہ اور سند علم حدیث

جیسا کہ پہلے عرض کیا گیا، مولانا عبداللہ غزنوی اور مولانا غلام رسول علم حدیث پڑھنے کے لیے میاں سید نذیر حسین کی خدمت میں دہلی گئے تو ان کے قیام دہلی ہی کے زمانے میں رمضان المبارک ۱۲۷۳ھ (مئی ۱۸۵۷ء) میں انگریزی حکومت کے خلاف بغاوت ہو گئی تھی۔ جس میں ہندوستان کی تمام قوموں نے حصہ لیا تھا۔ مولانا غلام رسول کو حضرت

---

[1] سوانح مولوی غلام رسول، ص ۹۶

میاں صاحب نے جو سند عطا کی اس میں مرقوم ہے کہ انہوں نے ۱۲۷۳ھ میں ان سے کچھ حصہ صحیح بخاری کا اور صحیح مسلم کا مقدمہ پڑھا۔ لکھا ہے کہ مولوی عبداللہ المعروف غلام رسول نہایت ذہین و طباع، بے حد نیک اور بلند اخلاق و عالی کردار شخص ہیں۔ میاں صاحب نے ان کو صحاح ستہ اور تمام کتب حدیث پڑھانے کی اجازت دی اور تلقین فرمائی۔ یہ سند ربیع الثانی ۱۲۷۹ھ کو تحریر فرمائی گئی یعنی سال تعلیم سے چھ سال بعد اس کا اجرا ہوا۔

اس سے تقریباً ۱۰ سال بعد ۱۲۸۸ھ کو مولانا غلام رسول حج بیت اللہ کے لیے روانہ ہوئے۔ اس زمانے میں مدینہ منورہ میں مولانا عبدالغنی مجددی کا سلسلۂ درس جاری تھا، جو ہندوستان سے ہجرت کر کے مدینہ منورہ میں اقامت گزیں ہو گئے تھے۔ حضرت میاں نذیر حسین کی طرح مولانا عبدالغنی مجددی بھی حضرت مولانا شاہ محمد اسحاق دہلوی کے شاگرد تھے اور ہندوستان اور دیار عرب کے بے شمار علما و طلبا نے اس سے استفادہ کیا اور علم حدیث پڑھا تھا۔ مولانا غلام رسول نے بھی مدینہ منورہ جا کر ان سے تفسیر حدیث اور دیگر علوم متداولہ کی سند حاصل کی[1]۔

حج بیت اللہ کو روانگی کے وقت مولانا رسول کی عمر ۵۶ برس کی تھی۔ پانچ افراد اور تھے جو ان کے ہم رکاب تھے۔ اور یہ کل چھ افراد کا قافلہ تھا جو مندرجہ ذیل افراد پر مشتمل تھا۔

(۱) خود مولانا غلام رسول۔

(۲) ان کے بڑے بھائی حکیم غلام محمد

---

[1] میاں سید نذیر حسین دہلوی اور مولانا عبدالغنی مجددی کی یہ دونوں اسناد جو انہوں نے مولانا غلام رسول کو دیں۔ سوانح حیات غلام رسول کے صفحہ ۳۵، ۳۶ اور ۳۷ پر درج ہیں۔

۳۔ بڑی صاحبزادی۔

۴۔ مولانا کے داماد مولوی محمد عثمان

۵۔ ایک طالب علم محمد قاسم

۶۔ چودھری حاکم سکنہ لدھیوالہ وڑائچ ضلع گوجرانوالہ

چودھری حاکم جہاز ہی میں بیمار پڑ گئے تھے۔ دس دن بیمار رہے اور جہاز ہی میں وفات پا گئے۔ ان کے ایام بیماری میں مولانا غلام رسول نے ان کی بہت خدمت کی۔ وفات کے وقت انہوں نے اپنا تمام سامان مولانا کے سپرد کر دیا تھا اور اختیار دے دیا تھا کہ جسے چاہیں اللہ کی راہ میں دے دیں۔ لیکن مولانا ان کا سامان واپس لائے اور اُن کے گھر والوں کے حوالے کر دیا۔

اپنے وطن سے چل کر مولانا اور ان کے ساتھی پہلے مکہ معظمہ گئے اور سعادت حج حاصل کی، بعد کو عازم مدینہ منورہ ہوئے۔ وعظ و نصیحت کا سلسلہ جہاز میں بھی جاری رہا اور حرمین شریفین میں بھی۔ بلکہ حرمین شریفین میں اس میں اور تیزی آگئی تھی۔

سلسلۂ تدریس اور چند شاگرد

مولانا غلام رسول تفسیر حدیث، فقہ اور منطق و فلسفہ وغیرہ تمام علوم مروجہ میں کامل دست گاہ رکھتے تھے۔ اور قلعہ میہاں سنگھ میں ان کا باقاعدہ سلسلۂ تدریس جاری تھا۔ بیس سے لے کر تیس ایسے طالب علم ہمیشہ ان کے درس میں موجود رہتے جن کا تعلق گاؤں سے باہر کے علاقوں اور دُور کے قصبات و دیہات سے تھا۔ ان طلباء کی کفالت خود مولانا ہی کرتے اور ان کے خورد و نوش کے تمام انتظامات انہی کے ذمے تھے مقامی لوگ اور قرب و جوار کے بھی بہت سے حضرات ان سے تعلیم حاصل کرتے تھے۔

ان کے شاگردوں نے اپنے علاقوں میں بہت کام کیا۔ ہمیشہ خدمت علم میں مصروف رہے اور اپنے دور کی اہم شخصیتوں میں ان کا شمار ہوا۔ مولانا کے سوانح نگار نے ان کے متعدد تلامذہ اور فیض یافتگان میں سے مختلف علاقوں کے بائیس افراد کی ایک فہرست درج کی ہے۔ یہ وہ حضرات ہیں جن کے نام انہیں یاد رہ گئے اور جو علم و عمل میں خاص شہرت کے حامل ہیں۔

(۱) مولانا علاؤالدین گوجرانوالہ (۲) مولوی محمد عظیم اللہ موضع بربن ضلع
میرپور (۳) مولوی محمد عثمان سکنہ فتح گڑھ چوڑیاں ضلع گورداسپور (۴) مولوی محمد
موضع بکن ضلع گوجرانوالہ (۵) مولوی قطب الدین ضلع فیروزپور (۶) مولوی محمد علی
میرواعظ سکنہ بوٹیڑ، ضلع گوجرانوالہ (۷) مولوی محمد شاہ واعظ سکنہ ڈھینڈو
ضلع ہزارہ (۸) مولوی بدرالدین سیالکوٹ (۹) مولوی بدرالدین ساکن گکھڑ ضلع
گوجرانوالہ (۱۰) مولوی احمد علی کوٹ بھوانی داس ضلع گوجرانوالہ (۱۱) مولوی شمس الدین
جموں کشمیر (۱۲) حافظ کرم الدین جموں و کشمیر (۱۳) حافظ ولی اللہ لاہور
(۱۴) مولوی عبدالعزیز ناظم انجمن اہل حدیث لاہور و بانی انجمن حمایت اسلام
لاہور (۱۵) حافظ گوہر دین سکنہ ٹھکر ضلع گوجرانوالہ (۱۶) حافظ غلام محمد
سدھا کبرہ ضلع شاہ پور (۱۷) مولوی برہان الدین جہلم (۱۸) مولوی محمد نعمان جہلم
(۱۹) مولوی نور احمد سکنہ کمائی ضلع جہلم (۲۰) مولوی نور احمد چنیوٹ (۲۱) مولوی
غلام حسین سکنہ ساہو والا چیمہ ضلع سیالکوٹ (۲۲) مولوی عمرالدین گوجرہ ضلع لائل پور

ان کے علاوہ اور بھی بہت سے بزرگ تھے، جو مولانا غلام رسول سے مستفید ہوئے اور جنہوں نے اپنے عہد اور علاقے میں دینی و علمی خدمات انجام دیں اور علم و کردار کی وہ روشنی پھیلائی جو عالی قدر اساتذہ کے فیض صحبت سے انہیں حاصل ہوئی تھی۔



نقطۂ نظر کی اصابت

اختلافی اور نزاعی مسائل کے اظہار و تبیین میں مولانا کا نقطۂ نظر انتہائی اصابت فکر کا عکاس اور ذہنی سلجھاؤ کا غماز تھا۔ بعض لوگ دوران درس یا اثنائے وعظ میں ان سے اس انداز سے اختلافی مسائل پوچھتے کہ جس سے ان کا مقصد دو فرقوں میں باہم تصادم پیدا کرنا اور ایک دوسرے سے الجھانا ہوتا تھا لیکن اللہ تعالیٰ نے ان کو ایسی قابلیت اور صحت دماغی سے نوازا تھا کہ سائل کو ایسا جواب دیتے جس سے وہ قطعًا خاموش ہو جاتا اور اپنے مقصد فساد و شر میں کامیاب نہ ہو پاتا۔ ایک مرتبہ وعظ کہہ رہے تھے کہ ایک شخص نے ان سے دریافت کیا کہ مقلد اور غیر مقلد کے بارے میں کیا فرماتے ہیں کہ دونوں میں حق پر کون ہے؟

مولانا نے ان کا نہایت عمدہ جواب دیا۔ فرمایا یہ کوئی مشکل مسئلہ نہیں ہے اس کی مثال ایک ایسے تالاب کی ہے جس سے پانی کی چار نالیاں نکلتی ہیں۔ جو شخص جس نالی سے بھی پانی پئے گا، وہ تالاب ہی کا پانی ہوگا۔ اور جو شخص براہ راست تالاب سے پئے گا وہ بھی وہی پانی ہوگا۔ یہی حال مقلد اور غیر مقلد کا ہے۔ کسی نے بعض مسائل میں براہ راست حدیث رسول (صلی اللہ علیہ وسلم) پر عمل کر لیا اور کسی نے ائمہ اربعہ میں سے کسی ایک امام کی وساطت سے عمل کر لیا۔ دونوں میں کوئی فرق نہیں ہے۔ البتہ دل کی تہہ میں یہ حقیقت راسخ رہنی چاہیے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے قول و فعل کے مقابلے میں کسی کو کوئی اہمیت حاصل نہیں ہے۔ ائمہ مجتہدین کا بھی یہ فرمان ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے ارشاد و عمل سے ان کا قول یا فعل متصادم ہو تو اس کو بالکل نہ مانا جائے۔

مولانا نے فرمایا، فقہی مسائل بیان کرتے وقت لوگوں میں تفریق پیدا کرنی اور ناحق کسی کی تکفیر کرنی بہت بڑی معصیت ہے آپ نے فرمایا کہ حضرت موسیٰ اور حضرت ہارون کا واقعہ اس بات کا شاہد ہے کہ جب حضرت موسیٰ تورات لینے کے لیے اللہ کے حکم سے کوہ طور پر گئے۔ تو بعد میں بنی اسرائیل نے سامری کی شرارت میں آکر بچھڑے کی پوجا شروع کر دی حضرت موسیٰ واپس آئے تو صورت حال دیکھ کر بھائی پر خفگی کا اظہار کیا حضرت ہارون نے جواب دیا کہ میں نے اس لیے خاموشی اختیار کی کہ

اِنِّیْ خَشِیْتُ اَنْ تَقُوْلَ فَرَّقْتَ بَیْنَ بَنِیْٓ اِسْرَآءِیْلَ (طٰہٰ: ۹۴)

مجھے اندیشہ ہوا کہ تم یہ کہنے لگو کہ تم نے بنی اسرائیل کے درمیان تفریق ڈال دی۔

یعنی پیغمبر بھی معصیت تفرقہ کے ارتکاب سے ڈرتے ہیں۔

مولانا وعظ میں متین انداز اختیار کر کے کسی کی دل شکنی نہیں کرتے تھے مثبت انداز میں وعظ فرماتے۔ نہ خواہ مخواہ کسی کی تکفیر فرماتے اور نہ ایسی بات زبان سے نکالتے جو مسلمانوں کے درمیان تفریق کا باعث بنتی ہو۔ وہ صاف ستھرے انداز میں مسائل بیان کرتے یہی وجہ تھی کہ ہزاروں لوگ ان کی تقریر سننے کے لیے آتے اور گناہوں سے تائب ہوتے۔ غیر مذہب کے لوگ بھی کثیر تعداد میں ان کی باتوں سے متاثر ہوتے اور کفر کو ترک کر کے اسلام قبول کرتے۔

مکتوبات

مولانا غلام رسول کے مکتوبات نہایت اہمیت کے حامل ہیں اس زمانے کے دستور اور رواج کے مطابق یہ تمام مکتوبات فارسی زبان میں ہیں۔ مولانا فارسی کے بہت اچھے شاعر تھے۔ چنانچہ بعض مکتوب فارسی نظم میں ہیں۔ بعض مکتوب مولانا عبداللہ غزنوی کے نام ہیں۔ بعض اپنے شاگردوں مثلاً علاء الدین گوجرانوالہ

اور حکیم نبی بخش وغیرہ کے نام ہیں۔ بعض اپنے عزیزوں اور دوستوں کے نام لکھے گئے ہیں اور بعض ارادت مند حضرات کے نام مرقوم ہیں۔ ایک خط ایک ہندو کو لکھا گیا ہے جس کا نام رام دتہ ٹانڈو تھا۔ اور حافظ آباد (ضلع گوجرانوالہ) کا رہنے والا تھا۔ یہ خط بھی فارسی میں ہے۔ اور اس کے ایک مذہبی استفسار کے جواب میں ہے۔ یہ ایک تفصیلی خط ہے۔ اس خط سے پتہ چلتا ہے کہ مولانا ہندوؤں کی مذہبی کتابوں اور اُن کے افکار و تصورات سے بھی باخبر تھے۔

یہ مکتوبات مختلف مسائل اور نصائح پر مشتمل ہیں۔ بعض میں فقہی مسائل بیان کئے گئے ہیں۔ بعض میں تصوف و سلوک کے نکات حل کئے گئے ہیں اور بعض میں اختلافی معاملات کی وضاحت فرمائی گئی ہے۔

قبولیت دُعا اور تقرب الٰہی

مولانا غلام رسُول بیشمار خصوصیات کے حامل اور بہت بڑے عالم و فقیہ تھے اس کے ساتھ ہی وہ بلاشبہ اللہ کے مقرب اور ولی تھے۔ ان کی زبان میں بے پناہ اثر تھا اور اللہ ان کی دُعا کو شرف قبولیت بخشتا تھا۔ اس سلسلے میں ان سطور کے راقم نے بہت سی باتیں متعدد ثقہ لوگوں سے سُنی ہیں اور ان کے سوانح نگار مولوی عبدالقادر نے بھی (جو اُن کے بڑے صاحبزادے تھے) بہتر واقعات درج کئے ہیں جو نہایت عجیب و غریب ہیں۔ قبولیت دُعا اور تقرب الٰہی سے متعلق چند واقعات ذیل میں درج کئے جاتے ہیں۔

۱۔ موضع ستراہ سندھواں ضلع سیالکوٹ کے ایک شخص کا نام "عمرا" تھا جو گھما امراوری سے تعلق رکھتا تھا اور کثیر العیال تھا۔ لیکن آمدنی بہت کم تھی جس کی وجہ سے وہ زیادہ تر تنگ دستی اور غربت کا شکار رہتا تھا۔ اتفاق سے ایک مرتبہ وہاں مولانا غلام رسول تشریف لے گئے۔ عمرا ان کی خدمت میں

حاضر ہوا اور تنگی معاش کا ذکر کیا آپ نے فرمایا۔ یَا حَیُّ یَا قَیُّومُ بِرَحْمَتِكَ أَسْتَغِيثُ کثرت سے بلا تعداد پڑھا کرو۔ وضو ہو یا نہ ہو اس کی کوئی شرط نہیں لیکن اس کے معنوں کو ذہن میں رکھنا ضروری ہے (یعنی اے اللہ! جو ہمیشہ زندہ قائم رہنے والا ہے، میں تیری رحمت سے تجھ سے فریاد کرتا ہوں) اگر ایسا کرو گے تو اللہ فضل کرے گا۔

اس نے اس پر عمل کیا اور تھوڑے ہی عرصے میں مالدار ہو گیا۔ موضع ستراہ میں اچھی خاصی زمین بھی خرید لی لے

۲۔ سلیمان ایک بنگالی طالب علم تھا۔ جو تمام عمر مولانا کی خدمت میں رہا ان کی وفات کے بعد بیت اللہ شریف چلا گیا تھا۔ اس کا بیان ہے۔ کہ مولانا کے بڑے بھائی حکیم غلام محمد ایک شخص شیخ غلام حسین بھیروی کے دو ہزار روپے

لے اس دعا کے بارے میں راقم الحروف بھی اپنا ایک ذاتی واقعہ اور تجربہ بیان کرنا چاہتا ہے۔ میں ہفت روزہ الاعتصام کا ایڈیٹر تھا جنوری ۱۹۵۸ء میں مَیں نے اپنا ایک سہ روزہ اخبار "منہاج" جاری کیا۔ اکتوبر ۱۹۵۸ء میں ملک میں ایوب خان نے مارشل لاء جاری کر دیا اور نیوز پرنٹ کنٹرول میں آگیا "منہاج" چونکہ نیا نیا جاری ہوا تھا اس لئے اُسے کنٹرول ریٹ میں اخباری کاغذ نہیں مل سکتا تھا۔ اخباری کاغذ بلیک سے اخباروں کو ملتا تھا۔ میں نے یہ اخبار تنگ آکر اپریل ۱۹۵۹ء میں بند کر دیا۔ حساب کیا تو تین ہزار روپے کا مقروض تھا "الاعتصام" سے مجھے اس زمانے میں دو سو روپے ماہانہ تنخواہ ملتی تھی اور یہ قرض جو اس زمانے میں بڑی رقم تھی، ادا کرنا نہایت مشکل تھا۔ میں نے مولانا محمد علی لکھوی مرحوم جو مدینہ منورہ میں مقیم تھے، خط لکھا اور دعا کے لیے درخواست کی۔ انہوں نے فوراً جواب دیا اور یہی وظیفہ اسی طرح بتایا جیسے کہ اوپر مذکور ہے میں نے شروع کیا اور چند ماہ میں اللہ تعالیٰ نے ایسے حالات پیدا کر دیئے کہ میں قرض سے سبکدوش ہو گیا اور تمام مالی تکلیفیں ختم ہو گئیں۔



کے مقروض تھے۔ وہ قرض جلدی ادا نہ کر سکے تو شیخ غلام حسین نے دعویٰ کر کے ڈگری حاصل کر لی۔ اور حکیم غلام محمد کو عدالت نے جیل بھجوا دیا۔ مولانا غلام رسول اس وقت گاؤں میں موجود نہ تھے۔ اسی روز عصر کے قریب تشریف لائے اور سنت نبویؐ کے مطابق پہلے مسجد میں آئے۔ حکیم صاحب کے بارے میں پوچھا کہ کہاں ہیں۔ سلیمان بنگالے نے تمام واقعہ بیان کیا۔ مولانا کو اس سے نہایت ذہنی کوفت ہوئی۔ نماز عصر سے فارغ ہوئے تو سلیمان سے کہا وہ پانی کا ایک لوٹا بھر لاؤ اور میرے ساتھ آؤ۔ گاؤں سے کچھ دُور جا کر اپنے گرد ایک حصار کھینچا۔ اسی میں وضو کیا قبلہ رو ہو کر بیٹھ گئے اور کچھ پڑھنے لگے۔ سلیمان بھی قریب ہی بیٹھا تھا۔ اس نے دیکھا کہ مغرب کی طرف سے سفید لباس میں ملبوس ایک شخص آیا اور اس نے مولانا کو ایک ہزار روپیہ دیا۔ آپ نے فرمایا "مجھے دو ہزار کی ضرورت ہے"۔ اس نے کہا "ہزار روپیہ دینے والے نے کہا ہے کہ باقی روپے (قرض خواہ) چھوڑ دے گا"۔ آپ اسی وقت وہاں سے اٹھے اور شیخ غلام حسین کو تلاش کر کے ہزار روپیہ دیا اور فرمایا: "باقی روپے میں جلد ہی ادا کر دوں گا"۔ شیخ غلام حسین نے ایک ہزار روپیہ وصول کیا۔ اور باقی ہزار چھوڑ دیا۔ مولانا گئے اور حکیم صاحب کو جیل سے رہا کرا کے گھر لے آئے۔

۳:۔ علاقہ شاہ پور کے موضع سدرہ میں ایک بزرگ حافظ غلام محمد سکونت پذیر تھے۔ وہ بیان کرتے ہیں کہ ان کے گاؤں سدرہ کے قریب ایک گاؤں "کوٹلی" ہے۔ کوٹلی کا ایک زمیندار لاولد تھا۔ اور اپنی بیوی اور انہی حافظ غلام محمد کے ساتھ مولانا غلام رسول کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کیا کہ "اللہ سے دُعا کریں وہ مجھے اولاد عطا فرمائے"۔ "اللہ تعالیٰ تمہیں لڑکی عطا کرے گا"۔ چنانچہ دُعا قبول ہوئی اور اللہ تعالیٰ نے لڑکی عطا فرمائی۔

۴:۔ مولانا غلام رسول کے سوانح نگار مولوی عبدالقادر لکھتے ہیں کہ قلعہ میہاں سنگھ میں ایک حافظ قرآن لڑکوں کو قرآن مجید پڑھاتے تھے۔ ان کے چہرے پر چنبل ہو گیا۔ بہت علاج کرایا۔ لیکن صحت یاب نہ ہوئے۔ ایک دن انہوں نے مولانا سے عرض کیا تو آپ نے دیکھ کر دریافت کیا "کوئی علاج نہیں کرایا؟" کہا "بہت علاج کرائے۔ سال بھر سے علاج کرا رہا ہوں۔ مگر بجائے فائدے کے مرض بڑھ گیا ہے اور روز بروز بڑھ رہا ہے۔ اب خدائی علاج چاہتا ہوں"۔ آپ نے اسی وقت دم کیا اور فرمایا "متواتر تین دن دم کراؤ"۔ حافظ صاحب نے مولانا کے فرمان کے مطابق تین دم کرایا اور بالکل صحت یاب ہو گئے۔

۵:۔ قلعہ میہاں سنگھ کے حاجی کرم الٰہی کا بیان ہے کہ ان کی شادی کے موقع پر ان کی والدہ کا زیور گم ہو گیا۔ جہاں رکھا تھا۔ بار بار وہاں دیکھا اور بکسوں میں بھی دیکھا مگر نہ ملا۔ حاجی صاحب ممدوح کی والدہ مولانا کی خدمت میں حاضر ہوئیں اور زیور کی گم شدگی کا ذکر کیا۔ آپ نے فرمایا "جہاں رکھا تھا وہیں پڑا ہے"۔ چنانچہ جا کر دیکھا تو وہیں پڑا تھا۔

۶۔ ضلع سیالکوٹ کے ستراہ سندھیوں کے چودھری محمود خان بیان کرتے ہیں کہ ابتدا میں اس کی مالی حالت بہت خراب تھی۔ مولانا ایک مرتبہ وہاں تشریف لے گئے تو اس نے مولانا کے ہاتھ پر بیعت کی اور اپنی مالی کمزوری کا ذکر کیا فرمایا "اللہ الصمد ہر روز بلا تعداد پڑھا کرو اور نماز تہجد بھی باقاعدہ پڑھا کرو"۔ چودھری محمود خان کا بیان ہے کہ اس نے اس پر عمل کیا اور چند ہی روز میں مالدار ہو گیا۔ یہ معلوم ہی نہیں ہو سکا کہ اتنی دولت کہاں سے آئی۔ مولانا نے تہجد پڑھنے کا حکم دیا تھا نماز تہجد بھی بالالتزام پڑھنے لگا۔ چودھری محمود خان کا کہنا ہے

کہ اگر کسی دن عمداً سو بھی جاؤں تو ایسے معلوم ہوتا ہے کہ مولانا تہجد کے لئے مجھے خود جگا رہے ہیں۔

۷. قلعہ میہاں سنگھ کا ایک درزی امام الدین کہتا ہے کہ وہ بالکل کند ذہن اور اَن پڑھ تھا۔ اس کا بڑا بھائی عبداللہ ایک دن اُسے مولانا کے پاس لے گیا اور اس کا حال بیان کیا۔ آپ نے فرمایا " لوٹے میں تھوڑا سا پانی لاؤ۔ پانی لایا گیا تو آپ نے اس پر دم کیا اور فرمایا " لو امام الدین اس کو پی جاؤ، تم تھوڑا بہت حساب کتاب سیکھ جاؤ گے " امام الدین کہتا ہے کہ اللہ کے فضل اور مولانا کی دعا سے اسی دن سے مجھ میں اتنی صلاحیت پیدا ہو گئی ہے کہ حساب کتاب بھی کر لیتا ہوں اور معمولی خط و کتابت بھی کر سکتا ہوں۔

۸. ایک شخص ملا کریم داد جو ملتان میں دوکاندار تھا۔ کہتا ہے کہ میرا والد مولانا کی خدمت میں گیا اور عرض کیا کہ ہم مختلف مقامات پر مال تجارت لیتے جاتے ہیں تو راستے میں چوری وغیرہ ہو جاتی ہے کوئی وظیفہ بتا دیجئے تاکہ ہمارا مال محفوظ رہے۔ فرمایا " تم جہاں رات کو ٹھہرو۔ اپنے مال کے گرد ایک سو مرتبہ " یا محیط " پڑھ لیا کرو " وہ کہتا ہے کہ ہم یہ عمل کرتے رہے اور ہمیشہ سلامتی کے ساتھ مال لے کر گھر پہنچتے رہے۔ ہمارا کبھی کوئی نقصان نہیں ہوا۔ جب کہ ہمارے ساتھیوں کا کئی دفعہ نقصان ہوا۔

۹. موضع کوٹلی منگو بھڑاں (ضلع گوجرانوالہ) کے ایک زمیندار "بلند" کا بیان ہے کہ اس کا بھائی علی گوہر ایک مدت تک بخار میں مبتلا رہا۔ اطبا نے تشخیص کی کہ اسے دق اور سل کی بیماری ہو گئی ہے۔ طبی علاج سے ناامید ہو کر وارث اس کو مولانا کے پاس لے گئے اور عرض کیا کہ طبیب اس کو مدقوق اور مسلول قرار دیتے ہیں، فرمایا " طبیبوں نے تشخیص میں غلطی کی ہے اسے معمولی سا بخار ہے " اس کے بعد پانی دم کر کے اسے پلایا اور اسی روز بخار اُتر گیا اور مریض اچھا بھلا ہو گیا۔

۱۰. بعض ہندو یا سکھ اپنے بچوں کو سودا وغیرہ لینے کے لئے اگر کسی ایسی دکان پر بھیجتے جو مولانا کی مسجد کی طرف ہوتی تو انہیں تاکید کرتے کہ مسجد کے قریب سے واہگرو واہگرو یا رام رام کرتے جانا اور جلدی سے نکل جانا۔ ایک دن ایک ہندو لڑکی والدین کی ہدایت کے مطابق بھاگتی ہوئی جا رہی تھی اور رام رام کا لفظ اس کی زبان پر تھا۔ مولانا کے پاس سے گزری تو فرمایا یا اللہ یا اللہ کہو۔ یہ کیسا پیارا لفظ ہے۔ چنانچہ " یا اللہ یا اللہ " کے لفظ اس کی زبان سے جاری ہو گئے اور یہی الفاظ ادا کرتی ہوئی گھر پہنچی۔ والدین بے حد پریشان ہوئے اور اُسے بار بار کہا کہ " رام رام " کہو مگر لڑکی مسلسل " یا اللہ یا اللہ " کہتی جا رہی تھی اور ساتھ ہی گھر والوں سے کہتی تھی کہ تم بھی " یا اللہ یا اللہ " کہو، یہ بڑا پیارا لفظ ہے۔ نتیجہ یہ ہوا کہ گھر کے تمام لوگ مسلمان ہو گئے اور سب کی زبان سے " یا اللہ یا اللہ " کے الفاظ ادا ہونے لگے۔

۱۱. گجرات کا ایک موچی لاہور میں اپنا کوئی کام کاج کرتا تھا۔ اتفاقاً مولانا لاہور تشریف لائے اور وعظ فرمایا۔ وعظ میں آپ نے حضرت زکریا علیہ السلام کے ہاں حضرت یحییٰ کی پیدائش کا قصہ بیان کیا۔ اس وقت گجرات کا موچی بھی موجود تھا۔ وہ دوران وعظ ہی میں اُٹھ کھڑا ہوا اور کہا " حضرت! اب بھی ایسا ہو سکتا ہے؟ " فرمایا " ہاں اب بھی اللہ تعالیٰ ایسا کرنے پر قادر ہے " موچی نے کہا " تو میرا حال بعینہٖ حضرت زکریا علیہ السلام کا سا ہے۔ میری بیوی بانجھ ہے اور میں بوڑھا ہوں۔ آپ میرے لئے دعا فرمائیں شاید آپ کی دعا برکت سے میرے گھر [illegible] پیدا ہو جائے " آپ نے دعا فرمائی



اور لوگوں نے آمین آمین کہا۔ اللہ تعالیٰ نے اپنے فضل سے اس کو لڑکا عطا فرمایا اس نے مولانا کو اطلاع دی تو آپ نے اس کا نام "اللہ دتا" رکھا۔ وہ لڑکا حافظ قرآن ہوا۔

۱۲۔ ایک دن مولانا لاہور میں کہیں وعظ فرما رہے تھے۔ دو گورے عیسائی سکھ اور چند ہندو بھی موجود تھے۔ وعظ میں سورہ مریم کی چند آیات تلاوت کیں اور ہرقل کے دربار میں قریش مکہ کی سفارت کا ذکر کیا۔ حضرت جعفر طیار سے ہرقل نے جس انداز سے بات کی اور کلمۂ شہادت سنا۔ وہ بتایا تو ساتھ ہی اس طرح زوردار اور پرکشش آواز میں کلمۂ شہادت پڑھا کہ سننے والوں میں ایک تہلکہ بپا ہوگیا اور ہندو، مسلمان، گورے عیسائی شدت سے تڑپنے لگے۔ اس وعظ میں جتنے بھی غیر مسلم موجود تھے۔ سب مسلمان ہوگئے۔

۱۳۔ لاہور ہی کا واقعہ ہے کہ آپ فجر کی نماز سے فارغ ہو کر وضو کرنے کی جگہ پر بیٹھے ہوئے تھے، کہ ایک سکھ عورت "واہگرو واہگرو" کہتی ہوئی وہاں سے گزری۔ آپ نے فرمایا "وحدہ وحدہ" کہو اس عورت کی زبان پر "وحدہ وحدہ" جاری ہوگیا۔ گھر والوں نے اُسے بہت سمجھایا اور مارپیٹ بھی کی۔ مگر وہ باز نہ آئی اور مسلمان ہوگئی۔

۱۴۔ ایک مرتبہ مولانا ضلع گجرات میں سفر کر رہے تھے، کہ ایک سکھ نے آپ سے پوچھا "موضع ڈنگہ کا راستہ کون سا ہے"؟ فرمایا "بھائی مجھے ڈنگہ کا راستہ تو یاد نہیں، البتہ سیدھوں کا یاد ہے" اس نے کہا "سیدھوں تک کا بتا دو" فرمایا سیدھوں کا راستہ "لا الہ الا اللہ" ہے اودھر مولانا کی زبان سے نکلا ادھر سکھ کی زبان پر یہی کلمہ جاری ہوگیا اور اس نے اسلام قبول کر لیا۔

۱۵۔ موضع دلاور چیمہ (ضلع گوجرانوالہ) کے ایک بڑے زمیندار اور دولتمند

سکھ کا نوجوان بیٹا مولانا کا وعظ سن کر مسلمان ہوگیا اور اس کا نام عبداللہ رکھا گیا۔ اس سکھ نے دلاور چیمہ اور علی پور میں اعلان کرا دیا کہ کوئی پنڈت یا گرنتھی قلعہ میاں سنگھ والے مولوی صاحب سے بحث کر کے ان کو شکست دے دے اور میرے بیٹے کو دوبارہ سکھ مذہب قبول کرنے پر آمادہ کرلے تو میں اس کو کئی ایکڑ زمین اور پانچ سو روپے نقد انعام دوں گا۔ علی پور کے ایک پنڈت نے یہ اعلان سنا تو ابیلج میں آکر مولانا سے بحث کے لئے تیار ہوگیا۔ سکھ زمیندار نے پانچ سو روپے نقد جمع کرا دیے۔ اس کے نام دستاویز لکھ دی اور پنڈت کو ساتھ لے کر قلعہ میاں سنگھ کی طرف روانہ ہوگیا۔ بہت سے اور لوگ بھی جن میں غیر مسلم بھی تھے اور مسلمان بھی بحث سننے اور نتیجہ معلوم کرنے کی غرض سے ان کے ساتھ چل پڑے — یہ لوگ قلعہ میاں سنگھ پہنچے تو مولانا غلام رسول اپنے بالاخانے پر تشریف فرما تھے اور ایک طالب علم کو شیخ سعدی کی مشہور کتاب بوستان کا وہ سبق پڑھا رہے تھے، جس میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی تعریف بیان کی گئی ہے۔ پنڈت نے آتے ہی مولانا سے ایک سوال کیا۔ آپ کی تشریف آوری سے بہت خوشی ہوئی۔ طالب علم کے سبق سے فارغ ہو جاؤں تو آپ سے بات ہوگی۔ جو جی چاہے سوال کریں۔ میں ان شاء اللہ نہایت خوشی سے جواب دوں گا۔ یہ الفاظ کہہ کر اس شعر کی طرف متوجہ ہوئے

درین بحر جز مرد داعی نرفت
گم آں شد کہ دنبال داعی نرفت

کہتے ہیں یہ شعر پڑھتے ہی مولانا کا اسلوب بیان بدل گیا اور مجلس کا انداز کچھ اور ہی رنگ اختیار کر گیا۔ تقریر میں اللہ نے ایسی تاثیر بھر دی کہ سامعین یوں محسوس کر رہے تھے کہ در و دیوار سے کلمۂ شہادت کی



آ رہی ہیں۔ پنڈت جی اور اُن کے ساتھی بے جان تصویر بنے ہوئے مولانا کا مُنہ تک رہے تھے اور سب کی زبانیں گنگ ہو گئی تھیں۔ ناگہاں پنڈت نے شور مچانا شروع کر دیا۔ "مجھے لے چلو، مجھے لے چلو"، کچھ لوگوں نے پنڈت کو دونوں بازوؤں سے پکڑ کر کھڑا کیا اور بڑی مشکل سے بالا خانے سے نیچے اتارا۔ پنڈت پر مدہوشی سی طاری تھی۔ جب وہ کچھ ہوش میں آیا تو اس سکھ زمیندار نے جو اسے لے کر گیا تھا، اور اس کے ساتھیوں نے اس سے دریافت کیا۔ تم بڑی شان اور دعوے سے وہاں گئے تھے۔ لیکن جاتے ہی خاموش ہو گئے، اور کوئی بات کیے بغیر لوٹ آئے، اس کی کیا وجہ ہے؟ پنڈت نے جواب دیا۔ میں اسلام کے خلاف اکیس اعتراض سوچ کر گیا تھا جو میرے نزدیک بڑے مضبوط تھے، لیکن مولوی صاحب کے سامنے جاتے ہی تمام باتیں ذہن سے نکل گئیں۔ ان کی تقریر میں کچھ ایسا جادو بھرا ہوا تھا کہ خود میرے دل میں ایک کہرام سا بپا ہو گیا۔ ان کے مذہب کی سچائی میرے دل میں پیوست ہونے لگی اور یوں محسوس ہونے لگا کہ میرا مذہب صحیح نہیں ہے مولوی صاحب کی طرف سے ایک روشنی سی میری طرف بڑھ رہی تھی اور میرے مذہب کے آثار مٹنا شروع ہو گئے تھے۔ اگر چند منٹ مزید ان کے سامنے بیٹھا رہتا تو میں کلمۂ شہادت پڑھ کر مسلمان ہو جاتا۔

اس کے بعد بہت سے لوگوں نے پنڈت جی کو مولانا کی خدمت میں لے جانے اور ان سے بحث و مناظرہ پر آمادہ کرنے کی کوشش کی لیکن وہ نہیں مانے اور صاف لفظوں میں کہا کہ میں ہرگز مولوی غلام رسول سے بحث و مناظرہ نہیں کروں گا۔

۲۶۰۔ یہی عبداللہ نومسلم، جن کے سکھ والد کے کہنے پر پنڈت مذکور مولانا سے

بحث کرنے گئے تھے۔ بیان کرتے ہیں کہ مولانا کے ہاتھ پر اسلام قبول کرنے کے بعد انہوں نے ایک مسلمان خاندان میں شادی کر لی تھی۔ قبول اسلام سے پہلے بھی وہ شادی شدہ تھے۔ ایک دن وہ مولانا کی خدمت میں حاضر ہوئے۔ آپ نے پوچھا "کہو میاں عبداللہ مع اہل و عیال کے خوش ہو؟" عرض کیا "حضرت! میری پہلی بیوی بہت سلیقہ شعار اور تابعدار تھی۔ مجھے وہ بہت یاد آتی ہے آپ دعا فرمائیں وہ بھی اسلام قبول کرے اور میرے پاس آ جائے، اگر ایسا ہو جائے تو بہت ہی اچھا ہے ورنہ دن تو گزر ہی رہے ہیں۔

فرمایا "میاں عبداللہ! جس ذات اقدس نے تم کو ہدایت دی ہے وہ اس کو بھی ہدایت دینے پر قادر ہے۔ گھبراؤ نہیں۔ ان شاء اللہ جلد ہی تمہاری مراد پوری ہو گی اب تم گھر جاؤ۔

عبداللہ بیان کرتے ہیں کہ وہ مولانا کے حسب فرمان گھر چلے آئے ابھی ایک ہی دن گزرا تھا کہ ان کی پہلی بیوی نے ایک شخص کے ہاتھ ان کو خط لکھ کر بھیجا کہ فلاں دن اور فلاں وقت آکر اُسے لے جاؤ۔ وہ گئے اور اُسے ساتھ لے کر مولانا کی خدمت میں قلعہ میاں سنگھ حاضر ہوئے اور وہ مسلمان ہو گئی۔

۲۶۱۔ موضع ستروسدھواں (ضلع سیالکوٹ) کے چودھری محمود خان کہتے ہیں کہ ان کے گاؤں کے برہمن نے ان سے کہا کہ سنا ہے جو غیر مسلم مولوی صاحب کا درشن کرنے آتا ہے وہ مسلمان ہو جاتا ہے۔ انہوں نے جواب دیا "بات تو ایسی ہی ہے"۔ برہمن نے کہا۔ "کسی دن ہم کو بھی ان کا درشن کرانا"۔ چند روز بعد مولانا تشریف لے آئے اور چودھری محمود خان نے ان سے برہمن کی بات بیان کی۔ فرمایا "اگر کوئی وقت آیا تو میں کہوں گا، تم انہیں بلا لانا"۔ جمعے کا دن تھا، مولانا وعظ فرما رہے تھے کہ محمود خان کو حکم دیا "برہمن کو بلا لاؤ کوئی اور غیر مسلم

آنا چاہیے تو بھی آجائے۔ حسب ارشاد محمود خان گئے۔ برہمن سے کہا اور اس کو بلانے کی بہت کوشش کی مگر وہ نہیں آیا۔ دو اور غیر مسلم ان کے ساتھ آگئے۔ جوں ہی وہ مولانا کے سامنے آئے۔ حالانکہ انہوں نے وعظ کا کوئی لفظ نہیں سنا تھا، ان کو دور سے دیکھتے ہی کلمۂ شہادت پڑھنا شروع کر دیا۔

محمود خان کہتے ہیں کہ ایندھن کاٹنے کے لئے وہ ایک کلہاڑی برہمنوں سے مانگ کر لائے تھے۔ انہوں نے وہ کلہاڑی واپس کرنے کی بہت کوشش کی لیکن برہمنوں نے نہیں لی اور کہا کہ اس کلہاڑی سے جو لکڑیاں کاٹ کر کھیت سے لائی گئی ہیں۔ ان سے مولوی صاحب کے لئے کھانا پکایا گیا ہے۔ ممکن ہے اس کو دیکھ کر اور ہاتھ لگا کر ہی ہم مسلمان ہو جائیں۔

۱۸:: گوجرانوالہ کے دو میاں بیوی اپنی چودہ سالہ لڑکی کو لے کر مولانا کی خدمت میں حاضر ہوئے اور عرض کیا کہ ان کی لڑکی کے سر پہ کوئی بال نہیں ہے اور یہ بالکل گنجی ہے اس کی شادی ہونے والی ہے۔ آپ دعا فرمائیں کہ اس کے سر پہ بال اُگ آئیں۔

مولانا نے لڑکی سے فرمایا "بیٹی نماز پڑھا کرو، ان شاء اللہ جلد ہی اچھی ہو جاؤ گی" لڑکی نے نماز پڑھنا شروع کر دی۔ اور تھوڑے ہی عرصے میں سر پہ بال اُگ آئے اور گنجاپن ختم ہو گیا۔ دو سال بعد وہ لڑکی اپنے چھوٹے سے بچے کے ساتھ مولانا کی خدمت میں نذرانہ لے کر حاضر ہوئی۔ اس کی ماں بھی ساتھ تھی۔ مولانا نے ان سے پوچھا "تم کون ہو اور کہاں سے آئی ہو؟" لڑکی کی والدہ نے تمام واقعہ بیان کیا۔ آپ نے پوچھا "نماز پڑھتی ہو یا نہیں؟" لڑکی نے جواب دیا۔ "پہلے تو نماز پڑھا کرتی تھی مگر اب چند روز سے چھوٹ گئی ہے" یہ سنتے ہی آپ نے نذرانہ واپس کر دیا اور فرمایا "تمہارے جیسے لوگوں سے جو خدا سے وعدہ کر کے توڑ دیتے ہیں۔ مجھے کوئی سروکار نہیں" ہر چند اس نے کہا لیکن آپ نے نذرانہ قبول نہ کیا۔ اور دونوں ماں بیٹی واپس گوجرانوالہ چلی گئیں۔

رات کو وہ لڑکی سوئی صبح اٹھ کر سر پہ ہاتھ پھیرا تو ایک بال بھی نہ تھا۔

۱۹:: موضع کھیکی (ضلع گوجرانوالہ) کے حکیم نبی بخش کا بیان ہے کہ انہیں ایک گاؤں میں ایک ایسے مریض کے علاج کی غرض سے جانا پڑا، جو مالیخولیا میں مبتلا تھا اور جسے طبیب لاعلاج قرار دے چکے تھے۔ حکیم صاحب مولانا کی خدمت میں حاضر ہوئے اور یہ واقعہ بیان کیا۔ مولانا نے فرمایا علاج کرو، اللہ شافی مطلق ہے۔ شفا دے گا۔ حکیم صاحب نے اس کا علاج شروع کیا اور قدرت الٰہی سے ایک ہی دن کے علاج سے آدھی بیماری ختم ہو گئی۔ دوسرے روز مریض بالکل تندرست ہو گیا۔ حکیم صاحب با مذاق آدمی تھے اور مولانا ان کی باتوں سے خوش ہوتے تھے۔ وہ مولانا کے پاس آئے، مریض کی صحت یابی کی اطلاع دی اور عرض کیا، وہ مریض تو صحت یاب ہو گیا۔ اگر کوئی ایسا ہی مریض اور آگیا تو کیا ہوگا؟ فرمایا "اللہ تعالیٰ تمہارے علاج سے ہمیشہ ایسے مریضوں کو صحت عطا فرمائے گا۔" چنانچہ ایسا ہی ہوا۔ اس کے بعد سے مالیخولیا کے جتنے بھی مریض ان کے پاس آئے اللہ نے انہیں صحت عطا فرمائی۔

۲۰:: لاہور کے میاں محمد صاحب کہتے ہیں کہ ابتدائے عمر میں وہ گھوڑوں کا بیوپار کرتے تھے۔ ایک مرتبہ انہوں نے گھوڑے خرید کر اپنے ملازموں کو سری نگر گھوڑے فروخت کرنے کے لئے بھیجا۔ تین مہینے گزر گئے لیکن گھوڑے فروخت نہ ہوئے۔ میاں محمد صاحب نہایت پریشان تھے۔ کیونکہ سری نگر میں ملازموں کا خرچ بھی پڑ رہا تھا اور گھوڑوں کا بھی۔ اتفاقاً مولانا غلام رسول لاہور تشریف لائے اور مسجد چینیاں والی میں وعظ کہا۔ سامعین میں میاں محمد بھی موجود تھے۔ وعظ کے بعد وہ مولانا سے ملے اور اپنی پریشانی کا ذکر کیا۔ فرمایا۔ ان شاء اللہ تیسرے روز تمہارے گھوڑے مالکِ کشمیر خرید لے گا۔ اور تمہیں تین ہزار روپے منافع ہوگا۔ میاں محمد کہتے ہیں کہ وہ تاریخ انہوں نے لکھ لی۔ جب ملازم واپس آئے تو معلوم ہوا کہ مولانا کے فرمان کے تین روز گھوڑے فروخت ہوئے اور جناب

کیا گیا تو ٹھیک تین ہزار روپے منافع ہوا۔

(۳)۔ گورداسپور (مشرقی پنجاب) کے ایک ہندو مہنت کا نام کاہن داس تھا۔ وہ اپنے عقیدت مندوں کے ساتھ ایک مرتبہ موضع کوٹ والی آیا جو قلعہ میاں سنگھ کے قریب ایک گاؤں ہے۔ مہنت نے لوگوں سے پوچھا کہ یہاں سے قلعہ میاں سنگھ کتنے فاصلے پر ہے؟ بتایا گیا کہ تین کوس کے فاصلے پر ہے۔ مہنت کاہن داس نے کہا، سنا ہے وہاں مولوی غلام رسول رہتے ہیں۔ جو بہت عالم اور صوفی ہیں۔ میرے دل میں اسلام کے بارے میں کچھ سوالات پیدا ہو رہے ہیں۔ میں ان سے یہ سوالات پوچھنا چاہتا ہوں۔ لوگوں نے بتایا کہ ان کے پاس کئی پنڈت اور غیر مسلم بحث مباحثہ کے لئے گئے۔ اور مسلمان ہو گئے۔ آپ وہاں نہ جائیں۔ لیکن مہنت صاحب نہیں مانے اور مولانا کی خدمت میں حاضر ہو گئے۔ جاتے ہی سوال کیا "اسلام کیا چیز ہے"۔ "پہلی چیز ہے کلمہ پڑھنا" پھر کلمہ پڑھ کر سنایا۔ کلمہ سنتے ہی مہنت کاہن داس نے کلمہ پڑھنا شروع کر دیا اور مسلمان ہو گئے۔ اس کے بعد دو سال مولانا کی خدمت میں قلعہ میاں سنگھ فروکش رہے۔

اسطرح کے اور بھی بہت سے واقعات ہیں۔ جو مولانا غلام رسول کی طرف منسوب ہیں۔

ہم لوگوں پر مادیت نے قبضہ کر لیا ہے۔ اور روحانیت تقریباً ختم ہو گئی ہے۔ اس کا نتیجہ یہ ہے کہ ہم میں سے اکثریت کے ذہن اس قسم کے واقعات کی صحت کو تسلیم کرنے پر آمادہ نہیں ہوتے۔ مولانا ممدوح ۱۲۹۱ھ میں فوت ہوئے۔ ان سطور کی تحریر تک ان کی وفات پر صرف ۱۱۵ سال گزرے ہیں۔ اور اب سے تیس پینتیس برس پہلے ایسے کئی حضرات موجود تھے جنہوں نے مولانا کو دیکھا اور ان کی صحبت ورفاقت کا شرف حاصل کیا تھا۔ خود ان سطور کے راقم کو ایسے بزرگوں سے ملنے کا اتفاق ہوا ہے۔ اور ان سے مولانا کے بارے میں اس قسم کی باتیں سنی ہیں۔

کرامات کے ظہور کی وجہ

مولانا غلام رسول سے بکثرت کرامات کیوں ظاہر ہوئیں اور ان کی دعا دربار خداوندی میں اتنی جلدی کیوں شرف قبولیت حاصل کرتی تھی؟ اس کے بارے میں ان کے ایک شاگرد اور مرید مولوی قطب الدین بیان کرتے ہیں کہ ایک روز وہ مولانا کی خدمت میں حاضر تھے۔ عرض کیا "حضرت! آپ سے اس درجہ بکثرت کرامات ظاہر ہونے کا سبب کیا ہے؟ پہلے بھی بہت سے بزرگ ہو گزرے ہیں۔ اب بھی کئی متدین اور متقی لوگ موجود ہیں۔ بلاشبہ ان سے بھی کرامات کا ظہور ہوتا رہا ہے۔ لیکن اتنی کثرت سے نہیں جتنا کہ آپ سے"؟

مولانا نے جواب دیا" جب سے مجھے خواب میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی سعادت حاصل ہوئی ہے۔ اس وقت سے کرامات ظہور میں آ رہی ہیں۔

مولوی قطب الدین کہتے ہیں کہ اب میں نے اس خواب کی کیفیت معلوم کرنے کی کوشش کی۔ پہلے تو وہ کئی دن ٹالتے رہے۔ لیکن جب میرا اصرار بہت بڑھ گیا تو فرمایا ایک مبارک رات کو میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا۔ اس حالت کو نہ تو میں خواب سے تعبیر کر سکتا ہوں۔ اور نہ اسے عالم بیداری کہہ سکتا ہوں۔ مجھے حضور علیہ السلام نے صابن عنایت کر کے فرمایا اس سے اپنے کپڑے دھو لاؤ"۔ میں نے حسب حکم کپڑے دھوئے اور پھر حاضر ہوا۔ اب حضور نے مجھے مسجد کے منبر پر کھڑا کر کے ایک ہاتھ میں قرآن مجید دیا اور دوسرے میں صحیح بخاری دی۔ فرمایا یہ لوگوں کو سناؤ تم میرے وارث ہو۔ مولانا فرماتے ہیں کہ ایسی رات پھر تمام عمر نصیب نہیں ہوئی۔ اس رات جو فیوض و برکات حاصل ہوئے وہ کبھی بھی حاصل نہ ہوئے۔

اس قسم کے اصحاب تقویٰ اور عابد اور زاہد لوگ اب کہاں پیدا ہوں گے۔

اللہ نے ان کو بے شمار نعمتوں سے نوازا اور اپنے فضل و کرم خاص کا مستحق گردانا تھا۔

ایک اور واقعہ

۱۸۵۷ء کے ہنگاموں کے بعد انگریزی حکومت کے نزدیک مولانا غلام رسول کا شمار انگریز کے باغیوں میں ہونے لگا تھا۔ اس لئے انگریزی حکومت نے انہیں نظربند کر دیا تھا اور پھر دعظ پر پابندی عاید کر دی تھی۔ انگریزی حکام گاؤں میں آکر یا تھانے اور کچہری بلا کر انہیں اور ان کے خاندان کے بعض افراد کو پریشان کرتے تھے۔ بالخصوص ان کے بڑے بھائی حکیم غلام محمد سے زیادہ پوچھ گچھ ہوتی تھی۔ اس ضمن میں مولانا غلام رسول کے سوانح نگار اور ان کے فرزند ارجمند مولوی عبدالقادر لکھتے ہیں کہ ایک مرتبہ ہمارے تایا حکیم غلام محمد نے بتایا کہ ایک روز انہوں نے مولوی غلام رسول سے کہا، ہم حکام کی بازپرس سے تنگ آگئے ہیں، بہتر ہے کہ یہاں کی بود و باش ترک کر کے کسی ریاست میں جا قیام کریں۔ مولوی صاحب نے فرمایا بھائی صاحب آپ کا فرمان بجا ہے۔ لیکن میں مجبور ہوں، کیونکہ ایک دن میں مسجد میں سویا ہوا تھا کہ ایک شخص نے آکر جگایا اور کہا تم میرے ساتھ چلو تمہیں رسول پاک صلی اللہ علیہ وسلم بلا رہے ہیں، میں اس کے ساتھ چل پڑا۔ جب گاؤں سے باہر نکلا تو دیکھتا ہوں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی پالکی رکھی ہوئی ہے۔ میں نے حاضر ہو کر سلام عرض کی۔ آپؐ نے میرا ہاتھ پکڑ لیا اور فرمایا "غلام رسول! ہم تمہاری مسجد میں جانا چاہتے ہیں۔ آپؐ نے میرا ہاتھ پکڑے رکھا اور پالکی والوں نے پالکی اٹھالی، مسجد میں تشریف لے جا کر اسی پکڑے ہوئے ہاتھ سے مجھے منبر پر بٹھایا اور فرمایا "وعظ کیا کرو۔ تم سے لوگوں کی ہدایت ہوگی، تمہاری یہی جائے بود و باش ہے۔

یہ خواب سنانے کے بعد فرمایا "بھائی صاحب اب فرمایئے میں کیونکر ہجرت کر سکتا ہوں، کیسے اس جگہ کو چھوڑ سکتا ہوں۔"[1]

[1] سوانح مولوی غلام رسول ص ۱۰۳، ۱۰۶

چنانچہ یہ واقعہ ہے کہ تمام عمر وہ اسی گاؤں (قلعہ سنگھ) میں رہے اور خلق کثیر نے یہاں آکر ان سے استفادہ و استفاضہ کیا۔

صحابہ کرام کی خوشبو

مولانا کے ایک شاگرد اور مرید مولوی علاؤالدین کا بیان ہے۔ کہ ایک دن وہ مولانا کے ساتھ موضع ہیراں والا جا رہے تھے۔ مولانا گھوڑی پر سوار تھے۔ راستے میں سطح زمین سے قدرے اونچی ایک مقام آیا تو آپ گھوڑی سے اتر پڑے اور فرمایا "علاؤالدین یہاں مجھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابہ کی خوشبو آرہی ہے۔ تم گھوڑی پکڑ لو۔" انہوں نے حسب ارشاد گھوڑی کی لگام پکڑی۔ آپؒ نے وضو کیا اور جوتے اتار کر ادھر ادھر گھومنے لگے، جیسے کوئی خاص جگہ تلاش کر رہے ہوں۔ بالآخر ایک جگہ پر بیٹھ گئے دوپہر کا وقت اور گرمیوں کا موسم تھا۔ آپ جذبہ کے عالم میں تھے۔ کافی دیر وہاں بیٹھے رہے۔ دستار مبارک سر سے گر گئی تھی۔ اور انہیں اپنے آپ کا کچھ پتہ نہ تھا۔ مولوی علاؤالدین تعجب و تحیر کے عالم میں کھڑے ان کی حرکات و سکنات دیکھ رہے تھے۔ مولانا ظہر کے اوّل وقت وہاں سے اٹھے اور نماز ادا کی۔ پھر فرمایا۔

"میرا دل چاہتا ہے کہ میری قبر یہاں ہو جائے[1]

یہاں یہ یاد رہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابہ رضوان اللہ علیہم اجمعین کی تعداد بعض تاریخی روایات کے مطابق ایک لاکھ پچیس ہزار کے لگ بھگ تھی۔ وہ صرف جزیرۃ العرب ہی میں اقامت گزین نہ رہے تھے۔ جنگ جہاد، کاروبار اور تبلیغ دین و اشاعت اسلام کے سلسلے میں مختلف ملکوں اور علاقوں میں پھیل گئے تھے۔ کتب تاریخ سے ثابت ہے کہ ہندوستان کے بعض شہروں اور

---

[1] سوانح مولوی غلام رسول، ص ۱۰۵، ۱۰۰

علاقوں میں بھی پچیس صحابہ تشریف لائے۔ ان کی آمد و رفت کا سلسلہ حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ کے عہد (۱۵ ہجری) سے لے کر یزید بن معاویہ کے زمانے تک جاری رہا۔ ان کے نام بھی کتابوں میں مرقوم ہیں۔ تاریخ سے واضح ہوتا ہے، کہ موجودہ بلوچستان کے متعدد علاقوں اور صوبہ سرحد کے شہر بنوں میں بھی (جسے عربوں نے "بنہ" کہا ہے) بغرض جہاد صحابہ کرام کا ورود مسعود ہوا۔ عین ممکن ہے اس سے آگے بڑھ کر موجودہ پنجاب کے بعض علاقوں میں بھی آئے ہوں: اور مولانا غلام رسول کو جس مقام سے صحابہ کی خوشبو آئی، وہاں کوئی صحابی مدفون ہو ـــ ہمارے لئے اگرچہ اس معاملے میں کوئی قطعی رائے قائم کرنا مشکل ہے، تاہم اس سے انکار نہیں کہ اولیاء و اتقیاء کا معاملہ عام لوگوں سے بہت مختلف ہوتا ہے اور ان کے قلب و روح کی قوت حاسہ اس درجے تیز ہوتی ہے کہ اس کی مدد سے وہ ایسے آثار تک رسائی حاصل کر لیتے ہیں جہاں ہم ظاہر بینوں کی رسائی نہیں ہو سکتی۔

سخاوت اور مہمان نوازی

مولانا غلام رسول بہت سخی اور مہمان نواز تھے۔ اہل و عیال کے علاوہ رشتے داروں اور اعزہ و اقارب پر بھی دل کھول کر خرچ کرتے تھے۔ ان کے شادی بیاہ کی ذمے داریاں بھی انہی نے سنبھال رکھی تھیں، ان کی تعلیم و تعلم کے معاملات بھی انہی کے سپرد تھے۔ ان کے مدرسے میں جو طلب حصول علم کے لیے آتے اور جو لوگ فیض حاصل کرنے کی غرض سے وہاں مقیم رہتے، ان کے خورد و نوش کا انتظام بھی وہ خود ہی کرتے تھے ـــ مہمانوں کی تعداد پندرہ کے قریب روزانہ ہوتی تھی۔ بعض دفعہ یہ تعداد چالیس تک بھی پہنچ جاتی تھی، گھر کی عورتیں یا چکی پیستی رہتیں یا کھانا پکانے میں مصروف رہتی تھیں، ایسا بھی ہوتا کہ مہمان روحانی فیض بھی حاصل کرتے۔ کھانا بھی کھاتے۔ بعض بھنگی پوستی بھی ان کی سخاوت سے فائدہ اٹھاتے اور اپنی اس ضرورت کے لئے ان سے پیسے لے جاتے

اس مرد درویش کا دست سخا اس قدر وسیع تھا کہ کسی شخص کا دامن طلب خالی نہ رہتا ایک مرتبہ ایک پوستی ان کی خدمت میں حاضر ہوا۔ اور صاف لفظوں میں کہا کہ میں پوست پینے کا عادی ہوں اور بہت زیادہ پیتا ہوں۔ آج بالکل خالی ہاتھ ہوں، پوست پینے کے لئے کوئی پیسہ میرے پاس نہیں ہے۔ سخت طلب لگی ہوئی ہے۔ خدا کے لئے کچھ پیسے دیجیے تاکہ پوست پی سکوں۔ آپ نے اُس کو ایک روپیہ دیا۔ دوسرے دن وہ پھر آیا، وہی ضرورت بیان کی اور ایک روپیہ لے گیا۔ اس طرح متواتر سات دن آتا اور ایک ایک روپیہ روزانہ لے جاتا رہا۔ اس اثنا میں جو لوگ آپ کی خدمت میں حاضر ہوتے، وہ آپ کو کہتے رہتے کہ یہ شخص خود پوست پینے کا اعتراف کرتا ہے اور اسی کے لئے آپ سے پیسے لیتا ہے۔ آپ اس غلط کام کے لئے اسیوں روزانہ ایک روپیہ دیتے ہیں۔ ایک روپے کی اس زمانے میں بہت قیمت تھی، لیکن مولانا نے کوئی پرواہ نہ کی اور اُس کا مطالبہ پورا کرتے رہے۔ آٹھویں دن وہ آیا اور روپیہ طلب کیا تو اُسے اپنے پاس بٹھا لیا، نہایت شفقت سے اُس کے کاندھے پر ہاتھ رکھا اور پوست اور دوسری نشہ آور چیزوں کی مذمت بیان کرنا شروع کی۔ وہ شخص اتنا متاثر ہوا کہ آنکھوں سے آنسو جاری ہو گئے۔ اور اسی وقت پوست نوشی سے توبہ کر لی۔ اب پوست کے بجائے مولانا نے اُسے اپنی جیب سے دودھ چائے اور حلوہ کھلانا شروع کیا۔ چھ مہینے وہ ان کی خدمت رہا۔ ذکر الٰہی اور یاد خدا اس کا ہر وقت کا معمول بن گیا تھا۔

مولانا عبد اللہ غزنوی سے مولانا غلام رسول بیعت بھی تھے، اور دونوں کا آپس میں گہرا دوستانہ بھی تھا۔ مولانا عبداللہ غزنوی نے چونکہ اتباع کتاب و سنت کی پاداش میں اپنا ملک چھوڑا تھا۔ اور ہندوستان آ کر وہ خالصتاً دینی خدمات انجام دے رہے تھے اس لئے مولانا غلام رسول سے بے پناہ تعلق

خاطر رکھتے تھے اور ان کی مالی امداد کو اپنے لئے ضروری قرار دیتے ہیں۔

اولاد کی تربیت

مولانا غلام رسول کے فرزند گرامی مولانا عبدالقادر مرحوم بیان کرتے ہیں کہ مولانا اپنی اولاد کی تربیت کا خاص طور سے اہتمام فرماتے تھے۔ ان کو دینی مسائل سکھلاتے اور پانچ وقت کی نمازیں با جماعت ادا کرنے کا حکم دیتے۔ سحری کے وقت تہجد کے لئے جگاتے اور مسجد میں اپنے ساتھ لے جاتے۔ مولوی عبدالقادر لکھتے ہیں:

”میری عمر اس وقت محض نو سال کی تھی۔ ایک دن والدہ صاحبہ نے کہا کہ ابھی یہ نابالغ ہے۔ شرع نے اس کو مکلف نہیں کیا تو اس کو تہجد کے لیے جگانے اور مہمانوں کی خدمت کے لئے تنگ کرنے کی کیا ضرورت ہے۔ آپ نے فرمایا تم نے سچ کہا ہے آنحضرت نے فرمایا ہے۔ انما الاعمال بالنیات میں اس کو اس نیت سے تکلیف دیتا ہوں، کہ اس کو نیک کاموں کی عادت ہو جائے، دوسرا مجھے یہ معلوم ہوتا ہے، کہ عنقریب یہ کسی دن یتیم ہو جائیں گے۔ جو کچھ میں اس سے اب کراتا ہوں، یہ اس کو یاد رہے گا۔ اور بڑا ہو کر ان عادات کا پابند ہو جائے گا، اس کے دل میں تخم محبت اور مروت بو رہا ہوں۔ ان شاء اللہ کسی روز یہ تخم پھل پھول جائے گا۔ میرا خدا میری محنت کو ضائع نہ کرے گا۔ نابالغوں کا سینہ مثل آئینہ ہوتا ہے۔ جس طرح اُن کو لگایا جائے وہ رستہ ان کے سینوں میں نقش ہو جاتا ہے[1]

اولاد کی دینی اور مذہبی تربیت نہایت ضروری ہے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

---

[1] احوالی غلام رسول ص ۱۵۰-۱۶۱

نے گھر کے سربراہ کو ”راعی“ یعنی نگہبان قرار دیا ہے۔ اس حیثیت سے والد کا فرض ہے کہ اولاد کی ہر اعتبار سے نگرانی اور نگہداشت کرے۔ اس ضمن میں مولانا غلام رسول کا نقطہ نظر جو یہاں بیان کیا گیا ہے۔ عین حقیقت پر مبنی ہے۔ انہوں نے عمدہ طریقے سے اولاد کی تربیت کی اور بچپن ہی میں انہیں نیکی کی راہ پر لگا دیا اور اس کی جو وجہ بیان فرمائی وہ بالکل صحیح ہے۔

چند خصوصیات

گزشتہ صفحات میں مولانا غلام رسول کے تقویٰ و طہارت اور فضائل حمیدہ کا ذکر تفصیل سے کیا گیا ہے۔ ان کے بیشمار خصوصیات میں سے ایک اہم خصوصیت یہ تھی کہ ہر وقت باوضو رہتے اور اپنے اصحاب عقیدت و ارادت کو بھی باوضو رہنے کی تلقین فرماتے اور کہا کرتے الوضوء سلاح المؤمنین (وضو مومنوں کا ہتھیار ہے) ان کا ارشاد ہے کہ باوضو آدمی پر نہ جادو اثر کرتا ہے نہ جن بھوت اُسے تکلیف پہنچا سکتے ہیں اور نہ موذی چیزیں اُسے مبتلائے معصیت کر سکتی ہیں فرمایا کرتے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک مرتبہ انصار سے پوچھا کہ تم میں وہ کون سی صفت پائی جاتی ہے جس کی وجہ قرآن مجید میں تمہارے بارے میں اِنَّ اللّٰہَ یُحِبُّ التَّوَّابِیْنَ وَیُحِبُّ الْمُتَطَھِّرِیْنَ فرمایا گیا انہوں نے جواب دیا ہم لوگ باوضو رہتے ہیں۔

فرمایا کرتے کہ وضو کر کے جو بھی کام کیا جائے، اس میں برکت پیدا ہوتی ہے اور اللہ تعالیٰ کا قرب حاصل ہوتا ہے۔ خود پاکیزگی اختیار کرنا اور دوسرے کو پاکیزہ رہنے کی تلقین کرنا منشاء اسلام ہے۔ صوفی اور سالک دربار خداوندی میں اسی لئے زیادہ مقبول ہیں کہ وہ طہارت اور پاکیزگی کا التزام کرتے ہیں، مجذوب بھی بارگاہ الٰہی میں مقبول ہوتا ہے۔ مگر وہ سالک اور صوفی کے

تبے کو نہیں پہنچ سکتا۔ سالک شرع کا مکلف ہے اور ہر وقت اللہ سے طالب استغفار رہتا ہے۔ اس کے برعکس مجذوب پر استغراق اور جذب کی کیفیت طاری رہتی ہے۔ سالک تمام درجات سلوک طے کر کے اعلیٰ مرتبے پر فائز ہو جاتا ہے۔ لیکن مجذوب جزئیات شرع اور مراتب تصوف سے واقف نہیں ہوتا۔

ارادت مندوں سے کہا کرتے کہ اصل فضیلت اتباعِ رسول صلی اللہ علیہ وسلم سے حاصل ہوتی ہے جس کو اتباعِ رسولؐ نصیب نہیں اُسے مرتبہ فضیلت نصیب نہیں ہوتا۔ ہر قسم کے روحانی فیوض و برکات اور درجات و مراتب کا بنیادی منبع رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی ذات اقدس ہے۔

ہمیشہ نیچی نظر کر کے چلتے۔ دوسروں کو بھی اس کی تاکید کرتے۔ اس کے کتاب و سنت میں جو احکام صادر فرمائے گئے ہیں۔ وہ لوگوں کو سناتے۔ زیادہ باتیں کرنے سے منع کرتے اور زبان کو قابو میں رکھنے کی تلقین کرتے۔ ہر کام خلوص نیت سے کرنے کی تاکید فرماتے۔ کسی کو ذہنی اور جسمانی تکلیف نہ پہنچاتے۔ مال مشتبہ سے سخت پرہیز کرتے۔ سب کی بات کامل توجہ اور غور سے سنتے۔ لباس اور کھانے پینے میں کسی نوع کا تکلف نہ کرتے۔ سادہ لباس پہنتے اور سادہ کھانا کھاتے چھوٹے پر شفقت فرماتے اور اپنے ہم عمروں اور بڑوں کا احترام کرتے بہت سے لوگ ان سے فقہی مسائل پوچھنے آتے اور تحریری فتوے لینے کی غرض سے بھی حاضر خدمت ہوتے حسب توفیق تشفی بخش جواب دیتے اور قرآن و حدیث اور فقہ کی روشنی میں فتوے تحریر فرماتے جو لوگ زبانی مسائل دریافت کرتے ان کو بھی نہایت اطمینان سے مسئلے کی نوعیت سمجھاتے جب تک وہ مطمئن نہ ہو جاتا اور مسئلہ اچھی طرح ذہن نشین نہ ہو جاتا اُسے اٹھنے نہ دیتے۔

ہر چھوٹا بڑا اُن سے بے تکلفی سے بات کر سکتا اور بے جھجک اپنا مدعا

بیان کر سکتا تھا ہر شخص کے علم اور ذہن کے مطابق بات کرتے اور اس کے مرتبہ و مقام کو ملحوظ خاطر رکھتے۔

کسی ایسی مجلس میں شریک نہ ہوتے۔ جس میں ریا اور سمعہ کا ادنیٰ شائبہ بھی پایا جاتا۔ اپنے ذاتی مفاد کو ہرگز پیش نظر نہ رکھتے۔ اگر انہیں شبہ پڑ جاتا کہ فلاں مقام کے لوگ ان کی کوئی مالی اعانت کرنا چاہتے ہیں۔ تو وہاں بالکل نہ جاتے اور جانے کا پروگرام بھی طے ہو چکا ہوتا تو منسوخ کر دیتے یا اس وقت تک ملتوی کر دیتے جب تک یہ شبہ دور نہ ہو جاتا۔

مزاج کے نرم اور طبیعت کے دھیمے تھے۔ کسی سے سخت کلامی نہ کرتے۔ ہر شخص سے پیار اور محبت سے پیش آتے۔ بحث سے شدید نفرت تھی۔

فقہی مسلک

فقہی مسلک کے اعتبار سے اہلحدیث تھے اور اتباع سنت ان کا اوڑھنا بچھونا تھا اہل حدیث کے مسائل مشہورہ آمین اور رفع یدین وغیرہ پر عامل تھے۔ فاتحہ خلف الامام کے قائل تھے۔ دیگر مسائل میں بھی اسی مسلک کو ترجیح دیتے اور فتوے میں کتاب و سنت کو پیش نگاہ رکھتے۔

وعظ میں بدعات اور مروجہ رسوم کی سخت مخالفت کرتے اور خالص کتاب و سنت کے مسائل بیان فرماتے۔ مسئلہ توحید نہایت عمدہ اور موثر انداز میں بیان کرتے

وصیت

مولانا نے عازم بیت اللہ ہونے سے قبل اپنے بیٹوں کے لئے حسب ذیل وصیت تحریر فرمائی۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ـــــ الحمد للہ وحدہ والصلوٰۃ والسلام علی رسولہ الذی لا نبی بعدہ وعلیٰ آلہ وصحبہ وسائر من بذل

مرضیات اللہ جعلہ لما یعمل۔ امروز دوشنبہ شوال ۱۲۸۵ھ مقدسہ نبویہ علیٰ صاحبہا الصلوٰۃ والتحیۃ فقیر عبداللہ المعروف بغلام رسول بن جناب فضیلت دستگاہ رحیم بخش بن حافظ نظام الدین خادم بن حافظ فاضل کامل محب الدین بن جامع کمالات حافظ محمد اکرم بن حافظ فاضل عصمت اللہ بن مصدر کمالات زبدۂ اہل اللہ کامل التحریر جناب عبداللہ سکندر بن نور محمد بن پیر محمد بمحض فضل الٰہی عازم زیارت حرمین شریفین زادہما اللہ شرفاً گردید لہذا بہ فرزندان عبدالقادر کہ امروز نہ سالہ است وبعد تلاوت قرآن شریف وتحسین صرف تا زرادی بوستان وگلستان می خوانند و نور چشمی محمد عبدالعزیز کہ سہ و نیم سالہ است وصیت میکنم کہ از ہمہ امور علم دینی از تفسیر وحدیث وفقہ وسیر تصوف مقدم دانند۔ ومسلک اسلام واساس الایمان بیقین کنند وتیزگی ہمت بادتوجہ شوند خصوصاً صحبت محدثین انرم شمارند کہ اہل حدیث اہل اللہ اند وبعد فراغ از علم دینیہ دست بیعت بشیخ کامل مکمل دہند۔ ودریں زمان مثل عبداللہ غزنوی در قیاس ما ہمدے نیست۔ صحبتش اکسیر است وبحقیقت آنحضرت کامل مکمل پیر است۔ و عبدالقادر ترجمہ قرآن از ایشان شروع کنند۔ وبسم اللہ عبدالعزیز از ایشان شروع کنند کہ در عقیدہ فقیر مثل جنید وشبلی حضرت بایزید است۔ لایدرک الواصف المطری خصائصہ وان یک سابقاً فی کل ما وصفا۔ ہمیں بس گرچہ بس محمد تا ختم کر در سنگ خریدارانش باشم دلی باید کہ ملحدین وزنادقہ وکسے کہ سر مو مخالف شریعت محمدیہ باشد بیعت نکنند وبا اولیاء اللہ وکمال صوفیہ حسن عقیدہ ثابت نمایند۔ امام شعرانی فرمودہ یاک ولحوم الاولیاء فانہا مسمومۃ وشطحیات آں حضرات بر معنی نیک بر محمل نیک فرود آرند۔ واوقات خود را اولاً باداے صلوٰۃ در اوقات مستحبہ واقامت ارکان وواجبات وسنن ومستحبات بتقید جماعت وخشوع تام معمور کنند وبیان خود امورت

کنند وثانیاً بہ تلاوت قرآن ودرود شریف واذکار نور علی نور فائند۔ وبس ست

گر بہ ندیم زندہ بر دو زیم   دامنے کز فراق چاک شدہ
ور بمیریم عذر ما بپذیر   اے بسا آرزو کہ خاک شدہ

الغرض آپ مکہ معظمہ پہنچ گئے اور وہاں آپ نے ذیل کی غزل کعبہ شریف کے سامنے کھڑے ہو کر کہی:

۱۲۸۸ھ

زراہ دور بہ بیت الحرام می آئیم   بصد نیاز و بصد احترام می آئیم
گذشت عمر جوانی بحظ نفس نی   سفید ریش بباب اسلام می آئیم
برائے عفو جرائم بہ توبہ مستغفر   بصد ندامت تا ایں مقام می آئیم
کرم نما و گذر کن کہ ناسزا کارم   طفیل حضرت خیر الانام مے آئیم
بحضرت تو باستار کعبہ دست زدہ   باستغاثہ وطلب مرام می آئیم
زلال رحمت خود دہ کہ تا شوم سیراب   بسکہ تشنہ لب وتلخ کام می آئیم
وقوف موقف عرفات دانیم لائق   چو خواندہ تو برحمت بکام می آئیم
گریختیم زجرائم بسعی ورمیین   پس از طواف برائے مقام می آئیم
برائے رمی شیاطین رسیدہ بر جمرہ   پئے طواف بمسجد حرام می آئیم
نو دلق زاطلاق بدجنس فدا   بطلب رحمت رحمان مدام می آئیم
نگر بگریہ مسکین درست شو قربا   امیدوار عنایت محمدی آئیم

یہ وصیت مسطورہ بالا جو مولانا ممدوح نے اپنے بیٹوں (عبدالقادر اور عبدالعزیز) کے لئے تحریر فرمائی فارسی زبان میں ہے۔ اور اس کا خلاصہ یہ ہے۔

اما بعد۔ آج بروز پیر شوال ۱۲۸۵ھ کو یہ فقیر عبداللہ جو غلام رسول

کے نام سے مشہور ہے۔ محض فضل خداوندی سے حرمین شریفین کی زیارت کا عزم کر رہا ہے۔ میرا بیٹا عبدالقادر جو کہ آج نو برس کا ہو چکا ہے۔ اور قرآن شریف پڑھنے کے بعد علم صرف میں زرادی تک کتابیں پڑھ چکا ہے۔ اور فارسی کی بوستان اور گلستان پڑھ رہا ہے۔ نورچشمی محمد عبدالعزیز جو کہ ساڑھے تین برس کا ہو گیا ہے۔ میں انہیں وصیت کرتا ہوں کہ علم دین یعنی تفسیر، حدیث، فقہ، سیرت اور تصوف کے حصول کو تمام معاملات پر مقدم قرار دیں۔ اسی کو بنیادی کام اور اساس ایمان ٹھہرائیں اور ہر اعتبار سے اسی کو مرکز توجہ بنائیں۔ بالخصوص صحبت محدثین کو اپنے لئے لازم قرار دیں اور یقین رکھیں کہ اہل حدیث ہی اہل اللہ کا گروہ ہے۔ علم دین سے فراغت کے بعد کسی شیخ کامل و مکمل کے ہاتھ پر بیعت کریں۔ میرے خیال میں مولانا عبداللہ غزنوی کے مرتبے کا اس زمانے میں کوئی اور شخص نہیں ہے۔ ان کی صحبت اکسیر کا درجہ رکھتی ہے اور یہ حقیقت ہے کہ حضرت عبداللہ غزنوی پیر کامل و مکمل ہیں۔ عبدالقادر درس قرآن مجید کے ترجمے کا آغاز اور عبدالعزیز اپنی تعلیم کا آغاز یعنی بسم اللہ انہی سے کریں۔ اس لئے کہ یہ فقیر یقین رکھتا ہے کہ وہ اس عہد میں مثل جنید اور بنظیر حضرت بایزید ہیں۔ واقعہ یہ ہے کہ ان کی صفت کرنے والا ان کے اوصاف کا احاطہ نہیں کر سکتا۔ وہ اپنے ہر وصف میں سلف صالح کا نمونہ ہیں یہی وجہ ہے کہ میں خود ان کے حلقۂ دامن سے وابستہ ہوں۔

ہیچ بس گرچہ کلہ قماشم   کہ در سلک خریدارانش باشم

اپنے بیٹوں کو وصیت کرتا ہوں کہ ملحدوں اور زندیقوں سے کوئی تعلق نہ رکھیں اور کسی ایسے شخص کی مجلس اختیار نہ کریں۔ جو شریعت محمدیہ کا کسی صورت میں بھی مخالف ہو۔ اولیاء اللہ اور باکمال صوفیا سے ہمیشہ حسن عقیدت رکھیں۔ اپنے اوقات کو اداے نماز، اقامت ارکان، واجبات و سنن اور مستحبات کی بجا آوری

میں صرف کریں۔ جماعت کے پابند رہیں اور دلوں کو خشوع و خضوع سے معمور رکھیں۔ دوسری بات جس پر عامل رہنا ضروری ہے۔ یہ ہے کہ قرآن مجید کی تلاوت کو جزو زندگی بنائیں۔ اذکار و وظائف کو اپنا معمول ٹھہرائیں اور درود شریف کثرت سے پڑھا کریں بس میری یہی وصیت ہے۔

گر بماندیم زندہ بردوزیم   دامنے کز فراق چاک شد
ور بمردیم عذر ما بپذیر   اے بسا آرزو کہ خاک شد

تصنیفات

مولانا غلام رسول ہر شعبۂ علم پر عبور رکھتے تھے۔ تفسیر، حدیث، فقہ، منطق و فلسفہ، صرف و نحو، معانی بیان، ادب و انشا اور علم کلام سے پوری طرح باخبر تھے۔ اس دور کی مروجہ زبانوں یعنی عربی اور فارسی میں مہارت رکھتے تھے۔ پنجابی ان کی مادری زبان تھی۔ انہوں نے فارسی اور پنجابی کو ذریعۂ تبلیغ بنایا اور ان زبانوں میں متعدد کتابیں تصنیف کیں، جن کے نام درج ذیل ہیں۔

(۱) **فتاویٰ مولوی غلام رسول**:۔ یہ ان کے فقہی نوعیت کے فتاوے ہیں جو مختلف لوگوں کے مستفسرہ مسائل پر مشتمل ہیں۔ اس زمانے میں علمی زبان عام طور پر فارسی کو سمجھا جاتا تھا۔ اور فقہی مسائل اور فتوے اسی زبان میں تحریر کیے جاتے تھے۔ یہ فتاوے بھی فارسی میں ہیں۔

(۲) **رسالہ تراویح**:۔ یہ بھی فارسی میں ہے اور نماز تراویح سے متعلق ہے۔

(۳) **حلیہ حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم**:۔ اس میں جیسا کہ نام سے ظاہر ہے آنحضرت ﷺ کا حلیہ مبارک بیان کیا گیا ہے۔

(۴) **قصہ حضرت بلال رضی اللہ عنہ**:۔ یہ پنجابی نظم میں ہے اور اس میں مشہور صحابی حضرت بلال رضی اللہ عنہ کے واقعات زندگی بیان کیے گئے ہیں۔

(۵) قصہ سسی پنوں :- یہ بھی پنجابی نظم میں ہے اور اس میں سسی پنوں کے نام سے خاص روحانی اور علمی باتیں بیان کی گئی ہیں۔

(۶) سی حرفی :- یہ بھی پنجابی نظم میں ہے۔

(۷) مجموعہ نماز :- یہ بھی پنجابی میں منظوم نماز ہے۔

(۸) تفسیر سورۂ فاتحہ :-

(۹) پنج باب :- یہ پنجابی نثر میں ہے اور پکی روٹی کے انداز پر اس میں فقہی مسائل تحریر میں لائے گئے ہیں

(۱۰) پکی روٹی :- یہ بھی فقہی مسائل پر مشتمل ہے اور پنجابی نثر میں ہے۔

ان کتابوں میں سے بعض کتابیں کئی مرتبہ چھپ چکی ہیں۔

شعر و شاعری :-

مولانا غلام رسول فارسی اور پنجابی کے بہت اچھے شاعر تھے۔ ان کے دادا حافظ نظام الدین خادم کا شمار بھی اپنے دور میں فارسی کے مشہور شعرا میں ہوتا ہے۔ مولانا غلام رسول کے پنجابی اشعار میں بعض اردو کے الفاظ بھی ہیں۔ حج بیت اللہ سے فارغ ہونے کے بعد مکہ مکرمہ سے مدینہ منورہ کو روانگی کے وقت جو شعر کہے، ان میں سے چند ذیل میں درج کیے جاتے ہیں۔

بحمد اللہ ہویا فضل الٰہی   فراغت حج بیت اللہ سے پائی
مدینہ کی طرف ہوئی تیاری   کیتی حجاج اونٹوں پر تیاری
پہلے دن قافلہ ہو جمع سارا   کیتو نے فاطمہ دی وادی اُتارا
مدینہ طیبہ دی ہوا جو آئی   کلیجے عاشقاں دے ٹھنڈ پائی
وہ روضہ دور سے نظری جو آیا   خدا اوہ نور دا جلوہ دکھایا
ادب سے قافلے ہوئے پیادے   محبت فیر سے دل صاف سادے
مبارک شہر تھیں داخل جو ہوئے   ہے دل وکھرے مانند کھیاں

صلوٰتاں دانگ بلبل دے پکاراں   دلوں محبوب دا حلیہ چیتاراں
کیتی اج طالع بیداریاری   اجی اس گھڑی پر جان واری
عجب وہ مسجد نبوی منور   عجب روضہ رسول اللہ دا انور
نہ جھلن اکھیاں وہ دیکھ انور   ہوون صدقے رسول اللہ دے دربار
کیا بن جی نے کیا سامان کریے   پکارے عشق جان قربان کریے
مبارک روضہ مسجد دے کنارے   وہ سورج دانگ ذوروں لاٹ مارے

اس نظم کا آخری شعر ہے۔

غلام ایہہ عین میرا مدعا ہے
شکستہ شیشہ دل کا صدا ہے

گھر سے عازم حرمین شریفین ہونے سے پہلے ان کے دل کی جو کیفیت تھی وہ دیار رسول کی جو محبت ان کے قلب و روح میں کروٹ لے رہی تھی۔ اس کا اندازہ ان کے مندرجہ تحت پنجابی اشعار سے کیا جا سکتا ہے۔

چلیں اس دیس نوں دے سا بانا   مجھے کیتا حبیب اللہ نگانا
چلا نشتر ہوواں قربان تیری   تیرے راہاں توں گھول جان میری
ہوئی رات جو رووں نین میرے   کلیجے چھیک پاون دین بیرے
رسول اللہ دے کر کر یاد آثار   اپنے مار بھڑکے شوق دیدار
مدینے میں پہنچا اک وار بینوں   حیاتی میں ملا دلدار مینوں
غبار اس راہ دا سرمہ بناواں   ہوواں صدقے اگر اک جھات پاواں
جے پر ہوون تے ماراں اڈاری   ویکھاں روضہ جے طالع کرن یاری

صبا روضے رسول اللہ دے جائیں   میرا احوال رو رو کے سنائیں



۱۲۲

کہیں بعد از ہزاراں بار صلوات — کروڑیں بار تسلیم و تحیات
جو اسے محبوب رحمانی نگاہ کر — وچھوڑے سے جان آئی لباں پر
اپنے عشق سے جل بل گیا جی — سجھو اس درد دا دارو گراں کی
خدا جانے جدوں کی جائیاں ہیں — میرے بابل تیرے ڈلائیاں میں

اس نظم کے یہ شعر ملاحظہ ہوں۔ کس قدر درد و سوز میں ڈوبے ہوئے ہیں۔ اور اپنی کمزوریوں کو کس مؤثر انداز میں ذکر کیا گیا ہے۔

گئے ہاں نال میں نامہ سیاہی — بسا تقصیر مندو پُر گناہ ہوں
تغافل نال گذری عمر ساری — گیاں تیاں، گھڑی دہیاں بچاری
کیا کرساں جو جھگڑے موت نگھن — آ جلدی جنج بوہے آن ڈھوسن
جدوں ڈولی کہاراں آن چائی — اکیلے چھڈ جاسن بھین بھائی
بیگانا نیاں نال ہے پردیس جاناں — نہیں پھرنت ایں دیس آناں
غلام ایہ پُر گناہ بے ساز و ساماں — پھڑا محکم رسول اللہ دا داماں

اسی مضمون کے چند فارسی اشعار پڑھیے۔

گریم بجائے صبا پیامے — در وادی عشق چند گامے
از ملک عجم نگر بر آئے — در ناحیہ عرب در آئے
با دیدہ زار و دل نگارے — در شہر مدینہ کن گزارے
بینا روضۂ پاک سرورِ دین — آں مضجع خاتم النبین
بر دیدہ بہ تن کشیدہ — در قبر شریف آرمیدہ

---

[1] اپنے نام کی طرف اشارہ ہے کہ والدین نے میرا نام ہی غلام رسول رکھا ہے یعنی مجھے وقت پیدائش ہمارے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا غلام بنا دیا گیا ہے۔

۱۲۳

اس نظم کا آخری شعر ہے۔

از حد شدہ درد انتظارم
برراہ تو دیدہ اشکبارم

مکہ معظمہ پہنچ کر آپ نے جو فارسی اشعار لکھے ان میں سے چند یہ ہیں۔

زراہ دور بہ بیت الحرام می آیم — بصد نیاز و بصد احترام می آیم
گزشت عمر جوانی بحظِ نفسانی — سفید ریش بباب السلام می آیم
برائے عفوِ جرائم بتوبہ مستغفر — بصد ندامت تا ایں مقام می آیم

مدینہ منورہ جانے کے بعد آپ نے جو فارسی اشعار لکھے، وہ یہاں درج کیے جاتے ہیں۔ ابتدا میں یہ الفاظ مرقوم ہیں۔ "بمدینہ منورہ بروضۂ طیبہ گفتہ شد ۱۲۸۹ھ"

شکر خدا کہ دولت سعادت بختیار — غنچۂ مرادِ قلب شگفت از دم بہار
دیدم بچشم عشق مدینہ منورہ — اینم سفر کہ گوہر جاں را کنم نثار
یعنی شب وصال رسیدست از حیات — شبِ قدر با فدائے یک ساعتش ہزار
ذوقش بجز حلاوت ایمان کجا چشید — کذاب مدعی کہ ازیں فیض برکنار
حقا کہ چہ دولتیست کہ شد دستیاب من — ورد زبان کنم چو عنادل ہزار بار
استادہ باداب بحضور محمدی — صلوٰۃ زاکیات و تحیات بے شمار
یارب صل علی الذی اخترتہ واجتبیتہ — وعلی تامۃ آلہ وعلی صحابتہ الکبار
وھو النبی شفیعنا خیر البشر خیر الرسل — ھو رحمۃ للعالمین کالشمس فی وسط النہار
اے سرور دو عالم سلطان مرسلین — بس مجرمم شفاعت خود کن رفیق دیار
از جان و دل غلام رسولم مرا چہ غم — یک نیم نگاہ تو ام امیدوار

مولانا غلام رسول بلاشبہ اپنے دور کے جید عالم، نامور فقیہ، بہت بڑے صوفی نہایت متقی اور پرہیزگار، مستجاب الدعوات اور نغز شاعر تھے۔ انہوں نے

اگرچہ فارسی میں بھی شعر کہے، لیکن ان کا زیادہ کلام پنجابی میں ہے۔ نظم اور نثر میں انہوں نے پنجابی زبان کی بہت خدمت کی، اور اپنے ماحول کے مطابق زیادہ تر اسی زبان کو اظہارِ خیال کا ذریعہ بنایا۔ فارسی میں انہوں نے فتوے تحریر فرمائے۔ اور اس زمانے میں یہی رواج تھا۔ جو لوگ فقہی نوعیت کے مسائل دریافت کرتے تھے، ان کو فارسی میں جواب دیا جاتا تھا۔ اور فارسی میں عربی عبارتیں بکثرت درج کی جاتی تھیں۔ مولانا کے فتاوے بھی اسی نوعیت کے ہیں۔ اور ان میں عربی اور فارسی دونوں زبانیں مرقوم ہیں۔ ان کی کتابوں سے پتہ چلتا ہے کہ وہ تینوں زبانوں کے ادیب تھے۔ عربی کے بھی فارسی کے بھی اور پنجابی کے بھی ــــ!

گزشتہ صفحات میں ان کی تصنیفات کا ذکر کرتے ہوئے بتایا گیا ہے کہ ان کی ایک کتاب کا نام "قصہ سسی پنوں" ہے۔ یہ کتاب پنجابی نظم میں ہے اور سسی پنوں کے نام سے اس میں تصوف و روحانیت کا درس دیا گیا ہے۔ اس کا ایک شعر ہے۔

بلدیا تھلاں سسّی دین پیرے
گجا یار دا دو نین سیرے

ہر اعتبار سے یہ اونچے درجے کا شعر ہے۔

وفات

قلعہ میاں سنگھ میں مولانا غلام رسول کی مسجد میں ایک حافظ صاحب رہتے تھے، جو گاؤں کے بچوں کو قرآن شریف پڑھاتے تھے۔ اور مسجد کے مؤذن تھے ایک روز مولانا غلام رسول خلافِ معمول ان کے حجرے میں تشریف لے گئے۔ اس دن مولانا کی عمر کے ۶۳ سال پورے ہونے میں ایک دن باقی تھا، حافظ صاحب بہت

متدین اور پرہیزگار تھے، مولانا نے ان سے فرمایا، حافظ صاحب! جب سے میں نے ہوش سنبھالا ہے۔ بحمد اللہ کا یہ خاص فضل رہا ہے، کہ مجھ سے کسی ایسے عمل کا ارتکاب نہیں ہوا جو خلافِ سنت ہو اور کوئی ایسا عمل ترک نہیں ہوا جو مسنون ہو۔ اب آخری سنت باقی رہ گئی ہے، اگر اللہ تعالیٰ وہ بھی نصیب فرما دے تو زہے قسمت یعنی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی عمر مبارک پورے ۶۳ سال ہوئی ہے۔ اور میری عمر بھی کل ۶۳ سال کی ہو جائے گی۔ دیکھئے اللہ تعالیٰ کو کیا منظور ہے۔

اتفاق سے دوسرے روز ساہیوال سے دو مہمان آگئے۔ مولانا نے نمازِ ظہر سے قبل اپنے بڑے لڑکے مولوی عبدالقادر سے فرمایا کہ "قطب الدین اور درویش کو ساتھ لے کر گھر جاؤ اور وہاں سے دانے اٹھوا کر خراس پہ رکھو تاکہ آٹا پیس جائے" اس کے بعد ظہر کی اذان ہوئی آپ نے خود جماعت کرائی۔ نماز کے بعد دونوں مہمانوں کو اپنے ساتھ لے کر حجرے میں تشریف لے گئے۔ اس وقت بالکل تندرست تھے کسی قسم کی کوئی بیماری نہ تھی۔ مہمانوں کو تلقین کرنا شروع کی۔ پہلے مولوی فضل الدین صاحب کو گلے کا ذکر کرایا۔ ایک بار گلے کی ضرب دی، دوسری بار ضرب دے رہے تھے، کہ روحِ مبارک جسدِ عنصری سے پرواز کر گئی۔

إِنَّا لِلّٰهِ وَإِنَّا إِلَيْهِ رَاجِعُوْنَ۔

یہ صورتحال دیکھ کر مہمان گھبرا گئے۔ مولوی فضل الدین صاحب جلدی سے باہر آئے اور مولانا کے بھائی حکیم غلام محمد سے کہا کہ مولوی صاحب کو کچھ ہو گیا ہے۔ وہ طبیب حاذق تھے۔ انہوں نے دیکھتے ہی فرمایا مولوی صاحب وفات پا گئے ہیں۔ یہ خبر جیسے قلعہ میاں سنگھ میں پھیلی اس کے بعد آناً فاناً گرد و نواح کے دیہات میں پہنچ گئی۔ بہت سے لوگ جمع ہو گئے۔ متعدد طبیب بھی آگئے۔ لوگوں نے کہا کہ مولانا کی موت واقع نہیں ہوئی، ان کو سکتہ ہو گیا ہے۔ انہوں نے آپ کی رگ کاٹی لیکن حکیم غلام محمد

بار بار یہی کہتے رہے کہ آپ وفات پا چکے ہیں۔

حکیم غلام محمد مرحوم نے تمام طلبا اور باقی لوگوں سے کہا کہ ہمارے خاندان میں یہی معاملہ چلا آ رہا ہے۔ ان کے والد مولوی رحیم بخش نے بحالت تندرستی نماز پڑھتے ہوئے سجدے میں جان دی۔ دادا صاحب حافظ نظام الدین غلام نے حالت رکوع میں وفات پائی۔ یہی معاملہ مولوی صاحب کو پیش آنا تھا جو آگیا۔

مولانا غلام رسول جمعرات کو ظہر اور عصر کے درمیان فوت ہوئے اور جمعہ کے دن انہیں دفن کیا گیا۔ جنازے میں بیشمار لوگ جمع تھے ——— یہ ۱۲۹۱ کا واقعہ ہے۔

اللہ اللہ کتنے پاک باز تھے یہ لوگ۔ والد مکرم نے بارگاہ الٰہی میں زمین پر پیشانی رکھ کر حالت سجدہ میں اللہ کے حضور حاضری دی۔ جد امجد نے اللہ کے دربار میں جھکتے ہوئے رکوع کی حالت میں اپنی جان جان آفریں کے سپرد کی۔ اور بیٹے اور پوتے نے کلمہ طیبہ پڑھتے اور اس کی تلقین کرتے ہوئے وفات پائی۔ اور ان کی یہ دعا اور تمنا پوری ہوئی کہ ٹھیک ۶۳ سال میں یعنی عمر نبوت کو پہنچ کر اس دنیائے فانی سے کوچ کیا۔ اللہ نے ان کو ہمیشہ اپنے سایہ عاطفت میں رکھا اور جو دعا انہوں نے کی اسے شرف قبول حاصل ہوا۔ ان کی یہ آخری دعا بھی قبول ہوئی۔ اور انہوں نے ٹھیک ۶۳ سال عمر پائی۔ اللہ ان کو اور ان کے آباؤ اجداد کو اعلیٰ علیین میں جگہ عطا فرمائے۔ آمین

اللھم اغفرلھم وارحمھم وعافھم واعف عنھم وادخلھم فی جنت الفردوس۔

اولاد واحفاد

مولانا غلام رسول کے دو بیٹے تھے۔ بڑے مولوی عبدالقادر اور ان

سے چھوٹے مولوی عبدالعزیز۔

مولوی عبدالقادر کے چار بیٹے تھے۔ عبدالمالک، عبدالرشید، محمد صادق اور عبدالرحیم۔

مولوی عبدالعزیز کے بھی چار بیٹے تھے۔ عبدالواحد، محمد شفیع، محمد اشرف اور عبدالرحمٰن۔

یہ بالکل مختصر سا سلسلہ ولادت ہے۔ ان سے آگے ان کی اولاد واحفاد کا سلسلہ ماشاء اللہ بہت وسیع ہے۔

سلسلہ مطبوعات صاحبزادہ بک فاؤنڈیشن کوٹھہ ۴

شیخ المشائخ حضرت سید امیرؒ المعروف حضرت جی صاحبؒ کوٹھہ سے متعلق کتب و تصانیف

(۱)	مخزن الابرار	(فارسی)
(۲)	مظفر نامہ	(فارسی)
(۳)	رسالہ خوارق	(فارسی)
(۴)	بدر منیر	(پشتو)
(۵)	مناقب رسالہ	(پشتو)
(۶)	مخزن اسرار	(پشتو)
(۷)	احمد نامہ	(پشتو)
(۸)	گلزار محبت	(پشتو)
(۹)	گنج سعادت	(پشتو)
(۱۰)	قصیدہ میمیہ	(عربی)
(۱۱)	مخزن افغانی	
(۱۲)	نظم الدرر فی سلک السیر (دُرّ اسرار)	(فارسی) (اردو)
(۱۳)	مرصاد العباد فی علم السلوک	(فارسی)
(۱۴)	مجالس و حکایات	(اردو)
(۱۵)	المسمّٰی بالمقالات (مقالات)	(اردو)

صاحبزادہ بک فاؤنڈیشن کوٹھہ

(ہمایون آرٹ پریس بالو حمید روڈ پشاور)



اُجِیْبُ دَعْوَةَ الدَّاعِ اِذَا دَعَانِ (پ ۲)

جواب دیتا ہوں دعا کرنے والے کی دعا کا جب دعا کرتا ہے مجھ سے

حزب الرسول

محمد صادق سیالکوٹی

وَقَالَ رَبُّكُمُ ادْعُونِي أَسْتَجِبْ لَكُمْ (پ ۲۴ سورۃ مومن ع ۶)

”اور کہا تمہارے پروردگار نے دعا کرو مجھ سے قبول کروں گا
واسطے تمہارے،“

نہ چھوڑ اے دل فغانِ صبحگاہی،
اماں شاید ملے اللہ ھو میں!

حزب الرسول ﷺ

اس کتاب کے چمن زار میں جناب سیدِ ولد آدم، راہ نوردِ جادۂ اسریٰ شافع روزِ جزا حضرت محمد رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کی نورانی دعاؤں کے وہ پھول کھلے ہیں جنکی عنبر فشانیوں سے دنیا اور عقبےٰ دونوں جہان مہک رہے ہیں

تالیف: **مولانا حکیم محمد صادق سیالکوٹی** مدظلہ،

ناشر: **مکتبہ نعمانیہ ○ اردو بازار گوجرانوالہ**

لاہور میں ملنے کا پتہ: **نعمانی کتب خانہ حق سٹریٹ اردو بازار لاہور**

خطبۂ رحمۃ للعالمین صلی اللہ علیہ وسلم

بسم اللہ الرحمن الرحیم

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ[1] نَحْمَدُهٗ وَنَسْتَعِيْنُهٗ وَ
نَسْتَغْفِرُهٗ وَنُؤْمِنُ بِهٖ وَ نَتَوَكَّلُ
عَلَيْهِ وَنَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنْ شُرُوْرِ اَنْفُسِنَا

---

[1] نبی اکرم صلے اللہ علیہ وسلم کا یہ وہ جامع اور مبارک خطبہ ہے جو حضور اپنے ہر وعظ اور تقریر کے شروع میں پڑھا کرتے تھے۔ اور یہ خطبہ بالفاظ مختلف مسلم، ابوداؤد، ترمذی میں موجود ہے ✣

وَ مِنْ سَيِّاٰتِ اَعْمَالِنَا مَنْ يَّهْدِهِ اللّٰهُ
فَلَا مُضِلَّ لَهٗ وَ مَنْ يُّضْلِلْهُ فَلَا هَادِيَ
لَهٗ ط وَ نَشْهَدُ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ
لَا شَرِيْكَ لَهٗ وَ نَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ
وَ رَسُوْلُهٗ ط ـــ اَمَّا بَعْدُ ـــ فَاِنَّ خَيْرَ
الْحَدِيْثِ كِتَابُ اللّٰهِ وَ خَيْرَ الْهَدْيِ
هَدْيُ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَ شَرَّ الْاُمُوْرِ
مُحْدَثَاتُهَا وَ كُلُّ مُحْدَثَةٍ بِدْعَةٌ وَ
كُلُّ بِدْعَةٍ ضَلَالَةٌ وَ كُلُّ ضَلَالَةٍ فِي النَّارِ

ترجمہ : سب تعریفیں اللہ تعالیٰ ہی کے لئے ہیں (اسلئے) ہم اس کی تعریفیں کرتے ہیں اور اپنے ہر کام میں اُسی سے مدد مانگتے ہیں ۔ ہم اس (رب العالمین) سے اپنے گناہوں کی بخشش چاہتے ہیں ، اور اسی پر ایمان لاتے ہیں ۔ اور اسی (ذات پاک) پر ہمارا بھروسہ ہے ۔ ہم اپنے نفس کی شرارتوں سے اللہ کی پناہ طلب کرتے ہیں ، اور اپنے اعمال کی برائیوں سے (بھی) اس کی پناہ میں آتے ہیں ۔ (یقین مانو) کہ جسے اللہ راہ دکھائے ۔ اُسے کوئی گمراہ نہیں کر سکتا ، اور جسے وہ (خود ہی) اپنے دَر سے دھتکار دے اس کے لئے کوئی راہبر نہیں ہو سکتا ، اور (ہم تہِ دل سے) گواہی دیتے ہیں کہ معبود برحق (صرف) اللہ تعالیٰ ہی ہے ۔ اور وہ اکیلا ہے اُس کا کوئی شریک نہیں ۔ اور (اسی طرح تہِ دل سے) ہم اس بات کی بھی گواہی دیتے ہیں کہ محمد (صلے اللہ علیہ وسلم) اسکے خاص بندے اور (آخری) رسول ہیں ۔ (صلی اللہ علیہ وسلم)

حمد و صلوٰۃ کے بعد (یقیناً) تمام باتوں سے بہتر بات اللہ تعالیٰ کی کتاب ہے اور تمام راستوں سے بہتر راستہ محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم کا ہے ۔

اور تمام کاموں میں بدترین کام وہ ہیں، جو خدا کے دین میں اپنی طرف سے نکالے جائیں۔ (یاد رکھو) دین میں جو کام نیا نکالا جائے، وہ بدعت ہے، اور ہر بدعت گمراہی ہے اور ہر گمراہی دوزخ میں لے جانے والی ہے۔"

◆

وہ دانائے سُبُل، ختم الرُّسُل، مولائے کُل جس نے
غبارِ راہ کو بخشا فروغِ وادیٔ سینا!

(اقبالؒ)

ذرّہ ذرّہ ہے حریفِ آفتاب و کہکشاں
یوں تجلّی ریز ہے فانوسِ ایوانِ رسولؐ

(ثمرؔ)

پتّی پتّی کی جبیں میں مسکراتے ہیں چمن
ہے بہار افروز اتنا حسنِ بستانِ رسولؐ

(ثمرؔ)

پیش لفظ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

فضا تری مہ و پرویں سے ہے ذرا آگے
قدم اٹھا یہ مقام آسماں سے دور نہیں

اس عالم کون و فساد کے اندر بے بس ۔ مضطر اور لاچار انسان ہر حین و آن اپنے خالق ۔ مالک ۔ رازق اور پروردگار کا سخت محتاج ہے ۔ اگر اللہ تعالیٰ ہوا سے آکسیجن سلب کرلے ۔ زمین سے پانی خشک کر دے اور رزق نہ اگائے تو تمام انسان آن واحد میں ہلاک ہوجائیں ۔ اس کے علاوہ آدمی استقرارِ حمل سے تا دم واپسیں ہر سانس کے ساتھ ساتھ فقیر در ربّ الارباب ہے جیسا کہ ارشاد خداوندی ہوتا ہے ۔

یٰۤاَیُّهَا النَّاسُ اَنْتُمُ الْفُقَرَآءُ اِلَی اللّٰهِ ۚ وَ اللّٰهُ هُوَ الْغَنِیُّ الْحَمِیْدُ ۔ ——— (پ ۲۲ ع ۱۵)

"اے لوگو! تم سب محتاج ہو طرف اللہ کی، اور اللہ وہی ہے بے احتیاج تعریف کیا گیا۔"

یعنی اے انسانو! آدمیو! ذریتِ ابوالبشر! خواہ تم میں سے پیغمبر ہے یا اُمتی۔ کوئی بادشاہ ہے یا غلام۔ امیر ہے یا غریب۔ اعلیٰ ہے یا ادنیٰ۔ گلفام ہے یا سیاہ فام سب کے سب یکساں طور پر اللہ کے در کے بھکاری، محتاج اور فقیر ہو۔ کسی کو اللہ کی جناب میں احتیاج سے مفر نہیں۔ حضرت موسےٰ علیہ السلام ایک سفر میں تھکے ماندے بھوکے اللہ تعالےٰ کے حضور یوں دُعا کرتے تھے:

رَبِّ اِنِّیْ لِمَآ اَنْزَلْتَ اِلَیَّ مِنْ خَیْرٍ فَقِیْرٌ

(پ ۲۰ ع ۶)

"اے میرے پروردگار! تو اپنے خوانِ کرم سے اس وقت جو نعمت بھی مجھ کو بھیج دے میں اس کا سخت محتاج ہوں"

جناب سرورِ کائنات، سید کونین، سید ولد آدم صلے اللہ علیہ وسلم اپنے مالک سے یوں عرض کرتے ہیں:

وَ اَنَا الْبَآئِسُ الْفَقِیْرُ الْمُسْتَغِیْثُ (طبرانی)

"میرے مولا! میں خستہ حال فقیر ہوں تیرے در پہ

فریادی بنکر آیا ہوں"

تو ثالِ رضا کی آغوش میں پیہم سراندیب کی دُکھوں — دردوں، غموں، اندوہوں، کربوں، بلاؤں، مصیبتوں، بیماریوں، آفتوں، پریشانیوں، حادثوں، بے روزگاریوں، حیرانیوں، اضطرابوں، پراگندگیوں، اُداسیوں، فکرمندیوں، آشفتہ حالیوں، غفلتوں اور گناہوں میں غریق اولاد کے لئے ازبس ضروری ہے کہ اللہ علام الغیوب اور علیٰ کل شئیٍ قدیر ذات سے دعا کرتی رہے۔

دُعا کی فضیلت

یہ بھی اللہ تعالےٰ کا بڑا کرم، اور اس کی بخشش ہے کہ اس نے دُعا کو عبادت کا درجہ دیا ہے۔ رحمتِ عالم صلے اللہ علیہ وسلم کی معصوم ذات نے فرمایا ہے:

اَلدُّعَآءُ هُوَ الْعِبَادَةُ (ابوداؤد۔ ترمذی)

"دُعا وہ عبادت ہی تو ہے"

پھر حضورِ انورؐ نے آیۂ ذیل پڑھی جو دُعا کے متعلق ہے:

وَ قَالَ رَبُّكُمُ ادْعُوْنِیْٓ اَسْتَجِبْ لَكُمْ ؕ اِنَّ الَّذِیْنَ یَسْتَكْبِرُوْنَ عَنْ عِبَادَتِیْ سَیَدْخُلُوْنَ جَهَنَّمَ دٰخِرِیْنَ (پ ۲۴ ع ۱۱)

" اور کہا ہے تمہارے پروردگار نے کہ دُعا مانگو مجھ سے کہ میں تمہاری دُعا قبول کروں گا ۔ جو لوگ تکبر کرتے ہیں میری عبادت سے (یعنے میری جناب میں دُعا مانگنے سے ، قریب ہے کہ داخل ہوں گے دوزخ میں ذلیل ہو کر "

نوٹ : اِس آیت میں عبادت سے مراد دُعا ہے ۔ یعنی جو لوگ دُعا مانگنے سے تکبر کرتے ہیں ۔ خود کو دُعا مانگنے سے مستغنی سمجھتے ہیں ۔ دُعا کرنا چھوڑ دیتے ہیں ۔ اللہ کے حضور اپنی محتاجی ، فقیری ، ضرورت ، حاجت کے لئے ہاتھ نہیں اٹھاتے ، گناہوں کے لئے لب نہیں ہلاتے وہ متکبر ہیں ۔

حضرت انس رضؓ سے روایت ہے کہ رسُول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا :

اَلدُّعَاءُ مُخُّ الْعِبَادَةِ (ترمذی)

"دُعا عبادت کا مغز ہے "

یعنی عبادت کا خلاصہ اور مقصود بالذات دُعا ہے کیونکہ عبادت کی حقیقت ہی یہ ہے کہ بندہ اپنے آپ کو عاجز ، اور ذلیل سمجھے ۔ اور یہ بات دعا میں حاصل ہوتی ہے :

حضرت ابوہریرہ رضؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ

علیہ وسلم نے فرمایا :

لَيْسَ شَيْءٌ أَكْرَمَ عَلَى اللّٰهِ مِنَ الدُّعَاءِ

(ترمذی – ابن ماجہ)

ترجمہ " نہیں ہے کوئی چیز اللہ کے نزدیک بزرگ قدر دُعا سے " (ترمذی ۔ ابن ماجہ)

نوٹ : چونکہ دُعا دلیل ہے اللہ تعالیٰ کی قدرت اور بندے کے کمالِ عجز پہ ــــــ بے بس ، لاچار ، مضطر ، عاجز ، تنگ مجبور ، ناچار ، مغلوب ، مایوسِ خلق ، ناامیدِ عالم ۔ مسکین آدمی اللہ واحد القہار ، علیٰ کل شیءٍ قدیر ، مختارِ کل ذات سے مانگتا ہے ۔ اس لئے اللہ دعا کا اکرام کرتا ہے ◆

حضرت سلمان فارسی رضؓ سے روایت ہے کہ رسُول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا :

لَا يَرُدُّ الْقَضَاءَ إِلَّا الدُّعَاءُ وَلَا يَزِيدُ فِي الْعُمُرِ إِلَّا الْبِرُّ (ترمذی شریف)

" نہیں پھیرتی تقدیر کو مگر دُعا ، اور نہیں زیادتی کرتی عمر میں مگر نیکی "

نوٹ : مراد یہاں تقدیر سے کسی مکروہ چیز کا نزول ہے کوئی آفت ، مصیبت ، مرض ، حادثہ ، بلا ، سختی ، زحمت ، صدمہ وغیرہ ۔ تقدیر معلق ◆

جب بندہ اللہ کی جناب میں خلوص وخشیت اور آہ و زاری سے دُعا کرتا ہے تو اللہ اس کے سبب وہ بلا اور مصیبت وغیرہ ٹال دیتا ہے ۔ معلوم ہُوا کہ دُعا دافع البلاء ہے ۔ گویا اللہ کی عبادت بلکہ خلاصہ عبادت سے بلا ٹل گئی ۔ ہاں تقدیر مبرم میں کچھ تغیر وتبدل نہیں ہوتا ۔ موت کا ایک دن معیّن ہے ۔ نہیں ٹل سکتا ۔

اور نیکی سے عمر میں برکت دی جاتی ہے ۔ بابرکت عمر فضل اور زیادتی کی حامل ہوتی ہے ۔

حضرت ابن عمرؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا :

إِنَّ الدُّعَاءَ يَنْفَعُ مِمَّا نَزَلَ وَ مِمَّا لَمْ يَنْزِلْ فَعَلَيْكُمْ عِبَادَ اللهِ بِالدُّعَاءِ (الترمذی)

”بے شک دعا نفع کرتی ہے اس چیز سے ۔ کہ اُتری اور اس چیز سے کہ نہیں اتری ۔ پس لازم کرو اپنے اُوپر اے اللہ کے بندو دعا کو“

نوٹ: رحمتِ عالمؐ کے فرمان سے ثابت ہوا ۔ کہ جو مصیبت یا بلا اُتر چکی ہو ، اس کے لئے بھی دعا کرنا نافع ہے ۔ اور جو مصیبت ابھی نہیں اُتری ۔ اس کے اترنے سے پہلے ہی اللہ سے خیریت و عافیت کی دعا کرتے رہیں

تو وہ مصیبت اُترتی ہی نہیں ۔ اس لئے حضورؐ نے فرمایا : کہ اے اللہ کے بندو! دعا مانگنا اپنے اوپر لازم کر لو ۔ یعنی ہر وقت دعا کرتے رہا کرو ۔ اس سے آئی بلا بھی ٹلتی ہے اور آنے والی بھی ٹل رہتی ہے ۔

رحمتِ عالمؐ ارشاد فرماتے ہیں :

لَا يُغْنِي حَذَرٌ مِنْ قَدَرٍ وَالدُّعَاءُ يَنْفَعُ مِمَّا نَزَلَ وَمِمَّا لَمْ يَنْزِلْ وَإِنَّ الْبَلَاءَ لَيَنْزِلُ يَتَلَقَّاهُ الدُّعَاءُ فَيَعْتَلِجَانِ إِلَى يَوْمِ الْقِيَامَةِ (طبرانی)

وہ نہیں فائدہ دیتا ڈرنا تقدیر سے (یعنی ڈرنے سے بلائے مقدر کا اترنا دفع نہیں ہوتا) اور (البتہ) دعا نفع دیتی ہے اس بلا سے کہ نازل ہوئی اور اس سے کہ نازل نہیں ہوئی اور جب بلا اُترنے کا ارادہ کرتی ہے تو دعا اس سے ملتی ہے ۔ پھر دونوں قیامت تک لڑتی ہیں ۔

نوٹ سابقہ حدیث میں آپ نے پڑھا ہے کہ دعا کرنے سے نازل شدہ بلا بھی دُور ہو جاتی ہے اور جو بلا ابھی نازل نہیں ہوئی ۔ دعا سے وہ بھی رُک جاتی ہے ۔

اس حدیث میں حضورؐ نے مزید ارشاد فرمایا ہے کہ جب بلا نازل ہونے کا ارادہ کرتی ہے ، یعنی نیچے آتا چاہتی

ہے تو دُعا اُوپر چڑھتی ہے۔ پھر دونوں آپس میں گتھم گتھا ہوتی ہیں ، لڑتی ہیں ۔ اسی طرح قیامت تک دُعا بلا کو روک رکھتی ہے ۔ نیچے آنے نہیں دیتی ۔ یوں سمجھئے ؛ کہ جس طرح لڑائی میں ڈھال سینے کو تیر سے بچاتی ہے اسی طرح دعا سپر بنکر تیرِ بلا کا مقابلہ کرتی ہے اور صاحب دعا کو بچاتی ہے ۔ اس سے دعا کی بزرگی ، منزلت ، فائدہ ، اور اہمیت معلوم ہوتی ہے ۔

مُلاحظہ اگر مبرم بلا ہو تو دعا کا پھر بھی فائدہ ہے ۔ کہ اللہ صبر کی توفیق دیتا ہے اور وہ بلا اس پر سہل ہو جاتی ہے اور اس کی سہار سے درجے بلند ہوتے ہیں ۔ بندہ راضی برضا ہو کر اللہ کے مقربوں سے ہو جاتا ہے اور اس کا انجام ان صالحین کی مانند ہو جاتا ہے جو نفسِ مطمئنہ رکھتے ہیں ۔

حضرت ابوہریرہ رضؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا :

مَنْ لَمْ يَسْئَالِ اللّٰهَ يَغْضَبْ عَلَيْهِ (ترمذی)

" جو شخص اللہ سے نہ مانگے ، اللہ اس پر ناراض ہوتا ہے "

نوٹ : ترکِ سوال اللہ کی جناب میں تکبر اور لاپرواہی ہے

اس لئے اللہ غصے ہوتا ہے ۔

غور کریں کہ اگر کسی سے مانگیں تو وہ غصے ہوتا ہے ۔ لیکن اللہ نہ مانگنے پر غصے ہوتا ہے ۔ کتنا اچھا پروردگار رازق اور مہربان ہے ۔

حضرت ابن عمر رضؓ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا :

مَنْ فُتِحَ لَهٗ مِنْكُمْ بَابُ الدُّعَاءِ فُتِحَتْ لَهٗ اَبْوَابُ الرَّحْمَةِ وَمَا سُئِلَ اللّٰهُ شَيْئًا يَعْنِيْ اَحَبَّ اِلَيْهِ مِنْ اَنْ يُّسْئَلَ الْعَافِيَةَ ۔ (ترمذی)

" تم میں سے جس شخص کے لئے دعا کا دروازہ کھولا گیا کھولے گئے اس کے لیے دروازے رحمت کے اور نہیں مانگی جاتی اللہ تعالےٰ سے کوئی چیز یعنی بہت محبوب طرف اللہ کے اس سے کہ مانگی جائے عافیت "

نوٹ جس کے لئے دعا کا دروازہ کھلتا ہے ۔ اس کو دعا مانگنے کی بہت توفیق ملتی ہے ۔ پورے آداب اور شرائط کے ساتھ ۔ پھر ایسے شخص کیلئے رحمت کے دروازے کھل جاتے ہیں ۔ یعنی اس کی دعائیں قبول ہوتی ہیں کہ کبھی مانگی ہوئی چیز ملتی ہے ۔ کبھی کوئی برائی

تکلیف مصیبت ٹال دی جاتی ہے اور کبھی دعا ذخیرہ کر دی جاتی ہے کہ اس کے سبب برزخ اور آخرت کی تکالیف دُور ہوں گی ۔

اور دعاؤں میں سب سے زیادہ محبوب دعا خدا تعالیٰ کے نزدیک وہ ہے جس میں اللہ تعالیٰ سے عافیت مانگی جائے اور عافیت کے معنی ہیں ـــــ سلامتی اور امن ۔ تمام آفات ، امراض ، بلاؤں اور مکروہات ظاہری و باطنی سے ۔

حضرت ابی ہریرہ رض سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا :

مَنْ سَرَّهُ اَنْ یَّسْتَجِیْبَ اللّٰهُ لَهٗ عِنْدَ الشَّدَائِدِ
فَلْیُکْثِرِ الدُّعَاءَ فِی الرَّخَاءِ ۔ (ترمذی)

”جس شخص کو یہ خوش لگے کہ اس کی دعا اللہ تعالیٰ سختیوں میں قبول کرے تو اسے چاہیئے کہ بہت دعا کرے فراخی کی حالت میں “

نوٹ ایسا نہیں کرنا چاہیئے کہ امن اور سلامتی ۔ فراخی اور کشائش کے زمانے میں دُعا کرنی چھوڑ دے اور جب تنگی ، بیماری وغیرہ آگئے تو اس وقت رو رو کر دعا مانگے ۔ بلکہ فراخی کی حالت میں بھی اللہ تعالےٰ سے خیریت و

عافیت اور شکر و طاعت کی توفیق کی دعا مانگنی چاہیئے ۔ پھر اگر مصائب و نوائب میں دُعا مانگے گا تو اللہ تعالےٰ نے جلد قبول کرے گا ۔ دُعا فراخی اور تنگی کی حالت میں جاری رکھنی چاہیئے ۔

حضرت انس رض سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا :

” لَا تَعْجِزُوْا فِی الدُّعَاءِ فَاِنَّهٗ لَنْ
یَّهْلِكَ مَعَ الدُّعَاءِ اَحَدٌ ۔ (ابن حبان)

” دعا مانگنے میں عاجز نہ ہوؤ ۔ کیونکہ دعا کے ساتھ کوئی ہلاک نہیں ہوتا “

نوٹ دُعا میں عاجز نہ ہونے کا مطلب یہ ہے کہ دُعا کرنی چھوڑ نہ دو ۔ تھک ہار کر ترک نہ کر دو ۔ بلکہ دُعا جاری رکھو ۔ ہر وقت اور ہر حال میں اللہ کے آگے ہاتھ پھیلائے رکھو کہ دعا کی برکت یہ ہے کہ کوئی دعا کے ساتھ ہلاک نہیں ہوتا ۔ دُعا بہت بڑا ہتھیار ہے ، جیسا کہ حضور نے فرمایا :

اَلدُّعَاءُ سِلَاحُ الْمُؤْمِنِ وَعِمَادُ الدِّیْنِ
وَنُوْرُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۔ (حصن حصین)

”ترجمہ“ دُعا مومن کا ہتھیار ہے دکہ اس سے بلا اور

معصیت کا مقابلہ کرتا ہے) اور دین کا ستون ہے اور آسمانوں اور زمین کی روشنی ہے "۔

رحمت عالم صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا :

مَا مِنْ مُسْلِمٍ يَنْصِبُ وَجْهَهٗ لِلّٰهِ تَعَالٰى فِيْ
مَسْئَلَةٍ اِلَّا اَعْطَاهَا اِيَّاهُ اِمَّا اَنْ يُّعَجِّلَهَا
لَهٗ وَاِمَّا يَدَّخِرَهَا لَهٗ ۔ (احمد)

ترجمہ ۔ " جو مسلمان کسی سوال کے لئے اپنا منہ اللہ تعالیٰ کیطرف اٹھاتا ہے تو اللہ تعالیٰ اس کا سوال اسے عنایت کر دیتا ہے ، یا اس کا سوال جلد دیتا ہے ۔ یا اس کو ذخیرہ کر دیتا ہے اس کے لئے "۔

نوٹ سوال جلد عطا کرتا ہے ۔ یعنی دنیا میں کسی وقت اس کی مراد پوری کر دیتا ہے یا سوال اور دُعا کو ذخیرہ کر دیتا ہے ۔ آخرت کے لئے کہ اس کے گناہ معاف کر دے گا ۔ اس کو بہت اجر دے گا ۔ الحاصل مومن کی دعا آداب و شرائط کے ساتھ کی ہوئی ہرگز ضائع نہیں جاتی ۔ دنیا میں یا آخرت میں ضرور ضرور بار آور ہوتی ہے ۔

انسان چاہتا ہے کہ اس کی ہر بات پوری ہو ۔ اس کی ہر پسند اس کو ملے کہ لیکن ہو سکتا ہے کہ جس کو وہ پسند کرتا ہے ۔ وہ اس کے لئے انجام کے لحاظ سے بُری ہو اور جس کو وہ ناپسند

کرتا ہے وہ اس کے حق میں اچھی اور بہتر ہو ۔ دُعا کا دُعا کرنے والے کے حق میں انجام کے لحاظ سے اچھا یا بُرا ہونا اللہ عالمُ الغیب ہی جانتا ہے ۔ اس لئے بندے کا کام خلوص سے دعا کرنا ہے ۔ آگے اللہ تعالےٰ اس دعا کرنے والے کے حق میں جو بہتر ہے وہ کرے گا ۔ اس کا سوال اسی وقت پورا کرے ۔ ہفتہ کے بعد ، یا سال کے بعد پورا کرے ۔ یا بجائے اس سوال کے ۔ اسکی کوئی اور حاجت پوری کر دے ۔ یا کوئی اترنے والی بلا ٹال دے ۔ یا قبر ، پلصراط ، یا میزان کے وقت اسکی سختی دُور کر دے ۔ اس کے درجات بلند کرے ۔ وہ پاک ذات بندے کی بڑی خیر خواہ ہے ۔ اس سے بہتر سلوک کرے گی ۔ آدمی کو چاہیئے کہ وہ دعا مانگنے ، وظائف پڑھنے میں سستی نہ کرے ۔ بے حضور نہ ہو تنگ آکر چھوڑ نہ دے ۔ جلد باز نہ ہو کہ ابھی ہتھیلی پر سرسوں کیوں نہیں جمتی ! یاد رکھیں کہ بندے کی دعا ضرور قبول ہوتی ہے ۔ قبولیت کے رنگ علیحدہ علیحدہ ہیں ۔ جس رنگ کو خدا پسند کرے وہ ہی بندے کے حق میں بہتر سے بہتر ہے ۔ اللہ کی پسند کو اپنی پسند پر ترجیح دینی چاہیئے ۔ بندے کا کام دُعا کرنا ۔ مانگنا ۔ آہ و زاری کرنا ۔ چیخنا ، چلانا ۔ اور

گڑگڑاتا ہے۔ نہ یہ کہ اللہ تعالیٰ بندے کے اشارے پر چلے۔ ہر ہر بات میں ملازم کی طرح معاذ اللہ تعمیل کرے۔

بندے! تیرا کام بندگی ہے۔ پس بندگی کر! لاچار اور مضطر انسان! زنبیلِ سوال لئے ہر دم داتا کے در پہ کھڑا رہ! صدا دیتا رہ! رزاق ذوالقوۃ المتین اُجیب کے روزن سے ضرور خیر ڈالے گا۔ وہ خیر جو تجھے دنیا و مافیہا سے بے نیاز کر دیگا۔

اللہ تعالیٰ بندوں پر بڑا مہربان ہے۔ سچا حاجت روا مشکلکشا، دافع بلا ہے۔ ہر وقت بندوں پر نظرِ رحمت رکھتا اور ان کی دعاؤں کو قبول فرماتا ہے۔ رحمت عالم ارشاد فرماتے ہیں:

اِنَّ رَبَّكُمْ حَيِيٌّ كَرِيْمٌ يَسْتَحْيِيْ مِنْ عَبْدِهٖ اِذَا رَفَعَ يَدَيْهِ اِلَيْهِ اَنْ يَّرُدَّهُمَا صِفْرًا ۔ (ترمذی، ابوداؤد)

(ترجمہ) "بے شک پروردگار تمہارا بہت حیامند ہے۔ دینے والا ہے بغیر سوال کے، حیا کرتا ہے اپنے بندے سے کہ جب وہ اٹھاتا

ہے اپنے دونوں ہاتھ، پھیرے اُن کو خالی"

نوٹ ہر چیز پر قادر اللہ تعالےٰ کتنا حیامند ہے۔ کہ اپنے بندے کو اپنے در سے خالی ہاتھ نہیں پھیرتا۔

بندوں کو چاہیئے کہ دُعا کے آداب و شرائط کیساتھ دعا مانگیں، اور قبولیت کا پُورا پُورا یقین کرکے دُعا کریں۔ رحمتِ عالم ارشاد فرماتے ہیں:

اُدْعُوا اللّٰهَ وَ اَنْتُمْ مُوْقِنُوْنَ بِالْاِجَابَةِ وَاعْلَمُوْا اَنَّ اللّٰهَ لَا يَسْتَجِيْبُ دُعَاءً مِّنْ قَلْبٍ غَافِلٍ لَاهٍ ۔ (ترمذی شریف)

"دعا مانگو اللہ سے درحالیکہ تم یقین رکھتے ہو۔ ساتھ قبولیت کے، اور یاد رکھو — کہ اللہ تعالیٰ قبول نہیں کرتا دعا غافل کھیلنے والے دِل کی"

نوٹ تو دُعا بڑے یقین سے کرنی چاہیئے۔ کہ اللہ تعالیٰ اپنے فضلِ عظیم سے ضرور قبول کرے گا۔ ناامیدی کا خیال تک نہیں آنا چاہیئے۔ قلب غافل وہ ہوتا ہے کہ جس میں ہنگام دُعا خضوع وخشوع اور حضور و خلوص نہ ہو۔ دست در تسبیح،



۲۴

دل در گاؤ خر — قلبِ غافل کے متعلق ہی کہا گیا ہے۔

اوراد و وظائف اور دُعا میں استعجال نہ چاہیئے، کہ کہے — اتنا عرصہ ہو گیا میں نے دعا مانگتے اور وظیفہ پڑھتے۔ مگر ابھی تک قبول نہیں ہوئی — بلکہ پورے یقین اور وثوق کے ساتھ دعا جاری رکھے۔ حزب پڑھتا رہے۔ رحمت عالمؐ فرماتے ہیں:

يُسْتَجَابُ لِلْعَبْدِ مَا لَمْ يَدْعُ بِإِثْمٍ أَوْ
قَطِيعَةِ رَحِمٍ مَا لَمْ يَسْتَعْجِلْ قِيلَ يَا
رَسُولَ اللّٰهِ مَا الْإِسْتِعْجَالُ قَالَ يَقُولُ قَدْ
دَعَوْتُ وَقَدْ دَعَوْتُ فَلَمْ أَرَ يُسْتَجَابُ
لِي فَيَسْتَحْسِرُ عِنْدَ ذٰلِكَ وَيَدَعُ الدُّعَاءَ۔

(صحیح مسلم)

ترجمہ۔ قبول کی جاتی ہے (دعا) بندے کی (ساتھ شرطوں قبولیت کے)، جب تک نہیں مانگتا دعا گناہ کی یا توڑنے ناتے کی۔ جب تک کہ نہیں جلدی کرتا۔ عرض کیا گیا۔ اے اللہ کے رسولؐ! کیا ہے جلدی؟ فرمایا کہ کہے (بندہ دعا مانگنے والا) تحقیق میں نے دعا مانگی اور تحقیق میں نے دعا مانگی۔ (اتنی بار، اتنا عرصہ) پس مجھے قبول ہوتی



۲۵

نظر نہیں آتی۔ پھر تھک جائے نزدیک اُسکے اور چھوڑ دے دعا مانگنی۔"

نوٹ دعا گناہ کی نہ مانگے۔ یعنی کسی مسلمان کیلئے ناحق بد دعا نہ کرے۔ تجارت حرام میں نفع کی دعا نہ مانگے۔ یا کسی کافر یا مشرک مرے ہوئے کے لئے بخشش کی دعا نہ کرے، یا محال چیزوں کے لئے اور نہ ناتا رشتہ توڑنے کی دعا کرے — جیسے کہے کہ اے اللہ! میرا تعلق میرے والدین سے، یا بھائیوں سے اور بہنوں سے توڑ دے۔ اور نہ دُعا میں جلدی کرے کہ تھک ہار کر دعا کرنی ہی چھوڑ دے کہ تینوں کام دعا کی قبولیت میں مانع ہیں۔

مسلمان بھائی دوسرے مسلمان بھائی کے لئے دعا کرے تو بوجہ خلوص قبول ہوتی ہے۔ سرورِ عالمؐ ارشاد فرماتے ہیں کہ:

دَعْوَةُ الْمَرْءِ الْمُسْلِمِ لِأَخِيهِ بِظَهْرِ الْغَيْبِ
مُسْتَجَابَةٌ عِنْدَ رَأْسِهِ مَلَكٌ مُوَكَّلٌ كُلَّمَا
دَعَا لِأَخِيهِ بِخَيْرٍ قَالَ الْمَلَكُ الْمُوَكَّلُ بِهِ
اٰمِينَ وَلَكَ بِمِثْلٍ۔ (صحیح مسلم)

"دعا مسلمان بھائی کی واسطے مسلمان بھائی

اپنے کے پیٹھ پیچھے قبول کی جاتی ہے دعا کرنے والے کے سر کے پاس ایک فرشتہ معیّن کیا جاتا ہے۔ جب دعا مانگتا ہے اپنے بھائی کے لئے بھلائی کی تو کہتا ہے فرشتہ معین کیا گیا اس (کی دعا) کے ساتھ آمین۔ (اے اللہ قبول کر دعا اس کی) اور (دعا کرنے والے کو) کہتا ہے اور تیرے لئے (بھی) اس کی مثل ہے۔"

نوٹ مسلمان بھائی جب اپنے مسلمان بھائی کے لئے مُنہ میں یا پیٹھ پیچھے دُعا کرتا ہے تو چونکہ بغیر کسی غرض اور لالچ کے کرتا ہے۔ محض خلوص، خیر خواہی اور ہمدردی سے کرتا ہے۔ اس لئے اللہ تعالیٰ قبول فرما لیتا ہے، بلکہ ایک فرشتہ کو معین کر دیتا ہے جو دعا کے ساتھ آمین کہتا ہے۔ پس قبولیت یقینی ہوئی۔

حضرت عمرؓ نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم سے عمرے کے لئے اجازت چاہی۔ حضورؐ نے اجازت دے دی۔ جب حضرت عمرؓ روانہ ہوئے تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کو کہا:

أَشْرِكْنَا يَا أُخَيَّ فِي دُعَائِكَ وَلَا تَنْسَنَا ابوداؤد ترمذی

"شریک کرنا ہم کو اے میرے چھوٹے بھائی اپنی دعا میں، اور نہ بھولنا ہم کو (اپنی دعا میں)۔"

رحمت للعالمین صلے اللہ علیہ وسلم نے جو حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو دعا کے لئے کہا۔ اس میں دو باتیں قابلِ غور ہیں۔ ایک تو مقام بندگی میں حضورؐ نے عاجزی اور مسکینی ظاہری کی۔ سید الکونین والثقلین، سید ولد آدم ہو کر حضرت عمرؓ کو دعا کے لئے کہا۔ کروڑوں درود اور سلام ہوں ان خاتم النبیین کی روح پاک پر۔

دوسری بات یہ کہ لوگوں کو رغبت دلائی: کہ اچھے لوگوں، موحدوں، عابدوں، پرہیزگاروں، مخلصوں سے (جو بقید حیات ہوں) دعا کی طلب کیا کریں۔ اور یہ بھی ہدایت ہوئی کہ دُعا صرف اپنے لئے ہی نہ ہو بلکہ شریک کریں دعا میں اہلِ قرابت اور احباب کو بھی، اور خاص کر ان دعاؤں میں جو قبولیت کے مقاموں اور وقتوں میں کی جائیں۔

وہ دعا جو غائب، غائب کے لئے کرتا ہے، قبول ہوتی ہے۔ کیونکہ اس میں نمود و ریا نہیں ہوتی۔ نرا خلوص ہی ہو سکتا ہے۔ حضرت ابوذرؓ فرماتے ہیں:

أَنَّ أَسْرَعَ الدُّعَاءِ إِجَابَةً دَعْوَةُ غَائِبٍ



لِلْغَائِبِ (ترمذی شریف)

(ترجمہ) "بیشک بہت جلد قبول ہونے والی دُعا غائب کی ہے واسطے غائب کے"

پس رشتہ داروں، دوستوں، محبوں کو ایک دُوسرے کے لئے غائبانہ طور پر دعا کرنی چاہیئے۔ اپنی نیک دعاؤں میں انھیں شریک کرنا چاہیئے کہ خیر خواہی کرنا مسلمان کی، بڑا ثواب ہے اور اللہ کی رضامندی کا موجب ہے۔

متذکرۃ الصدر احادیث کی روشنی میں آپ نے دعا کی فضیلت۔ مرتبہ۔ قدر۔ بزرگی۔ ضرورت اور اہمیت ملاحظہ کی ہے۔ کہ دُنیا کی فانی زندگی میں انسان ہر لحظہ دُعا کا محتاج ہے۔ دعا سے ایک تو بندے کا اللہ سے رُوحانی تعلق قائم ہوتا ہے۔ دعا سے بندے کی انتہائی عاجزی ذلت۔ بے بسی۔ لاچاری اور مسکنت ثابت ہوتی ہے اور یہی مقصود عبودیت ہے۔ اس سے اللہ راضی ہوتا ہے۔ اور بندے پر نظرِ رحمت کرتا ہے۔

یاد رہے کہ دعا کرنا — جدوجہد، تگ و دو، محنت کاوش، کوشش اور حصول اسباب کے منافی نہیں ہے جتنا اسلام نے دعا پر زور دیا ہے۔ اتنا ہی جدّوجہد،



تگ و دو اور مساعی پر دیا ہے۔ ارشاد خداوندی ہوتا ہے:

"لَیْسَ لِلْاِنْسَانِ اِلَّا مَا سَعٰی (پ۲۷ ع۷)

"نہیں ہے واسطے آدمی کے مگر جو کچھ اس نے سعی کی"

اس سے تگ و دو اور سعی و عمل کا سبق دیا ہے۔ پھر فرمایا:

خُذُوْا حِذْرَکُمْ (پ۵ ع۸) "لو بچاؤ اپنا"

یعنی دشمن کے مقابلہ میں مسلح ہو کر نکلو۔ گویا جس طرح یورپ نے اسباب کی فراہمی، سائنس کی ایجادات اور کمال تگ و تاز سے دنیا میں ایک مقام پیدا کر لیا ہے۔ بالکل اسی طرح کی سعی و عمل کی اسلام نے تعلیم دی ہے۔ سچ پوچھئے تو ان لوگوں نے ان مساعی جمیلہ اور جدّوجہد کا سبق قرآن سے سیکھا ہے۔ لیکن افسوس! کہ وہ مادی ترقی اور اسباب کی فراوانی میں ڈوب کر رہ گئے اور ان پر تکیہ کر کے مسبب الاسباب کو بھلا بیٹھے۔ آخرت کا کچھ دھیان نہ رہا۔

اِسلام نے جہاں دوڑ دھوپ اور سعی و عمل پر از حد زور دیا ہے۔ وہاں یہ بھی بتایا ہے کہ بھروسہ اپنی کوشش اور اسباب پر مت کرنا۔ بھروسہ اور تکیہ اللہ واحد القہار پر رکھنا۔ کیونکہ انسان کی کوشش اور اسباب صرف اس

وقت بار آور ہو سکتے ہیں۔ جب اللہ تعالیٰ چاہے۔ وہ نہ چاہے تو کوشش اور اسباب ناکام ہو کر رہ جاتے باوجود کمال احتیاط اور حزم کے ریل گاڑیاں ٹکراتیں۔ طیارے گرتے جہاز ڈوبتے، بسیں، لاریاں، ٹرک، موٹریں، سکوٹر، سائیکل تانگے، — حادثوں کا شکار ہوتے رہتے ہیں۔ ہر وقت انسان کی زندگی ترساں اور لرزاں ہے۔ کیا ضمانت ہے اس بات کی کہ انسان فردا دیکھے گا۔ فردا تو بہت دور ہے۔ اگلا سانس ہی اُٹھے گا — ؟

چونکہ انسان کی زندگی، اس کے شب و روز، اور ہر ہر حرکت اللہ کے بس میں ہے اور عاجز انسان اسی کے رحم و کرم پر ہے۔ اس لئے ضروری ہے کہ بے بس اور لاچار انسان اَللّٰہُ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْر کے دروازہ پر ہمیشہ ناصیہ فرسا رہے۔ اس کی جناب میں دعائیں کرتا کرتا رہے۔ ہاتھ پھیلائے رکھے۔ مانگتا رہے۔ در مولا کی گدائی میں اپنی عزت، وقار، ترقی اور دارین کی فلاح مضمر جانے —

اسی کے فیض سے میری نگاہ ہے روشن
اسی کے فیض سے میرے سبو میں ہے جیحوں

اللہ تعالیٰ کے آخری رسول سید المرسلین، رحمت للعٰلمین

حضرت محمد رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے اپنی تمام زندگی دعاؤں کے سہارے گزاری ہے۔ سعی و عمل کے کہکشاں گیر درس کے ساتھ رات دن — چلتے پھرتے — اٹھتے بیٹھتے — کھاتے پیتے — ہر گھڑی اور ہر لحظہ رب الارباب کے حضور دعاؤں۔ التجاؤں اور مناجاتوں میں سکون قلب پایا ہے۔ کوئی وقت، کوئی گھڑی، کوئی موقعہ، کوئی محل، کوئی محفل، کوئی تقریب ایسی نہیں جہاں رحمت عالم کی دعاؤں کے فانوس جگمگا نہ رہے ہوں۔ پیدائش سے لیکر موت تک، زندگی کے ہر شعبہ، گوشہ، زاویہ اور احوال و ظروف میں راہروِ جادۂ اسریٰ حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی التجاؤں، پکاروں اور دعاؤں کے سدا بہار پھول بہار دکھلا رہے ہیں۔ جن سے ایمان کیف پا رہا ہے اور روح کوثر و تسنیم کی موجوں میں نہا رہی ہے۔

یہ ظاہر ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی زبان اطہر کی دعاؤں کا جو مقام اور درجہ ہے وہ تمام انبیا اور ساری اولادِ آدم کے صالحین کی دعاؤں کا نہیں ہو سکتا۔ کتنی خوش قسمت ہے امت محمدیہ — کہ اس کو اللہ تعالیٰ نے خلاصۂ کائنات — حافظ ناموسِ آدم — سید الکونین

سید ولدِ آدم — ایک لاکھ کئی ہزار نبیوں کے قائد اور امام، حضرت محمد رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کی ذات عنایت کی ہے۔ خواجہ بدر و حنین کی رسالت کا کلمہ اور آپ کا قول و فعل نصیب کیا ہے؛ اور آپ کی زبان — وحی سے بولنے اور حرکت کرنے والی زبان نے جو دعاؤں کے موتی روے ہیں۔ یہ خزانہ بھی اس امت کو ہی ورثہ میں ملا ہے۔ لیکن امت اس خزانہ کو بھلا بیٹھی۔ جواہرات کو چھوڑ کر نقلی موتیوں کی مالا جپنے لگی۔ آرٹی فیشل جیولری پر لٹو ہو گئی۔ رجال امت کی صناعیاں آنکھوں میں بھا گئیں لوگ وضعی دعاؤں، درودوں اور وظیفوں میں مشغول ہو گئے۔

یہ بات کبھی نہ بھولیں کہ جتنا درجہ اور مرتبہ رحمت عالم کا ہے۔ بالکل وہی حیثیت آپ کے اقوال نہ افعال، اوراد و وظائف اور دعاؤں کی ہے۔ نہ کوئی شان میں حضور ﷺ کا ہمسر، نہ آپ کی دعاؤں کا جواب — حضور انور ﷺ نے جہاں قدم رکھا وہ قیامت تک ہدایت کی قندیل بن گئی، اور جو الفاظ منہ سے نکلے، ان سے جہان تا لوزنیزین معنبر ہو گیا۔ تنفس پاک کی عنبر فشانیاں — اور دعاؤں کی عطر بیزیاں ہی امت کے لئے بہار ایمان ہیں۔

مسلمان بھائیوں اور بہنوں کی خیرخواہی کے لئے ہم نے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کی دعاؤں، وردوں اور وظیفوں کو ایک جگہ اکٹھا کر دیا ہے۔ اور اس مجموعے کا نام

حِزبُ الرَّسُولؐ

رکھا ہے۔ یہ دعائیں ہم نے حدیث کی معتبر کتابوں سے جمع کی ہیں جو سب کی سب سند کے اعتبار سے صحیح اور ثقہ ہیں۔ حصن حصین۔ حزب الاعظم۔ اذکار نووی۔ درمنثور سیوطی۔ جامع کبیر۔ جامع صغیر۔ قول البدیع۔ سخاوی۔ دلائل الخیرات۔ عمل الیوم واللیلۃ۔ بخاری۔ مسلم۔ ابُوداؤد۔ ابن ماجہ۔ نسائی۔ ترمذی۔ دارمی وغیرہ سے اس گنجینہ کو موتیوں سے بھرا ہے۔

قرآن مجید اللہ تعالیٰ کا کلام ہے اور وہ احسن الحدیث ہے۔ اس میں بھی دعائیں آتی ہیں جو حضور انور ﷺ مانگا کرتے تھے۔ اس لئے ہم نے بھی سب سے پہلے قرآنی دعائیں رکھی ہیں۔ اس کے بعد رحمت عالم ؐ کی فرمودہ دعائیں ہیں اور اخیر میں درُود شریف ہے۔

پڑھنے کے متعلق گذارش ہے کہ اگر کوئی صاحب سارا حزب ہر روز پڑھ سکیں تو پڑھ لیا کریں اور اگر سب نہ روزانہ



نہ پڑھ سکیں تو ہر روز ایک منزل پڑھ لیا کریں ۔ ہم نے سات منزلیں متعین کر دی ہیں ۔ شنبہ سے شروع کر کے جمعہ تک سات دنوں میں پورا حزب پڑھ لیا کریں ۔ اس طرح آسانی رہے گی۔

شروع کرنے سے پہلے اس کو ناظرہ کے طور پر پڑھ لیں تاکہ تلفّظ صحیح ہو جائے اور روانی آ جائے ۔ پھر نہایت ضروری ہے کہ اسکا ترجمہ بھی یاد کریں ۔ ہر دعا کا آپ کو ترجمہ بھی ضرور آنا چاہیئے ۔ تاکہ ورد کے دوران آپ سمجھ سکیں کہ آپ کیا کہہ رہے ہیں ؛ بار بار تاکید ہے کہ اسکا ترجمہ ضرور ، ضرور ، ضرور یاد کریں ۔ ہم نے ہر دعا کا حوالہ دیا ہے اور نیچے ترجمہ لکھا ہے اور حاشیہ پر ضروری نوٹ دیئے ہیں۔

حجّاج کرام کو خوشخبری

حزب الرسول گھروں میں پڑھنے کے علاوہ اگر حجاج کرام سفرِ حج میں اپنے ساتھ لے جائیں اور قیام مکہ کے دوران مسجد حرام میں ہر روز ایک بار بعد نماز ظہر یا عصر پڑھ لیا کریں ۔ تو بڑی سعادت ہوگی ۔ پھر مدینہ منورہ جا کر مسجد نبوی یا روضۃ من ریاض الجنۃ میں بیٹھ کر ہر روز ایک بار پڑھ لیں اور عرفات کے میدان میں بھی با دیدۂ تر پڑھ لیں تو ان کی نیکیاں اور اللہ



کی رضامندیاں آسمانوں ، اور زمین کے خلاؤں میں سما نہ سکیں گی ۔ اُس خوش بخت عازم حج کے کیا ہی کہنے جس کو یہ سعادت اور کرامت نصیب ہو۔

ان دعاؤں اور وظیفوں کے پڑھنے کا یہ مطلب نہیں ہے کہ آپ ہاتھ پہ ہاتھ دھر کر بیٹھے رہیں اور دنیا کے کاموں کے لئے کوئی کوشش نہ کریں ۔ یاد رہے کہ اپنے اپنے کاروبار اور مشاغل میں پوری سعی کریں ۔ حصول معاش کے لئے خون پسینہ ایک کر دیں ۔ ہر امر کے لئے جدوجہد لازم جانیں ۔ تمام علوم و فنون پڑھیں ۔ سائنس کی ترقیوں کی شاہراہوں پر دوڑیں اور ساتھ ہی اپنے پیارے دین اسلام پر عمل بھی کریں ۔ عبادات ۔ اور اخلاق کی فضا میں جئیں اور مسلمان مریں ۔ لمحہ بھر اللہ کو نہ بھولیں کرے

عطار ہو ، رومی ہو ، رازی ہو ، غزالی ہو
کچھ ہاتھ نہیں آتا بے آہِ سحر گاہی

محمد صادق سیالکوٹی

ستمبر ۱۹۶۵ء
جمادی الاوّل ۱۳۸۵ھ

دُعا کے آداب و شرائِط

یاد رہے کہ جب تک آدمی عقیدۂ توحید کا پابند نہ ہو۔ اسکا کوئی عمل قبول نہیں ہوتا۔ اللہ تعالیٰ نے قرآن مجید کے ساتویں پارے، سولہویں رکوع میں اٹھارہ پیغمبروں کے نام گنا کر فرمایا ہے: هَدَيْنٰهُمْ اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ۔" ان سب کو ہم نے سیدھے راستے کی طرف ہدایت کی " آگے فرمایا:

ذٰلِكَ هُدَى اللّٰهِ يَهْدِيْ بِهٖ مَنْ يَّشَآءُ مِنْ عِبَادِهٖ وَلَوْ اَشْرَكُوْا لَحَبِطَ عَنْهُمْ مَّا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ

"یہ ہے ہدایت اللہ کی، راہ دکھاتا ہے ساتھ اس کے جسکو چاہے اپنے بندوں سے اور اگر (یہ اٹھارہ پیغمبر) شرک کرتے (کسی غیراللہ کو ساتھ اللہ کے) البتہ ضائع ہوجاتے اُنکے سارے اعمال"

معلوم ہوا شرک سے اعمال مٹ جاتے ہیں۔ نماز، روزہ، حج زکوٰۃ، صدقات، خیرات، تہجد، اشراق، دعائیں، ورد وظیفے سب ضائع ہوجاتے ہیں۔ اس لئے ہر مسلمان کا عقیدہ صحابہؓ کی مانند پورا پورا توحید کا ہونا چاہیئے۔ اللہ تعالیٰ کی ذات صفات اس کی قولی، بدنی اور مالی عبادات میں کسی کو شریک نہیں کرنا

چاہیئے۔ قول، فعل، ذہن، خیال، تصور، نیت، ارادہ میں کسی کو اللہ کا مقام نہ دینا چاہیئے۔

اسی طرح بدعت سے بچنا بھی لازمی ہے کہ رحمتِ عالم ﷺ فرماتے ہیں:-

لَا يَقْبَلُ اللّٰهُ لِصَاحِبِ بِدْعَةٍ صَوْمًا وَّلَا صَلٰوةً وَّلَا صَدَقَةً وَّلَا حَجًّا وَّلَا عُمْرَةً وَّلَا جِهَادًا وَّيَخْرُجُ مِنَ الْاِسْلَامِ كَمَا تَخْرُجُ الشَّعْرَةُ مِنَ الْعَجِيْنِ ۔ (ابن ماجہ)

"اللہ تعالےٰ بدعتی آدمی کا نہ روزہ قبول کرتا ہے نہ نماز اور نہ زکوٰۃ وخیرات اور نہ حج اور نہ عمرہ، اور نہ جہاد۔ اور بدعتی اسلام سے ایسے نکل جاتا ہے جیسے بال گوندھے ہوئے آٹے سے نکل جاتا ہے" (ابن ماجہ)

بدعت کے معنی ہیں اسلام میں نیا مسئلہ گھڑنا، اور اس پر عمل کرنے کو ثواب بتانا۔ یہ بہت بڑی جسارت ہے۔ سرکاری سکوں (احادیث وسنن) میں جعلی سکے (گھڑے ہوئے مسائل) بنا کر ملانا اور رواج دینا۔ اللہ تعالےٰ بدعتی کا کوئی عمل قبول ہی نہیں کرتا۔ تو سب بھائیوں اور بہنوں کو شرک اور بدعت کے کاموں اور اعتقادوں سے بال بال بچنا

چاہیئے کہ شرک اللہ تعالیٰ سے مقابلہ ہے۔ اور بدعت اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم سے منھ بھیڑ ہے۔

شرک اور بدعت سے اجتناب کے بعد تیسری بات اکلِ حلال ہے۔ یعنی روزی حلال ہو کہ حرام روزی سے اللہ تعالیٰ دعا قبول نہیں کرتا۔

رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم ایک شخص کا ذکر کرتے ہوئے ارشاد فرماتے ہیں کہ جو سفر کرتا ہے، پراگندہ بال، غبار آلودہ، دراز کرتا ہے۔ اپنے دونوں ہاتھ طرف آسمان کے کہتا ہے۔ اے رب میرے۔ اے رب میرے! (میری حاجت روائی کر، مشکلکشائی فرما)۔ حضورؐ فرماتے ہیں کہ کھانا اسکا حرام ہے اور پینا اسکا حرام ہے اور لباس اسکا حرام ہے اور حرام کے ساتھ وہ پرورش کیا گیا ہے فَاَنّٰی یُسْتَجَابُ لِذٰالِکَ ایسے شخص کی دعا کہاں سے قبول کی جائے۔ (صحیح مسلم)

اس سے معلوم ہوا کہ مسلمان کا کھانا پینا۔ اور لباس مال حلال سے ہونا چاہیئے تاکہ اسکی دعائیں رنگ لائیں۔

چوتھی بات یہ یاد رکھیں کہ زبان کو جھوٹ سے بچائیں۔ اکلِ حلال کے ساتھ صدق مقال ضروری ہے۔ ایسے ہی

غیبت اور بہتان اور دوسرے رذائل سے بھی پوری طرح مجتنب رہیں۔ بلکہ آنکھوں، کانوں، ہاتھوں، پاؤں اور زبان پر کڑا پہرہ رکھیں۔ یہ اعضا اللہ کی مرضی کے مطابق حرکت کریں۔ ان کو اللہ کے حکم کے مطابق استعمال کریں۔ خیالات پاکیزہ ہوں۔ اخلاق نیک، طہارت ظاہری و باطنی لازم جانیں۔ بندگانِ خدا کے حقوق کا خیال رکھیں۔ کسی پر ظلم اور زیادتی نہ ہو۔ مقدور بھر صدقات وخیرات بھی کرتے رہیں۔

جب آپ دعائیں پڑھیں یا وظیفہ شروع کریں تو اس کے ترجمہ کی طرف دھیان رکھیں اور پورے خلوص۔ خشیت۔ توجہ۔ استحضار اور فلک بوس یقینِ اجابت سے پڑھیں۔ گویا آپ اللہ کو دیکھ رہے ہیں یا اللہ آپ کو دیکھ رہا ہے۔ اور آپ اسے سُنا رہے ہیں۔ اس سے منت سماجت کر رہے ہیں۔ مانگ رہے ہیں۔ گدا کر رہے ہیں۔ پوری عاجزی، بے بسی، لاچاری، اضطراب اور کرب کی حالت میں اس کے حضور حاضر ہیں۔ عبدِ ذلیل، ربِّ جلیل کے بابِ رحمت کو دستک دے رہا ہے ؎

ہمہ شب دریں امیدم کہ نسیم صبحگاہی
بہ پیام آشنائے بنوازد آشنا را

دُعاؤں کا محلِّ وقوع

ارشادِ خداوندی ہوتا ہے:

اَمَّنْ یُّجِیْبُ الْمُضْطَرَّ اِذَا دَعَاہُ وَیَکْشِفُ السُّوْٓءَ (پ ۲۰ ع ۱)

"کیا ہے کوئی جو بے قرار و لاچار کی فریاد کو سُنے جب کہ وہ اُسے پکارے اور (پھر) وہ تکلیف (اس سے) دور کرے"

مطلب یہ کہ اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی بھی اسکی مخلوق کی دُعا آہ و زاری — گڑگڑاہٹ اور گریہ و فغاں سننے والا اور مصائب و نوائب دُور کرنے والا نہیں ہے۔ کیونکہ اللہ کے سوا تمام انسان نبیوں سے لے کر اُمتوں تک سب کے سب اللہ کے محتاج اور زندگی رواں دواں رکھنے کے لئے اس کے در کے سوالی ہیں اور ان سب بزرگ ترین ہستیوں اور اولیاء اللہ پر تکلیفوں، مصیبتوں، رنجوں، غموں، بیماریوں، لاچاریوں اور محتاجیوں کے پہاڑ گرے۔ ان بندگانِ خدا نے (اللہ کا ان پر درود و سلام ہو) اللہ ہی کے در پر گر گر کر دعائیں مانگیں۔ انتہائی عاجزی اور خلوص

و خشیت سے صاحبِ جلال و جبروت کے در پر دستک دی۔ آہِ نیم شبی اور گریہ سحرگاہی سے رحم کی درخواستیں گزاریں۔ تو مجیب الدعوات ذات نے ان کے غم و الم کی بدلیاں چھانٹ دیں۔ تاریک رات کے سینے سے فرحت و انبساط — اور حاجت روائیوں کی عیدوں کا سپیدہ پھوٹ نکلا۔ مذکورہ آیت سے آگے اللہ ارشاد فرماتا ہے: ءَ اِلٰہٌ مَّعَ اللہِ۔ کیا اللہ کے ساتھ کوئی اور معبود (حاجت روا) بھی ہے؟ یعنی ایسا معبود و حاجت روا جو لاچاروں کی دُعا سُنتا، اور ان کا دُکھ دُور کرتا ہو؟ اس سوالیہ کا جواب زندہ ضمیر یہی دے گی کہ: اللہ کے سوا کوئی بھی معبود نہیں حاجت روا، مشکلکشا۔ عاجزوں لاچاروں، بے بسوں اور پریشان حالوں کی آہ و فغاں سننے والا اور ان کی بگڑی بنانے والا نہیں ہے۔ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کی زندگیٔ پاک پر نظر ڈالیئے۔ سوا لاکھ صحابہؓ کے شب و روز کا مطالعہ کیجئے۔ کربلا کے میدان کا نقشہ دیکھئے تو آپ پر یہ حقیقت منکشف ہو جائے گی کہ اترنے والی مصائب کو روکنے والا اور نازل شدہ نوائب کو دُور کرنے والا بجز اللہ واحد القہار کے کوئی نہیں ہے۔

ارشادِ خداوندی ہوتا ہے:

وَالَّذِیْنَ تَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِہٖ لَا یَسْتَطِیْعُوْنَ

نَصْرَكُمْ وَلَآ اَنْفُسَهُمْ يَنْصُرُوْنَ (پ ۹ ع ۱۴)

" اور جن کو تم (لاچاریوں اور پریشانیوں میں) اللہ کے سوا پکارتے ہو، وہ نہ تو اپنی مدد کر سکتے ہیں اور نہ تمہاری مدد کرنے کی طاقت رکھتے ہیں "

معلوم ہُوا - دعا اور پکار صرف اللہ ہی کے آگے ہونی چاہیئے کسی غیر کو نہیں پکارنا چاہیئے - یہ حکم اللہ دے رہا ہے - مزید سنئے :

فَلَا تَدْعُوْا مَعَ اللّٰهِ اَحَدًا - (پ ۲۹ ع ۱۱)

"پس مت پکارو ساتھ اللہ کے کسی کو "

اَحَدًا — نکرہ ہے جو عموم کا فائدہ دیتا ہے - مطلب یہ ہُوا کہ اللہ کے سوا اس کی ساری مخلوق میں سے کسی کو نہ پکارو - 'احدًا' میں ہر غیر اللہ آگیا -

مزید ارشاد ہوتا ہے :

وَلَا تَدْعُ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ مَا لَا يَنْفَعُكَ وَلَا يَضُرُّكَ فَاِنْ فَعَلْتَ فَاِنَّكَ اِذًا مِّنَ الظّٰلِمِيْنَ (پ ۱۱ ع ۱۶)

" اور نہ پکار اللہ کے سوا اس کو جو نہ نفع دے سکے تجھ کو اور نہ ضرر پہنچا سکے تجھ کو، پھر اگر تو نے ایسا کیا - (یعنی اگر کسی غیر اللہ کو پکارا)، تو تم اس وقت ظالموں سے ہو جاؤ گے "

اس آیت سے ثابت ہُوا کہ کوئی بھی فوق الاسباب طور پر نافع اور ضار نہیں ہے - پس ان کو پکارنا ظلم ہُوا -

فرمان ایزدی ہے :

وَمَنْ اَضَلُّ مِمَّنْ يَّدْعُوْا مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ مَنْ لَّا يَسْتَجِيْبُ لَهٗٓ اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ وَهُمْ عَنْ دُعَآئِهِمْ غٰفِلُوْنَ (پ ۲۶ ع ۱)

" اور اس سے بڑھ کر اور کون گمراہ ہے جو (مصیبتوں اور غموں میں، اللہ کو چھوڑ کر ایسوں کو پکارتا ہے جو قیامت تک ان کو جواب نہیں دے سکتے اور وہ ان کے پکارنے سے بھی بے خبر ہیں "

یہ آیات صاف بتا رہی ہیں کہ دعا و پکار اور آہ و فغاں — غموں، اندھیروں اور لاچاریوں میں صرف اللہ ہی کے حضور کرنی چاہیئے - کسی غیر اللہ کے آگے دعا و پکار کرنی اپنی جان پر ظلم کرنا ہے - تو یہ عقیدہ قرآن کے حکم کے مطابق دل میں جما لیں کہ دعا و پکار — غموں، فکروں میں اللہ ہی کی جناب میں کریں - کبھی کسی غیر اللہ کو نہ پکاریں کیونکہ دُعا عبادت ہے اور عبادت غیر اللہ کی منع ہے - جس کو اللہ نے اوپر کی آیت میں ظلم فرمایا ہے -

اسی لئے حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

نے ، ہماری جانیں آپ پر فدا ، ماں باپ فدا ، دنیا اور عقبےٰ تصدق ، بے شمار دعائیں اللہ کے آگے کی ہیں ہر ہر بات کے لئے ، ہر گھڑی ، ہر آن اللہ ہی کو پکارا ہے ، اور اُمت کو اپنے عمل سے یہ درس دیا ہے کہ وہ بھی اِن دعاؤں کے ساتھ ہی اللہ سے حاجت روائی چاہیں ۔ دنیا و دین کی بھلائیاں اور خوبیاں مانگیں ۔

تو جو لوگ رجالِ اُمت کی بنائی ہوئی دعاؤں یا وظیفوں کو پڑھتے ہیں ، اُنہیں چاہیئے کہ ایسی سب چیزوں کو چھوڑ کر : **حِزْبُ الرَّسُوْل** باقاعدہ پڑھا کریں کہ اس میں سب دعائیں جناب سید المرسلین ۔ خاتم النبیین ۔ رحمت للعالمین ، سید ولد آدم صلی اللہ علیہ وسلم کی زبان سے نکلی ہوئی ہیں ۔ جس طرح رحمتِ عالم کے مرتبہ کا اولادِ آدم میں کوئی شخص نہیں ہے ۔ ایسے ہی حضور کی دعا کے مرتبہ کی کسی کی دعا نہیں ہو سکتی ۔ ترازو کے ایک پلڑے میں سرورِ کائنات کی دعاؤں کو رکھیں ، اور دوسرے پلڑے میں ایک لاکھ کئی ہزار پیغمبروں اور ان کی تابع اُمتوں کی دعاؤں کو رکھیں تو پلڑا خواجہ کونین کی دعاؤں ہی کا بھاری ہوگا ۔

پیرِ مغاں حنبل کے ادب کا مقام ہے
آتے ہیں میکدہ میں قدح خوارِ مصطفےٰ

قرآں کی آیتوں میں سراپا ڈھلا ہوا
تمثیل بے مثال ہے کردارِ مصطفےٰ
سجدوں کی چاندنی سے جبینیں نکھر گئیں
آنکھوں میں بس گئے در و دیوارِ مصطفےٰ
ڈھلنے لگی ہے سورۂ واللّیل میں صبا
کھلنے لگے ہیں گیسوئے خمدارِ مصطفےٰ

(شورش)

تو آپ ہی انصاف کرلیں کہ جہاں حافظ ناموسِ آدم خواجۂ بدر و حنین ، حضرت محمد رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کی زبان کے موتی بکھرے ہوں ۔ حدیثوں کے پھول کھلے اور دعاؤں کے نغمے عنبر فشاں ہوں ۔ آفتابِ نبوت ضو ریز اور بدرِ منیر کی چاندنی حسنِ عالم کو نکھار رہی ہو ۔ سراجاً منیراً گھر گھر اجالا کرے ، اور سرورِ حیات ہر گام اور ہنگام پہ پر پیشوا ہو اور پھر جب ؎

بکھر گئے ہیں فضاؤں میں نغمہ ہائے طرب
سراپا صبح منور ہوئی ہے ظلمتِ شب !

وہاں رجالِ اُمت کے ساختہ وظائف کی کیا ضرورت باقی رہ جاتی ہے ۔

جو موحد مسلمان — اچھے کردار ، اعلیٰ اخلاق ، صوم و صلوٰۃ

اکلِ حلال اور صدقِ مقال کی پوری پوری پابندی کے ساتھ ہاتھوں، پاؤں، آنکھوں، کانوں اور زبان پر کڑا احتساب کر کے۔ جھوٹ، وعدہ خلافی، غیبت، بہتان، حسد، تکبر، کینہ، دھوکا، فریب، حق تلفی اور ایذا رسانی سے بچتے ہوئے "حزب الرّسول" کو دھیان سے پڑھ کر کے، خلوص اور حضورِ قلب سے ہر روز پڑھے گا۔ انشاء اللہ وہ شخص دنیا اور دین کی کامیابیوں اور کامرانیوں کی معراج کو پالے گا۔ اللہ تعالیٰ اسے غموں، فکروں، مصیبتوں، ابتلاؤں، بلاؤں، محتاجیوں، پریشانیوں، دکھوں، دردوں، مرضوں، کربوں، لاچاریوں، دینی غفلتوں اور کسلوں سے نجات دے گا۔ اسے حیاتِ طیبہ کے ساتھ زندہ رکھے گا۔ اس کی حیاتِ مستعار کا ہر لمحہ برکت سے معمور ہوگا۔ تمام کام دنیا اور دین کے اس پر سہل اور آسان ہوں گے۔ رب العزت کی طرف سے اسے بشارتیں ملیں گی اور قربِ خدا حاصل ہوگا اور اللہ کے فضل سے یہ مردِ مومن: اَلَآ اِنَّ اَوْلِيَآءَ اللّٰهِ لَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ ۝ کے زمرے میں داخل ہو جائے گا۔ اللہ! ہم سب کو یہ مرتبہ نصیب کر! آمین۔

دُعاؤں کے نغموں کا رَس

جب آپ قرآن پڑھ کر یا حزب الرّسول پڑھ کر یا نمازوں کے بعد دعا مانگیں تو اس طرح مانگیں:

کہ دونوں ہاتھ اٹھائیں۔ ان کو کشادہ کریں۔ چہرے اور دونوں کندھوں کے برابر اٹھائیں۔ ہاتھوں کو اتنا دراز کریں کہ بغلیں کھل جائیں۔ کندھوں سے زیادہ بلند نہ کریں۔ بس چہرے کے سامنے رہیں۔ اللہ کی حمد، اور رسولِ رحمت پر درود پڑھ کر دعا کریں اور ختم بھی حمد و صلوٰۃ پر کریں۔ دعا مانگتے وقت بڑی عاجزی، انکساری، تضرع، گڑگڑاہٹ، خضوع و خشوع اور حضورِ قلب سے اللہ کو پکاریں۔ جیسے کہ اللہ تعالیٰ نے خود ارشاد فرمایا: اُدْعُوْا رَبَّكُمْ تَضَرُّعًا۔ "پکارو اپنے رب کو گڑگڑا کر۔"

نیز ارشاد ہوا ہے:

اِنَّهُمْ كَانُوْا يُسَارِعُوْنَ فِي الْخَيْرٰتِ وَيَدْعُوْنَنَا رَغَبًا وَّرَهَبًا ۝

وہ نیک اور متقی لوگ دوڑتے تھے نیکیوں کی طرف اور پکارتے تھے ہم کو شوق و رغبت اور

ڈرے ":

تو دعا کرتے وقت بڑے شوق اور خوف سے ، اللہ سے مانگنا چاہیئے ۔ اس طرح اللہ سے مانگیں کہ گویا آپ اللہ کو دیکھ رہے ہیں ۔ اس کے پاس حاضر ہیں اور اللہ آپ کی باتیں سُن رہا ہے ۔ آپ کی ہر ہر حرکت دیکھ رہا ہے ۔ آپ کے ذہن ، خیال ، تصور ، نیت ، ارادہ پر اس کی نظر ہے ۔ دعا کرتے وقت آپ پر استغراق کی حالت طاری ہو جائے اور آپ اس طرح محویت کے عالم میں گم ہو جائیں کہ سوائے ذاتِ لم یزل کے آپ سب کچھ بھول جائیں آپ کا رؤاں رؤاں دعا بن کر پکار اُٹھے :

اس عزم و یقین کے ساتھ کہ مالک اور داتا اپنے فضل سے ضرور جھولی میں خیر ڈالے گا اور آپ اصلاً اس کے در اجابت سے خالی ہاتھ نہیں لوٹیں گے کہ ؎

افلاک سے آتا ہے نالوں کا جواب آخر
کرتے ہیں خطاب آخر اٹھتے ہیں حجاب آخر

اوقاتِ اجابت

دعا تو آدمی ہر وقت کر سکتا ہے اور اللہ اپنے بندے کی دعا ہر وقت ، ہر گھڑی ، ہر ساعت اور ہر آن سُنتا ہے ۔ اس کے دروازے سدا کھلے رہتے ہیں ۔ لیکن بعض اوقات ایسے ہیں کہ ان میں دعا زیادہ قبول ہوتی ہے ۔ یہ اوقات اللہ یا اس کے رسول کے بتانے سے متعین کئے جا سکتے ہیں ۔ چنانچہ رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے :

اِنَّ فِی لَیْلَةِ الْجُمُعَةِ لَسَاعَةَ الدُّعَاءِ فِیْھَا مُسْتَجَابَةٌ

(ترمذی شریف) بیشک جمعہ کی رات میں ایک ایسی گھڑی ہے ۔ جس میں دعا قبول ہوتی ہے ۔

جمعرات کے علاوہ جمعہ کے دن میں بھی ایک ایسی ساعت ہے ۔ ارشادِ نبوی ؐ ہوتا ہے :

اِنَّ فِی الْجُمُعَةِ لَسَاعَةً لَا یُوَافِقُھَا عَبْدٌ مُّسْلِمٌ قَآئِمٌ یُّصَلِّیْ یَسْأَلُ اللّٰهَ خَیْرًا اِلَّا اَعْطَاهُ اِیَّاهُ ۔ (بخاری)

بیشک جمعہ کے دن میں ایک ایسی گھڑی ہے جس مسلمان کو وہ گھڑی نماز پڑھتے ہوئے مل جائے ۔ اس میں وہ اللہ

سے دعا کرے تو اللہ اس کو عطا کر دیتا ہے۔

اذان کے وقت بھی دعا قبول ہوتی ہے۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں :

ثِنْتَانِ لَا تُرَدَّانِ الدُّعَاءُ عِنْدَ النِّدَاءِ وَ عِنْدَ الْبَاسِ ۔ (ابوداؤد) — "دو وقت ایسے ہیں کہ ان میں دعا رد نہیں کی جاتی۔ ایک تو اذان کا وقت اور دوسرا جنگ کا وقت"

اذان اور اقامت کے درمیان بھی دعا عموماً قبول ہوتی ہے۔ حضورؐ فرماتے ہیں :

لَا يُرَدُّ الدُّعَاءُ بَيْنَ الْاَذَانِ وَالْاِقَامَةِ ۔ (ترمذی)

"اذان اور اقامت کے درمیان دعا رد نہیں کی جاتی"

نزل الابرار میں حضورؐ فرماتے ہیں کہ :

حَیَّ عَلَی الصَّلٰوۃ۔ حَیَّ عَلَی الْفَلَاحْ

کے بعد بھی دُعا قبول ہوتی ہے۔

جب نماز کے لئے جماعت کھڑی ہونے لگے تو اس وقت بھی قبول ہوتی ہے۔ ارشاد نبوی ہوتا ہے :

اِذَا ثُوِّبَ بِالصَّلٰوۃِ فُتِحَتْ اَبْوَابُ السَّمَآءِ وَاسْتُجِيْبَ الدُّعَآءُ ۔ (رواہ احمد) جب اقامت کہی جائے تو اس وقت آسمان کے دروازے کھول دیئے

جاتے ہیں۔ اور دعا قبول ہوتی ہے۔

ترمذی شریف میں ہے کہ ایک شخص نے حضور انورؐ سے دریافت کیا کہ دعا کس وقت قبول ہوتی ہے۔ آپؐ نے فرمایا :

جَوْفُ اللَّيْلِ وَ دُبُرَ الصَّلٰوۃِ الْمَكْتُوْبَاتِ

"پچھلی رات کو اور فرض نمازوں کے بعد"

تلاوتِ قرآن کے وقت اور قرآن کے ختم کرنے کے وقت بھی دعا عام طور پر قبول ہوتی ہے۔ ارشادِ رحمتِ عالمؐ ہوتا ہے :

مَنْ قَرَاَ الْقُرْاٰنَ فَلْيَسْئَلِ اللّٰهَ بِهٖ فَاِنَّهٗ سَيَجِیْءُ اَقْوَامٌ يَقْرَءُوْنَ الْقُرْاٰنَ يَسْئَلُوْنَ بِهِ النَّاسَ ۔ (ترمذی)

"جو شخص قرآن پڑھے۔ اُسے چاہیئے کہ وہ قرآن کے ساتھ صرف اللہ ہی سے سوال کرے۔ ہاں ایک زمانہ آئے گا کہ اس میں لوگ قرآن پڑھیں گے اور لوگوں سے مانگیں گے"

قرآن پڑھنے کے وقت قبولیت دعا کا وقت ہے۔ خوب خوب اللہ سے مانگئے۔ جو لوگ قرآن کو ذریعہ سوال بناتے ہوئے ہیں انہیں توبہ کرنی چاہیئے۔ قرآن پڑھ کر یا ختم کرکے

لوگوں سے مانگنا بہت بُرا ہے۔

سجدے کی حالت میں بھی دعا قبول ہوتی ہے۔ حضورؐ فرماتے ہیں: اَقْرَبُ مَا يَكُوْنُ الْعَبْدُ مِنْ رَبِّهٖ وَ هُوَ سَاجِدٌ فَاَكْثِرُوا الدُّعَآءَ ۔ (ترمذی)

بندہ سجدے کی حالت میں اپنے پروردگار سے بہت ہی قریب ہوتا ہے۔ تو سجدے میں کثرت سے دُعا کیا کرو۔

اوقات ذیل میں دُعا قبول ہوتی ہے۔ حضورؐ فرماتے ہیں۔

روزہ دار کی دعا جس وقت وہ روزہ افطار کرتا ہے۔

بارش کے وقت!

آبِ زمزم پیتے وقت! (حصن حصین۔ ترمذی)

مُرغ کی اذان کے وقت۔

امام کے وَلَا الضَّآلِّيْن پڑھ کر آمین کہنے کے بعد۔

مسلمانوں کے اجتماع کے وقت۔

ذکر کی مجلسوں میں!

کعبہ کی زیارت کے وقت۔

مطاف میں۔ یعنی طواف کرنے کی جگہ میں۔

ملتزم کے نزدیک

کعبہ کے پرنالے کے نیچے

خانہ کعبہ کے اندر۔

زمزم کے نزدیک!

صفا اور مروہ پر!

مسعیٰ میں، یعنی صفا اور مروہ کے درمیان دوڑنے کی جگہ میں۔

مقام ابراہیم کے پیچھے۔

عرفات میں۔ مزدلفہ میں۔ منا میں۔ تینوں جمروں کے پاس مظلوم کی دعا۔ ذعا حج کرنے والے کی جب تک واپس آئے نیک بخت آدمی کی دعا۔ باپ کی دُعا۔ بادشاہ عادل کی دعا۔ والدین کے ساتھ نیک سلوک کرنے والی اولاد کی دعا۔ مسافر کی دُعا۔ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحَانَكَ اِنِّيْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ ؕ پڑھنے والے کی دُعا۔

مندرجہ ذیل اسم اعظم پڑھنے والے کی دُعا:

اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْئَلُكَ بِاَنِّيْ اَشْهَدُ اَنَّكَ اَنْتَ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ الْاَحَدُ الصَّمَدُ الَّذِيْ لَمْ يَلِدْ وَ لَمْ يُوْلَدْ وَ لَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ ۔

مندرجہ ذیل پڑھنے والے کی دعا:

يَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ ۔

يَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِيْنَ ۔ (تین بار)

يَا حَيُّ يَا قَيُّوْمُ پڑھنے والے کی دعا۔

سچے دل سے توبہ کرنے والے کی دُعا۔

رحمت عالم ﷺ فرماتے ہیں :

"گناہ سے توبہ کرنے والا ایسا ہو جاتا ہے جیسے کہ اس نے گناہ کیا ہی نہیں"۔

(صحیحین)

پیارے بھائیو !

یاد رکھو ! کہ ہر قسم کی عبادت کی منظوری اور خصوصاً دعاؤں کی قبولیت حلال کی روزی کھانے، سچ بولنے، اور خدا کی نافرمانیوں سے بچنے پر موقوف ہے۔ پھر کوشش کریں اور جان توڑ کوشش کریں کہ قرآنی مرد مومن کے اوصاف و اخلاق پیدا ہوں۔

لا پھر اک بار وہی بادہ و جام اے ساقی
ہاتھ آ جائے مجھے میرا مقام اے ساقی

(اقبالؒ)

منزل پہلی

شنبہ



٥٦

ساقی نوا و نکہت و نزہت کا وقت ہے
اب تو حریم ساغر و مینا کا در کھلے



منزل پہلی ٥٧ شنبہ

منزل پہلی — شنبہ

أعوذ بالله من الشيطن الرجيم

میں پناہ مانگتا ہوں ساتھ اللہ کے شیطان راندے ہوئے سے

بسم الله الرحمن الرحيم

شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو بخشنے والا مہربان ہے

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ○

ہر طرح کی تعریف اللہ ہی کیلئے ہے (جو) سب جہانوں کا پروردگار (ہے)

اَلرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○ مٰلِكِ يَوْمِ

نہایت رحم والا مہربان مالک ہے روز



الدِّيْنِ○ اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَ اِيَّاكَ

جزا کا ہم تیری ہی عبادت کرتے ہیں اور تجھ ہی سے

نَسْتَعِيْنُ○ اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ○

مدد مانگتے ہیں دکھا ہم کو (دین کا) سیدھا راستہ

صِرَاطَ الَّذِيْنَ اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ ۙ غَيْرِ

راستہ ان لوگوں لے کا جن پر تو نے انعام کیا نہ ان کا

الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ وَلَا الضَّآلِّيْنَ○

جن پر تیرا غضب ۲ نازل ہوا اور نہ راستہ گمراہوں ۳ کا -

لے اللہ کے قانون پر چلنے والے، اسکی مرضی کے مطابق زندگی گزارنے والے عامل لوگ مراد ہیں جیسے نبی، صدیق، شہید، صالح لوگ (علیہم السلام)

۲ اللہ کے قانون اور احکام سے بغاوت اور اسکے رسولوں کی مخالفت کرنیوالے لوگ ان پر اللہ کا غضب نازل ہوا۔ وہ عذابوں سے ہلاک ہوگئے

۳ گمراہ وہ لوگ ہیں جو راہِ راست بھول کر ٹیڑھے راستے پر چلنے لگیں، اور سیدھا راستہ کتاب وسنت پر عمل کرنے کا نام ہے۔ گمراہ لوگوں سے مراد یہود و نصاریٰ ہیں۔



رَبَّنَا تَقَبَّلْ مِنَّا اِنَّكَ اَنْتَ السَّمِيْعُ

اے رب ہمارے قبول کر ہم سے تحقیق تو ہی سننے والا

الْعَلِيْمُ○ اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَيُّ

جاننے والا ہے اللہ ہی ہے نہیں کوئی عبادت کے لائق سوائے

الْقَيُّوْمُ○ لَا تَاْخُذُهٗ سِنَةٌ وَّ لَا

اسکے سدا زندہ سب کا تھامنے والا۔ نہیں پکڑتی اس کو اونگھ اور نہ

نَوْمٌ ط لَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا

نیند اسی کا ہے جو کچھ آسمانوں اور زمین میں ہے۔

فِي الْاَرْضِ ط مَنْ ذَا الَّذِيْ يَشْفَعُ

کون ہے جو اس کے حضور بلا

عِنْدَهٗٓ اِلَّا بِاِذْنِهٖ ط يَعْلَمُ مَا بَيْنَ

اذن سفارش کر سکے جانتا ہے جو (خلقت کے)

اَيْدِيْهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ ج وَلَا

آگے ہے اور جو ان کے پیچھے ہے۔ اور نہیں



منزل پہلی ٦٠ شنبہ

يُحِيطُوْنَ بِشَيْءٍ مِّنْ عِلْمِهٖٓ اِلَّا

احاطہ کر سکتے (لوگ) اس کے علم سے کچھ بھی

بِمَا شَآءَ ج وَسِعَ كُرْسِيُّهُ السَّمٰوٰتِ

مگر جتنا وہ چاہے اس کی کرسی آسمانوں اور زمینوں

وَالْاَرْضَ ج وَلَا يَئُوْدُهٗ حِفْظُهُمَا

پر حاوی ہے اور ان کی حفاظت اس (پاک ذات)

وَهُوَ الْعَلِيُّ الْعَظِيْمُ ○ وَاِلٰهُكُمْ

کو تھکاتی نہیں اور وہ بلند اور بڑا ہے اور معبود تمہارا

اِلٰهٌ وَّاحِدٌ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الرَّحْمٰنُ

معبود ایک ہے نہیں کوئی معبود سوائے اُسکے بڑا مہربان

الرَّحِيْمُ ○ الٓمّٓ ○ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ

نہایت رحم والا اللہ ہی ہے نہیں کوئی

اِلَّا هُوَ الْحَيُّ الْقَيُّوْمُ ○ رَبَّنَا اٰتِنَا

معبود سوائے اسکے زندہ سب کا تھامنے والا اے پروردگار ہمارے



منزل پہلی ٦١ شنبہ

فِي الدُّنْيَا حَسَنَةً وَّفِي الْاٰخِرَةِ

ہمیں دنیا میں (بھی) نیکی دے اور آخرت میں (بھی)

حَسَنَةً وَّقِنَا عَذَابَ النَّارِ ○ رَبَّنَا

نیکی دے اور بچا ہم کو دوزخ کے عذاب سے اے پروردگار

اَفْرِغْ عَلَيْنَا صَبْرًا وَّثَبِّتْ اَقْدَامَنَا

ہمارے ہم پر صبر انڈیل دے اور ثابت قدم رکھ ہم کو

وَانْصُرْنَا عَلَى الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ ○ رَبَّنَا لَا

اور مدد دے ہم کو کافروں کی قوم پر اے پروردگار

تُؤَاخِذْنَآ اِنْ نَّسِيْنَآ اَوْ اَخْطَاْنَا ج رَبَّنَا وَ

ہمارے نہ پکڑ ہم کو اگر بھول جائیں یا چوک جائیں اے پروردگار

لَا تَحْمِلْ عَلَيْنَآ اِصْرًا كَمَا حَمَلْتَهٗ عَلَى

ہمارے اور نہ رکھ بوجھ ہم پر جیسے تو نے رکھا تھا اُن لوگوں

الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِنَا رَبَّنَا وَلَا تُحَمِّلْنَا مَا

پر جو پہلے ہم سے تھے اے پروردگار ہمارے اور نہ اٹھوا ہم



منزل پہلی ۶۲ شنبہ

لَا طَاقَةَ لَنَا بِهٖ ۚ وَاعْفُ عَنَّا وَاغْفِرْ لَنَا

سے اتنا بوجھ کہ نہیں طاقت ہم کو اس کی اور معاف کر ہم سے اور بخش ہم

وَارْحَمْنَا اَنْتَ مَوْلٰنَا فَانْصُرْنَا عَلَى

کو، اور رحم کر ہم پر، تو ہے مددگار ہمارا، پس مدد دے ہم کو

الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ ○ رَبَّنَا لَا تُزِغْ قُلُوْبَنَا

کافروں کی قوم پر اے پروردگار ہمارے مت کج کر ہمارے

بَعْدَ اِذْ هَدَيْتَنَا وَهَبْ لَنَا مِنْ لَّدُنْكَ

دلوں کو پیچھے اس کے کہ راہ دکھائی تو نے ہم کو اور عطا فرما ہم کو

رَحْمَةً ۚ اِنَّكَ اَنْتَ الْوَهَّابُ ○ رَبَّنَا اِنَّنَا

اپنی جناب سے رحمت بیشک تو بڑا دینے والا ہے اے پروردگار ہمارے

اٰمَنَّا فَاغْفِرْ لَنَا ذُنُوْبَنَا وَقِنَا عَذَابَ

بیشک ہم ایمان لائے ہیں (تجھ پر) پھر بخش دے ہم کو ہمارے گناہ اور بچا

النَّارِ ○ قُلِ اللّٰهُمَّ مٰلِكَ الْمُلْكِ تُؤْتِي

ہم کو دوزخ کے عذاب سے ۔ کہہ اے اللہ مالک ملک کے دیتا ہے تو جس



۱ شنبہ ۶۳ منزل پہلی

الْمُلْكَ مَنْ تَشَآءُ وَتَنْزِعُ الْمُلْكَ مِمَّنْ

کو چاہے اور چھین لیتا ہے ملک جس سے چاہے ۔

تَشَآءُ ۚ وَتُعِزُّ مَنْ تَشَآءُ وَتُذِلُّ مَنْ تَشَآءُ ؕ

اور عزت دیتا ہے جس کو چاہے اور ذلت دیتا ہے

بِيَدِكَ الْخَيْرُ ؕ اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ○

جس کو چاہے ، تیرے ہاتھ میں ہے خیر ۔ بیشک تو ہر چیز پر قادر ہے

تُوْلِجُ الَّيْلَ فِي النَّهَارِ وَتُوْلِجُ النَّهَارَ فِي

داخل کرتا ہے تو رات کو دن میں اور داخل کرتا ہے تو دن کو

الَّيْلِ وَتُخْرِجُ الْحَيَّ مِنَ الْمَيِّتِ وَتُخْرِجُ

رات میں اور نکالتا ہے زندہ کو مردے سے اور نکالتا ہے

الْمَيِّتَ مِنَ الْحَيِّ ز وَتَرْزُقُ مَنْ تَشَآءُ

مردہ کو زندہ سے ۔ اور رزق دیتا ہے جس کو چاہے

بِغَيْرِ حِسَابٍ ○ رَبِّ هَبْ لِيْ مِنْ لَّدُنْكَ

بغیر حساب کے اے پروردگار میرے عنایت کر مجھ کو اپنی



اور زمین کا اور جو ان میں ہیں اور تیرے ہی لئے ہے سب

أَنْتَ الْحَقُّ وَوَعْدُكَ الْحَقُّ وَلِقَاؤُكَ

تعریف تو ہی ہے حق اور وعدہ تیرا ہے حق اور ملاقات تیری ہے

حَقٌّ وَقَوْلُكَ حَقٌّ وَالْجَنَّةُ حَقٌّ

حق اور کلام تیرا ہے حق اور بہشت ہے حق اور

وَالنَّارُ حَقٌّ وَالنَّبِيُّوْنَ حَقٌّ وَمُحَمَّدٌ

دوزخ ہے حق اور سب نبی ہیں حق اور حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم

حَقٌّ وَالسَّاعَةُ حَقٌّ ط اَللّٰهُمَّ لَكَ

ہیں حق اور قیامت ہے حق اے اللہ واسطے تیرے

أَسْلَمْتُ وَبِكَ اٰمَنْتُ وَعَلَيْكَ

مطیع ہوا میں اور تجھ پر ایمان لایا میں اور



منزل چوتھی ۱۵۱ سہ شنبہ

تَوَكَّلْتُ وَإِلَيْكَ أَنَبْتُ وَبِكَ

تجھ پر بھروسہ کیا میں نے اور تیری طرف رجوع کیا میں نے اور تیری ہی

خَاصَمْتُ وَإِلَيْكَ حَاكَمْتُ فَاغْفِرْ لِيْ

مدد سے (دشمنوں سے) جھگڑتا ہوں میں اور طرف تیری ہی فریاد لایا ہوں پس بخش

مَا قَدَّمْتُ وَمَا أَخَّرْتُ وَمَا أَسْرَرْتُ

مجھ کو جو آگے کیا میں نے اور جو پیچھے کردی گئیں اور جو چھپایا میں نے

وَمَا أَعْلَنْتُ وَمَا أَنْتَ أَعْلَمُ بِهٖ مِنِّيْ

اور جو ظاہر کیا میں نے اور وہ گناہ (بھی بخش) جو تو مجھ سے زیادہ جانتا ہے

أَنْتَ الْمُقَدِّمُ وَأَنْتَ الْمُؤَخِّرُ لَا

تو ہی آگے کرنے والا ہے اور تو ہی پیچھے کرنے والا ہے نہیں کوئی

إِلٰهَ إِلَّا أَنْتَ وَلَا إِلٰهَ غَيْرُكَ ○ صحیح بخاری وَلَا

معبود مگر تو اور نہیں کوئی معبود سوائے تیرے نہیں

إِلٰهَ إِلَّا أَنْتَ سُبْحٰنَكَ اَللّٰهُمَّ وَ

کوئی معبود مگر تو ، پاک ہے تو یا الٰہی اور



بِحَمْدِكَ اَسْتَغْفِرُكَ لِذَنْبِيْ وَ

تسبیح کرتا ہوں ساتھ تعریف تیری کے بخشش چاہتا ہوں میں تجھ سے اپنے گناہوں

اَسْئَلُكَ رَحْمَتَكَ اَللّٰهُمَّ زِدْنِيْ عِلْمًا

کی اور مانگتا ہوں تجھ سے رحمت تیری ۔ یا الٰہی زیادہ کر مجھ کو علم ۔ اور

وَلَا تُزِغْ قَلْبِيْ بَعْدَ اِذْ هَدَيْتَنِيْ وَ

نہ کج کر دل میرا پیچھے اس کے کہ راہ دکھائی تو نے مجھ کو ۔ اور

هَبْ لِيْ مِنْ لَّدُنْكَ رَحْمَةً اِنَّكَ

بخش مجھ کو اپنی جناب سے رحمت تحقیق تو

اَنْتَ الْوَهَّابُ ○ (ابوداؤد) اَللّٰهُمَّ ارْحَمْنِيْ

بہت بخشنے والا ہے اے اللہ رحم کر مجھ پر

بِتَرْكِ الْمَعَاصِيْ اَبَدًا مَّا اَبْقَيْتَنِيْ

ساتھ چھوڑنے گناہوں کے ہمیشہ ۔ جب تک باقی رکھے تو مجھ کو

وَارْحَمْنِيْ اَنْ اَتَكَلَّفَ مَا لَا يَعْنِيْنِيْ

اور رحم کر مجھ پر ساتھ چھوڑنے (اس بات) کے کہ تکلف کروں میں اس چیز کا کہ نہیں



وَارْزُقْنِيْ حُسْنَ النَّظَرِ فِيْمَا يُرْضِيْكَ

ضرور مجھ کو ، اور نصیب کر مجھ کو خوبی دیکھنے کی اس چیز میں کہ راضی کرے

عَنِّيْ ط اَللّٰهُمَّ بَدِيْعَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ

وہ تجھ کو مجھ سے ۔ اے اللہ پیدا کرنے والے آسمانوں اور زمین کے

ذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ وَالْعِزَّةِ الَّتِيْ

صاحب عزت اور بزرگی کے اور صاحب اس غلبے کے کہ جس کا

لَا تُرَامُ اَسْئَلُكَ يَا اَللّٰهُ يَا رَحْمٰنُ

کوئی قصد نہ کر سکے ؛ مانگتا ہوں میں تجھ سے اے اللہ اے رحمٰن

بِجَلَالِكَ وَنُوْرِ وَجْهِكَ اَنْ تُلْزِمَ

ساتھ تیری عزت اور ساتھ تیرے منہ کے نور کے کہ جما دے میرے

قَلْبِيْ حِفْظَ كِتَابِكَ كَمَا عَلَّمْتَنِيْ

دل میں یاد اپنی کتاب کی ۔ جیسے سکھائی تو نے مجھ کو ۔

وَارْزُقْنِيْ اَنْ اَتْلُوَهٗ عَلَى النَّحْوِ

اور نصیب کر مجھ کو پڑھنا اس کا اس طرح پر

الَّذِیْ یُرْضِیْكَ عَنِّیْ ط اَللّٰھُمَّ بَدِیْعَ

کہ راضی کرے وہ تجھ کو مجھ سے اے اللہ پیدا کرنے والے آسمانوں

السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ذَا الْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ

اور زمین کے ، صاحب عزت اور بخشش کے اور

وَالْعِزَّةِ الَّتِیْ لَا تُرَامُ اَسْئَلُكَ یَا اَللّٰہُ

صاحب اس غلبے کے کہ جس کا کوئی قصد نہ کر سکے مانگتا ہوں میں تجھ

یَا رَحْمٰنُ بِجَلَالِكَ وَنُوْرِ وَجْھِكَ اَنْ

سے اے اللہ اے رحمٰن ساتھ برکت تیری عزت اور تیرے منہ کے نور

تُنَوِّرَ بِکِتَابِكَ بَصَرِیْ وَاَنْ تُطْلِقَ

کے یہ کہ روشن کرے تو ساتھ اپنی کتاب کے آنکھ میری اور یہ کہ جاری کرے

بِهٖ لِسَانِیْ وَاَنْ تُفَرِّجَ بِهٖ عَنْ قَلْبِیْ وَ

تو اس سے زبان میری اور یہ کہ کھولے تو اس سے دل میرا اور یہ

اَنْ تَشْرَحَ بِهٖ صَدْرِیْ وَاَنْ تَغْسِلَ

کہ کشادہ کرے تو اس سے سینہ میرا، اور یہ کہ دھوئے تو

بِهٖ بَدَنِیْ فَاِنَّهٗ لَا یُعِیْنُنِیْ عَلَی الْحَقِّ

اس سے بدن میرا۔ تحقیق بات یہ ہے کہ کوئی میری مدد نہیں کرتا حق پر

غَیْرُكَ وَلَا یُؤْتِیْهِ اِلَّا اَنْتَ وَلَا حَوْلَ

سوا تیرے اور کوئی نہیں دیتا حق کو سوا تیرے اور نہیں پھرنا گناہ

وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ ○ حصن حصین

سے اور نہ طاقت عبادت پر مگر ساتھ مدد اللہ بلند مرتبہ بزرگ قدر کے

اَللّٰھُمَّ اکْفِنِیْ بِحَلَالِكَ عَنْ حَرَامِكَ

اے اللہ کفایت کر مجھ کو ساتھ حلال اپنے کے حرام اپنے سے

وَاَغْنِنِیْ بِفَضْلِكَ عَمَّنْ سِوَاكَ ○ ترمذی

اور بے پرواہ کر مجھ کو ساتھ اپنے فضل کے اپنے سوا ہر کسی سے

سُبْحٰنَكَ اللّٰھُمَّ وَبِحَمْدِكَ لَا اِلٰهَ اِلَّا

پاک ہے تو اے اللہ اور پاک یاد کرتے ہیں ہم تجھے نہیں کوئی معبود

اَنْتَ اَسْتَغْفِرُكَ وَاَتُوْبُ اِلَیْكَ ○ نسائی

مگر تو بخشش مانگتا ہوں میں تجھ سے اور توبہ کرتا ہوں میں تیری طرف



منزل چوتھی ١٩٦ سہ شنبہ

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ عَبْدُكَ وَابْنُ عَبْدِكَ

اے اللہ تحقیق میں بندہ تیرا ہوں، اور بیٹا بندے تیرے کا ہوں۔

وَابْنُ اَمَتِكَ وَفِیْ قَبْضَتِكَ نَاصِیَتِیْ

اور بیٹا لونڈی تیری کا ہوں اور تیرے قبضہ میں ہوں۔ بال پیشانی میری

بِیَدِكَ مَاضٍ فِیَّ حُكْمُكَ عَدْلٌ

کے تیرے ہاتھ میں ہیں، جاری ہے میرے حق میں حکم تیرا۔ انصاف ہے

فِیَّ قَضَاؤُكَ اَسْئَلُكَ بِكُلِّ اِسْمٍ هُوَ

میرے امر میں قضا تیری، مانگتا ہوں میں تجھ سے ساتھ برکت ہر نام کے

لَكَ سَمَّیْتَ بِهٖ نَفْسَكَ اَوْ اَنْزَلْتَهٗ

کہ وہ واسطے تیرے ہے نام رکھا تو نے ساتھ اس کے ذات اپنی کا یا اتارا

فِیْ كِتَابِكَ اَوْ عَلَّمْتَهٗ اَحَدًا مِّنْ

تو نے اس کو کتاب اپنی میں یا سکھایا تو نے وہ کسی کو اپنی

خَلْقِكَ اَوِ اسْتَاْثَرْتَ بِهٖ فِیْ مَكْنُوْنِ

مخلوق میں سے یا اختیار کیا تو نے اس کو پردہ غیب میں



منزل چوتھی ١٩٧ سہ شنبہ

الْغَیْبِ عِنْدَكَ اَنْ تَجْعَلَ الْقُرْاٰنَ

نزدیک اپنے یہ کہ کرے تو قرآن کو

رَبِیْعَ قَلْبِیْ وَجِلَاءَ هَمِّیْ وَغَمِّیْ ○ مشکوٰۃ

بہار میرے دل کی اور دور کرنے والا میرے غم اور اندیشے کا

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُ بِعِزَّتِكَ لَا اِلٰهَ اِلَّا

اے اللہ تحقیق میں پناہ مانگتا ہوں ساتھ عزت تیری کے نہیں کوئی معبود

اَنْتَ اَنْ تُضِلَّنِیْ اَنْتَ الْحَیُّ الَّذِیْ

مگر تو۔ اس سے کہ گمراہ کرے تو مجھ کو۔ تو زندہ ہے کہ نہیں

لَا یَمُوْتُ وَالْجِنُّ وَالْاِنْسُ یَمُوْتُوْنَ ○ بخاری

مرے گا اور جن اور انسان مریں گے

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُ بِكَ مِنَ الْاَرْبَعِ

اے اللہ تحقیق میں پناہ مانگتا ہوں تجھ سے چار چیزوں سے

مِنْ عِلْمٍ لَا یَنْفَعُ وَمِنْ قَلْبٍ لَا

اس علم سے کہ نفع نہ دے اور اس دل سے کہ عاجزی

يَخْشَعُ وَمِنْ نَفْسٍ لَّا تَشْبَعُ وَمِنْ

ذکر سے اور اس نفس سے کہ سیر نہ ہو اور اس

دُعَاءٍ لَّا يُسْمَعُ (احمد) ○ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَعُوْذُ

دعا سے جو قبول نہ کی جائے اے اللہ تحقیق میں پناہ مانگتا ہوں

بِكَ مِنَ الْجُوْعِ فَاِنَّهٗ بِئْسَ الضَّجِيْعُ

تجھ سے بھوک[1] سے پس تحقیق وہ بری ہے ہم خواب

وَاَعُوْذُبِكَ مِنَ الْخِيَانَةِ فَاِنَّهَا بِئْسَتِ

اور پناہ مانگتا ہوں تجھ سے خیانت[2] سے پس تحقیق وہ بری ہے

الْبِطَانَةُ (ابن ماجہ) ○ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَعُوْذُبِكَ

خصلت اے اللہ تحقیق میں پناہ مانگتا ہوں تجھ سے

---

[1] بھوک اس لئے بری ہم خواب یا ساتھی ہے کہ اس سے قوٰی اور حواس مضمحل ہو جاتے ہیں اور بدن کمزور اور لاغر۔ پھر آدمی نہ دنیا کے کام کر سکتا ہے نہ دین کے۔ اللہ ہمیشہ کی بھوک سے پناہ دے۔

[2] اللہ کی سب نافرمانیاں خیانت میں داخل ہیں، لوگوں کے مالوں کی بھی خیانت ہوتی ہے۔ بعض باتیں۔ بھید اور مشورے ظاہر کرنے بھی خیانت ہے۔

مِنَ الشِّقَاقِ وَالنِّفَاقِ وَسُوْءِ الْاَخْلَاقِ (نسائی) ○

حق کی مخالفت سے اور نفاق سے اور برے اخلاق سے

اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَعُوْذُبِكَ مِنَ الْبَرَصِ

اے اللہ تحقیق میں پناہ مانگتا ہوں تجھ سے کوڑھ سے

وَالْجُذَامِ وَالْجُنُوْنِ وَمِنْ سَيِّئِ

اور جذام سے اور دیوانگی سے اور بری (لاعلاج)

الْاَسْقَامِ (نسائی) اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَعُوْذُبِكَ

بیماریوں سے۔ اے اللہ تحقیق میں پناہ مانگتا ہوں تجھ سے

مِنْ شَرِّ سَمْعِيْ وَشَرِّ بَصَرِيْ وَ

اپنی شنوائی کی برائی سے اور اپنی بینائی کی برائی سے اور

شَرِّ لِسَانِيْ وَشَرِّ قَلْبِيْ وَشَرِّ مَنِيِّيْ (ابو داؤد) ○

اپنی زبان کی برائی سے اور اپنے دل کی برائی سے اور اپنی منی کی برائی سے

اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَعُوْذُبِكَ مِنَ الْهَدْمِ

اے اللہ تحقیق میں پناہ مانگتا ہوں تجھ سے مکان کے نیچے دب کر مرنے سے



منزل چوتھی ۲۰۰ سہ شنبہ

وَاَعُوْذُبِكَ مِنَ التَّرَدِّيْ وَمِنَ

اور پناہ مانگتا ہوں تجھ سے مکان سے گر کر مرنے سے اور ڈوب

الْغَرَقِ وَالْحَرَقِ وَالْهَرَمِ وَاَعُوْذُبِكَ

کر مرنے اور جل کر مرنے سے اور بہت بڑھاپے (سترا بہترا ہونے سے) اور پناہ

مِنْ اَنْ يَّتَخَبَّطَنِيَ الشَّيْطَانُ عِنْدَ

مانگتا ہوں تجھ سے کہ حیران کرے مجھ کو شیطان نزدیک

الْمَوْتِ وَاَعُوْذُبِكَ مِنْ اَنْ اَمُوْتَ

مرنے کے اور پناہ مانگتا ہوں تجھ سے اس سے کہ مروں

فِيْ سَبِيْلِكَ مُدْبِرًا وَّاَعُوْذُبِكَ مِنْ

میں تیری راہ میں پیٹھ دے کر اور پناہ مانگتا ہوں تجھ سے اس

اَنْ اَمُوْتَ لَدِيْغًا ○ (ابوداؤد) اَعُوْذُ بِكَلِمَاتِ

سے کہ مروں میں سانپ وغیرہ کے ڈسنے سے پناہ مانگتا ہوں میں ساتھ

اللّٰهِ التَّامَّاتِ مِنْ غَضَبِهٖ

اللہ کے پورے کلموں کے اس کے غضب سے



منزل چوتھی ۲۰۱ سہ شنبہ

وَعِقَابِهٖ وَشَرِّ عِبَادِهٖ وَمِنْ هَمَزَاتِ

اور اسکے عذاب سے اور اسکے بندوں کے شر سے اور شیطانوں کے

الشَّيَاطِيْنِ وَاَنْ يَّحْضُرُوْنَ ○ (مشکوٰۃ)

وسوسوں سے اور اس سے کہ حاضر ہوں شیطان میرے پاس

اَللّٰهُمَّ اِنِّيْٓ اَعُوْذُبِكَ مِنَ الْفَقْرِ وَاَعُوْذُ

اے اللہ تحقیق میں پناہ مانگتا ہوں ساتھ تیرے محتاجی سے اور پناہ

بِكَ مِنَ الْقِلَّةِ وَالذِّلَّةِ وَاَعُوْذُبِكَ

مانگتا ہوں تجھ سے قلت سے اور ذلت سے اور پناہ مانگتا ہوں تجھ سے

مِنْ اَنْ اَظْلِمَ اَوْ اُظْلَمَ ○ (ابوداؤد) اَللّٰهُمَّ

اس سے کہ ظلم کروں یا ظلم کیا جاؤں اے اللہ

اِنِّيْٓ اَعُوْذُبِكَ مِنَ الْعَجْزِ وَالْكَسَلِ

تحقیق میں پناہ مانگتا ہوں تجھ سے عجز سے اور سستی سے اور

وَالْجُبْنِ وَالْهَرَمِ وَالْمَغْرَمِ وَالْمَاْثَمِ

نامردی سے اور بہت بوڑھا ہونے سے اور قرض سے اور گناہ سے



منزل چوتھی ۲۰۲ سہ شنبہ

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِكَ مِنْ عَذَابِ النَّارِ وَ

اے اللہ تحقیق میں پناہ مانگتا ہوں تجھ سے آگ کے عذاب سے اور

فِتْنَةِ النَّارِ وَفِتْنَةِ الْقَبْرِ وَعَذَابِ

آگ کے فتنے سے، اور قبر کے فتنے سے اور قبر کے عذاب

الْقَبْرِ وَشَرِّ فِتْنَةِ الْغِنٰى وَشَرِّ فِتْنَةِ

سے اور تونگری کے فتنے کی برائی سے اور محتاجی کے فتنے

الْفَقْرِ وَمِنْ شَرِّ فِتْنَةِ الْمَسِيْحِ الدَّجَّالِ

کی برائی سے اور کانے دجال کے فتنے کی برائی سے۔

اَللّٰهُمَّ اغْسِلْ خَطَايَایَ بِمَاءِ الثَّلْجِ وَ

اے اللہ دھو گناہ میرے ساتھ پانی برف کے اور

الْبَرَدِ وَنَقِّ قَلْبِیْ مِنَ الْخَطَايَا كَمَا

اولے کے اور پاک کر دل میرا گناہوں سے جیسا

يُنَقَّى الثَّوْبُ الْاَبْيَضُ مِنَ الدَّنَسِ

پاک کیا جاتا ہے کپڑا سفید میل سے۔



منزل چوتھی ۲۰۳ سہ شنبہ

وَبَاعِدْ بَيْنِیْ وَبَيْنَ خَطَايَایَ كَمَا

اور دوری ڈال درمیان میرے اور درمیان میرے گناہوں کے۔ جیسے

بَاعَدْتَّ بَيْنَ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ ○ (بخاری، مسلم)

دوری ڈالی تو نے درمیان مشرق کے اور مغرب کے۔

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِكَ مِنَ الْعَجْزِ وَ

اے اللہ تحقیق میں پناہ مانگتا ہوں تجھ سے عاجز ہونے سے اور

الْكَسَلِ وَالْجُبْنِ وَالْهَرَمِ وَاَعُوْذُبِكَ

کاہلی سے اور نامردی سے اور بہت بوڑھا (سترا بہترا) ہونے سے اور پناہ

مِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ وَاَعُوْذُبِكَ مِنْ

مانگتا ہوں تجھ سے عذاب قبر سے اور پناہ مانگتا ہوں تجھ سے

فِتْنَةِ الْمَحْيَا وَالْمَمَاتِ ○ (بخاری) وَاَعُوْذُبِكَ مِنَ

فتنہ زندگی سے اور فتنہ موت سے اور پناہ مانگتا ہوں تجھ سے

الْقَسْوَةِ وَالْغَفْلَةِ وَالْعَيْلَةِ وَالذِّلَّةِ

سنگدلی سے اور (عبادت کی) غفلت سے اور فقر و فاقہ اور ذلت



منزل چوتھی ۲۰۴ سہ شنبہ

وَالْمَسْكَنَةِ وَاَعُوْذُبِكَ مِنَ الْفَقْرِ وَ
اور مفلسی سے اور پناہ مانگتا ہوں تجھ سے محتاجی سے اور
الْكُفْرِ وَالْفُسُوْقِ وَالشِّقَاقِ وَالسُّمْعَةِ
کفر اور نافرمانی اور حق کی مخالفت سے اور نمود
وَالرِّيَاءِ وَاَعُوْذُبِكَ مِنَ الصَّمَمِ وَ
اور ریاکاری سے اور پناہ مانگتا ہوں تجھ سے بہرا اور
الْبَكَمِ وَالْجُنُوْنِ وَالْجُذَامِ وَسَيِّئِ
گونگا ہونے سے اور دیوانہ ہونے سے اور کوڑھ اور تمام بری
الْاَسْقَامِ وَضَلَعِ الدَّيْنِ (حصن حصین) ○ اَللّٰهُمَّ
(لاعلاج) بیماریوں سے اور قرض کے بوجھ سے اے اللہ
اِنِّيْ اَعُوْذُبِكَ مِنَ الْهَمِّ وَالْحُزْنِ وَ
تحقیق میں پناہ مانگتا ہوں تجھ سے فکر اور غم سے اور
الْعَجْزِ وَالْكَسَلِ وَالْبُخْلِ وَالْجُبْنِ
عاجزی سے اور کاہلی اور بخیلی اور نامردی



منزل چوتھی ۲۰۵ سہ شنبہ

وَضَلَعَ الدَّيْنِ وَغَلَبَةِ الرِّجَالِ (ابوداؤد) ○ اَللّٰهُمَّ
اور قرض کے بوجھ سے اور آدمیوں کے غلبے سے اے اللہ
اِنِّيْ اَعُوْذُبِكَ مِنَ الْبُخْلِ وَاَعُوْذُبِكَ
تحقیق میں پناہ مانگتا ہوں تجھ سے بخیلی سے اور پناہ مانگتا
مِنَ الْجُبْنِ وَاَعُوْذُبِكَ مِنْ اَنْ اُرَدَّ
ہوں تجھ سے نامردی سے اور پناہ مانگتا ہوں تجھ سے اس سے کہ
اِلٰى اَرْذَلِ الْعُمُرِ وَاَعُوْذُبِكَ مِنْ
پھیرا جاؤں طرف خوار عمر کے اور پناہ مانگتا ہوں تجھ سے
فِتْنَةِ الدُّنْيَا وَاَعُوْذُبِكَ مِنْ عَذَابِ
دنیا کے فتنے سے اور پناہ مانگتا ہوں تجھ سے عذاب
الْقَبْرِ (بخاری) ○ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَعُوْذُبِكَ مِنَ
قبر سے اے اللہ تحقیق میں پناہ مانگتا ہوں تجھ سے
الْجُبْنِ وَالْبُخْلِ وَسُوْءِ الْعُمُرِ وَفِتْنَةِ
نامردی سے اور بخیلی سے اور عمر کی برائی سے اور فتنے سے

الصَّدْرِ وَعَذَابِ الْقَبْرِ ۝ (ابن ماجہ) اَللّٰهُمَّ اِنَّا

کے فتنے سے اور عذاب قبر سے اے اللہ تحقیق ہم

نَعُوْذُبِكَ مِنْ جَهْدِ الْبَلَآءِ وَدَرْكِ

پناہ مانگتے ہیں تجھ سے بلا[5] کی مشقت سے اور بدبختی کے

الشَّقَآءِ وَسُوْٓءِ الْقَضَآءِ وَشَمَاتَةِ الْاَعْدَآءِ ۝ (متفق علیہ)

پا لینے سے اور بری تقدیر سے اور دشمنوں کے خوش ہونے سے

اَللّٰهُمَّ اِنِّيْٓ اَعُوْذُبِكَ مِنْ مُّنْكَرَاتِ

اے اللہ تحقیق میں پناہ مانگتا ہوں تجھ سے برے

الْاَخْلَاقِ وَالْاَعْمَالِ وَالْاَهْوَآءِ وَالْاَدْوَآءِ

اخلاق سے اور برے اعمال سے اور بری خواہشوں سے اور بری بیماریوں سے

(حاشیہ صـ۱۹۶) ۱ اوامر الٰہی کی تعمیل کیلئے ہمت نہ پانا جبن یعنی نامردی ہے۔

۲ مال سے زکوٰۃ نہ دینا بخل ہے جو جہنم میں لے جائے گا۔

۳ عمر کی برائی یہ ہے کہ اللہ کی نافرمانی میں گزرے یا معیشت کی تنگی اور فقر و فاقہ ہو

۴ سینے کے فتنے شرکیہ عقیدے اور حسد و بغض کینہ وغیرہ — اللہ ان سے بچائے

۵ بلا کی مشقت یہ ہے کہ رزق کم اور اولاد کی کثرت ہو۔

اَللّٰهُمَّ اِنَّا نَسْئَلُكَ مِنْ خَيْرِ مَا سَاَلَكَ

اے اللہ تحقیق ہم مانگتے ہیں تجھ سے بھلائی اس چیز کی کہ مانگی

مِنْهُ نَبِيُّكَ مُحَمَّدٌ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَ

تجھ سے تیرے نبی نے کہ حضرت محمد صلے اللہ علیہ وسلم ہیں

سَلَّمَ وَنَعُوْذُبِكَ مِنْ شَرِّ مَا اسْتَعَاذَ

اور پناہ مانگتے ہیں ہم تجھ سے اس چیز کی برائی سے کہ

مِنْهُ نَبِيُّكَ مُحَمَّدٌ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

پناہ مانگی اس سے تیرے نبی نے کہ حضرت محمد صلے اللہ علیہ و

وَسَلَّمَ وَاَنْتَ الْمُسْتَعَانُ وَعَلَيْكَ

سلم ہیں اور تو مدد مانگا گیا ہے اور تجھ پر

الْبَلَاغُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ ۝ (ترمذی)

کفایت ہے اور نہیں ہے پھرنا گناہوں سے اور نہ طاقت عبادت پر مگر اللہ کی مدد سے

اَللّٰهُمَّ اِنِّيْٓ اَعُوْذُبِكَ مِنْ جَارِ السُّوْٓءِ

اے اللہ تحقیق میں پناہ مانگتا ہوں تجھ سے برے ہمسائے سے



منزل چوتھی حزب الرسول ۲۰۸ سہ شنبہ

فِیْ دَارِ الْمُقَامَةِ فَاِنَّ جَارَ الْبَادِيَةِ

سکونت ل کے گھر میں پس تحقیق ہمسایہ جنگل کا

يَتَحَوَّلُ (نسائی) ○ اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الْكُفْرِ

بدل جاتا ہے پناہ مانگتا ہوں میں ساتھ اللہ کے کفر

وَالدَّيْنِ (نسائی) ○ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُ بِكَ

اور قرض سے اے اللہ تحقیق میں پناہ مانگتا ہوں تجھ سے

مِنْ غَلَبَةِ الدَّيْنِ وَغَلَبَةِ الْعَدُوِّ وَ

قرض تلے دب جانے سے اور دشمن کے غلبے سے اور

شَمَاتَةِ الْاَعْدَاءِ (حاکم) ○ اَللّٰهُمَّ اِنَّا نَعُوْذُ بِكَ

دشمنوں کے خوش ہونے سے اے اللہ تحقیق ہم پناہ مانگتے ہیں

اَنْ نَرْجِعَ عَلٰٓى اَعْقَابِنَا اَوْ نُفْتَنَ عَنْ

ساتھ تیرے اس سے کہ پھریں ہم اپنی ایڑیوں پر (مرتد ہوں) یا فتنہ میں ڈالے

ل جو ہمسایہ اپنے بس محلہ میں رہتا ہو۔ اگر برا ہے تو ساری عمر کے لئے عذاب ہے برخلاف سفر کے ہمسایہ کے کہ وہ چلا جاتا ہے۔ اس کی تکلیف دائمی نہیں ہوتی۔



منزل چوتھی، حزب الرسول ۲۰۹ سہ شنبہ

دِيْنِنَا (صحیح بخاری) ○ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُ بِكَ

جائیں اپنے دین سے۔ اے اللہ تحقیق میں پناہ مانگتا ہوں تجھ

مِنْ يَوْمِ السُّوْٓءِ وَمِنْ لَيْلَةِ السُّوْٓءِ

سے برے دن سے اور بری رات سے

وَمِنْ سَاعَةِ السُّوْٓءِ وَمِنْ صَاحِبِ

اور بری گھڑی سے اور برے یار

السُّوْٓءِ وَمِنْ جَارِ السُّوْٓءِ فِیْ دَارِ

سے اور برے ہمسایہ سے سکونت کے

الْمُقَامَةِ (طبرانی) ○ اَللّٰهُمَّ مُصَرِّفَ الْقُلُوْبِ

گھر میں اے اللہ دلوں کے پھیرنے والے

صَرِّفْ قُلُوْبَنَا عَلٰى طَاعَتِكَ (ابوداؤد) ○ اَللّٰهُمَّ

پھیر دے دل ہمارے اپنی طاعت پر اے اللہ

اهْدِنِیْ وَسَدِّدْنِیْ (صحیح مسلم) ○ يَا اَرْضُ رَبِّیْ

ہدایت دے مجھ کو اور استقامت دے مجھ کو اے زمین میرا رب

وَرَبُّكِ اللّٰهُ أَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنْ شَرِّكِ

اور تیرا رب اللہ ہی ہے میں پناہ مانگتا ہوں ساتھ اللہ کے تیرے

وَشَرِّ مَا فِيْكِ وَشَرِّ مَا خُلِقَ فِيْكِ

شر سے اور تیرے اندر کی چیزوں کے شر سے اور جو کچھ تیرے اندر پیدا کیا گیا ہے اسکے شر

وَشَرِّ مَا يَدِبُّ عَلَيْكِ وَأَعُوْذُ بِاللّٰهِ

سے اور جو کچھ تجھ پر چلتا ہے اسکے شر سے اور پناہ مانگتا ہوں اللہ کی

مِنْ أَسَدٍ وَّأَسْوَدَ وَمِنَ الْحَيَّةِ وَ

شیر سے اور کالے ناگ سے اور سانپ سے اور

الْعَقْرَبِ وَمِنْ شَرِّ سَاكِنِي الْبَلَدِ

بچھو سے اور شہر کے بسنے والوں کے شر سے

وَمِنْ وَّالِدٍ وَّمَا وَلَدَ ○ (ابوداؤد) اَللّٰهُمَّ

اور شیطان اور اس کی اولاد سے اے اللہ

إِنِّيْ أَسْأَلُكَ خَيْرَ هٰذِهِ السُّوْقِ وَ

تحقیق میں مانگتا ہوں تجھ سے بھلائی اس بازار کی اور

خَيْرَ مَا فِيْهَا وَأَعُوْذُ بِكَ مِنْ شَرِّهَا

بھلائی جو بازار میں ہے اور پناہ مانگتا ہوں تجھ سے بازار کی برائی سے

وَشَرِّ مَا فِيْهَا. اَللّٰهُمَّ إِنِّيْ أَعُوْذُ بِكَ

اور جو برائی بازار میں ہے اے اللہ تحقیق میں پناہ مانگتا ہوں تجھ سے

أَنْ أُصِيْبَ فِيْهَا صَفْقَةً خَاسِرَةً ○ (بیہقی)

کہ پہنچوں میں اس میں معاملہ نقصان کو ۔

اَللّٰهُمَّ رَبَّنَا وَرَبَّ كُلِّ شَيْءٍ أَنَا شَهِيْدٌ

اے اللہ پروردگار ہمارے اور پروردگار ہر چیز کے میں گواہی دینے والا ہوں

أَنَّكَ الرَّبُّ وَحْدَكَ لَا شَرِيْكَ لَكَ

تحقیق تو پروردگار ہے یگانہ نہیں کوئی شریک تیرا

اَللّٰهُمَّ رَبَّنَا وَرَبَّ كُلِّ شَيْءٍ أَنَا شَهِيْدٌ

اے اللہ پروردگار ہمارے اور پروردگار ہر چیز کے میں گواہی دینے والا

أَنَّ مُحَمَّدًا صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَبْدُكَ

ہوں کہ تحقیق محمد صلے اللہ علیہ وسلم تیرے بندے ہیں



وَرَسُوْلُكَ ۔ اَللّٰهُمَّ رَبَّنَا وَرَبَّ كُلِّ

اور رسول تیرے ۔ اے اللہ پروردگار ہمارے اور پروردگار ہر چیز کے

شَیْءٍ اَنَا شَهِيْدٌ اَنَّ الْعِبَادَ كُلَّهُمْ

میں گواہی دینے والا ہوں کہ تحقیق بندے مسلمان سب

اِخْوَةٌ ط اَللّٰهُمَّ رَبَّنَا وَرَبَّ كُلِّ شَیْءٍ

بھائی ہیں آپس میں ۔ اے اللہ پروردگار ہمارے اور پروردگار ہر چیز کے

اِجْعَلْنِیْ مُخْلِصًا لَّكَ وَاَهْلِیْ فِیْ كُلِّ

کر مجھ کو مخلص واسطے اپنے اور اہل میرے کو

سَاعَةٍ فِی الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ ذَا الْجَلَالِ

ہر ساعت میں (امور) دنیا میں اور آخرت میں اے صاحب بزرگی

وَالْاِكْرَامِ اِسْمَعْ وَاسْتَجِبْ اَللّٰهُ

اور بخشش کے سن اور قبول کر دعا میری اللہ

اَكْبَرُ الْاَكْبَرُ حَسْبِیَ اللّٰهُ وَنِعْمَ

بہت بڑا ہے بہت بڑا ہے کافی ہے مجھ کو اللہ اور اچھا ہے



الْوَكِيْلُ اَللّٰهُ اَكْبَرُ اَللّٰهُ اَكْبَرُ ○ (ابوداؤد)

کارساز ۔ اللہ بہت بڑا ہے ۔ اللہ بہت بڑا ہے

اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِیْ خَطَايَایَ وَذُنُوْبِیْ

اے اللہ بخش مجھ کو گناہ صغیرے میرے اور گناہ کبیرے میرے

كُلَّهَا اَللّٰهُمَّ انْعَشْنِیْ وَاَحْيِنِیْ وَاجْبُرْنِیْ

سب ۔ اے اللہ بلند کر مرتبہ میرا اور زندہ رکھ مجھ کو باعزت اور درست کر

وَارْزُقْنِیْ وَاهْدِنِیْ لِصَالِحِ الْاَعْمَالِ

اور رزق دے مجھ کو اور راہ دکھا مجھ کو نیک عملوں ،

وَالْاَخْلَاقِ اِنَّهٗ لَا يَهْدِیْ لِصَالِحِهَا

اور نیک اخلاق کی طرف ۔ تحقیق نہیں راہ دکھاتا نیک عملوں

وَلَا يَصْرِفُ سَيِّئَهَا اِلَّا اَنْتَ ○ (حاکم)

کی طرف اور نہیں پھیرتا برے عملوں کو کوئی سوا تیرے

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ

اے اللہ رحمت بھیج اوپر محمد کے اور اوپر آل

مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰى إِبْرَاهِيْمَ

محمدؐ کے جیسے رحمت بھیجی تو نے اوپر ابراہیمؑ کے

وَعَلٰى اٰلِ إِبْرَاهِيْمَ إِنَّكَ حَمِيْدٌ

اور اوپر آل ابراہیمؑ کے تحقیق تو تعریف کیا گیا

مَّجِيْدٌ ○ اَللّٰهُمَّ بَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ

بزرگ ہے اے اللہ برکت بھیج اوپر محمدؐ کے

وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ

اور اوپر آل محمدؐ کے جیسے برکت بھیجی تو نے

عَلٰى إِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰى اٰلِ إِبْرَاهِيْمَ

اوپر ابراہیمؑ کے اور اوپر آل ابراہیمؑ کے

إِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ

تحقیق تو تعریف کیا گیا بزرگ ہے۔

منزل پانچویں

چہار شنبہ

تو مری رات کو مہتاب سے محروم نہ کر
ترے پیمانے میں ہے ماہ تمام اے ساقی

منزل پانچویں ——— چہارشنبہ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو بخشنے والا مہربان ہے

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ سَوّٰى خَلْقِيْ وَ

سب تعریف اللہ کے لئے ہے جس نے برابر کئے اعضا میرے اور

اَحْسَنَ صُوْرَتِيْ وَزَانَ مِنِّيْ مَا شَانَ

اچھی بنائی صورت میری اور سنواری میرے بدن سے وہ چیز جو

مِنْ غَيْرِيْ ○ حصن حصین اَللّٰهُمَّ كَمَا حَسَّنْتَ

عیب[1] دار کی غیر میرے سے۔ اے اللہ جیسے تونے اچھی بنائی

خَلْقِيْ فَاَحْسِنْ خُلُقِيْ وَحَرِّمْ وَجْهِيْ

صورت میری پس اچھا کر خلق میرا اور حرام کر ذات میری کو

[1] بعض کانے، اولے، لنگڑے، بہرے، کئی عیبوں والے ہوتے ہیں اللہ کا شکر ادا کرنا چاہیئے کہ یہ عیب ہم میں نہیں ہیں۔



منزل پانچویں
۲۱۸
چہار شنبہ

عَلَى النَّارِ ○ حصن حصین اَللّٰهُمَّ اِنَّكَ عَفُوٌّ تُحِبُّ

آگ پر اے اللہ تحقیق تو بہت معاف کرنے والا ہے دوست

الْعَفْوَ فَاعْفُ عَنِّي ○ ترمذی اَللّٰهُمَّ

رکھتا ہے معاف کرنے کو پس معاف کر مجھ سے گناہ میرے اے اللہ

لَا يَأْتِي بِالْحَسَنَاتِ اِلَّا اَنْتَ وَلَا

نہیں لاتا نیکیوں کو کوئی سوا تیرے اور نہیں

يَذْهَبُ بِالسَّيِّئَاتِ اِلَّا اَنْتَ وَلَا

دور کرتا برائیوں کو کوئی سوا تیرے اور نہیں

حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِكَ ○ ابوداؤد اَشْهَدُ

بچنا گناہوں سے اور نہیں قوت عبادت پر مگر تیری مدد سے گواہی دیتا ہوں

اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ وَاَنَّ مُحَمَّدًا

یہ اس کی کہ نہیں کوئی عبادت کے لائق مگر اللہ تنہا اور تحقیق محمد

عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ ۔ وَاَنَّ عِيْسٰى

بندے اس کے ہیں اور رسول اسکے اور تحقیق عیسیٰ



منزل پانچویں
۲۱۹
چہار شنبہ

عَبْدُ اللّٰهِ وَرَسُوْلُهٗ وَابْنُ اَمَتِهٖ وَ

بندے اللہ کے ہیں اور رسول اس کے اور بیٹے اسکی لونڈی کے

كَلِمَتُهٗ اَلْقٰهَا اِلٰى مَرْيَمَ وَرُوْحٌ

اور کلمہ اس کا کہ ڈالا اس کو طرف مریم کے اور روح ہیں

مِّنْهُ وَاَنَّ الْجَنَّةَ حَقٌّ وَّالنَّارَ حَقٌّ ○ صحیح بخاری

اس کی طرف سے اور تحقیق بہشت حق ہے اور دوزخ حق ہے ۔

سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهٖ سُبْحَانَ اللّٰهِ

پاک ہے اللہ اور پاک یاد کرتا ہوں ساتھ اسکی تعریف کے پاک ہے اللہ

الْعَظِيْمِ ○ صحیح مسلم سُبْحَانَ اللّٰهِ عَدَدَ مَا

عظمت والا ۔ پاکی ہے اللہ کو بقدر گنتی اس چیز کے

خَلَقَ وَسُبْحَانَ اللّٰهِ مِلْءَ مَا خَلَقَ وَ

کو پیدا کیا اور پاکی ہے اللہ کو بقدر بھرنے اس چیز کے کہ پیدا کی اور

سُبْحَانَ اللّٰهِ عَدَدَ كُلِّ شَيْءٍ وَسُبْحَانَ

پاکی ہے اللہ کو بقدر گنتی ہر چیز کے اور پاکی ہے



اللّٰهِ مِلْأَ كُلِّ شَيْءٍ وَّسُبْحَانَ اللّٰهِ

اللہ کو ہر چیز بھر اور پاکی ہے اللہ کو بقدر

عَدَدَ مَا أَحْصٰى كِتَابُهٗ وَسُبْحَانَ اللّٰهِ

گنتی اس چیز کے کہ جمع کیا اسکی کتاب (لوح) نے اور پاکی ہے اللہ کو

مِلْأَ مَا أَحْصٰى كِتَابُهٗ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ

بقدر بھرنے اس چیز کے کہ جمع کیا اس کی کتاب نے اور تعریف ہے اللہ کیلئے

عَدَدَ مَا خَلَقَ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ مِلْأَ مَا

بقدر گنتی اس چیز کے کہ پیدا کی اور تعریف ہے اللہ کے لئے بقدر بھرنے اسکا

خَلَقَ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ عَدَدَ كُلِّ شَيْءٍ وَّ

چیز کے کہ پیدا کی اور تعریف ہے اللہ کے لئے بقدر گنتی ہر چیز کے اور

الْحَمْدُ لِلّٰهِ مِلْأَ كُلِّ شَيْءٍ وَالْحَمْدُ

تعریف ہے اللہ کے لئے ہر چیز بھر اور تعریف ہے

لِلّٰهِ عَدَدَ مَا أَحْصٰى كِتَابُهٗ وَالْحَمْدُ

اللہ کیلئے بقدر گنتی اس چیز کے کہ جمع کیا اسکی کتاب نے اور تعریف ہے



لِلّٰهِ مِلْأَ مَا أَحْصٰى كِتَابُهٗ (طبرانی) ○ اَللّٰهُمَّ

اللہ کے لئے بقدر بھرنے اس چیز کے کہ جمع کیا اسکی کتاب نے۔ اے اللہ

رَبَّ السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضِ عَالِمَ الْغَيْبِ

رب آسمانوں اور زمین کے جاننے والے پوشیدہ

وَالشَّهَادَةِ إِنِّيْ أَعْهَدُ إِلَيْكَ فِيْ هٰذِهِ

اور ظاہر کے تحقیق میں عہد کرتا ہوں طرف تیری اس

الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا أَنِّيْ أَشْهَدُ أَنْ لَّا

زندگانی دنیا میں تحقیق میں گواہی دیتا ہوں اسکی کہ نہیں

إِلٰهَ إِلَّا أَنْتَ وَحْدَكَ لَا شَرِيْكَ لَكَ

معبود مگر تو، ایک ہے تو، نہیں کوئی شریک تیرا،

وَأَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُكَ وَرَسُوْلُكَ فَإِنَّكَ

اور تحقیق محمد بندے تیرے ہیں اور رسول تیرے پس تحقیق

إِنْ تَكِلْنِيْ إِلٰى نَفْسِيْ تُقَرِّبْنِيْ مِنَ

تو اگر سونپے گا مجھ کو میرے نفس کی طرف نزدیک کرے گا مجھ کو



منزل پانچویں ۲۲۲ چہارشنبہ

الشَّرِّ وَتُبَاعِدُنِيْ مِنَ الْخَيْرِ وَإِنِّيْ

برائی سے اور دور کرے گا مجھ کو بھلائی سے اور تحقیق

إِنْ أَثِقُ إِلَّا بِرَحْمَتِكَ فَاجْعَلْ لِّيْ

میں نہیں اعتماد کرتا مگر ساتھ تیری رحمت کے پس ثابت کر میرے لئے

عِنْدَكَ عَهْدًا تُوَفِّيْنِيْهِ يَوْمَ

اپنے پاس عہد کو کہ پورا کرے تو اس کو دن

الْقِيٰمَةِ إِنَّكَ لَا تُخْلِفُ الْمِيْعَادَ (حاکم)

قیامت کے تحقیق تو نہیں خلاف کرتا ہے وعدہ کو

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ حَمْدًا كَثِيْرًا طَيِّبًا مُّبَارَكًا

سب تعریف اللہ کے لئے تعریف بہت پاک بابرکت

فِيْهِ كَمَا يُحِبُّ رَبُّنَا وَيَرْضٰى (حاکم)

جیسے دوست رکھتا ہے رب ہمارا اور راضی ہوتا ہے

اَللّٰهُمَّ أَنْتَ الصَّاحِبُ فِي السَّفَرِ وَ

اے اللہ تو ہی سفر میں ساتھی ہے اور



منزل پانچویں ۲۲۳ چہارشنبہ

الْخَلِيْفَةُ فِي الْأَهْلِ۔ اَللّٰهُمَّ إِنِّيْ

تو ہی نائب ہے میرے گھر بار میں اے اللہ تحقیق میں

أَعُوْذُ بِكَ مِنْ وَّعْثَآءِ السَّفَرِ وَكَآبَةِ

پناہ مانگتا ہوں تجھ سے سفر کی مشقت سے اور مراجعت کی

الْمُنْقَلَبِ وَمِنَ الْحَوْرِ بَعْدَ الْكَوْرِ

برائی سے اور نفع کے بعد نقصان سے

وَمِنْ دَعْوَةِ الْمَظْلُوْمِ وَمِنْ سُوْٓءِ

اور مظلوم کی بد دعا سے ، اور اہل و عیال

الْمَنْظَرِ فِي الْأَهْلِ وَالْمَالِ (ترمذی) ⊙ اَللّٰهُمَّ

اور مال کی بری حالت کو دیکھنے سے اے اللہ

إِنِّيْ أَعُوْذُ بِكَ مِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ وَ

تحقیق میں پناہ مانگتا ہوں تجھ سے عذاب قبر سے اور

أَعُوْذُ بِكَ مِنْ فِتْنَةِ الْمَسِيْحِ الدَّجَّالِ

پناہ مانگتا ہوں تجھ سے کانے دجال کے فتنے سے

وَاَعُوْذُبِكَ مِنْ فِتْنَةِ الْمَحْيَا وَفِتْنَةِ
اور پناہ مانگتا ہوں تجھ سے زندگی کے فتنے اور موت کے
الْمَمَاتِ. اَللّٰهُمَّ اِنِّيْٓ اَعُوْذُبِكَ مِنَ
فتنے سے اے اللہ تحقیق میں پناہ مانگتا ہوں تجھ سے
الْمَأْثَمِ وَمِنَ الْمَغْرَمِ ۝ (صحیح بخاری) اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ
گناہ سے اور قرض سے اے اللہ تحقیق میں
ظَلَمْتُ نَفْسِيْ ظُلْمًا كَثِيْرًا وَّلَا
نے ظلم کیا اپنی جان پر بہت ظلم اور نہیں
يَغْفِرُ الذُّنُوْبَ اِلَّآ اَنْتَ فَاغْفِرْلِيْ
بخشتا گناہوں کو کوئی سوائے تیرے پس بخش
مَغْفِرَةً مِّنْ عِنْدِكَ وَارْحَمْنِيْ اِنَّكَ
اپنی ہی جناب سے بخشش مجھ کو اور رحم کر مجھ پر بیشک تو ہی
اَنْتَ الْغَفُوْرُ الرَّحِيْمُ ۝ (صحیح بخاری) اَللّٰهُمَّ
بخشنے والا مہربان ہے اے اللہ

اِنِّيْٓ اَسْئَلُكَ تَوْفِيْقَ اَهْلِ الْهُدٰى
تحقیق میں مانگتا ہوں تجھ سے توفیق راہ پانے والوں کی
وَاَعْمَالَ اَهْلِ الْيَقِيْنِ وَمُنَاصَحَةَ
اور اعمال یقین والوں کے اور خیرخواہی توبہ کرنے
اَهْلِ التَّوْبَةِ وَعَزْمَ اَهْلِ الصَّبْرِ وَ
والوں کی اور ہمت صبر والوں کی اور
جِدَّ اَهْلِ الْخَشْيَةِ وَطَلَبَ اَهْلِ الرَّغْبَةِ
کوشش ڈر والوں کی اور جستجو رغبت والوں کی
وَتَعَبُّدَ اَهْلِ الْوَرَعِ وَعِرْفَانَ اَهْلِ
اور عبادت پرہیزگاروں کی اور معرفت علم
الْعِلْمِ حَتّٰٓى اَلْقَاكَ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْٓ اَسْئَلُكَ
والوں کی یہاں تک کہ ملوں میں تجھ سے اے اللہ تحقیق میں مانگتا
مَخَافَةً تَحْجُزُنِيْ عَنْ مَّعَاصِيْكَ
ہوں تجھ سے وہ ڈر کہ باز رکھے مجھ کو تیری نافرمانیوں سے

حَتّٰی اَعْمَلَ بِطَاعَتِكَ عَمَلًا اَسْتَحِقُّ

یہاں تک کہ تیری اطاعت میں وہ کام کروں کہ جس سے تیری

بِهٖ رِضَاكَ وَحَتّٰی اُنَاصِحَكَ بِالتَّوْبَةِ

رضامندی کا مستحق ہوجاؤں اور یہاں تک کہ تیری طرف خالص توبہ کروں تجھ

خَوْفًا مِّنْكَ وَحَتّٰی اُخْلِصَ لَكَ النَّصِيْحَةَ

سے ڈر کر اور یہاں تک کہ خالص خیرخواہی کروں تیری

حَيَاءً مِّنْكَ وَحَتّٰی اَتَوَكَّلَ عَلَيْكَ

تجھ سے شرما کر اور یہاں تک کہ تجھ ہی پر بھروسہ کروں

فِی الْاُمُوْرِ كُلِّهَا وَحُسْنَ ظَنٍّ بِكَ

سب کاموں میں اور نیک گمان کروں تیرے ساتھ

سُبْحَانَ خَالِقِ النُّوْرِ ○ (احمد) اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ

پاک ہے تو اے پیدا کرنے والے نور کے۔ اے اللہ تحقیق میں

اَعُوْذُ بِكَ مِنْ طَمَعٍ يَّهْدِیْ اِلٰی

پناہ مانگتا ہوں تیری ایسے لالچ سے جو پہنچا دے مجھ کو

طَبْعٍ ○ بیہقی اَعُوْذُ بِوَجْهِ اللّٰهِ الْكَرِيْمِ

دل پر مہر لگنے تک۔ میں پناہ مانگتا ہوں ساتھ ذات اللہ بزرگ

النَّافِعِ بِكَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّامَّاتِ لَا يُجَاوِزُ

ہمیشہ نفع دینے والی کے، اللہ کے پورے کلموں کیساتھ کہ نہیں تجاوز کر

هُنَّ بَرٌّ وَّلَا فَاجِرٌ مِّنْ شَرِّ مَا خَلَقَ وَ

سکتا ان سے کوئی نیک اور نہ بد اس کی برائی سے جو اس نے پیدا کی اور

ذَرَاَ وَبَرَاَ وَمِنْ شَرِّ مَا يَنْزِلُ مِنَ

پھیلائی اور بنائی اور اس چیز کی برائی سے جو اترتی ہے

السَّمَآءِ وَمِنْ شَرِّ مَا يَعْرُجُ فِيْهَا وَمِنْ

آسمان سے اور اس چیز کی برائی سے جو چڑھتی ہے آسمان میں اور اس

شَرِّ مَا ذَرَاَ فِی الْاَرْضِ وَمِنْ شَرِّ

چیز کی برائی سے جو پیدا کی زمین میں اور اس چیز کی برائی سے

مَا يَخْرُجُ مِنْهَا وَمِنْ شَرِّ فِتَنِ اللَّيْلِ

جو نکلتی ہے زمین سے اور رات اور دن کے فتنوں



وَالنَّهَارِ وَمِنْ شَرِّ كُلِّ طَارِقٍ اِلَّا طَارِقًا

کی برائی سے اور رات کے برآنے والے (جن، وغیرہ) کی برائی سے مگر جو آنے والا

يَطْرُقُ بِخَيْرٍ يَا رَحْمٰنُ (احمد، نسائی) ⊙ اَللّٰهُمَّ

بھلائی کے ساتھ آئے یا رحمٰن (مجھ پر رحم کر) اے اللہ

فَارِجَ الْهَمِّ كَاشِفَ الْغَمِّ مُجِيْبَ

غم دور کرنے والے رنج و فکر ہٹانے والے، بے قراروں کی

دَعْوَةِ الْمُضْطَرِّيْنَ رَحْمٰنَ الدُّنْيَا

دعائیں قبول کرنے والے رحمٰن دنیا

وَالْاٰخِرَةِ وَرَحِيْمَهُمَا اَنْتَ تَرْحَمُنِيْ

اور آخرت کے اور رحیم دونوں جہانوں کے تو ہی میرے حال پر رحم کرتا ہے

فَارْحَمْنِيْ بِرَحْمَةٍ تُغْنِيْنِيْ بِهَا عَنْ

پس ایسی مہربانی کر کہ بے پرواہ کر دے مجھ کو ساتھ اس کے

رَحْمَةِ مَنْ سِوَاكَ (حاکم) ⊙ لَبَّيْكَ اَللّٰهُمَّ

اپنے سواسب کی مہربانی سے میں حاضر ہوں اے اللہ۔



لَبَّيْكَ وَسَعْدَيْكَ وَالْخَيْرُ فِيْ

میں حاضر ہوں اور مستعد ہوں تیری طاعت پر اور سب بھلائیاں تیرے

يَدَيْكَ وَمِنْكَ ۔ اَللّٰهُمَّ مَا قُلْتُ

ہی دونوں ہاتھوں میں ہیں اور تجھ سے ہی پہنچتی ہیں اے اللہ میں نے جو بات

مِنْ قَوْلٍ اَوْ حَلَفْتُ مِنْ حَلْفٍ

بھی کہی یا کوئی قسم کھائی

اَوْ نَذَرْتُ مِنْ نَذْرٍ فَمَشِيَّتُكَ

یا کوئی نذر مانی پس ارادہ تیرا

بَيْنَ يَدَيْهِ مَا شِئْتَ كَانَ وَمَا لَمْ

آگے اس کے ہے جو چاہا تو نے وہی ہوا اور جو نہ چاہا

تَشَأْ لَمْ يَكُنْ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ

تو نے نہ ہوگا اور نہیں ہے پھرنا گناہ سے اور نہ طاقت

اِلَّا بِكَ اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ۔

نیکی پر سوائے تیری مدد سے تحقیق تو ہر چیز پر قادر ہے ۔

اَللّٰهُمَّ مَا صَلَّيْتُ مِنْ صَلٰوةٍ فَعَلٰى

اے اللہ میں نے جو بھی رحمت کی دعا کی پس اس کے لیے ہے

مَنْ صَلَّيْتَ وَمَا لَعَنْتُ مِنْ لَعْنَةٍ

جس پر تو نے رحمت کی اور جو بھی لعنت کی میں نے

فَعَلٰى مَنْ لَعَنْتَ اِنَّكَ اَنْتَ وَلِيِّ فِي

پس اسی پر ہے جس پر تو نے لعنت کی تحقیق تو ہی میرا دوست ہے

الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ ط تَوَفَّنِيْ مُسْلِمًا وَّ

دنیا میں اور آخرت میں مار مجھ کو مسلمان اور

اَلْحِقْنِيْ بِالصّٰلِحِيْنَ ۝ (طرانی) اَللّٰهُمَّ فَاطِرَ

ملا دے مجھ کو ساتھ نیکوں کے اے اللہ پیدا کرنیوالے

السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ عَالِمَ الْغَيْبِ

آسمانوں اور زمین کے جاننے والے پوشیدہ

وَالشَّهَادَةِ ذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ

اور ظاہر کے اے صاحب بزرگی اور بخشش کے

فَاِنِّيْ اَعْهَدُ اِلَيْكَ فِيْ هٰذِهِ الْحَيٰوةِ

پس تحقیق میں عہد کرتا ہوں تیری طرف اس زندگانی

الدُّنْيَا وَاُشْهِدُكَ وَكَفٰى بِكَ

دنیا میں اور گواہ کرتا ہوں تجھ کو اور کافی ہے تو اس

شَهِيْدًا اَنِّيْ اَشْهَدُ اَنْ لَّا اِلٰهَ

پر گواہ ۔ کہ تحقیق میں گواہی دیتا ہوں اسکی کہ نہیں معبود

اِلَّا اَنْتَ وَحْدَكَ لَا شَرِيْكَ لَكَ

مگر تو تنہا ہے تو نہیں کوئی شریک تیرا تیرے ہی لئے

لَكَ الْمُلْكُ وَلَكَ الْحَمْدُ وَاَنْتَ عَلٰى

ہے بادشاہی اور تیرے ہی لئے سب تعریف اور تو ہر چیز

كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ وَّاَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا

پر قادر ہے اور میں گواہی دیتا ہوں اسکی کہ تحقیق محمد

عَبْدُكَ وَرَسُوْلُكَ وَاَشْهَدُ اَنَّ

بندے تیرے ہیں اور رسول تیرے اور میں گواہی دیتا ہوں اسکی



وعدک حق ولقاءک حق والساعۃ

کہ وعدہ تیرا حق ہے اور دیکھنا تجھ کو (آخرت میں) حق ہے اور قیامت

اٰتیۃ لا ریب فیہا وانک تبعث

آنے والی ہے نہیں شک اس میں اور تحقیق تو اٹھائے گا ان کو

من فی القبور وانک ان تکلنی

کہ قبروں میں ہیں اور تحقیق تو اگر سونپے گا مجھ کو

الی نفسی تکلنی الی ضعف و

طرف میرے نفس کے، تو سونپے گا مجھ کو طرف ناتوانی اور

عورۃ وذنب وخطیئۃ وانی لا

ننگ اور قصداً گناہ کے اور چوک کے اور تحقیق میں نہیں

اثق الا برحمتک فاغفرلی ذنوبی

اعتماد کرتا ہوں مگر ساتھ تیری رحمت کے پس بخش مجھ کو میرے گناہ

کلہا انہ لا یغفر الذنوب الا

سب تحقیق نہیں بخشتا گناہوں کو کوئی سوا



انت وتب علی انک انت التواب

تیرے اور توبہ قبول کر میری تحقیق تو توبہ قبول کرنے والا

الرحیم ○ طبرانی حاکم الحمد للہ الذی اقالنا

مہربان ہے سب تعریف واسطے اللہ کے ہے جس نے معاف

یومنا ہذا ولم یہلکنا بذنوبنا

کئے گناہ ہمارے اس دن کے اور نہ ہلاک کیا ہم کو سبب ہمارے گناہوں کے

الحمد للہ الذی وہبنا ہذا الیوم

سب تعریف واسطے اللہ کے لئے ہے جس نے بخشا ہم کو یہ دن

واقالنا فیہ عثراتنا ولم یعذبنا بالنار

اور درگذر کیں اس میں ہماری لغزشیں اور نہ عذاب کیا ہم کو ساتھ آگ کے

اللہم انت احق من ذکر واحق

اے اللہ تو لائق تر ہے اس سے کہ یاد کیا جائے اور تو لائق تر ہے

من عبد وانصر من ابتغی و

اس سے کہ عبادت کیا جائے اور بڑا مددگار ہے اس سے کہ



منزل پانچویں ۲۳۴ چہار شنبہ

أَرْأَفُ مَنْ مَّلَكَ وَأَجْوَدُ مَنْ سُئِلَ وَ
ڈھونڈا جائے اور بڑا مہربان ہے جو مالک ہے اور بڑا سخی ہے اس سے جو مانگا جائے
أَوْسَعُ مَنْ أَعْطٰى أَنْتَ الْمَلِكُ لَا
اور بڑا فراخی والا ہے اس سے جو عطا کرے ۔ تو بادشاہ ہے نہیں
شَرِيْكَ لَكَ وَالْفَرْدُ لَا نِدَّ لَكَ كُلُّ
کوئی شریک تیرا اور تو ایک ہے نہیں کوئی ہمسر تیرا ۔ ہر
شَيْءٍ هَالِكٌ إِلَّا وَجْهَكَ لَنْ تُطَاعَ
چیز ہلاک ہونے والی ہے سوا ذات تیری کے ، ہرگز عبادت نہیں کیا جاتا
إِلَّا بِإِذْنِكَ وَلَنْ تُعْصٰى إِلَّا بِعِلْمِكَ
تو مگر ساتھ اپنے حکم کے اور ہرگز نہیں نافرمانی کیا جاتا ہے تو مگر ساتھ اپنے علم کے
تُطَاعُ فَتَشْكُرُ وَتُعْصٰى فَتَغْفِرُ أَقْرَبُ
طاعت کیا جاتا ہے تو جزا دیتا ہے اور نافرمانی کیا جاتا ہے تو معاف کر دیتا
شَهِيْدٍ وَّأَدْنٰى حَفِيْظٍ حُلْتَ
ہے ۔ قریب تر ہے ہر حاضر کا اور نزدیک تر ہے ہر نگہبان سے ، حائل ہوا



منزل پانچویں ۲۳۵ چہار شنبہ

دُوْنَ النُّفُوْسِ وَأَخَذْتَ بِالنَّوَاصِيْ
تو قریب جانوں کے اور پکڑے تو نے بال پیشانیوں کے
وَكَتَبْتَ الْآثَارَ وَنَسَخْتَ الْآجَالَ وَ
اور لکھ دیئے تو نے سب نشان اور لکھیں تو نے عمریں اور
الْقُلُوْبُ لَكَ مُفْضِيَةٌ وَالسِّرُّ عِنْدَكَ
دل تیرے لئے فراخ ہیں اور بھید تیرے نزدیک
عَلَانِيَةٌ اَلْحَلَالُ مَا أَحْلَلْتَ وَالْحَرَامُ
کھلے ہیں ۔ حلال وہی ہے جو تو نے حلال کیا اور حرام وہی ہے
مَا حَرَّمْتَ وَالدِّيْنُ مَا شَرَعْتَ وَالْأَمْرُ
جو تو نے حرام کیا اور دین سچا وہ ہے جو تو نے مقرر کیا اور حکم وہی ہے
مَا قَضَيْتَ وَالْخَلْقُ خَلْقُكَ وَالْعَبْدُ
جو تو کر چکا اور مخلوق پیدائش تیری ہے اور سب بندے
عَبْدُكَ وَأَنْتَ اللّٰهُ الرَّءُوْفُ الرَّحِيْمُ ○ طبرانی
بندے تیرے ہیں اور تو ہے اللہ بہت مہربان بخشنے والا ۔



رَبِّ اغْفِرْلِیْ وَتُبْ عَلَیَّ اِنَّكَ اَنْتَ

اے رب میرے بخش گناہ میرے اور قبول کر توبہ میری ۔ تحقیق تو ہی توبہ

التَّوَّابُ الْغَفُوْرُ ۝ مشکوٰۃ رَضِیْتُ بِاللّٰهِ

قبول کرنے والا بخشنے والا ہے ۔ راضی ہوا میں اللہ سے از روئے

رَبًّا وَّبِالْاِسْلَامِ دِیْنًا وَّبِمُحَمَّدٍ نَّبِیًّا

رب ہونے کے اور اسلام سے از روئے دین ہونے کے اور محمد صلی اللہ علیہ وسلم سے

وَّبِالْقُرْاٰنِ حَكَمًا وَّاِمَامًا ۝ حصن حصین اَللّٰهُ

از روئے نبی ہونے کے اور قرآن سے از روئے حاکم اور امام ہونے کے ۔ اللہ

اَكْبَرُ اَللّٰهُ اَعَزُّ مِنْ خَلْقِهٖ جَمِیْعًا

بہت بڑا ہے ۔ اللہ غالب تر ہے اپنی سب مخلوق سے

اَللّٰهُ اَعَزُّ مِمَّا اَخَافُ وَاَحْذَرُ اَعُوْذُ

اللہ غالب تر ہے اس چیز سے جس سے میں ڈرتا ہوں اور خوف کھاتا ہوں میں پناہ

بِاللّٰهِ الَّذِیْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْمُمْسِكُ

مانگتا ہوں اللہ کی کہ نہیں کوئی معبود مگر وہ ۔ تھامنے والا ہے



السَّمَآءَ اَنْ تَقَعَ عَلَى الْاَرْضِ اِلَّا بِاِذْنِهٖ

آسمان کو اس سے کہ گر پڑے زمین پر مگر اس کے حکم سے

مِنْ شَرِّ عَبْدِكَ فُلَانٍ وَّجُنُوْدِهٖ وَ

تیرے فلاں بندے کی برائی سے اور اس کے لشکروں کی برائی سے

اَتْبَاعِهٖ وَاَشْیَاعِهٖ مِنَ الْجِنِّ وَ

اور اس کے تابعوں اور گروہوں کی برائی سے جن سے ہوں اور

الْاِنْسِ اَللّٰهُمَّ كُنْ لِّیْ جَارًا مِّنْ

انسان سے ہوں ۔ اے اللہ ہو میرے واسطے پشت پناہ ان کی

شَرِّهِمْ جَلَّ ثَنَآؤُكَ وَعَزَّ جَارُكَ

برائی سے بڑی ہے تعریف تیری اور غالب ہے پناہ پکڑنے والا

لے انبیاء ، اہل اللہ اور حق گو لوگوں کے کئی مخالف بھی ہوتے ہیں ۔ جو ناحق دشمنی کرتے اور ان کے در پئے آزار رہتے ہیں ۔ حضرت ابراہیم علیہ السلام نے نمرود کے ہاتھوں اور حضرت موسیٰ علیہ السلام نے فرعون کیطرف سے بڑی تکلیفیں اٹھائیں ۔ اس دعا میں بندے سے مراد ایسا ہی بندہ ہے ۔ جو ناحق دشمنی پر کمر باندھ کر کسی نیک آدمی کو دکھ پہنچائے ۔ اور اپنے لاؤ لشکر سے اسے ڈرائے ۔ خداوند اپنے نیک بندوں کو ظالموں کے جور و ستم سے محفوظ رکھ !

وَلَآ اِلٰهَ غَيْرُكَ ۝ طبرانی اَللّٰهُمَّ اِنَّا نَعُوْذُ

تیرا اور نہیں کوئی معبود سوا تیرے اے اللہ تحقیق ہیں پناہ پکڑتے

بِكَ اَنْ يَّفْرُطَ عَلَيْنَا اَحَدٌ مِّنْهُمْ اَوْ

ہوں ساتھ تیرے اس سے کہ زیادتی کرے ہم پر کوئی یا

اَنْ يَّطْغٰى ۝ حصن حصین اَللّٰهُمَّ اِلٰهَ جِبْرَئِيْلَ وَ

یہ کہ ظلم کرے۔ اے اللہ معبود جبرائیل کے اور

مِيْكَائِيْلَ وَاِسْرَافِيْلَ وَاِلٰهَ اِبْرَاهِيْمَ

میکائیل اور اسرافیل کے اور معبود ابراہیم

وَاِسْمَاعِيْلَ وَاِسْحٰقَ عَافِنِيْ وَلَا

اور اسماعیل اور اسحاق کے عافیت دے مجھ کو اور نہ

تُسَلِّطَنَّ اَحَدًا مِّنْ خَلْقِكَ عَلَيَّ

غالب کر کسی کو اپنی مخلوق میں سے مجھ پر

بِشَيْءٍ لَّا طَاقَةَ لِيْ بِهٖ ۝ حصن حصین بِسْمِ

ساتھ اس چیز کے کہ نہیں طاقت ہے مجھ کو اس کی۔ میں اللہ کے

نزل الابرار

اللّٰهِ عَلٰى نَفْسِيْ وَمَالِيْ وَدِيْنِيْ ۝

نام لیتا ہوں اپنی جان اور مال اور دین پر

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ رَدَّ اِلَيَّ نَفْسِيْ وَ

سب تعریف اللہ کے لئے ہے جس نے پھیری میری طرف جان میری

لَمْ يُمِتْهَا فِيْ مَنَامِهَا۔ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ

اور نہ مارا اس کو اس کی نیند میں سب تعریف اللہ کیلئے ہے

الَّذِيْ يُمْسِكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ

جس نے تھام رکھا ہے آسمانوں کو اور زمین کو اس

اَنْ تَزُوْلَا وَلَئِنْ زَالَتَا اِنْ اَمْسَكَهُمَا

سے کہ ٹل جائیں اپنی جگہ سے اور اگر ٹل جائیں، نہیں تھامنے کا ان کو

مِنْ اَحَدٍ مِّنْ بَعْدِهٖ اِنَّهٗ كَانَ حَلِيْمًا

کوئی اس کے بعد تحقیق وہ بردبار

غَفُوْرًا ۝ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ يُمْسِكُ

بخشنے والا ہے۔ سب تعریف اللہ کیلئے ہے جس نے تھام



منزل پانچویں حزب الرسول ۲۴۰ بروز چہارشنبہ

السَّمَآءَ اَنْ تَقَعَ عَلَى الْاَرْضِ اِلَّا بِاِذْنِهٖ

رکھا ہے آسمان کو اس سے کہ گر پڑے زمین پر مگر اس کے حکم

اِنَّ اللّٰهَ بِالنَّاسِ لَرَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ

سے۔ تحقیق اللہ ساتھ لوگوں کے البتہ شفقت کرنے والا مہربان ہے

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِىْ يُحْيِى الْمَوْتٰى وَ

سب تعریف اللہ کے لئے ہے جو زندہ کرتا ہے مردوں کو اور

هُوَ عَلٰى كُلِّ شَىْءٍ قَدِيْرٌ ○ حاکم

وہ ہر چیز پر قادر ہے۔

رَبُّنَا الَّذِىْ فِى السَّمَآءِ تَقَدَّسَ اسْمُكَ

پروردگار ہمارا وہ ہے جو آسمان میں پاک ہے نام تیرا

اَمْرُكَ فِى السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ كَمَا

حکم تیرا جاری ہے آسمان میں اور زمین میں۔ جس طرح رحمت تیری

رَحْمَتُكَ فِى السَّمَآءِ فَاجْعَلْ رَحْمَتَكَ

آسمان میں ہے پس کر اسی طرح رحمت اپنی



منزل پانچویں حزب الرسول ۲۴۱ بروز چہارشنبہ

فِى الْاَرْضِ وَاغْفِرْ لَنَا حُوْبَنَا وَخَطَايَانَا

زمین میں اور بخش ہمارے لئے گناہ ہمارے جان کر کئے ہوئے

اَنْتَ رَبُّ الطَّيِّبِيْنَ فَاَنْزِلْ شِفَآءً

اور چوک کر کئے ہوئے تو رب ہے پاک لوگوں کا۔ پس اتار اپنی شفاؤں

مِنْ شِفَآئِكَ وَرَحْمَةً مِّنْ رَّحْمَتِكَ

میں سے شفاء اور اپنی رحمتوں میں سے رحمت

عَلٰى هٰذَا الْوَجَعِ ○ نسائی اَعُوْذُ بِاللّٰهِ وَ

اس درد پر پناہ مانگتا ہوں میں اللہ کی

قُدْرَتِهٖ مِنْ شَرِّ مَا اَجِدُ وَاُحَاذِرُ ○ صحیح مسلم

اور اسکی قدرت کی اس چیز کی برائی سے کہ پاتا ہوں میں اور ڈرتا ہوں آئندہ کو۔

اَللّٰهُمَّ اِنَّا نَسْئَلُكَ مُوْجِبَاتِ رَحْمَتِكَ

اے اللہ تحقیق ہم مانگتے ہیں تجھ سے وہ اعمال کہ موجب

وَعَزَآئِمَ مَغْفِرَتِكَ وَالسَّلَامَةَ مِنْ

ہوں تیری رحمت کے اور لازم کریں تیری بخشش کو اور مانگتے ہیں سلامتی

كُلِّ اِثْمٍ وَالْغَنِيْمَةَ مِنْ كُلِّ بِرٍّ وَالْفَوْزَ

ہر گناہ سے اور غنیمت ہر نیکی سے اور مراد پانی

بِالْجَنَّةِ وَالنَّجَاةَ مِنَ النَّارِ ○ حاکم اَللّٰهُمَّ

بہشت سے اور نجات آگ سے اے اللہ

لَا تَدَعْ لَنَا ذَنْبًا اِلَّا غَفَرْتَهٗ وَلَا هَمًّا

نہ چھوڑ ہمارا کوئی گناہ جس کو تو نہ بخشے اور نہ کوئی ایسا غم

اِلَّا فَرَّجْتَهٗ وَلَا دَيْنًا اِلَّا قَضَيْتَهٗ وَلَا

جس کو تو دور نہ کرے اور نہ کوئی قرض جس کو تو ادا نہ کرے اور نہ

حَاجَةً مِّنْ حَوَائِجِ الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ

کوئی حاجت دنیا اور آخرت کی حاجتوں سے

اِلَّا قَضَيْتَهَا يَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِيْنَ ○ طبرانی اَللّٰهُمَّ

جس کو تو روا نہ کرے اے بہت رحم کرنیوالے رحم کرنیوالوں میں ۔ اے اللہ

ضَعْ فِيْ اَرْضِنَا بَرَكَتَهَا وَزِيْنَتَهَا

رکھ ہماری زمین میں برکت اس کی اور زینت اس کی

وَسَكَنَهَا ○ طبرانی اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْئَلُكَ مِنْ

اور خاطر جمعی اس کی اے اللہ تحقیق میں مانگتا ہوں تجھ سے

فُجَاءَةِ الْخَيْرِ وَاَعُوْذُبِكَ مِنْ فُجَاءَةِ

اچانک بھلائی سے اور پناہ چاہتا ہوں تیری اچانک آنے والی

الشَّرِّ ○ اذکار اَللّٰهُمَّ هٰذَا اِقْبَالُ لَيْلِكَ وَ

برائی سے اے اللہ یہ تیری رات کے آنے اور

اِدْبَارُ نَهَارِكَ وَاَصْوَاتُ دُعَاتِكَ فَاغْفِرْلِيْ بیہقی

دن کے جانے کا وقت ہے اور تیرے پکارنے والوں کی آوازیں ہیں میرے گناہ مجھ کو معاف فرما

اَللّٰهُمَّ اَصْبَحْتُ اَشْهَدُ لَكَ بِمَا شَهِدْتَ

اے اللہ میں نے صبح کی، میں گواہی دیتا ہوں تیرے لئے ساتھ اس کے

لِنَفْسِكَ وَشَهِدَتْ بِهٖ مَلٰٓئِكَتُكَ

کہ گواہی دی تو نے اپنی ذات کیلئے اور گواہی دی ساتھ اسکے تیرے فرشتوں

وَجَمِيْعُ خَلْقِكَ اِنَّكَ اَنْتَ اللّٰهُ لَا

نے اور تیری تمام مخلوق نے، کہ تو ہی اللہ ہے نہیں



منزل پانچویں ۲۴۴ چہارشنبہ

اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ الْقَآئِمُ بِالْقِسْطِ لَآ اِلٰهَ

کوئی معبود مگر تو ، قائم کرنے والا انصاف کو، نہیں کوئی

اِلَّا اَنْتَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ط اُكْتُبْ

معبود مگر تو غالب حکمت والا، لکھ لے

شَهَادَتِيْ بَعْدَ شَهَادَةِ مَلٰٓئِكَتِكَ وَ

گواہی میری اپنے فرشتوں اور اہل علم کی گواہی

اُولِي الْعِلْمِ ط اَللّٰهُمَّ اَنْتَ السَّلَامُ وَ

کے بعد۔ اے اللہ تو سلام ہے اور

مِنْكَ السَّلَامُ وَاِلَيْكَ السَّلَامُ اَسْئَلُكَ

تیری طرف سے سلامتی ہے اور تیری طرف سلامتی ہے مانگتا ہوں

يَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ اَنْ تَسْتَجِيْبَ

میں تجھ سے اے بزرگی اور عظمت والے یہ کہ قبول کر

لَنَا دَعْوَتَنَا وَاَنْ تُعْطِيَنَا رَغْبَتَنَا وَ

ہماری دعاؤں کو اور پورا کر ہماری خواہشوں کو اور



منزل پانچویں ۲۴۵ چہارشنبہ

اَنْ تُغْنِيَنَا عَمَّنْ اَغْنَيْتَهٗ عَنَّا مِنْ

یہ کہ بے نیاز کر دے ہم کو اس سے کہ بے نیاز کیا ہے تو نے اسکو ہم

خَلْقِكَ۔ اَللّٰهُمَّ اَصْلِحْ لِيْ دِيْنِيَ الَّذِيْ

سے اپنی مخلوق سے۔ اے اللہ سنوار دے میرے دین کو کہ وہ

هُوَ عِصْمَةُ اَمْرِيْ وَاَصْلِحْ لِيْ دُنْيَايَ

بچاؤ ہے میرے کام کا ، اور سنوار دے میری دنیا کو

الَّتِيْ فِيْهَا مَعَاشِيْ وَاَصْلِحْ لِيْ اٰخِرَتِيَ

جس میں میری زندگانی ہے اور درست کر میرے لئے آخرت

الَّتِيْ فِيْهَا مُنْقَلَبِيْ ○ (نزول الابرار) اَللّٰهُمَّ اٰتِنَا

میری کو جہاں میں نے لوٹ کر جانا ہے اے اللہ دے ہم کو

فِي الدُّنْيَا حَسَنَةً وَّفِي الْاٰخِرَةِ

دنیا میں بھلائی اور آخرت میں

حَسَنَةً وَّقِنَا عَذَابَ النَّارِ ○ صحیح مسلم

بھلائی اور بچا ہم کو آگ کے عذاب سے



منزل پانچویں ۲۳۶ چہارشنبہ

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْۤ اَسْئَلُكَ الْعَفْوَ وَالْعَافِيَةَ ترمذی

اے اللہ تحقیق میں مانگتا ہوں تجھ سے معافی اور سلامتی

رَبِّ اِنِّیْۤ اَسْئَلُكَ الْعَافِيَةَ وَ

اے رب میرے تحقیق میں مانگتا ہوں تجھ سے سلامتی اور

الْمُعَافَاةَ فِی الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ ○ ابن ماجہ

معافی دنیا میں اور آخرت میں

اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ فِیْ قَلْبِیْ نُوْرًا وَّ

اے اللہ کر میرے دل میں روشنی اور

اجْعَلْ فِیْ سَمْعِیْ نُوْرًا وَّاجْعَلْ

کر میری سماعت میں روشنی اور کر میری

فِیْ بَصَرِیْ نُوْرًا وَّاجْعَلْ اَمَامِیْ

بینائی میں روشنی اور کر میرے آگے

نُوْرًا وَّاجْعَلْ خَلْفِیْ نُوْرًا وَّاجْعَلْ

روشنی اور کر میرے پیچھے روشنی اور کر



منزل پانچویں ۲۳۷ چہارشنبہ

مِنْ تَحْتِیْ نُوْرًا وَّاَعْظِمْ لِیْ نُوْرًا ○ حصن حصین

میرے نیچے روشنی اور بڑی کر میرے لئے روشنی

سُبْحَانَ ذِی الْجَبَرُوْتِ وَ

پاک ہے صاحب غلبے کا اور

الْمَلَكُوْتِ وَالْكِبْرِيَاۤءِ وَالْعَظَمَةِ ○ ابوداؤد

صاحب بادشاہت کا اور صاحب بڑائی اور بزرگی کا

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْۤ اَتُوْبُ اِلَيْكَ مِنْهَا لَا

اے اللہ تحقیق میں توبہ کرتا ہوں تیری طرف گناہوں سے نہیں

اَرْجِعُ اِلَيْهَا اَبَدًا ○ حاکم اَللّٰهُمَّ مَغْفِرَتُكَ

لوٹوں گا ان کی طرف کبھی اے اللہ تیری بخشش

اَوْسَعُ مِنْ ذُنُوْبِیْ وَرَحْمَتُكَ اَرْجٰی

بہت وسیع ہے میرے گناہوں سے اور تیری رحمت بہت امید

عِنْدِیْ مِنْ عَمَلِیْ ○ (حاکم) بِسْمِ

کی گئی ہے میرے نزدیک میرے عمل سے ساتھ نام



منزل پانچویں ۲۴۸ چہارشنبہ

اللّٰهِ الْكَبِيْرِ اَعُوْذُ بِاللّٰهِ الْعَظِيْمِ
اللہ بڑے کے پناہ مانگتا ہوں میں اللہ عظیم کی
مِنْ شَرِّ عِرْقٍ نَعَّارٍ وَمِنْ شَرِّ
جوش مارنے والی رگ کی برائی سے اور آگ کی گرمی
حَرِّ النَّارِ (حاکم) ○ اَعُوْذُ بِكَلِمٰتِ
کی برائی سے پناہ مانگتا ہوں میں اللہ کے
اللّٰهِ التَّآمَّةِ مِنْ كُلِّ شَيْطَانٍ
پورے کلموں کی ہر
وَهَامَّةٍ وَّمِنْ كُلِّ عَيْنٍ
شیطان سے اور زہریلے جانور سے اور ہر نظر لگانے والی
لَامَّةٍ (صحیح بخاری) ○ حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ
آنکھ سے کافی ہے ہم کو اللہ ۔ اور اچھا ہے
الْوَكِيْلُ عَلَى اللّٰهِ تَوَكَّلْنَا ○ ترمذی
کارساز اللہ پر بھروسہ کیا ہم نے ۔



منزل پانچویں ۲۴۹ چہارشنبہ

سُبْحَانَ الْمَلِكِ الْقُدُّوْسِ رَبِّ
پاک ہے بادشاہ (شرک سے) نہایت پاک ، رب
الْمَلٰٓئِكَةِ وَالرُّوْحِ جَلَّلْتَ
فرشتوں کا اور روح کا ، روشن کیا
السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ بِالْعِزَّةِ
آسمان اور زمین اس کی عزت
وَالْجَبَرُوْتِ ابن سنی اَعُوْذُ بِاللّٰهِ السَّمِيْعِ
اور جبروت سے ۔ پناہ مانگتا ہوں میں اللہ سننے والے
الْعَلِيْمِ مِنَ الشَّيْطَانِ الرَّجِيْمِ ط
جاننے والے کی شیطان مردود سے
اَعُوْذُ بِاللّٰهِ السَّمِيْعِ الْعَلِيْمِ
پناہ مانگتا ہوں میں اللہ سننے والے جاننے والے کی
مِنَ الشَّيْطَانِ الرَّجِيْمِ ۔ اَعُوْذُ
شیطان مردود سے پناہ مانگتا ہوں

بِاللّٰهِ السَّمِيْعِ الْعَلِيْمِ مِنَ الشَّيْطَانِ

؎ میں اللہ سننے والے جاننے والے کی شیطان

الرَّجِيْمِ ۝ هُوَ اللّٰهُ الَّذِيْ لَآ

مردود سے وہ اللہ ہے جس کے سوا

اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ عَالِمُ الْغَيْبِ وَ

کوئی عبادت کے لائق نہیں جاننے والا پوشیدہ اور

الشَّهَادَةِ ۚ هُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِيْمُ ۝

کھلی چیزوں کا وہ بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

هُوَ اللّٰهُ الَّذِيْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ

وہ اللہ ہے جس کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں

اَلْمَلِكُ الْقُدُّوْسُ السَّلٰمُ

بادشاہ ہے، پاک ذات سلامتی بخشنے والا

؎ یہ قرآن مجید سورہ حشر کی آخری تین آیتیں ہیں۔

الْمُؤْمِنُ الْمُهَيْمِنُ الْعَزِيْزُ

امن دینے والا نگہبان غالب

الْجَبَّارُ الْمُتَكَبِّرُ ۚ سُبْحٰنَ

زبردست والا عظمت والا ہے پاک ہے

اللّٰهِ عَمَّا يُشْرِكُوْنَ ○ هُوَ اللّٰهُ

اللہ اس چیز سے جو شریک بناتے ہیں وہ اللہ ہے

الْخَالِقُ الْبَارِئُ الْمُصَوِّرُ لَهُ

پیدا کرنے والا بنانے والا صورت بخشنے والا اس کے

الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰى ۚ يُسَبِّحُ لَهٗ مَا

اچھے اچھے نام ہیں اسی کی پاکی بیان کرتی ہے

فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۚ وَهُوَ

ہر چیز جو آسمانوں اور زمین میں ہے اور وہ

(زمنی) الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ

غالب حکمت والا ہے

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ

اے اللہ رحمت بھیج اوپر محمدؐ کے اور اوپر آل

مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ

محمدؐ کے جیسے رحمت بھیجی تو نے اوپر ابراہیمؑ کے

وَعَلٰى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ۝

اور اوپر آل ابراہیمؑ کے تحقیق تو تعریف کیا گیا بزرگ ہے

اَللّٰهُمَّ بَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى

اے اللہ برکت بھیج اوپر محمد کے اور اوپر

اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰى

آل محمدؐ کے جیسے برکت بھیجی تو نے اوپر

اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ

ابراہیمؑ کے اور اوپر آل ابراہیمؑ کے تحقیق تو

حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ بخاری شریف

تعریف کیا گیا بزرگ ہے

منزل
چھٹی

پنجشنبہ

اسی دریا سے اٹھتی ہے وہ موجِ تند جولاں بھی
نہنگوں کے نشیمن جس سے ہوتے ہیں تہ و بالا

منزل چھٹی —— پنجشنبہ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو بخشنے والا مہربان ہے

اَللّٰهُمَّ اَنْتَ السَّلَامُ وَمِنْكَ السَّلَامُ

اے اللہ تو سلام ہے اور تیری ہی طرف سے (ہماری) سلامتی

تَبَارَكْتَ يَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ ۝ (صحیح مسلم)

ہے تو بابرکت ہے اے صاحب بزرگی اور بخشش کے ۔

يَا بَدِيْعَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ يَا

اے پیدا کرنے والے آسمانوں اور زمین کے ، اے

ذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ يَا صَرِيْخَ

صاحب بزرگی اور بخشش کے اے پہنچنے والوں کی

الْمُسْتَصْرِخِيْنَ يَا غِيَاثَ الْمُسْتَغِيْثِيْنَ

فریاد کو پہنچنے والے اے فریاد کرنے والوں کے فریاد رس

يَا كَاشِفَ السُّوْٓءِ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ يَا
اے دور کرنے والے تکلیف کے اے سب سے بڑھ کر رحم کرنے والے اے
مُجِيْبَ دَعْوَةِ الْمُضْطَرِّيْنَ يَا اِلٰهَ
قبول کرنے والے دعا لاچاروں کی ۔ اے سب جہانوں
الْعَالَمِيْنَ بِكَ اُنْزِلُ حَاجَتِيْ وَاَنْتَ
کے معبود میں تیرے حضور اپنی حاجت لایا ہوں اور تو
اَعْلَمُ بِهَا فَاقْضِهَا ○ ترغیب اَللّٰهُمَّ فَاطِرَ
خوب جانتا ہے پس پوری کر دے حاجت اے اللہ پیدا کرنے والے
السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ عَالِمَ الْغَيْبِ وَ
آسمانوں اور زمین کے جاننے والے پوشیدہ اور
الشَّهَادَةِ رَبَّ كُلِّ شَيْءٍ وَّمَلِيْكَهٗ
ظاہر کے پالنے والے ہر چیز کے اور مالک اس کے
اَشْهَدُ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ اَعُوْذُ بِكَ
گواہی دیتا ہوں میں اس کی کہ نہیں کوئی معبود سوا تیرے پناہ مانگتا ہوں

مِنْ شَرِّ نَفْسِيْ وَمِنْ شَرِّ الشَّيْطَانِ وَ
ساتھ تیرے اپنے شر سے اور شیطان کی برائی سے اور اس کے
شِرْكِهٖ وَاَنْ اَقْتَرِفَ عَلٰى نَفْسِيْ سُوْٓءً
شرک میں ڈالنے سے اور اس سے کہ اپنی جان پر برائی کماؤں
اَوْ اَجُرَّهٗ اِلٰى مُسْلِمٍ ○ ترمذی اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ
یا کھینچوں برائی کو طرف کسی مسلمان کے سب تعریف اللہ کے لئے ہے
الَّذِيْ اَطْعَمَنَا وَسَقَانَا وَكَفَانَا وَ
جس نے کھلایا ہمیں اور پلایا ہمیں اور کافی ہوا اور
اٰوَانَا فَكَمْ مِّمَّنْ لَّا كَافِيَ لَهٗ وَلَا
جگہ دی ہم کو پس کتنے ایسے لوگ ہیں جن کو کوئی کفایت کرنے والا نہیں اور
مُؤْوِيَ ○ ترمذی اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ اَحْيَا
نہ کوئی جگہ دینے والا سب تعریف اللہ کیلئے ہے جس نے زندہ کیا میری جان کو
نَفْسِيْ بَعْدَ مَا اَمَاتَهَا وَاِلَيْهِ النُّشُوْرُ ○ ترمذی
پیچھے اس کے مارنے کے (یعنی نیند سے بیدار کیا) اور اسی کی طرف ہے جی اٹھنا

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ عَافَانِیْ فِیْ جَسَدِیْ

سب تعریف اللہ کے لئے ہے جس نے عافیت دی میرے بدن میں

وَرَدَّ عَلَیَّ رُوْحِیْ وَاَذِنَ لِیْ

اور لوٹائی مجھ پر جان میری (بعد نیند کے) اور اجازت دی مجھے

بِذِکْرِہٖ ○ (ترمذی) اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ

اپنی یاد کی سب تعریف اللہ کے لئے ہے جس نے

خَلَقَ النَّوْمَ وَالْیَقْظَةَ ۔ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ

پیدا کیا نیند اور بیداری کو - سب تعریف اللہ کیلئے ہے جس نے

بَعَثَنِیْ سَالِمًا سَوِیًّا اَشْهَدُ اَنَّ

اٹھایا مجھ کو نیند سے، صحیح سالم میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ

اللّٰهَ یُحْیِ الْمَوْتٰی وَهُوَ عَلٰی

مردوں کو زندہ کریگا اور وہ ہر چیز پر

کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ ○ (اذکار نووی) اَللّٰهُمَّ

قادر ہے اے اللہ

اجْعَلْنِیْ اُعْظِمُ شُکْرَكَ وَاُکْثِرُ

رحمت بھیج حضرت محمدؐ پر جو افضل ہے تیرے سب نبیوں سے اور

سَيِّدِ وُلْدِ اٰدَمَ السِّرَاجِ الْمُنِيْرِ الصَّادِقِ

سردار ہیں سب اولاد آدم کے ، چراغ روشن ، سچے

الْاَمِيْنِ الْهَادِيْٓ اِلَى الصِّرَاطِ الْمُسْتَقِيْمِ

امانت دار ، راہ دکھانے والے طرف سیدھی راہ کے

الَّذِيْٓ اٰتَيْتَهٗ سَبْعًا مِّنَ الْمَثَانِيْ وَ

جن کو دی تو نے سات آیتیں (سورہ فاتحہ) اور

الْقُرْاٰنَ الْعَظِيْمَ نَبِيِّ الرَّحْمَةِ اَوَّلِ

قرآن عظیم ، نبی رحمت کے ، پہلے

مَنْ تَنْشَقُّ عَنْهُ الْاَرْضُ وَيَدْخُلُ

ان سب کے جو قبروں سے نکلیں گے اور داخل ہوں گے

الْجَنَّةَ الْمُبَشَّرِ بِهٖ فِي التَّوْرٰىةِ وَ

بہشت میں (دیکھو) خوشخبری دی گئی ان کی توراۃ اور



منزل ساتویں ۳۲۹ جمعہ

الْاِنْجِيْلِ الْمُصْطَفَى الْمُجْتَبَى الْمُنْتَخَبِ

انجیل میں ، برگزیدہ چنے گئے منتخب

اَبِي الْقَاسِمِ مُحَمَّدِ ابْنِ عَبْدِ اللّٰهِ ابْنِ

ابو القاسم حضرت محمدؐ بیٹے عبد اللہ بن

عَبْدِ الْمُطَّلِبِ ابْنِ هَاشِمٍ اَللّٰهُمَّ صَلِّ

عبد المطلب بن ہاشم کے اے اللہ رحمت بھیج

عَلٰى مُحَمَّدِ نِ النَّبِيِّ الْعَرَبِيِّ الْقُرَشِيِّ

حضرت محمدؐ پر نبی ، عربی ، قریشی

الْمَكِّيِّ التِّهَامِيِّ صَاحِبِ الْمِعْرَاجِ وَالْكَوْثَرِ

مکی ، تہامی ، صاحب معراج اور کوثر

وَالسَّلْسَبِيْلِ قَائِدِ الْغُرِّ الْمُحَجَّلِيْنَ

اور سلسبیل کے ، کھینچنے والے چمکتی پیشانی اور روشن

اِلٰى جَنَّاتِ النَّعِيْمِ وَغَايَةِ الْغَمَامِ

ہاتھ پاؤں والوں کے طرف بہشتوں نعمت کے اور غایت ابر رحمت کے

وَمِصْبَاحِ الظَّلَامِ وَقَمَرِ التَّمَامِ صَلَّى اللّٰهُ

اور چراغ اندھیرے کے اور پورے چاند چودھویں رات کے۔ رحمت

عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ صَلٰوةً دَائِمَةً ۵ اَللّٰهُمَّ

بھیجے اللہ ان پر اور ان کی آل پر رحمت ہمیشہ۔ اے اللہ

عَظِّمْ شَانَهٗ وَبَيِّنْ بُرْهَانَهٗ وَاَبْلِجْ

بزرگ کر شان ان کی اور ظاہر کر دلیل ان کی اور روشن کر

حُجَّتَهٗ وَبَيِّنْ فَضِيْلَتَهٗ وَتَقَبَّلْ شَفَاعَتَهٗ

حجت ان کی اور ظاہر کر فضیلت ان کی (حشر میں) اور قبول کر شفاعت

فِيْ اُمَّتِهٖ وَاسْتَعْمِلْنَا بِسُنَّتِهٖ يَا رَبَّ

ان کی امت میں اور عامل کر ہم کو ان کی سنت کا اے تمام جہانوں

الْعَالَمِيْنَ وَيَا رَبَّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ

کے رب اور اے رب عرش عظیم کے

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ

اے اللہ رحمت بھیج ہمارے سردار حضرت محمدؐ پر کہ وہ

الَّذِیْ صَلّٰی عَلَيْهِ رَبُّنَا فِیْ مُحْكَمِ

جن پر رحمت بھیجی ہمارے رب نے اپنی محکم

كِتَابِهٖ وَاَمَرَ اَنْ يُّصَلّٰى عَلَيْهِ وَيُسَلَّمَ

کتاب میں اور حکم کیا کہ درود بھیجا جائے ان پر اور سلام

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰۤى اٰلِهٖ وَاَصْحَابِهٖ

رحمتیں اللہ کی ان پر اور انکی اولاد پر

وَاَزْوَاجِهٖ مَا انْهَلَّتِ الدِّيَمُ وَمَا

اور بیبیوں پر جب تک مینہ برستا رہے اور جب

جُرَّتْ عَلَى الْمُذْنِبِيْنَ اَذْيَالُ

تک کھینچے جائیں گنہگاروں پر دامن

الْكَرَمِ وَسَلَّمَ تَسْلِيْمًا وَّشَرَّفَ

بخشش کے اور سلام بھیجے سلام بھیجنا اور شرافت

وَكَرَّمَ ط اَللّٰهُمَّ احْشُرْنَا فِیْ

اور بزرگی۔ اے اللہ حشر کر ہمارا

زُمْرَتِهٖ وَتَحْتَ لِوَائِهٖ وَاسْقِنَا

حضرت انورؐ کے زمرہ میں اور ان کے جھنڈے کے نیچے اور پلا ہم کو

بِكَأْسِهٖ وَانْفَعْنَا بِمَحَبَّتِهٖ اٰمِيْنَ

ان کے پیالے سے اور نفع دے ہم کو ان کی محبت کا، قبول کر

يَا رَبَّ الْعَالَمِيْنَ ط اَللّٰهُمَّ اِنِّيْٓ اَسْئَلُكَ

اے رب تمام جہانوں کے اے اللہ تحقیق میں مانگتا ہوں

اَنْ تَغْفِرَ لِيْ وَتَرْحَمَنِيْ وَتَتُوْبَ عَلَيَّ

تجھ سے کہ بخش دے مجھ کو اور رحم کر مجھ پر اور توبہ قبول کر میری

وَتُعَافِيَنِيْ وَاَنْ تَغْفِرَ لِوَالِدَيَّ وَ

اور عافیت میں رکھ مجھ کو اور یہ کہ بخش دے میرے ماں باپ کو اور

لِلْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ وَالْمُسْلِمِيْنَ

ایمان والے مردوں اور ایمان والی عورتوں کو اور مسلمان مردوں

وَالْمُسْلِمَاتِ الْاَحْيَاۗءِ مِنْهُمْ وَالْاَمْوَاتِ

اور مسلمان عورتوں کو جو ان سے زندہ ہیں اور جو فوت ہو گئے ہیں۔

وَرَضِيَ اللّٰهُ عَنْ اَزْوَاجِهِ الطَّاهِرَاتِ

اور راضی ہو اللہ حضورؐ کی بیبیوں سے جو پاکیزہ ہیں

اُمَّهَاتِ الْمُؤْمِنِيْنَ وَرَضِيَ اللّٰهُ عَنْ

مائیں مسلمانوں کی اور راضی ہو اللہ ان کے

اَصْحَابِهِ الْاَعْلَامِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ

سب یاروں برتر سے اور سب تعریف اللہ کیلئے ہے جو رب

الْعٰلَمِيْنَ ط

ہے سب جہانوں کا۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰىٓ اٰلِهٖ وَ

اے اللہ رحمت نازل فرما حضرت محمدؐ پر اور ان کی آل پر اور

صَحْبِهٖ وَسَلِّمْ كَثِيْرًا تَسْلِيْمًا طَيِّبًا

ان کے یاروں پر اور سلام بھیج کثرت سے سلام بھیجنا ایسا سلام کہ پاک ہو

مُبَارَكًا فِيْهِ جَزِيْلًا جَمِيْلًا دَائِمًا

برکت دی گئی ہو اس میں بزرگ ہو، اچھا ہو، ہمیشہ رہے



منزل ساتویں ٣٣٤ جمعہ

بِدَوَامِ مُلْكِ اللّٰهِ ط اَللّٰهُمَّ صَلِّ

ساتھ ہمیشگی ملک خدا کے ۔ اے اللہ رحمت نازل فرما ۔

عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ

ہمارے سردار حضرت محمدؐ پر کہ نبی امی ہیں ۔

وَعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدِ نِ الَّذِىْ هُوَ

اور آل حضرت محمد پر ، جو اعلیٰ ہیں . . . .

اَبْهٰى مِنَ الْقَمَرِ التَّامِّ وَاَكْرَمُ

چودھویں رات کے چاند سے اور زیادہ سخی ہیں

مِنَ السَّحَابِ الْمُرْسَلَةِ وَالْبَحْرِ

بدلی سے ، جو بھیجی گئی ہے مینھ کے ساتھ اور زیادہ سخی ہیں

الْخُطُوْرِ ط اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا

دریائے بزرگ سے ۔ اے اللہ رحمت نازل فرما ہمارے سردار

وَمَوْلٰنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِهٖ وَ

اور ہمارے مولا حضرت محمدؐ پر اور ان کی آل پر اور



منزل ساتویں ٣٣٥ جمعہ

اَزْوَاجِهٖ وَذُرِّيَّتِهٖ عَدَدَ اَنْفَاسِ

ان کی بیبیوں پر اور ان کی اولاد پر بشمار ان کی امت کے

اُمَّتِهٖ ط اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ

سانسوں کے ۔ اے اللہ رحمت بھیج حضرت محمدؐ پر

وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ

اور ان کے تابعوں پر جیسے رحمت بھیجی تو نے

عَلٰى اِبْرٰهِيْمَ وَعَلٰى اٰلِ اِبْرٰهِيْمَ

حضرت ابراہیم پر اور حضرت ابراہیم کے تابعوں پر

اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ط اَللّٰهُمَّ

تحقیق تو تعریف کیا گیا بزرگ ہے ۔ اے اللہ

بَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ

برکت اتار حضرت محمدؐ پر اور حضرت محمدؐ کے تابعوں پر

كَمَا بَارَكْتَ عَلٰى اِبْرٰهِيْمَ وَعَلٰى

برکت جیسے اتاری تو نے حضرت ابراہیم پر اور حضرت

آلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ط

ابراہیمؑ کے تابعوں پر تحقیق تو تعریف کیا گیا بزرگ ہے

سُبْحَانَ رَبِّكَ رَبِّ الْعِزَّةِ عَمَّا

پاکی بیان کر پروردگار اپنے، پروردگار عزت والے کی اس چیز سے

يَصِفُوْنَ ○ وَسَلَامٌ عَلَى الْمُرْسَلِيْنَ ○

کہ بیان کرتے ہیں اور سلامتی ہے پیغمبروں پر

وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ط

اور سب تعریف واسطے اللہ رب العالمین کے ہے

تری حدیث ہے اُمّ الکتاب کی تفسیر!
تری زباں بھی خدا کی زباں سے ملتی ہے
اسی سے ہوتی ہے تزئینِ گلشنِ ہستی
وہ بوئے گل جو ترے گلستاں سے ملتی ہے
(شہر)

مکتبہ نعمانیہ، اردو بازار ـــــ گوجرانوالہ

ملک کے طول و عرض میں قرآن و حدیث کا نور پھیلانے والی

مولانا محمد صادق سیالکوٹی کی شہرۂ آفاق تصانیف

کوئی مسلمان گھرانا ان کتابوں سے خالی نہیں رہنا چاہیے

	روپے پیسے		روپے پیسے
① صلوٰۃ الرسول	12.00	⑯ انوار الزکوٰۃ	5.00
② انوار التوحید	16.00	⑰ رحمتِ عالم کی دعائیں	4.50
③ سبیل الرسول ﷺ	15.00	⑱ والیٔ بطحا کے ارشادات	6.00
④ ریاض الاخلاق	21.00	⑲ مرآۃ الزکوٰۃ	1.50
⑤ سید الکونین ﷺ	21.00	⑳ نماز مقبول مع نورانی نماز	1.50
⑥ حج مسنون	9.00	㉑ شانِ رب العالمین	3.00
⑦ ضربِ حدیث	15.00	㉒ جماعت والیٔ بطحا ﷺ	2.25
⑧ اعجازِ حدیث	12.00	㉓ ساقیٔ کوثر ﷺ	2.25
⑨ قرآنی شمعیں	15.00	㉔ بیاض الاربعین	1.50
⑩ اصلاحِ معاشرہ	12.00	㉕ بستان الاربعین	2.25
⑪ مسلمان کا سفرِ آخرت	15.00	㉖ ارشاداتِ شیخ عبد القادر جیلانیؒ	2.25
⑫ عالم عقبیٰ	15.00	㉗ مقامِ والدین	2.25
⑬ شرح خطبۂ رحمۃ للعالمین	15.00	㉘ سرورِ دو عالم کا پیغامِ آخریں	3.00
⑭ حزب الرسول ﷺ	5.25	㉙ نمازِ جنازہ	2.25
⑮ تجلیاتِ رمضان	6.00		

○ قیمت مکمل سیٹ روپے، رعایتی صرف روپے

ہمارے ہاں قرآن پاک مترجم، تفاسیر، احادیث، تراجم احادیث، تواریخ، ادب، منطق، فلسفہ اور مولوی فاضل کی کتابیں مقابلتاً ارزاں ملتی ہیں!

لاہور میں ملنے کا پتہ ـــــ نعمانی کتب خانہ، حق سٹریٹ۔ اردو بازار لاہور

منیجر مکتبہ نعمانیہ ○ اردو بازار۔ گوجرانوالہ



میرے روحانی تجربات و مشاہدات

کمال الدین کمال سالارپوری


بسم اللہ الرحمن الرحیم

میرے روحانی تجربات ومشاہدات

کمال الدین کمال سالار پوری

اذان سحر پبلی کیشنز
نزد مین گیٹ منصورہ۔ ملتان روڈ لاہور PH:5435667

نام کتاب : میرے روحانی تجربات ومشاہدات
نام مصنف : کمال الدین کمال سالارپوری
ناشر : مکتبہ [illegible]
منتظم اذان سحر پبلی کیشنز لاہور
مطبع : [illegible]
طبع [illegible] : [illegible]بر 2004ء
قیمت : 30 روپے

جملہ حقوق محفوظ ہیں

فہرست

دیباچہ 9
اللہ تعالیٰ کے اسمائے مبارک کے اوصاف 10
نماز کی پابندی لازم ہے 14
اللہ کے اسم ذات کے متعلق عمل 14
اگر اولاد نہ ہوتی ہو...... 15
شیر خوار بچوں کے علاج 16
کلمہ شریف کا تعویذ 16
کلمہ شریف کے تعویذ کا عامل بننے کی شرط 16
بیٹے کے لئے تعویذ 17
اگر جنات تنگ کرتے ہوں...... 17
اگر حمل ضائع ہوجاتے ہوں...... 18
زندگی کے جملہ مسائل کے لئے ایک نہایت موثر اور آسان وظیفہ 18
اس جوان بچی کا تذکرہ جو سال بھر سے ماں باپ بھائی کی محبت سے محروم تھی 19

یہ خاتون دورے میں ہوش وحواس کھو بیٹھتی تھیں 19
اگر جنات کے مریض کا علاج مقصود ہے...... 20
روحانی عاملوں میں لٹیرے بکثرت داخل ہو چکے ہیں! 21
ایسے عاملوں سے بچیں! 21
یہ عامل پھر مریض کی جان نہیں چھوڑتا 21
جنات کے سائے سے علاج کے لئے بھینس بطور نذرانہ 21
ایک عورت بھی اس لوٹ مار میں مصروف ہے! 22
روحانی مسائل کیوں گھیرتے ہیں؟ 22
جنات کی حاضری کا عمل 22
ہر قسم کے جسمانی درد کا علاج 23
جنات کے سائے کے علاج کے لئے عمل حاضرات کا طریقہ 24
اللہ کے اسماء پر عامل ہونے کا طریقہ 25
جسمانی درد کا علاج 30
عمل سورۃ جن 31
سورۃ البقرہ کا عمل 31
سورۃ اخلاص کا عمل 35
آیۃ الکرسی کا وظیفہ 36
سورہ فاتحہ کا عمل 36
آج تک استادِ محترم کی نصیحت پر کاربند ہوں! 37
میری زندگی کا سب سے خوفناک روحانی علاج 37
سورہ الضحیٰ کا عمل 38
سورۃ الم نشرح اور سورۃ والتین کا عمل 41
داڑھ یا دانتوں میں درد ہو تو 42
سر درد کے خاتمے کے لیے 42

فقر اور تنگی معاش سے نجات کے لیے 43
سفلی جادو اور ٹونے کے علاج کے لیے 43
میری روحانی زندگی کے عجیب حالات وتجربات 44
جب نوجوان مریض کو اس کے گھر والے رسوں میں باندھ کر لائے! 46
ان جنات کا علاج جنہوں نے پورے گھر پریشان کر رکھا تھا 46



عرض ناشر

ہمارے معاشرے میں بے دینی نے جس تیزی سے فروغ حاصل کیا ہے اور وہ جس طرح افراد کی زندگیوں میں جڑوں تک اتر گئی ہے، اس کا ایک نہایت تلخ نتیجہ قسم قسم کے روحانی وجسمانی امراض کی صورت میں سامنے آ رہا ہے۔ لوگ مال وجان کے دوہرے عذاب میں مبتلا ہیں۔ جانیں مصیبت میں مبتلا ہیں اور مال ودولت پانی کی طرح بہایا جا رہا ہے لیکن پھر بھی کوئی سکون نہیں، مسائل بڑھتے چلے جا رہے ہیں اور ان کی روک تھام کے لئے سنجیدہ کوشش کے لئے کوئی تیار نہیں ہے۔ حالانکہ اگر انسان اللہ سے لو لگا لے اور اپنی زندگی اس کی اطاعت میں دے دے تو تمام روحانی امراض سے نجات پا سکتا ہے۔ زیر نظر کتاب ان مسائل میں سے روحانی پریشانیوں کا ازالہ کرنے کی ایک کوشش ہے۔

جناب کمال الدین کمال سالار پوری کے یہ روحانی تجربات ومشاہدات اس سے قبل "اذان سحر ڈائجسٹ" میں قسط وار چھپتے رہے ہیں۔ اس سلسلہ مضامین کی اہمیت وافادیت اور ان کی جانب عامۃ الناس کے رجوع کو دیکھتے ہوئے انہیں کتابی صورت میں شائع کرنے کا فیصلہ کیا گیا۔ امید ہے کہ جس نیک مقصد کو مدنظر رکھتے ہوئے یہ کتاب تیار کی گئی ہے، وہ بہ کمال پورا ہوگا اور قارئین اس سے کما حقہٗ فائدہ اٹھائیں گے۔

اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ وہ ہمیں اخلاص کے ساتھ اپنے دین اور اللہ کے بندوں کی خدمت کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین

عباس اختر اعوان

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

دیباچہ

میرے عزیز بھائی عباس اختر اعوان صاحب نے جو "اذان سحر ڈائجسٹ" میں میرے عملیات کے واقعات کئی قسطوں میں شائع کیے تھے اور جنہیں وہ اب کتابی صورت میں شائع کر رہے ہیں۔ اس کیلئے ان کا اصرار ہے کہ دیباچہ بھی ہونا چاہئے۔ چنانچہ اس مختصر کتاب کے لئے یہ چند سطری دیباچہ لکھ رہا ہوں۔

میں نے ان صفحات میں روحانی عملیات کے وہ آسان ترین نسخے لکھے ہیں جنہیں کوئی بھی مسلمان مرد وعورت خود کر سکتا ہے۔ بشرطیکہ وہ نماز پنجگانہ کی پابندی کے ساتھ حلال رزق کا بھی اہتمام کرے اور اپنی پوری زندگی کو اسلام کے سانچے میں ڈھالنے کی سعی کرتا رہے۔ وظائف کرنے والوں کو میری طرف سے یہ بھی اجازت ہے کہ خلق خدا کی بھلائی کے لیے ان عملیات اور تعویذات کے ذریعہ غریب وپریشان حال لوگوں کا علاج کرے۔ لیکن یہ علاج فی سبیل اللہ کیا جائے، اسے روزگار کا ذریعہ نہ بنائے۔

چونکہ بدقسمتی سے مسلمانوں نے دین سے عملاً بغاوت کر دی ہے اور اسی وجہ سے شیاطین نے اکثر گھروں میں اپنے اڈے قائم کر لیے ہیں اور عورتوں اور بچوں کو تنگ کرنا شروع کر دیا ہے، اس لیے روحانی بیماری ایک وبا کی شکل اختیار کرتی جا رہی ہے اور مساجد کے مولویوں نے بازار سے نقش سلیمانی خرید خرید کر لوگوں کا علاج شروع کر دیا ہے اور پھر لوگوں سے ہدیہ کے نام پر ایک ایک تعویذ کے سینکڑوں بلکہ پانچ پانچ سو روپے وصول کر رہے ہیں۔ اخباروں میں اور رسالوں میں بڑے بڑے اشتہار دے کر مریضوں کو اپنے پاس بلا کر ان کی جیبیں کاٹ رہے ہیں۔ اس فتنے سے لوگوں کو بچانے کے لیے یہ کتابچہ شائع کیا جا رہا ہے اور ہر شخص کو اجازت ہے کہ وہ ان تعویذات وعملیات سے خود بھی فائدہ اٹھائے اور غریب لوگوں کا بھی فی سبیل اللہ علاج کرے اور کسی قسم کا کوئی ہدیہ وصول نہ کرے۔ اگر کسی مریض کے علاج میں کوئی دقت پیش آئے تو راقم سے بذریعہ فون مشورہ کر لے۔ رابطے کے لئے فون نمبر 04951-386039 ہے۔

کمال سالار پوری

اللہ تعالیٰ کے اسمائے مبارکہ کے اوصاف

1	الملک	با اختیار بادشاہ	90	مشترک
2	القدوس	پاک ذات	170	جمالی
3	السلام	ہمیشہ قائم رہنے والا	131	جمالی
4	المومن	بے خوف امن کرنے والا	136	جمالی
5	المہیمن	سچا شاہد	145	جمالی
6	العزیز	غالب	94	جمالی
7	الجبار	زور آور	206	جلالی
8	المتکبر	بڑائی والا	662	جلالی
9	الخالق	پیدا کرنے والا	731	جلالی
10	الباری	زمانہ کا خالق	213	مشترک
11	المصور	صورتیں بنانے والا	236	جمالی
12	الغفار	بخشنے والا	1281	جمالی
13	القہار	ظالموں پر قہر کرنے والا	306	جلالی
14	الوہاب	بخشنے والا	14	جمالی
15	الرزاق	روزی دینے والا	308	جمالی
16	الفتاح	کھولنے والا	489	جمالی
17	العلیم	سب کچھ جاننے والا	150	جمالی
18	القابض	قبض کرنے والا	902	جلالی
19	الباسط	کھولنے والا	72	جمالی
20	الرافع	بلند کرنیوالا	351	جمالی
21	الخافض	نیچے کردینے والا	1481	جلالی
22	المعز	عزت دینے والا	117	جمالی
23	السمیع	سب کچھ سننے والا	180	جمالی

24	البصیر	دیکھنے والا	302	جمالی
25	الحکیم	صاحب حکمت	78	جلالی
26	العدل	منصف	104	مشترک
27	اللطیف	پاک ذات	129	جمالی
28	الخبیر	سب کچھ سے خبردار	812	جمالی
29	الرقیب	محافظ حقیقی	312	جمالی
30	المجیب	دعا قبول کرنے والا	95	جمالی
31	الواسع	بہت مہربان	137	جمالی
32	الحکم	کام سنوارنے والا	68	جمالی
33	الودود	نیکوں کو درست رکھنے والا	20	جمالی
34	المعظم	سب سے عظیم بزرگ	105	جمالی
35	الغفور	بخشنے والا	1286	جمالی
36	الشکور	شکر قبول کرنے والا	526	جمالی
37	العلی	برتر سے برتر	110	جمالی
38	الکبیر	سب سے بڑا	232	جمالی
39	الحفیظ	حفاظت کرنے والا	997	جمالی
40	المقیب	قوت دینے والا	75	جمالی
41	الحسیب	حساب کرنے والا	80	مشترک
42	الجلیل	عظمت والا	73	جلالی
43	الکریم	کرم کرنے والا	270	جلالی
44	المجید	بزرگی والا	57	جلالی
45	الباعث	بھیجنے والا رسولوں کا	573	مشترک
46	الشہید	مردوں کو زندہ کرنے والا	219	مشترک
47	الحق	سچا گواہ	108	جمالی
48	الحمید	سراہا گیا	62	جمالی



49	المحصی	شمار کرنے والا	148	جمالی
50	المبدی	دوبارہ کرنے والا	56	جلالی
51	المعید	وعدہ کرنے والا	124	جلالی
52	المحی	زندہ کرنے والا	68	جمالی
53	الممیت	مارنے والا	490	جلالی
54	الحی	زندہ کرنے والا	68	جمالی
55	الواحد	اکیلا، واحد	14	جلالی
56	الاحد	اکیلا	13	جلالی
57	الصمد	پاک، بے نیاز	134	جلالی
58	القادر	طاقتور، مقدور والا	305	جلالی
59	المقتدر	قوی، تقدیر بنانے والا	477	جلالی
60	المقدم	سب سے قدیم موجود	846	جلالی
61	الاول	سب سے اول موجود ہونیوالا	37	جلالی
62	الآخر	آخر تک رہنے والا	1008	جلالی
63	الباطن	چھپا ہوا، پوشیدہ	62	جلالی
64	الظاہر	ظاہر وباہر	1106	مشترک
65	الوالی	وارث	47	مشترک
66	المتعالی	بزرگ وبرتر	551	مشترک
67	البر	بھلائی کرنے والا	202	جمالی
68	التواب	توبہ قبول کرنے والا	409	جمالی
69	المغنی	بے نیاز کرنے والا	1060	مشترک
70	المنعم	نعمت والا	200	مشترک
71	النعیم	نعمت دینے والا	170	جمالی
72	العفو	معاف کرنے والا	156	جمالی
73	الرؤف	مہربان، درگزر کرنے والا	280	جمالی

74	مالک الملک	مخلوق کا مالک	212	جلالی
75	ذوالجلال	صاحب جلال	801	جلالی
76	والاکرام	بزرگی والا	299	جلالی
77	الرب	پالنے والا	202	جمالی
78	المقسط	انصاف کرنے والا	209	جمالی
79	الجامع	اکٹھا کرنے والا	114	مشترک
80	الغنی	بے پرواہ	1100	جمالی
81	المعطی	عطا کرنے والا	129	جمالی
82	المانع	روکنے والا	161	جلالی
83	الضار	ضرر کرنے والا	2002	جلالی
84	النور	روشن کرنے والا	256	مشترک
85	الہادی	ہدایت دینے والا	256	جمالی
86	النافع	نفع دینے والا	201	جمالی
87	البدیع	نیا پیدا کرنے والا	86	مشترک
88	الباقی	باقی رہنے والا	113	جمالی
89	الوارث	میراث والا	707	جلالی
90	الرشید	ہدایت دینے والا	514	مشترک
91	الصبور	بدلہ لینے میں صبر کرنے والا	296	جلالی
92	القوی	سب سے طاقتور	116	جلالی
93	الوکیل	کارساز	69	جمالی
94	المتین	زبردست توانا	500	جلالی
95	الوالی	نیکوں کا مددگار	46	جمالی

سورہ جن روحانی علاج کے سلسلہ میں بہت اہم ہے۔ جو شخص اس کا عامل بننا چاہتا ہو اسے ہر وقت درود شریف اور اللہ کے اسماء کے ذکر کے ساتھ روزانہ رات کو ایک وقت متعینہ پر اس سورت کا درود شریف پڑھ کر جس جگہ بیٹھے وہاں حصار کھینچے۔ یعنی آیت الکرسی کے ساتھ سورہ جن بھی حصار کھینچنے کے

دوران پڑھے اور یہ سورہ ایک سوایک بار پڑھے۔ یا اکیس روز کا عمل ہے۔

وقت اور تعداد کی پابندی اکیس روز ہے۔ پھر روزانہ ایک بار کسی وقت بھی پڑھ لیا کرے۔ ان شاء اللہ عامل ہو جائے گا۔ پھر ان مریضوں کو جنہیں جنات تنگ کرتے ہوں' یہ سورہ پڑھ کر دم کر کے دے۔ اگر مریض عامل کے پاس ہو تو اس پر دم بھی کر دے۔ یہ پانی گیارہ روز دم کر کے مریض کو پلایا جائے، ان شاء اللہ مریض صحت یاب ہو جائے گا۔

اللہ کے اسمائے گرامی میں سے جلالی صفت والے اسماء کو الگ لکھ کر جنات زدہ مریضوں کے لئے کام میں لاسکتا ہے۔

عام مریضوں کے لئے اللہ کے سناتی نام جن کی تاثیر جمالی ہے انہیں پڑھ کر پانی پر دم کر کے پلایا بھی جائے اور دم بھی کر دیا جایا کرے۔

جن مریضوں کے حالات میں کبھی جنات کے اثرات دکھائی دیں اور کبھی عام مریض معلوم ہوں، ان کو اللہ کے ان اسماء کو پڑھ کر، جن اسماء کی صفت مشترک ہے، پانی بھی دیا جائے اور دم بھی کیا جائے۔ ان شاء اللہ فائدہ ہوگا۔

نماز کی پابندی لازم ہے!

تمام مریضوں کو نماز کی پابندی کی سختی سے تاکید کی جائے۔ مریض اور ان کے لواحقین سے پہلے یہ پوچھا جائے کہ مریض نماز پڑھتا ہے یا نہیں؟

اگر نہ پڑھتا ہو تو سختی سے نماز کی تاکید کی جائے۔ یہ تعویذ بھی باندھنے کے لئے دیا جائے۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

قل	ھواللہ	احد	اللہ الصمد
ھواللہ	احد	اللہ الصمد	لم یلد
احد	اللہ الصمد	لم یلد	ولم یولد
اللہ الصمد	لم یلد	ولم یولد	ولم یکن لہ کفوا

اللہ کے اسم ذات کے متعلق عمل

حسب ذیل انداز میں ایک گول دائرہ فل سکیپ کاغذ پر بنایا جائے جو بہت نمایاں ہو۔



اسے ایک کمرے میں جو آپ کا اپنا کمرہ ہو اس میں دیوار پر ڈیڑھ فٹ زمین سے اونچا چسپاں کر دیا جائے اور روزانہ ایک متعین وقت پر اس پر نظر رکھی جائے۔ جس مصلے پر آپ بیٹھیں، وہ دیوار سے ایک فٹ کے فاصلے پر ہو۔ پلک کم سے کم جھپکیں۔ یہ عمل روزانہ جاری رہے اور وقت میں بتدریج اضافہ کیا جاتا رہے۔

ایک روز کے بعد ہی اللہ کے لفظ سے روشنی کی کرنیں نکلتی معلوم ہوں گی اور غائب ہوتی رہیں گی۔ جب یہ عمل جاری رہے گا تو ہفتہ عشرے میں کرنیں غائب نہ ہوں گی۔ جب بھی دیکھیں گے، کرنوں کا ہالہ سا معلوم ہوگا۔ یہاں تک کہ ایک دن ایسا آجائے گا کہ روشنی اتنی تیز ہو جائے گی کہ جیسے سورج کی روشنی ہوتی ہے۔ جب اس کی طرف دیکھنا ممکن نہ رہے تو جان لیں کہ عمل مکمل ہو گیا۔ پھر آپ جس مرض کے لئے بھی دم کر کے پانی پلائیں گے اور مریض پر بھی **اللہ حافظ' اللہ شافی' اللہ کافی** پڑھ کر دم کریں گے تو مفید ثابت ہوگا۔

اگر اولاد نہ ہوتی ہو......

جن لوگوں کے گھر اولاد نہیں ہوتی، وہ اس بات کو چیک کرالیں کہ دونوں میاں بیوی صحت مند ہیں۔ میاں کی مردانہ قوت ٹھیک ہے اور بیوی کے ماہانہ نظام میں کوئی خرابی تو نہیں ہے۔ اگر خرابی ہے تو اس کا طبی علاج کروائیں پھر بھی بچے نہ ہوں تو پھر **وَالِلهُ مُعْطِي اَللّٰهُ قَادِرٌ اَللّٰهُ شَافِيٌ** کی روزانہ تین تسبیح سونے سے پہلے ایک وقت مقررہ پر اکیس روز پڑھے۔ کوشش کرے کہ باوضو رہے اور دن میں اللہ کے ذکر میں مشغول رہے۔ ان شاء اللہ، انہیں اللہ کی جانب سے بچہ عطا ہوگا۔ اگر خدانخواستہ پہلے اکیس دن میں مراد پوری نہ ہو تو دس گیارہ روز کا ناغہ کر کے پھر اکیس دن اسی عمل کو دہرائیں۔ امید ہے کہ ان کی اہلیہ حاملہ ہوگی۔ اگر خدانخواستہ دوسرے مرحلے میں بھی امید بر نہ ہو تو گیارہ دن کے ناغے کے بعد تیسری بار بھی عمل دہرائیں۔ وظیفہ سے فراغت کے بعد بارگاہ رب العالمین میں رو رو کر اپنے مقصد کے لئے دعا بھی روزانہ مانگیں۔ تیسری بار بھی اگر مراد بر نہ آئے تو صبر کریں کہ شاید اسی میں بہتری ہو۔

شیر خوار بچوں کے علاج

شیر خوار بچے اگر بیمار ہو جائیں تو ان کو موسم کے اثرات سے بھی بچانے کا اہتمام کریں۔ طبی امداد بھی دیں اور یہ نقش ان کے گلے میں لکھ کر ڈال دیں۔ ان شاء اللہ بچہ محفوظ رہے گا۔

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

۱۳	۳	۲۳	۷
۱۲۳	۶۱	۳۳	۱۷
۱۴۳	۱۷	۱۳۳	۱۸
۱۲	۹	۹	۳

لایرون فیھا شمساً و لاز مھریرا

کلمہ شریف کا تعویذ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

لا	الہ	الا	اللہ
الہ	الا	اللہ	محمد
الا	اللہ	محمد	اللہ
اللہ	محمد	رسول	اللہ

کلمہ شریف کے تعویذ کا عامل بننے کی شرط

اس تعویذ کا عامل ہونے کے لئے ضروری ہے کہ صبح نماز فجر اور تلاوت قرآن پاک سے فراغت کے بعد ایک وقت متعینہ پر کم از کم پندرہ تعویذ لکھے اور ایک ہفتے کے بعد ان تعویذوں کو آٹا گوندھ کر پانچ پانچ تعویذ آٹے کی ایک گولی میں بند کر دے۔ پھر ان سب گولیوں کو دریا یا ایسے تالاب میں جہاں مچھلیاں ہوں ڈال دے تاکہ مچھلیاں ان گولیوں کو کھا جائیں۔ کم از کم ایک ہزار تعویذ اس طرح لکھ کر سب دریا یا تالاب کی نذر کرے گا تو عامل ہو جائے گا۔ پھر جس مریض کو لکھ کر دے گا ان شاء اللہ صحت ہو گی۔ [illegible] لکھنے میں عدد طاق کو ملحوظ رکھنا چاہئے۔

پینے کے لئے تعویذ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

۸	۱	۶
۳	۵	۷
۴	۹	۲
	بحق باسوح	

اس تعویذ کو بھی کلمہ شریف والے تعویذ کے ساتھ اسی مقدار میں لکھتے رہیں اور ساتھ ہی آٹے کی گولیوں میں رکھ کر دریا یا تالاب میں ڈالتے رہیں۔ جس مریض کو کلمہ شریف والا تعویذ باندھنے کے لئے دیا جائے اسے پینے کے لئے بھی یہ تعویذ دیا جائے اور ہدایت کر دی جائے کہ کم از کم گیارہ روز جب بھی پانی پئیں، اس تعویذ کے دو قطرے گلاس میں پانی ملا کر پیا جائے۔ بغیر یہ قطرے ملائے یہ پانی نہ پیا جائے۔ نہانے کے پانی میں بھی دو قطرے ملائے جائیں۔

اگر جنات تنگ کرتے ہوں……

اگر کسی مریض کو جنات تنگ کرتے ہوں یا جادو ٹونے وغیرہ کے اثرات بہت زیادہ محسوس ہوں، یہاں تک کہ کلمہ والے تعویذ اور پینے والے تعویذ کے استعمال سے بھی پوری طرح مریض صحت یاب نہ ہوں تو پھر اسے یہ تعویذ جس میں شیاطین کے نام ہیں لکھ کر دیا جائے کہ مریض اسے سرہانے کے غلاف میں رکھ لے اور رات کو سوتے وقت سر سے پاؤں کے تلوؤں تک پورے جسم پر پھیر کر پھر سرہانے میں رکھ دے۔ اس طرح تین روز کرے اور پھر اسے چولہے میں جلا دے۔ اگر ضرورت محسوس ہو تو پھر ایک تعویذ لکھ کر دیا جائے۔ اسے پانچ دن اسی طرح استعمال کر کے جلا دیا جائے۔ تعویذ کی حفاظت کے لئے ضروری ہے کہ اس سرہانے کو بچوں کو استعمال نہ کرنے دیا جائے تاکہ کہیں بے خیالی میں سرہانے سے نیچے نہ گر جائے اور پھر ضائع ہو جائے تعویذ یہ ہے:

ابلیس	فرعون	ہامان
قارون	نمرود	شداد
ضحاک	لعنہم	اجمعین



اگر حمل ضائع ہو جاتے ہوں......

جن خواتین کے حمل ضائع ہو جاتے ہیں' ان کے لئے جب حمل پیٹ میں ڈیڑھ یا پونے دو ماہ کا ہو تو اس وقت اس کا ناپ لے کر ریشمی دھاگے کے اکتالیس دھاگے اس کے ناپ کے برابر لے لئے جائیں۔ پھر ان پر درود شریف گیارہ مرتبہ' سورہ فاتحہ گیارہ مرتبہ اور آیت الکرسی گیارہ مرتبہ پڑھ کر ایک سرے سے چند انچ پر گرہ لگا کر دم کر دے۔ پھر اتنے ہی فاصلے پر درود شریف، سورہ فاتحہ اور آیت الکرسی اسی تعداد میں پڑھ کر دوسری گرہ لگا کر دم کرے۔ اسی طرح عمل کرتے ہوئے گرہ لگاتا جائے اور دم کرتا جائے۔ سات گرہ اس گنڈے پر لگانی ہیں اور یہ گنڈہ مذکورہ خاتون کو باندھنے کے لئے دیا جائے۔ یہ قمیض اور بنیان کے نیچے رہے۔ نہاتے وقت اسے اتار کر رکھ دیں اور نہا کر پھر پہن لیں۔ اس گنڈے میں کلمہ شریف کا تعویذ بھی باندھنے کے لئے دے دیا جائے۔ امید ہے حق تعالیٰ اپنا کرم کرے گا اور حمل ضائع نہ ہوگا ان شاء اللہ۔

مذکورہ خاتون کو تاکید کر دی جائے کہ نماز روزہ کی سختی سے پابندی کرے اور اپنی زندگی کا اسلام کے سانچے میں ڈھال کر گزارنے کی سعی کرے۔ اپنے مالک اللہ تعالیٰ کے احکام کی پابندی کرے اور اس سے ہر نماز کے بعد گڑگڑا کر دعا کرتی رہے۔

جب اللہ کرم کرے اور بچہ صحیح سلامت پیدا ہو جائے تو یہ گنڈہ اس بچہ کے گلے میں ڈال دیا جائے۔

زندگی کے جملہ مسائل کے لئے ایک نہایت موثر اور آسان وظیفہ

درود شریف	گیارہ مرتبہ
سورہ فاتحہ	گیارہ مرتبہ
آیت الکرسی	گیارہ مرتبہ
آیت الکریمہ	گیارہ مرتبہ
سورہ قل اعوذ برب الفلق	گیارہ مرتبہ
قل اعوذ برب الناس	گیارہ مرتبہ

اس طرح کہ بسم اللہ پڑھ کر قل اعوذ برب الفلق شروع کرے اور اذا حسد کے بعد بغیر بسم اللہ

پڑھے قل اعوذ برب الناس شروع کر دے۔ یعنی دونوں سورتوں کو ملا کر گیارہ مرتبہ پڑھے۔

آخر میں پھر درود شریف گیارہ مرتبہ پڑھے۔

یہ وظیفہ ہر مسئلہ اور ہر مرض کے لئے مفید ہے۔ لیکن اس میں وقت کا تعین اور پابندی ضروری ہے۔ یہ وظیفہ اکیس روز ایک معین وقت پر پڑھا جائے اور روزانہ ختم کر کے اپنے اللہ سے گڑگڑا کر دعا کی جائے کہ یہ مرض اور یہ مسئلہ جو ہمیں درپیش ہے، اس کو تو اپنے کرم سے حل کر دے۔ میں نے بہت سے پریشان حال لوگوں کو اسے بتایا اور اللہ کے فضل وکرم سے سب ہی کو فائدہ ہوا ہے۔

اس جوان بچی کا تذکرہ جو سال بھر سے ماں باپ بھائی کی محبت سے محروم تھی

ایک ایسی نوجوان بچی جو فرسٹ ائیر کی طالبہ تھی اور نماز، روزہ، پردہ کی سختی سے پابندی کرتی تھی۔ اس کے والدین اور بھائی بہن ایک سال سے اس سے ناراض تھے اور سلام وکلام بند تھا۔ اور اس کو اس کی خطا سے بھی آگاہ نہیں کیا گیا تھا۔ مجھ سے ٹیلی فون پر بات ہوئی اور کہا کہ میں نہ تو آپ کو اپنا نام بتا سکتی ہوں، نہ اپنے والد کا نام۔ اگر آپ کوئی وظیفہ مجھے بتائیں تو لکھ کر لفافہ میں بند کر کے اوپر یہ لکھ دیں "ایک بچی کے لئے۔" اور اس لفافہ کو فلاں مقام پر پہنچا دیں۔ میں منگوا لوں گی۔ چنانچہ یہی وظیفہ لکھ کر اس بچی کو بھیجا۔ اس نے اسے شروع کرنے کی مجھے اطلاع دے دی۔ پندرہ روز کے بعد اس نے مجھے فون کیا کہ کچھ اثر نہیں ہوا۔ میں نے اسے جواب دیا اکیس روز مکمل کرو اس سے پہلے کوئی بات نہیں سنوں گا۔ بیس دن کے بعد اس نے فون پر بتایا کہ سارا ماحول تبدیل ہو گیا ہے اور والد صاحب فجر کی نماز پڑھ کر روتے ہوئے آئے اور آتے ہی مجھ سے لپٹ گئے۔ انہوں نے چھوڑا تو ماں لپٹ گئی۔ پھر بھائی بہنوں نے بھی اسی طرح کیا۔ میں نے بچی کو تاکید کی کہ وہ ماحول کی اس تبدیلی سے خوش ہو کر وظیفہ نہ چھوڑ دے۔ ایک روز رہتا ہے، اس پر بھی متعین وقت میں اسی طرح پڑھے۔ اس نے وعدہ کیا اور مجھے اپنی دعاؤں میں یاد رکھنے کے ساتھ ساتھ یہ بھی کہا کہ اللہ کریم آپ کو صحت اور زندگی سے نوازے رکھے۔ اگر مجھے زندگی میں پھر آپ کی مدد کی ضرورت پڑی تو آپ مجھے اسی طرح اپنی بیٹی سمجھ کر میرے ساتھ تعاون کریں گے۔

یہ خاتون دورے میں ہوش وحواس کھو بیٹھتی تھیں

گذشتہ سال (2001ء میں) کوئٹہ سے دو میاں بیوی بذریعہ ہوائی جہاز راولپنڈی آئے اور ٹیلی فون ایکسچینج سے تحریک اسلامی کا فون نمبر معلوم کر کے مجھ سے بات کی اور کہا کہ ہم علاج کے سلسلہ میں آئے



ہیں۔ میں نے ان سے کہا کہ یہ دفتر تحریک ہے، یہاں خواتین کو میں نہیں بلاتا۔ اس نے بتایا کہ میں ہزار ڈیڑھ ہزار میل دور سے آیا ہوں، یہاں میرا نہ کوئی ٹھکانہ ہے اور نہ کوئی عزیز، نہ کوئی واقف کار ہے۔ اس لئے میں کہاں ٹھہروں گا۔ میں نے اس کی مجبوری کے باعث اسے بلالیا' وہ ٹیکسی لے کر آ گئے۔ انہیں لائبریری والے کمرے میں بٹھا دیا گیا۔ باورچی سے چائے اور بسکٹ منگوا کر انہیں ناشتہ کرایا۔ پھر ان سے حالات پوچھے۔ انہوں نے بتایا کہ چار سال سے میری بیوی کو روزانہ بے ہوشی کے دورے پڑتے ہیں۔ اس پر دورہ 9/10 گھنٹے ہوتا ہے۔ اس دورے کے دوران پیشاب پاخانہ بھی نکل جاتا ہے۔ ہم نے ڈاکٹروں، مولویوں اور پیروں سے علاج میں اسی ہزار روپے خرچ کر دیے ہیں لیکن کوئی فائدہ نہیں ہوا ہے۔ ہمارے ایک واقف کار نے آپ کا پتہ بتایا ہے' اس لئے ہم آپ کے پاس آئے ہیں۔ راقم نے سب سے پہلے انہیں نماز کی تاکید کی اور اپنی پوری زندگی اسلام کے مطابق گزارنے کی نصیحت کی اور ان سے وعدہ لیا کہ وہ نماز کی پابندی کریں گے۔ پھر انہیں ایک نقش کلمہ شریف کا اور اس کے ساتھ پینے کے لئے اور مذکورہ وظیفہ ایک متعین وقت پر متعین تعداد میں پڑھنے کے لئے ہدایت کی اور کہا کہ ایک ہفتہ کے اندر ٹیلی فون پر بتائیں کہ تکلیف کا کیا حال ہے۔ وہ شام کی فلائٹ سے واپس چلے گئے۔ پانچ روز کے بعد ان کا فون آیا اور بتایا کہ اللہ کا شکر ہے کہ چار سال میں پہلی مرتبہ پانچ دن خیریت سے گزرے ہیں اور کوئی دورہ نہیں پڑا ہے۔ راقم بھی ان کے لئے پڑھتا رہا اور دعا بھی کرتا رہا۔ اس طرح اللہ نے انہیں صحت عطا کر دی۔

انہوں نے ٹیلی فون پر بتایا کہ ہم آپ کو پینتیس ہزار روپے کا ڈرافٹ بھیج رہے ہیں۔ میں نے ان سے کہا کہ پینتیس ہزار روپے مجھے بھیجنے کی بجائے کوئٹہ کے غریب اور یتیم بچوں اور بیوہ عورتوں اور فاقہ کش مزدوروں میں تقسیم کر دیں۔ مجھے بھی ثواب ملے گا اور آپ کو بھی۔

اگر جنات کے مریض کا علاج مقصود ہے……

درود شریف گیارہ مرتبہ پڑھ کر سورہ جن کی ابتدائی آیتیں پڑھ لیں۔ پھر تین بار درود شریف پڑھ کر سورہ جن کی ابتداء سے چھ آیات پڑھی جائیں۔ پھر تین بار درود شریف پڑھ کر سورہ جن کی پہلی آیت سے نو آیات تک پڑھیں اور مریض پر دم کریں۔ پھر پندرہ منٹ کے بعد پھر اسی عمل کو دہرائیں۔ پھر تیسری بار پندرہ منٹ کے بعد پھر اسی عمل کو دہرائیں۔ امید ہے اللہ کرم کرے گا۔ اگر ایک دن کے عمل سے فائدہ



نہ ہو یا کم ہو تو تین روز متواتر ایک وقت پر کیا جائے۔ پھر بھی اگر پوری صحت نہ ہو تو ایک ہفتہ کے بعد پھر اس عمل کو پانچ روز تک کیا جائے۔ امید ہے کہ اگر جسمانی مرض نہیں ہے تو ان شاء اللہ صحت ہوگی۔

روحانی عاملوں میں لٹیرے بکثرت داخل ہو چکے ہیں!

روحانیت ایک علم ہے جسے ایک مومن و مسلم اپنی عاقبت سنوارنے کے لیے حاصل کرتا ہے اور اللہ کی مخلوق کو فائدہ پہنچانے اور ان کی خدمت فی سبیل اللہ کر کے اپنی آخرت کی فلاح حاصل کرنے کی سعی کرتا ہے۔ لیکن اب ہماری عاقبت فراموشی اور دنیا طلبی کا یہ حال ہے کہ بیشتر لوگ جو تعویذ گنڈے کا کام کرتے ہیں، اس علم کی ابجد سے بھی واقف نہیں۔ بازار سے نقش سلیمانی یا کسی قسم کی تعویذ گنڈے کی کتاب خرید کر یہ کام شروع کر دیتے ہیں اور لوگوں کو لوٹتے اور اپنی عاقبت تباہ کرتے ہیں اور یہ بات بالکل فراموش کر چکے ہیں کہ آخرت میں اس فریب کاری کی بڑی سنگین سزا دی جائے گی۔

……ایسے عاملوں سے بچیں!

ایک صاحب جو حافظ قرآن پاک بھی بتائے جاتے ہیں۔ وہ ہر اس شخص سے تین ہزار روپے طلب کرتے ہیں جو ان کے پاس علاج کے لیے جاتا ہے۔ ایک صاحب اپنی نوجوان بچی کو ان کے پاس لے گئے۔ اس حافظ نے بتایا کہ بچی پر جن مسلط ہو گئے ہیں۔ یہ کہہ کر بچی کو سامنے بٹھا کر کچھ پڑھنے لگا اور پھر بچی کے منہ پر زور سے تھپڑ مارا۔ بچی چیخ اٹھی۔ باپ نے کہا کہ حافظ! بس اب نہ مارنا، میں علاج نہیں کراتا۔ حافظ نے تین ہزار روپے طلب کیے۔ انہوں نے اڑھائی ہزار روپے دیئے تو اس نے بڑی مشکل سے یہ رقم لی اور کہتا رہا کہ میں تو تین ہزار سے کم لیتا ہی نہیں۔

یہ عامل پھر مریض کی جان نہیں چھوڑتا

ایک اور "حاجی صاحب" کے متعلق بتایا گیا کہ اس کے پاس مریضوں کی لائن لگی رہتی ہے۔ وہ فیصل آباد میں رہتا ہے اور مریضوں کے مکمل پتے رجسٹر میں درج کرتا ہے اور ان سے رقوم وصول کرتا رہتا ہے۔ جو مریض ایک بار پھنس جاتا ہے، اسے نچوڑ لیتا ہے اور اگر وہ آنا چھوڑ دیتا ہے تو اس کے گھر بھی پہنچ جاتا ہے اور اپنا نذرانہ وصول کرتا ہے۔

جنات کے سائے سے علاج کے لئے بھینس بطور نذرانہ



فیصل آباد کے قریب واقع سمندری میں ایک عامل کے متعلق بتایا جاتا ہے کہ وہ جنات کے مسئلہ کے حل کے لئے پریشان حال لوگوں سے ایک بھینس وصول کرتا تھا۔ جس دنیا کے لئے وہ اس قدر لوٹ مار کرتا رہا اپنی زندگی کے دن پورے کر کے اس سے ہمیشہ کے لئے جا چکا ہے۔ البتہ جو مال و منال وہ جمع کرتا رہا اس پر دوسرے قابض ہیں۔

ایک عورت بھی اس لوٹ مار میں مصروف ہے!

راولپنڈی کے ایک مریض نے بتایا کہ فیصل آباد میں ایک عورت بھی یہ کاروبار کرتی ہے اور لوگوں سے خوب مال وصول کرتی ہے۔ میں خود تین چار ماہ تک جاتا رہا۔ لیکن جب جیب خالی ہوگئی اور مرض ختم ہونے کی جگہ بڑھ گیا تو چھوڑ دیا۔

یہ واقعات بطور مثال عرض کیے ہیں۔ ورنہ اب یہ کاروبار اتنا وسیع ہوگیا ہے کہ ہر بستی اور ہر قصبہ میں ایک سے زیادہ عامل مل جائیں گے۔ جنھوں نے تعویذ گنڈے کو مستقل پیشہ بنا رکھا ہے۔ اور لوٹ مار کا سلسلہ کھلے عام جاری ہے۔

روحانی مسائل کیوں گھیرتے ہیں؟

آج سے پچاس سال پیشتر ایسے مریض جن پر جنات کا سایہ یا بھوت پریت و جادو ٹونہ ہو وہ دس بیس دیہات میں سال چھ ماہ میں کوئی ایک آدھ کہیں ہوتا تھا۔ آج ایسا محسوس ہوتا ہے کہ مسلمانوں نے جس طرح اللہ کے دین سے اجتماعی بغاوت کا راستہ اختیار کر لیا ہے، اللہ نے بھی گویا شیاطین کو پوری چھوٹ دے دی ہے اور یہ حال ہو گیا ہے۔ اسی نوے فیصد گھروں میں اس مرض کے مریض پائے جاتے ہیں اور اسی وجہ سے مکار و عیار لوگوں نے اس کاروبار کو سب سے آسان اور نفع بخش دیکھ کر شروع کر دیا ہے۔

جنات کی حاضری کا عمل

اللہ کے اسمائے صفات پچھلی قسط میں دیے گئے ہیں۔ ان کے سامنے ان کے خواص (جلالی، جمالی، مشترک) کے ساتھ اعداد بھی دیے گئے۔ ان اعداد کے مطابق ایک وقت مقررہ پر باوضو روزانہ سات اسمائے صفات کا ورد کریں۔ امید ہے دو ہفتہ میں یہ عمل مکمل ہو جائے گا۔ اس کے بعد یہ عمل اکیس روز کرے۔

☆ درود شریف ۱۱ مرتبہ۔

☆ سورہ جن کی ایک آیت، پھر بسم اللہ پڑھے اور سورہ جن شروع سے دو آیات تک پڑھے۔ پھر بسم اللہ پڑھے اور ابتدا سے تین آیات تک تلاوت کرے۔ پھر بسم اللہ سے ابتدا سے چار آیات تک تلاوت کرے۔ اس کے بعد پھر بسم اللہ سے شروع سے پانچ آیات کی تلاوت کرے۔ اسی طرح دس آیات تک کی تلاوت کرے۔ یہ سات روز کرے اور پھر آٹھویں روز درود شریف اور بسم اللہ سے ابتداء سے گیارہ آیات سے بیس آیات تک تلاوت کرے اور یہ عمل بھی ایک ہفتہ کرے۔ پندرھویں روز درود شریف اور بسم اللہ سے حسب معمول اکیس سے آخر تک اس عمل کو مکمل کرے۔ پھر اس کا عامل ہو جائے گا اور ان شاء اللہ جنات زدہ مریضوں کے علاج میں یہ سب سے موثر علاج ثابت ہوگا۔

مریض یا مریضہ کو دینی فرائض کی پابندی کرنے کی تاکید اور ہدایت کرے اور اپنے ان اعمال کو دینی دعوت کا ذریعہ بنائے اور مریض کے ذہن میں اس بات کو پورے یقین کے ساتھ بٹھائے کہ بیماری سے شفا اللہ کے دست قدرت میں ہے۔ اسے راضی کریں گے تو بیماری سے نجات ملے گی۔ اسے ناراض کر کے شفا مشکل ہے۔ عامل صرف بہانہ بنتا ہے یا ذریعہ۔ شفا اور صحت اللہ ہی عطا کرتا ہے۔

ہر قسم کے جسمانی درد کا علاج

جسم کے کسی بھی حصہ میں درد ہو، مندرجہ ذیل وظیفہ پڑھ کر ہاتھوں پر دم کرے، درد کی جگہ پھیرے اور پندرہ پندرہ منٹ کے وقفوں سے تین بار پھیرے، ان شاء اللہ درد سے نجات مل جائے گی۔ وظیفہ یہ ہے:

۱ درود شریف تین بار
۲ یا قاضی الحاجات تین بار
یا دافع البلیات تین بار
یا مجیب الدعوات تین بار
۳ آخر میں پھر درود شریف تین بار

عام چھوٹے بچے جو دودھ پیتے ہیں، ان کو تکلیف ہو تو ان کے لیے وظیفہ ہے۔

۱ درود شریف تین بار یا پانچ بار
۲ یا شافی انت الشافی تین بار یا پانچ بار
۳ یا کافی انت الکافی تین بار یا پانچ بار

۴	یاحافظ انت الحافظ	تین بار یا پانچ بار
۵	آیۃ الکرسی	ایک بار

بچے کی والدہ کو نماز کے بارے میں پوچھا جائے، اگر پابندی سے پڑھتی ہو تو اس سے کہہ دیں کہ وہ رات عشاء کے بعد درود شریف، سورہ فاتحہ اور آیۃ الکرسی پڑھ کر روزانہ بچے پر دم کر دیا کرے۔ اگر نماز نہ پڑھتی ہو تو نماز کی تاکید کریں۔

جنات کے سائے کے علاج کے لئے عمل حاضرات کا طریقہ

اگر عامل محسوس کرے کہ مریض پر واقعی جنات کا سایہ ہے اور کلمہ شریف کے تعویذ اور پینے والے تعویذ سے بھی بیماری دور نہ ہو تو پھر اس کے لئے عمل حاضرات کا اہتمام کرنا چاہیے۔ اس کے لیے ضروری ہے کہ مریض کا جسم بھی پاک صاف ہو اور باوضو بھی ہو۔ عامل بھی تازہ وضو کر کے عمل کے لیے تیار ہو۔

مندرجہ ذیل چیزیں منگائی جائیں:

۱ عطر کی شیشی۔

۲ مٹی کا کورا پیالہ جسے پانی نہ لگا ہو۔

۳ تلی کا تیل آدھا چھٹانک۔

۴ اگر بتی نصف درجن۔

برفی اعلیٰ قسم کی ایک سیر پانچ چھٹانک ......لڈو اعلیٰ قسم ایک سیر پانچ چھٹانک......گلاب جامن یا اور کوئی تیسری مٹھائی ایک سیر پانچ چھٹانک......انگور اعلیٰ قسم ایک سیر پانچ چھٹانک......آم یا امرود اعلیٰ قسم ایک سیر پانچ چھٹانک......کھجور اعلیٰ قسم ایک سیر پانچ چھٹانک۔

ایک سفید کاغذ پر جس میں لکیریں نہ ہوں۔ حسب ذیل فلیتہ تحریر کریں:

بن عبداللہ کو تو ل پر انگلی سے تھوڑا سا عطر لگا کر مریض کو دے دیں۔ چراغ یعنی مٹی کے پیالے میں تلی کا تیل اتنا ڈال دیا جائے جس میں روئی بتی جل سکے۔ مریض دو زانو بیٹھے اور اس کے سامنے چراغ جلا کر رکھ دیا جائے اور اسے ہدایت کی جائے کہ فلیتہ دونوں ہاتھوں میں پکڑ کر چراغ کے سامنے رکھے۔ اس طرح کہ بن عبداللہ پر لگا ہوا عطر سامنے ہو، عامل یہ عزیمت پڑھے۔ عزمت علیکم و اقسمت علیکم ملکان سلطان الجن و الانس زود حاضر شود بحق سلیمان بن داؤد علیهما [illegible] کہ اگر واقعی جنات کا اثر ہے تو پانچ منٹ میں حاضر ہو کر مریض

کی زبان میں بات کرے گا۔ اسے توبہ کرائی جائے اور عمل ختم کر کے فلیتہ چراغ میں جلا دیا جائے۔ مٹھائی اور فروٹ غریب بچوں اور فاقہ کش گھرانوں میں تقسیم کرا دیے جائیں۔ حاضرات کا یہ عمل ناگزیر حالات ہی میں کیا جائے۔ بلا وجہ نہ کیا جائے۔ اس کے مضر اثرات بھی ہو سکتے ہیں۔

اس سے پہلے سورہ جن پڑھ کر تین روز دم کر کے دیکھا جائے اور امید بھی ہے کہ مریض صحت یاب ہو جائے گا۔ سورہ جن سے پہلے گیارہ مرتبہ درود شریف اور تین بار آیۃ الکرسی پڑھی جائے۔ پھر سورہ جن کی گیارہ آیات پڑھ کر پھر سورہ فاتحہ اور درود شریف پڑھ کر پوری سورہ جن پڑھ کر دم کیا جائے۔

اللہ کے اسماء پر عامل ہونے کا طریقہ

جن اسمائے صفات کے سامنے جو اعداد درج کیے گئے ہیں، اتنی تعداد میں روزانہ اللہ کے ذاتی نام کے ساتھ ملا کر اسے پڑھا جائے۔ اس طرح کہ پہلے دن ایک وقت مقرر کر لیں پھر اکیس روز اسی وقت پر اور اسی مقدار میں پڑھیں۔ باوضو ہو کر بیٹھیں اور گیارہ مرتبہ پہلے درود شریف پڑھیں پھر شروع کریں:

۱......	اللہ الملک	۹۰ بار
۲......	اللہ القدوس	۱۷۰
۳......	اللہ السلام	۱۳۱
۴......	اللہ المومن	۱۳۶
۵......	اللہ المہیمن	۱۳۵
۶......	اللہ العزیز	۹۳
۷......	اللہ الجبار	۲۰۶
۸......	اللہ المتکبر	۶۶۲
۹......	اللہ الخالق	۷۳۱

آخر میں پھر گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھیں اور اٹھ کر کھڑے ہوں۔ دوسرے روز ٹھیک اسی وقت پر باوضو ہو کر بیٹھیں اور گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھیں اور اسی طرح پڑھیں:

۱......	اللہ الباری	۲۱۴ بار
۲......	اللہ المصور	۳۳۶
۳......	اللہ الغفار	۱۲۸۱

۴...... اللہ القہار	۳۰۶
۵...... اللہ الوہاب	۱۴
۶...... اللہ الرزاق	۳۰۸
۷...... اللہ الفتاح	۴۸۹
۸...... اللہ العلیم	۱۵۰
۹...... اللہ القابض	۹۰۳

آخر میں پھر گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھیں اور اٹھ کھڑے ہوں۔ تیسرے دن ٹھیک اسی وقت پر باوضو ہوکر بیٹھیں اور گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھ کر اللہ کے اسمائے گرامی پڑھیں۔

۱...... اللہ الباسط	۷۲ بار
۲...... اللہ الرافع	۳۵۱
۳...... اللہ الخافض	۱۴۸۱
۴...... اللہ المعز	۱۱۷
۵...... اللہ السمیع	۱۸۰
۶...... اللہ البصیر	۳۰۲
۷...... اللہ الحکیم	۷۸
۸...... اللہ العادل	۱۰۴
۹...... اللہ اللطیف	۱۲۹

آخر میں پھر گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھیں اور اٹھ کھڑے ہوں۔ چوتھے روز ٹھیک اسی وقت پر باوضو ہوکر بیٹھیں اور اللہ کے اسمائے گرامی شروع کرنے سے پہلے گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھیں پھر شروع کریں۔

۱...... اللہ الخبیر	۸۱۲ بار
۲...... اللہ الرقیب	۳۱۲
۳...... اللہ الحسیب	۹۵
۴...... اللہ الواسع	۱۳۷

۵...... اللہ الحکم	۶۸
۶...... اللہ الودود	۲۰
۷...... اللہ العظیم	۱۰۵۰
۸...... اللہ الغفور	۱۲۸۶
۹...... اللہ الشکور	۵۲۶

آخر میں پھر درود شریف گیارہ مرتبہ پڑھ کر اٹھ کھڑے ہوں۔ پھر پانچویں روز ٹھیک اسی وقت باوضو ہوکر بیٹھیں اوران اسمائے گرامی کو پڑھیں:

۱...... اللہ العلی	۱۱۰ بار
۲...... اللہ الکبیر	۲۳۲
۳...... اللہ الحفیظ	۹۹۸
۴...... اللہ المقیت	۵۵۰
۵...... اللہ الحسیب	۸۰
۶...... اللہ الجلیل	۷۳
۷...... اللہ الکریم	۲۷۰
۸...... اللہ المجید	۵۷
۹...... اللہ الباعث	۵۷۳

آخر میں پھر درود شریف گیارہ مرتبہ پڑھیں اور اٹھ کھڑے ہوں۔ پھر چھٹے روز ٹھیک اسی وقت پھر باوضو ہوکر بیٹھیں اوران اسمائے گرامی کا ورد کریں۔

۱...... اللہ الشہید	۳۱۹ بار
۲...... اللہ الحق	۱۰۸
۳...... اللہ الحمید	۶۲
۴...... اللہ المحصی	۱۴۸
۵...... اللہ المبدی	۵۶
۶...... اللہ المعید	۱۲۴

۷......	اللہ الحی	۶۸
۸......	اللہ الممیت	۴۹۰
۹......	اللہ الحی	۶۸

آخر میں پھر درود شریف گیارہ مرتبہ پڑھیں اور اٹھ کھڑے ہوں۔ پھر ساتویں روز ٹھیک اسی وقت پھر باوضو ہو کر بیٹھیں اور ان اسمائے الٰہی کا ورد کریں:

۱......	اللہ القیوم	۱۵۶بار
۲......	اللہ الواحد	۱۴
۳......	اللہ الصمد	۱۳۴
۴......	اللہ القادر	۳۰۵
۵......	اللہ المقتدر	۴۷۷
۶......	اللہ المقدم	۱۸۴
۷......	اللہ المؤخر	۸۴۶
۸......	اللہ الاول	۳۷
۹......	اللہ الآخر	۱۰۰۸

پھر آٹھویں روز ٹھیک اسی وقت پھر باوضو ہو کر بیٹھیں اور گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھ کر اللہ کے ان اسمائے گرامی کا ورد کریں:

۱......	اللہ الباطن	۶۲بار
۲......	اللہ الظاہر	۱۱۰۶
۳......	اللہ الوالی	۴۷
۴......	اللہ المتعالی	۵۵۱
۵......	اللہ البر	۲۰۲
۶......	اللہ التواب	۴۰۹
۷......	اللہ الغنی	۱۰۶۰
۸......	اللہ المنعم	۲۰۰

۹......	اللہ النعیم	۱۷۰

آخر میں درود شریف گیارہ مرتبہ پڑھ کر اٹھ کھڑے ہوں۔ پھر نویں روز ٹھیک مقررہ وقت پر باوضو ہو کر بیٹھیں اور اللہ کے اسمائے گرامی کا ورد کریں:

۱......	اللہ العفو	۱۵۶مرتبہ
۲......	اللہ الرؤف	۲۸۰
۳......	اللہ المالک الملک	۲۱۲
۴......	اللہ ذوالجلال	۸۰۱
۵......	اللہ ذوالاکرام	۲۹۹
۶......	اللہ الرب	۲۰۲
۷......	اللہ المقسط	۲۰۹
۸......	اللہ الجامع	۱۱۴
۹......	اللہ المغنی	۱۱۰۰

آخر میں درود شریف گیارہ مرتبہ پڑھ کر اٹھ کھڑے ہوں۔ پھر دسویں روز ٹھیک مقررہ وقت پر باوضو ہو کر بیٹھیں اور اللہ کے اسمائے گرامی کا ورد کریں:

۱......	اللہ المعطی	۱۲۹بار
۲......	اللہ المانع	۱۹۱
۳......	اللہ الضار	۱۰۰۱
۴......	اللہ النور	۲۵۶
۵......	اللہ الہادی	۲۵۶
۶......	اللہ النافع	۲۰۱
۷......	اللہ البدیع	۸۶
۸......	اللہ الباقی	۱۱۳
۹......	اللہ الوارث	۷۰۷

آخر میں درود شریف گیارہ مرتبہ پڑھ کر اٹھ کھڑے ہوں۔ پھر گیارہویں روز ٹھیک متعینہ وقت پر

ہو کر اور درود شریف گیارہ مرتبہ پڑھ کر اللہ کے اسمائے گرامی کا ورد کریں۔

۱......	اللہ الرشید	۵۱۴ مرتبہ
۲......	اللہ الصبور	۲۹۶
۳......	اللہ القوی	۱۱۶
۴......	اللہ الوکیل	۶۶
۵......	اللہ المتین	۵۰۰
۶......	اللہ الولی	۴۶

ان گیارہ دنوں کے اس عمل سے آپ عامل ہو جائیں گے۔ پھر جب جس بیمار پر بھی اللہ کے پاک اسمائے گرامی پڑھ کر دم کریں گے اللہ اسے شفا دے گا۔ ان شاء اللہ۔ اگر عامل محسوس کرے کہ مریض کو جادو ٹونہ یا جنات وغیرہ کا سایہ ہے تو اللہ کے جلالی اسماء میں سے کوئی سے گیارہ اسماء منتخب کر کے پہلے درود شریف اور آیۃ الکرسی پڑھ کر اللہ کے جلالی اسماء تین تین مرتبہ پڑھ کر مریض پر دم کریں اور دم صبح وشام تین روز کیا جائے، امید ہے مرض دور ہو جائے گا۔ ورنہ کمی ضرور آئے گی۔ اگر کمی ہو تو دم سات روز صبح وشام کیا جائے۔ مریض سے نماز کے بارے میں معلوم کر لیا جائے، اگر وہ نماز نہ پڑھتا ہو تو سے سخت تاکید کی جائے کہ وہ نماز پابندی سے پڑھا کرے، کیونکہ جس پروردگار نے ہمیں پیدا کیا ہے، اگر اسی سے بغاوت کر کے زندگی گزاریں گے تو ممکن نہیں ہے کوئی عامل اسے تندرست نہ کر سکے۔

جسمانی درد کا علاج

جسم کے کسی حصہ میں بھی درد ہوتا ہو اس کے لیے ایک آسان ترین وظیفہ یہ ہے کہ شروع میں درود شریف سات مرتبہ پڑھیں اور پھر:

یا قاضی الحاجات	سات مرتبہ
یا دافع البلیات	سات مرتبہ
یا شافی الامراض	سات مرتبہ
یا ارحم الراحمین	سات مرتبہ

اور آخر میں سات مرتبہ درود شریف پڑھ کر درد والے حصہ پر دم کیا جائے اور پندرہ منٹ کے بعد پھر اسی طرح دم کیا جائے اور پھر پندرہ منٹ کے بعد تیسری مرتبہ دم کیا جائے۔ ان شاء اللہ درد ختم ہو جائے

گا۔ یہ عمل خود مریض کو یاد کرا دیا جائے اور وہ خود دم کر لیا کرے، صحت یاب ہو جائے گا۔ ان شاء اللہ۔ (یہ عمل پہلے سے بیان شدہ عمل سے مختلف ترتیب والا ہے۔)

عمل سورۂ جن:

باوضو ہو کر ایک جگہ بیٹھ جائے اور درود شریف گیارہ مرتبہ پڑھ کر سورۂ جن کی سات آیات پڑھے اور پھر بسم اللہ پڑھ کر درود شریف گیارہ مرتبہ پڑھے۔ سورۂ جن پہلی آیت سے چودھویں آیت تک پڑھے۔ پھر بسم اللہ پڑھ کر درود شریف گیارہ مرتبہ پڑھے اور سورۂ جن پہلی آیت سے اکیس ویں آیت تک پڑھے اور پھر بسم اللہ پڑھ کر گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھ کر پہلی آیت سے اٹھائیس آیت تک پڑھے اور پھر بسم اللہ پڑھ کر گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھے اور پہلی آیت سے آخر تک پڑھ کر اللہ سے دعا مانگے۔ یہ عمل اکیس روز ایک مقررہ وقت پر کیا جائے۔ اکیس دن کے بعد عامل ہو جائے گا اور جس مریض پر جنات کا سایہ ہو اس پر دم کرے۔ صبح وشام تین روز دم کرنے سے مریض تندرست ہو جائے گا۔ ان شاء اللہ

سورۃ البقرہ کا عمل

قرآن پاک کی دوسری سورہ بقرہ ہے۔ جو سب سے بڑی سورت ہے اور تقریباً اڑھائی پاروں پر مشتمل ہے۔ جس میں ۲۸۶ آیات اور ۴۰ رکوع ہیں۔ یہ مدینہ منورہ میں نازل ہوئی۔ اس کے فیوض وبرکات بے انتہا ہیں۔ اگر کوئی شخص اس سورۂ پاک کا عامل ہو جائے اور پھر اس کی تلاوت کا روزانہ اتنا اہتمام کر سکے کہ کم از کم سات رکوع تلاوت کر لیا جائے تو اس کے گھر میں نہ جنات کا سایہ رہے گا، نہ کسی کا جادو چل سکے گا اور نہ ٹونہ۔

عمل کا طریقہ یہ ہے کہ پہلے دن ایک ایسا وقت مقرر کرے جس کی روزانہ پابندی کی جا سکے۔ یہ اکیس روز کا عمل ہے جو وقت اپنے حالات ومصروفیات کے پیش نظر مقرر کرے، اس پر باوضو ہو کر کسی مصلی یا چٹائی پر بیٹھ کر پہلے گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھے۔ پھر سورۃ البقرہ کی تین آیات پڑھے۔ اس کے بعد پھر درود شریف گیارہ مرتبہ پڑھے۔ گیارہ مرتبہ پڑھ کر ابتداء سے دوسرے رکوع تک تلاوت کرے۔ پھر درود شریف گیارہ مرتبہ پڑھے اور شروع سے تیسرے رکوع تک تلاوت کرے۔ اس کے بعد پھر درود شریف گیارہ مرتبہ پڑھے اور ابتداء سے چوتھے رکوع تک تلاوت کرے۔ اس کے بعد پھر درود شریف

گیارہ مرتبہ پڑھے اور ابتداء سے پانچویں رکوع تک تلاوت کرے۔ اس کے بعد پھر گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھ کر ابتداء سے تلاوت شروع کر کے چھٹے رکوع تک جائے۔ پھر گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھے اور ابتداء سے ساتویں رکوع تک تلاوت کرے۔ یہ پہلے دن کا وظیفہ مکمل ہو گیا۔ اب اٹھ کھڑا ہو اور مصلی یا چٹائی بھی اٹھا کر الگ رکھ دے۔

دوسرے روز وقت مقررہ پر باوضو ہو کر مقررہ جگہ پر بیٹھے۔ گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھ کر ابتداء سے تلاوت کرے اور پہلے رکوع تک جائے۔ پھر درود شریف گیارہ مرتبہ پڑھے اور ابتداء سے دوسرے رکوع تک تلاوت کرے۔ پھر گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھے اور ابتداء سے تیسرے رکوع تک تلاوت کرے۔ پھر گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھے اور ابتداء سے چوتھے رکوع تک تلاوت کرے۔ پھر گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھے اور ابتداء سے پانچویں رکوع تک تلاوت کرے۔ اس کے بعد گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھے اور پھر ابتدائی سے چھٹے رکوع تک تلاوت کرے۔ پھر درود شریف گیارہ مرتبہ پڑھ کر ابتداء سے ساتویں رکوع تک تلاوت کرے۔ پھر گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھے اور ابتدائی سے آٹھویں رکوع تک تلاوت کرے پھر درود شریف گیارہ مرتبہ پڑھے اور ابتدائی سے نویں رکوع تک تلاوت کرے۔ پھر گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھے اور ابتدائی سے دسویں رکوع تک تلاوت کرے۔ پھر درود شریف گیارہ مرتبہ پڑھے اور ابتداء سے گیارھویں رکوع تک تلاوت کرے۔ اس کے بعد گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھ کر ابتداء سے بارھویں رکوع تک تلاوت کرے۔ اس کے بعد گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھے اور ابتداء سے تیرھویں رکوع تک تلاوت کرے۔ اس کے بعد پھر گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھے اور ابتداء سے چودھویں رکوع تک تلاوت کر کے اٹھ کھڑا ہو۔ دوسرے دن کا وظیفہ مکمل ہو گیا۔ مصلی یا چٹائی جو بھی ہو اسے بھی سمیٹ کر الگ رکھ دے۔

تیسرے روز وقت مقررہ پر باوضو ہو کر بیٹھے اور گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھ کر ابتداء سے سورۂ بقرہ پندرھویں رکوع تک تلاوت کرے۔ پھر درود شریف پڑھ کر ابتداء سے سولہویں رکوع تک تلاوت کرے۔ پھر درود شریف گیارہ مرتبہ پڑھ کر ابتداء سے سترہویں رکوع تک تلاوت کرے۔ پھر درود شریف گیارہ مرتبہ پڑھے اور ابتداء سے اٹھارھویں رکوع تک تلاوت کرے۔ پھر درود شریف گیارہ مرتبہ پڑھے اور ابتداء سے انیسویں رکوع تک تلاوت کرے۔ پھر درود شریف گیارہ مرتبہ پڑھے اور ابتداء سے بیسویں رکوع تک تلاوت کرے۔ پھر درود شریف گیارہ مرتبہ پڑھے اور ابتداء سے اکیسویں

رکوع تک تلاوت کرے اور اٹھ کھڑا ہو کہ تیسرے دن کا عمل مکمل ہو گیا۔ مصلی بھی اٹھا کر الگ رکھ دے۔

چوتھے روز وقت مقررہ پر باوضو ہو کر بیٹھے اور گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھے اور پھر ابتداء سے بائیسویں رکوع تک تلاوت کرے۔ پھر درود شریف گیارہ مرتبہ پڑھے اور ابتداء سے تیئیسویں رکوع تک تلاوت کرے۔ پھر درود شریف گیارہ مرتبہ پڑھے اور ابتداء سے چوبیسویں رکوع تک تلاوت کرے۔ پھر درود شریف گیارہ مرتبہ پڑھے اور ابتداء سے پچیسویں رکوع تک تلاوت کرے۔ پھر درود شریف گیارہ مرتبہ پڑھے اور ابتداء سے چھبیسویں رکوع تک تلاوت کرے۔ پھر درود شریف گیارہ مرتبہ پڑھے اور ابتداء سے ستائیسویں رکوع تک تلاوت کرے۔ پھر درود شریف گیارہ مرتبہ پڑھے اور ابتداء سے اٹھائیسویں رکوع تک تلاوت کرے اور اٹھ کھڑا ہو۔ چوتھے روز کا عمل مکمل ہو گیا۔ مصلی وغیرہ بھی اٹھا کر الگ رکھ دے۔

پانچویں روز مقررہ وقت پر باوضو ہو کر بیٹھے اور درود شریف گیارہ مرتبہ پڑھے اور آج انتیسواں رکوع پڑھ کر درود شریف گیارہ مرتبہ پڑھ کر اٹھ کھڑا ہو کہ آج سے عمل صرف ایک رکوع تک ہی رہے گا۔

چھٹے روز وقت مقررہ پر باوضو ہو کر بیٹھے۔ حسب معمول درود شریف گیارہ مرتبہ پڑھے اور پھر تیسویں رکوع کی تلاوت کر کے اٹھ کھڑا ہو۔ اٹھنے سے پہلے درود شریف گیارہ مرتبہ پڑھے اور اللہ سے دعا بھی عاجزی کے ساتھ کرے کہ وہ نیک اعمال کی توفیق دیئے رکھے۔

ساتویں روز وقت مقررہ پر باوضو ہو کر بیٹھے اور گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھ کر اکتیسویں رکوع کی تلاوت کرے اور پھر گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھ کر اٹھ کھڑا ہو۔ اٹھنے سے پہلے عاجزانہ دعا کا اہتمام کرتا رہے۔

آٹھویں روز وقت مقررہ پر باوضو ہو کر بیٹھے اور گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھ کر بتیسویں رکوع کی تلاوت کرے اور پھر گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھ کر اٹھ کھڑا ہو۔ اٹھنے سے پہلے عاجزانہ دعا کا کرنا نہ بھولے۔

نویں روز وقت مقررہ پر باوضو ہو کر بیٹھے اور گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھ کر تینتیسویں رکوع کی تلاوت کرے اور پھر گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھ کر اٹھ کھڑا ہو اور دعائے عاجزانہ کے ساتھ اٹھ کھڑا ہو اور مصلی بھی اٹھا کر الگ رکھ دے۔

دسویں روز وقت مقررہ پر باوضو ہو کر بیٹھے ۔ گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھ کر چونتیسویں رکوع کی



تلاوت کرے اور پھر گیارہ مرتبہ درود شریف اور عاجزی اور انکساری کے ساتھ دعا کر کے عمل ختم کر کے اٹھ جائے اور مصلی بھی الگ رکھ دے۔

گیارہویں روز وقت مقررہ پر باوضو ہو کر بیٹھے اور گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھ کر پینتیسویں رکوع کی تلاوت کرے اور پھر گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھے۔ اور عجز وانکساری کے ساتھ اپنے پروردگار سے اپنے حق میں اور تمام مسلمانوں کے حق میں اور جملہ انسانوں کے حق میں دعائے خیر کرے اور اٹھ کھڑا ہو۔ مصلی بھی اٹھا کر الگ رکھ دے۔

بارہویں روز وقت مقررہ پر باوضو ہو کر بیٹھے اور گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھ کر چھتیسویں رکوع کی تلاوت سے فراغت کے بعد گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھے اور پھر عاجزی کے ساتھ دعائے خیر کرے اور اٹھ کھڑا ہو۔ مصلی بھی اٹھا کر الگ رکھ دے۔

تیرہویں روز وقت مقررہ پر باوضو ہو کر بیٹھے اور گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھ کر سینتیسویں رکوع کی تلاوت کرے۔ تلاوت سے فراغت کے بعد گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھے اور دعائے خیر عجز وانکساری کے ساتھ مانگے۔ پھر اٹھ کھڑا ہو اور مصلی بھی اٹھا کر الگ رکھ دے۔

چودھویں روز مقررہ وقت پر باوضو ہو کر بیٹھے اور گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھے۔ پھر اڑتیسویں رکوع کی تلاوت کرے اور آخر میں گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھے۔ اور نہایت عجز وانکساری کے ساتھ اپنے پروردگار سے دعائے خیر مانگے۔ پھر اٹھ کھڑا ہو اور مصلی بھی اٹھا کر الگ رکھ دے۔

پندرھویں روز مقررہ وقت پر باوضو ہو کر بیٹھے اور گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھے۔ پھر انتالیسویں رکوع کی تلاوت کرے۔ تلاوت سے فراغت کے بعد گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھے۔ پھر نہایت عاجزی سے اپنے لئے اور پوری امت مسلمہ کی فلاح و بہبود کے لیے دعا مانگے۔ اور اٹھ کھڑا ہو۔ مصلی بھی اٹھا کر الگ رکھ دے۔

سولہویں روز وقت مقررہ پر مقررہ جگہ بیٹھ کر پہلے درود شریف پڑھے۔ درود شریف حسب معمول گیارہ مرتبہ پڑھے پھر چالیسویں رکوع کی تلاوت کرے اور آخر میں گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھے اور پوری دل سوزی کے ساتھ اپنے اللہ سے اپنی اور پوری امت مسلمہ کے لیے دعائے خیر مانگے اور پھر اٹھ کھڑا ہو۔ مصلی بھی اٹھا کر الگ رکھ دے۔

سترھویں روز مقررہ وقت پر باوضو ہو کر بیٹھے اور گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھے پھر پہلے دوسرے

رکوع کی تلاوت کرے۔ تلاوت کے بعد گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھے اور پھر عجز وانکساری کے ساتھ اپنے خالق ومالک سے اپنی اور پوری ملت اسلامیہ کے لیے دعائے خیر مانگے۔ اور اٹھ کھڑا ہو۔ مصلی بھی اٹھا کر الگ رکھ دے۔

اٹھارہویں روز مقررہ وقت پر باوضو ہو کر بیٹھے اور گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھے۔ پھر تیسرا اور چوتھا رکوع تلاوت کرے۔ آخر میں گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھے اور پوری عاجزی وانکساری کے ساتھ اپنے لیے اور پوری امت اسلامیہ اور انسانیت کے لیے دعائے خیر کرے۔ پھر اٹھ کھڑا ہو اور مصلی بھی اٹھا کر الگ رکھ دے۔

پھر انیسویں روز مقررہ وقت پر باوضو ہو کر بیٹھے اور گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھے اور پھر چوتھے اور پانچویں رکوع کی تلاوت کرے اور آخر میں گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھے اور عاجزی کے ساتھ اپنے حوالے سے دعائے خیر کرے۔ اپنے لیے بھی اور پوری ملت کے ساتھ پوری انسانیت کے لیے دعائے خیر کرے۔ پھر کھڑا ہو اور مصلی بھی اٹھا کر الگ رکھ دے۔

بیسویں روز مقررہ وقت پر باوضو ہو کر بیٹھے اور گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھے اور گیارہ مرتبہ آیت الکرسی پڑھ کر پھر چھٹے رکوع کی تلاوت کرے۔ اور آخر میں پھر گیارہ مرتبہ درود شریف اور آیت الکرسی پڑھے۔ پھر عاجزی کے ساتھ اپنے مالک و پروردگار سے دعائے خیر کرے اور اٹھ کھڑا ہو۔ مصلی بھی اٹھا کر الگ رکھ دے۔

اکیسویں روز مقررہ وقت اور جگہ پر باوضو ہو کر بیٹھے اور گیارہ مرتبہ درود شریف اور آیۃ الکرسی پڑھے۔ پھر ساتویں رکوع کی تلاوت کرے اور آخر میں پھر گیارہ مرتبہ درود شریف اور گیارہ مرتبہ آیۃ الکرسی پڑھ کر اپنے پروردگار سے دعائے خیر کرے۔ اپنے لیے بھی، اپنی ملت اسلامیہ کے لیے بھی اور پوری انسانیت کی فلاح کے لیے بھی۔ یہ چونکہ وظیفہ کا آخری روز ہے اور اسی دن اللہ کا خصوصی کرم ہوتا ہے اس لیے جتنی بھی دعائیں مانگی جائیں، مانگے اور جتنا بھی خشوع وخضوع کا اظہار کیا جا سکے کرے۔ ان شاء اللہ آخری روز کی دعائیں مقبول ہوں گی۔

سورۃ اخلاص کا عمل

سورۃ اخلاص کا نقش ایک ہزار کی تعداد میں لکھ کر آٹے کی گولیاں بنا کر ہر گولی میں پانچ تعویذ رکھے اور ہر ہفتے جتنے نقش لکھے، آٹے کی گولیوں میں ڈال کر دریا میں ڈال دے تاکہ مچھلیاں انہیں کھا جائیں۔

اس کے بعد اس نقش کا عامل ہو جائے گا اور جس مرض کے لیے بھی اسے دے گا۔ ان شاء اللہ مفید ثابت ہوگا۔ عامل کے لیے لازم ہے کہ ہر مریض کو نماز کی پابندی کی تاکید کرے اور حرام کمائی سے بچے اور حلال کمائی پر اکتفا کرے۔ نقش یہ ہے:

بسم اللہ الرحمن الرحیم

لم يلد	الصمد	الله	احد	هوالله	قل
ولم يولد	لم يلد	الصمد	الله	احد	هو الله
ولم يكن	ولم يولد	لم يلد	الصمد	الله	احد
له	ولم يكن	ولم يولد	لم يلد	الصمد	الله
كفواً	له	ولم يكن	ولم يولد	لم يلد	الصمد
احد	كفواً	له	ولم يكن	ولم يولد	لم يلد

آیۃ الکرسی کا وظیفہ

آیۃ الکرسی کا عامل بننے کے لیے متعلقہ شخص ایک وقت ایسا متعین کرے جس کی پابندی کر سکے۔ یہ عمل اکتالیس روز کا ہے۔ وقت معینہ پر باوضو ہو کر بیٹھے اور پھر گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھے اور آیت الکرسی تین سو مرتبہ پڑھے اور پھر آخر میں درود شریف گیارہ مرتبہ پڑھ کر اٹھ کھڑا ہو۔ اسی طرح روزانہ باوضو ہو کر یہ عمل دہراتا رہے۔ درود شریف اول بھی گیارہ مرتبہ اور آخر میں بھی گیارہ مرتبہ پابندی سے پڑھے اور آیت الکرسی تین سو بار پڑھے۔ اس تعداد سے نہ کم ہو نہ زیادہ۔ اکتالیس دن کے بعد عامل ہو جائے گا۔ پھر جس مرض کے لیے بھی اسے استعمال کرے گا ان شاء اللہ مریض صحت یاب ہو جائے گا۔ اسے پڑھ کر مریض پر صبح شام دم بھی کر دیا کرے اور پانی پر بھی دم کر کے دے اور کم از کم گیارہ دن پانی پینے کی تاکید کرے۔ ان گیارہ دنوں میں دم کیے ہوئے پانی کے علاوہ پانی نہ پیئے۔ اس کی تاکید کر دی جائے۔

سورہ فاتحہ کا عمل

سورۃ فاتحہ کے لیے کسی وظیفہ کی ضرورت نہیں ہے۔ اسے جب بھی موقع ملے دن رات میں اکیس بار پڑھ لیا کرے۔ یہی عمل کافی ہے۔ اس پہلی سورہ پاک کے بہت سے نام ہے جن میں سے ایک: ام سورۃ

شفا بھی ہے۔ اس لیے ہر مریض پر دم کے لیے بھی یہ مفید ہے اور پانی پر دم کر کے پلانا بھی مفید ہے۔ مریض کو نماز کی پابندی کی تاکید کے ساتھ اس کو پڑھنے کی بھی تاکید کریں کہ وہ خود بھی پڑھ کر اپنے ہاتھوں پر دم کرے۔ اپنے جسم کے اوپر ہاتھ پھیر لیا کرے۔ اور جسم کے جس حصہ میں درد معلوم ہو وہاں خصوصی طور پر تین بار پڑھ کر دم کرنے سے فائدہ ہوگا۔ یہ دم پندرہ پندرہ منٹ کے وقفے سے تین بار دم کرے۔

آج کل تعویذ گنڈوں کا کاروبار بہت چل رہا ہے۔ بیشتر لوگوں نے اسے پیشہ بنا لیا ہے۔ غریب مریضوں سے ٹھوک بجا کر پیسے وصول کرتے ہیں۔ میری درخواست ہے کہ اسے پیشہ نہ بنایا جائے۔ اللہ کی رضا کے لیے ہی خدمت کی جائے اور اللہ ہی سے دنیا اور آخرت کی فلاح طلب کی جائے۔ اب تو دیواروں پر عاملوں نے مریضوں کو شرطیہ علاج کے اشتہار بھی لکھوا رکھے ہیں اور حال یہ ہے کہ ان اشتہاری عاملوں میں تقریباً اسی فیصد وہ لوگ ہیں جنہوں نے بازار سے نقش سلیمانی قسم کی کتابیں لے کر یہ کاروبار شروع کیا ہے۔

آج تک استاد محترم کی نصیحت پر کاربند ہوں!

میں نے یہ علم اپنے مرشد و استاد حضرت مولانا مفتی محمد محمود الوری رحمۃ اللہ علیہ سے باقاعدہ حاصل کیا۔ پاکستان میں ایک اور بزرگ مولانا عطاء اللہ ہندی صاحب نے بھی از راہ کرم کچھ پڑھایا اور عمل کرایا۔ دونوں بزرگوں نے نصیحت کی تھی کہ اسے ذریعہ روزگار نہ بنا لینا۔ فی سبیل اللہ خدمت خلق کرو گے تو اثر بھی ہوگا اور آخرت کے اجر عظیم کے مستحق بھی ہو گے۔ اللہ کا شکر ہے کہ میں نے پچاس برس سے فی سبیل اللہ ہی لوگوں کی خدمت کی ہے اور کسی سے کوئی ہدیہ یا معاوضہ نہیں لیا۔

میری زندگی کا سب سے خوفناک روحانی علاج

سب سے پہلا اور خوفناک ترین علاج میں نے اس وقت کیا جب میری عمر سترہ یا اٹھارہ سال کی تھی اور علم حاضرات کی تعلیم حاصل کر رہا تھا۔ ۱۹۴۴ء میں میں نے حضرت مفتی صاحب کے فرمان کے مطابق ریاست الور کے دیہات و قصبات کا دورہ کیا تھا۔ ایک بزرگ چودھری مان خان صاحب نے اپنے اونٹ پر بٹھا کر دورہ کرایا۔ دورہ کے دوران ہم جب گوبند گڑھ قصبہ میں محترم قاری حافظ محمد رمضان صاحب کے پاس پہنچے تو انہوں نے بتایا کہ میرے پڑوس میں ایک ہندو بنیا کی نوجوان بیٹی پر جنات کا سایہ ہے۔ ہندوؤں کے بڑے بڑے معالج، برہمن اور مسلمانوں کے بہت سے مولوی علاج کے لیے

آئے مگر سب ناکام رہے۔ میں نے نوجوانی کے جوش میں کہہ دیا کہ پلو میں علاج کروں گا۔ ان شاء اللہ مریضہ ٹھیک ہو جائے گی۔ مریضہ کے والد کو اطلاع دی گئی۔ اس نے بلا لیا۔ اور مریضہ کو دکھایا اور تکلیف کی صورت حال سے بھی آگاہ کیا۔ راقم نے حاضرات کے سلسلے میں ضروری چیزیں منگوالیں اور پھر مریضہ کو بٹھا کر علاج شروع کر دیا۔ گردونواح کے مردوں اور عورتوں کا میلہ لگ گیا۔ جب راقم نے اپنا عمل شروع کیا تو دو منٹ کے بعد مریضہ کا دوپٹہ سر سے دور جا گرا اور اس کے سر کے بال کھل کر کھڑے ہو گئے۔ تماشائی بھاگ کھڑے ہوئے۔ مریضہ بھی اسی خوفناک حالت میں کھڑی ہو گئی اور حصار سے باہر نکلنے کی کوشش کی۔ میرے دل پر ایک خوف طاری ہو گیا۔ مریضہ نے حصار سے باہر ہونے کی کوشش کی تو جیسے اسے دیوار سے ٹکر لگی ہو۔ وہ واپس حصار میں آ گئی۔ بابرہنہ چائی اور پھر توبہ کرنے لگی اور معافی مانگنے لگی۔ یہ دیکھ کر میرا خوف بھی دور ہو گیا۔ دو تین منٹ میں جنات سے پوری طرح توبہ کرا کے اور معافی منگوا کر اور یہ وعدہ لے کر چھوڑا کہ آئندہ وہ اسے تنگ کرنے نہیں آئیں گے۔ مریضہ ہوش میں آ گئی اور سب نے دیکھ لیا کہ اللہ نے ایک نوآموز نوجوان کی لاج رکھ لی۔

مریضہ کا باپ چاندی کے روپوں کی ایک تھال بھر کر لایا اور میرے سامنے رکھ کر کہنے لگا کہ آپ نے میرے اوپر بڑا احسان کیا ہے کہ میری بیٹی کی جان بچادی۔ یہ نذرانہ قبول کر لیں۔ میں نے کہا کہ میرے استاد نے مجھے ایسے نذرانوں سے منع کر دیا ہے۔ آپ یہ ساری رقم اپنی بستی کے غریب مزدوروں، بیوہ، غریب عورتوں اور یتیم بچوں میں تقسیم کر دیں۔ وہ آپ کے لیے بھی دعائیں کریں گے اور میرے حق میں بھی دعا کریں گے۔ اللہ کا شکر ہے کہ اس کے بعد وہ بچی مکمل صحت یاب ہو گئی۔ یہ جنات کے علاج کا سب سے پہلا خوفناک معاملہ تھا جس میں اللہ نے کامیابی بخشی۔

بعض چھوٹی سورتوں کے وظائف

سورہ الضحیٰ کا عمل

اپنے مکان کے ایک کمرے میں باوضو ہو کر پہلے روز جو وقت چاہے اپنی مصروفیات وحالات کے پیش نظر مقرر کرے اور پھر اکیس روز اسی وقت کی پابندی کرے۔ پہلے گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھے اور پھر سورہ الضحیٰ ایک سو اکیس 121 مرتبہ پڑھے اور پھر آخر میں گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھے۔ اور پھر اللہ

سے دعا مانگ کر اٹھ کھڑا ہو اور مصلیٰ بھی اٹھا کر الگ تہہ کر کے رکھ دے۔

دوسرے روز وقت مقررہ پہ درود شریف گیارہ مرتبہ باوضو ہو کر پڑھے اور پھر ایک سو پچیس 125 مرتبہ اس سورہ کی تلاوت کرے اور آخر میں درود شریف گیارہ مرتبہ پڑھے اور پھر دعا مانگ کر اٹھ کھڑا ہو اور مصلیٰ بھی اٹھا کر تہہ کر کے الگ رکھ دے۔

تیسرے روز وقت مقررہ پر باوضو ہو کر گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھ کر ایک سو ستائیس 127 مرتبہ سورہ والضحیٰ کی تلاوت کرے۔ آخر میں درود شریف گیارہ مرتبہ پڑھ کر دعا مانگے اور اٹھ کھڑا ہو۔ مصلیٰ بھی اٹھا کر تہہ کر کے متعلقہ جگہ پر رکھ دے۔ یہ مصلیٰ اسی کام کے لیے مخصوص رہے اور اسے اور کوئی استعمال نہ کرے۔

چوتھے روز وقت مقررہ پر باوضو ہو کر بیٹھے۔ گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھے اور سورہ والضحیٰ ایک سو اکتیس 131 بار تلاوت کرے۔ آخر میں درود شریف گیارہ مرتبہ پڑھ کر دعا مانگے اور اٹھ کھڑا ہو مصلیٰ بھی اٹھا کر تہہ کر کے متعلقہ جگہ پر رکھ دے۔

پانچویں روز وقت مقررہ پر باوضو ہو کر بیٹھے اور گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھ کر سورہ والضحیٰ ایک سو پینتیس 135 بار تلاوت کر کے آخر میں درود شریف گیارہ مرتبہ پڑھے اور اپنے اللہ سے عاجزی کے ساتھ اپنے مقاصد کے لیے دعا مانگے اور اٹھ کھڑا ہو۔ مصلیٰ بھی اٹھا کر تہہ کر کے الگ متعلقہ جگہ پر رکھ دے۔

چھٹے روز وقت مقررہ پر باوضو ہو کر درود پاک گیارہ مرتبہ پڑھے اور پھر سورہ الضحیٰ ایک سو انتالیس 139 بار تلاوت کرے۔ آخر میں گیارہ مرتبہ درود پاک پڑھے اور عجز وانکساری کے ساتھ اپنے پروردگار سے دعا مانگے اور اٹھ کھڑا ہو۔ مصلیٰ بھی اٹھا کر تہہ کر کے متعلقہ جگہ پر رکھ دے۔

ساتویں روز مقررہ وقت پر باوضو ہو کر بیٹھے اور گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھ کر سورہ الضحیٰ ایک سو تینتالیس 143 مرتبہ تلاوت کرے اور پھر گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھ کر عجز وانکساری کے ساتھ اپنے اللہ سے اپنے مقصد کے لیے دعا مانگے اور اٹھ کھڑا ہو۔ مصلیٰ بھی اٹھا کر تہہ کر کے متعلقہ جگہ پر رکھ دے۔

آٹھویں روز مقررہ وقت پر باوضو ہو کر بیٹھے اور گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھ کر سورہ الضحیٰ ایک سو سینتالیس 147 مرتبہ تلاوت کرے اور پھر گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھے اور پھر عاجزی کے ساتھ اپنے پروردگار سے خشوع وخضوع کے ساتھ دعا مانگے اور اٹھ کھڑا ہو۔ مصلیٰ بھی اٹھا کر تہہ کر کے متعلقہ جگہ پر

رکھ دے۔

نویں روز مقررہ وقت پر باوضو ہوکر گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھ کر سورہ الضحیٰ ایک سو اکیاون 151 مرتبہ تلاوت کرے اور پھر گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھے۔ عاجزی سے دعا مانگے اور اٹھ کھڑا ہو۔ مصلی بھی اٹھا کر تہہ کرکے متعلقہ جگہ پر رکھ دے۔

دسویں روز مقررہ وقت پر باوضو ہوکر بیٹھے اور گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھ کر سورہ الضحیٰ ایک سو ترپین 153 مرتبہ تلاوت کرے اور پھر گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھے اور دعا کرکے اٹھ کھڑا ہو۔ مصلی بھی اٹھا کر تہہ کرکے متعلقہ جگہ پر رکھ دے۔

گیارھویں روز مقررہ وقت پر باوضو ہوکر بیٹھے اور گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھ کر سورہ الضحیٰ ایک سو ستاون 157 مرتبہ تلاوت کرے اور پھر گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھے اور اپنے پروردگار سے عاجزی سے اپنے مقصد کے لیے دعا مانگے اور پھر اٹھ کھڑا ہو۔ مصلی بھی اٹھا کر تہہ کرکے متعین جگہ پر رکھ دے۔

بارھویں روز مقررہ وقت پر باوضو ہوکر بیٹھے اور گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھ کر سورہ الضحیٰ ایک سو اکسٹھ 161 مرتبہ تلاوت کرے اور پھر گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھے اور خشوع وخضوع کے ساتھ اپنے پروردگار سے اپنے مقصد کے لیے دعا مانگے اور اٹھ کھڑا ہو۔ مصلی بھی اٹھا کر تہہ کرکے متعین جگہ پر رکھ دے۔

تیرھویں روز مقررہ وقت پر باوضو ہوکر بیٹھے اور گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھ کر سورہ الضحیٰ ایک سو پینسٹھ 165 مرتبہ تلاوت کرے اور پھر گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھ کر اپنے پروردگار سے اپنے مقصد برآری کے لیے دعا مانگے اور اٹھ کھڑا ہو۔ مصلی بھی اٹھا کر تہہ کرکے متعین جگہ پر رکھ دے۔

چودھویں روز مقررہ وقت پر باوضو ہوکر بیٹھے اور گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھ کر سورہ الضحیٰ ایک سو انہتر 169 مرتبہ تلاوت کرے اور پھر گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھے اور پھر اپنے پروردگار سے اپنے مقصد کے لیے عاجزانہ انداز میں دعا کرے اور اٹھ کھڑا ہو۔ مصلی بھی اٹھا کر تہہ کرکے متعینہ جگہ پر رکھ دے۔

پندرھویں روز وقت مقررہ پر باوضو ہوکر بیٹھے۔ گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھے اور سورۃ والضحیٰ ایک سو اکہتر 171 بار تلاوت کرے۔ آخر میں گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھے اور پھر اپنے مالک وخالق سے اپنے مقصد کے حصول کے لیے گڑگڑا کر دعا مانگے اور اٹھ کھڑا ہو۔ مصلی بھی اٹھا کر تہہ کرکے الگ متعلقہ جگہ پر رکھ دے۔

سولھویں روز وقت مقررہ پر باوضو ہوکر بیٹھے۔ گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھے اور سورۃ والضحیٰ ایک سو تہتر 173 بار تلاوت کرے۔ آخر میں گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھے اور پوری عجز وانکساری کے ساتھ اپنے پروردگار سے اپنے مقصد کے لیے دعا مانگے اور اٹھ کھڑا ہو۔ مصلی بھی اٹھا کر تہہ کرکے الگ متعلقہ جگہ پر رکھ دے۔

سترھویں (17 ویں) روز وقت مقررہ پر باوضو ہوکر بیٹھے۔ گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھے اور سورۃ والضحیٰ ایک سو ستتر 177 مرتبہ تلاوت کرے۔ آخر میں گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھے اور پوری عجز وانکساری کے ساتھ اپنے پروردگار سے اپنے مقصد کے لیے دعا مانگے اور اٹھ کھڑا ہو۔ مصلی بھی اٹھا کر تہہ کرکے الگ متعلقہ جگہ پر رکھ دے۔

اٹھارھویں روز وقت مقررہ پر باوضو ہوکر بیٹھے۔ گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھے اور سورۃ والضحیٰ ایک سو اکیاسی 181 مرتبہ تلاوت کرے۔ آخر میں گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھے اور پوری عجز وانکساری کے ساتھ اپنے پروردگار سے اپنے مقصد کے لیے دعا مانگے اور اٹھ کھڑا ہو۔ مصلی بھی اٹھا کر تہہ کرکے الگ متعلقہ جگہ پر رکھ دے۔

انیسویں روز وقت مقررہ پر باوضو ہوکر بیٹھے۔ گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھے اور سورۃ والضحیٰ ایک سو تراسی 183 مرتبہ تلاوت کرے۔ آخر میں گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھے اور پوری عجز وانکساری کے ساتھ اپنے پروردگار سے اپنے مقصد کے لیے دعا مانگے اور اٹھ کھڑا ہو۔ مصلی بھی اٹھا کر تہہ کرکے الگ متعلقہ جگہ پر رکھ دے۔

اکیسویں روز وقت مقررہ پر باوضو ہوکر بیٹھے۔ گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھے اور سورۃ والضحیٰ ایک سو ستانوے 197 مرتبہ تلاوت کرے۔ آخر میں گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھے اور اپنے مالک وخالق پروردگار سے آخری مرتبہ پورے عجز وانکسار کے ساتھ اپنے مقصد کے لیے دعا مانگے۔ یہ چونکہ اس چلے کی آخری دعا ہے۔ اس لیے تمام مسنون دعائیں بھی جو یاد ہوں، انہیں پڑھ کر پھر اپنی زبان میں اپنے مقصد کے لیے دعا مانگے اور اٹھ کھڑا ہو اور شکرانہ کے دو نفل پڑھے کہ اس ذات پاک نے یہ وظیفہ مکمل کرنے کی توفیق عطا فرمائی۔

سورۃ الم نشرح اور سورۃ والتین کا عمل

اسی طرح انہی اعداد وشمار اور مقررہ اوقات میں سورۃ الم نشرح اور سورۃ والتین کا وظیفہ بھی عمل

جائے۔ اس بات کا سختی سے اہتمام کیا جائے کہ جتنے اعداد وشمار جس دن کے لیے درج کیے گئے ہیں ان میں کسی روز بھی کوئی کمی بیشی نہ ہونے پائے۔ عمل ہونے کے بعد ان سورتوں کا عامل ہو جائے گا اور جس شخص کا کاروبار بند ہو گیا ہو اسے ان سورتوں کو صبح نماز فجر کے بعد اور نماز عشاء کے بعد درود شریف کے ساتھ تین تین بار پڑھ کر دعا مانگنے کی ہدایت کی جائے۔ ان شاء اللہ تھوڑے دنوں کے اندر ہی وہ اس وظیفہ کی برکات دیکھے گا۔ دنیوی کاروبار کے علاوہ ان کی تلاوت مذکورہ تعداد میں روزانہ کرنے سے آخرت کی نجات وبخشش کا ذریعہ بھی ہوگا۔ جس گھر میں یہ معمول ہوگا اس گھر میں جادو ٹونہ کا کوئی اثر نہ ہوگا۔ لیکن متعلقہ آدمی کو یہ نصیحت کردی جائے کہ وہ نماز روزہ کے ساتھ تمام اسلامی احکام کی پابندی کرنے کو زندگی کا معمول بنالے اور رزق حلال کمائے حرام سے پرہیز کرے۔

بعض چھوٹے عمل

داڑھ یا دانتوں میں درد ہو تو

سب سے پہلے درود شریف سات مرتبہ پڑھے۔ پھر سورۂ فاتحہ تین مرتبہ پڑھ کر بسم اللہ وباللہ اسئلک بعزک وجلالک وقدرتک علی کل فان مریم تلد غیر عیسی من روحک وکلمتک ان تشفی مابفاطمۃ بنت خدیجہ من الضر کلھا۔ اگر یہ کلمات یاد نہ ہوں تو آیۃ الکرسی پڑھ کر دم کردے۔ ان شاء اللہ درد میں افاقہ ہوگا۔ پندرہ بیس منٹ وقفہ کے بعد پھر دم کردے۔ اسی طرح تین وقفوں کے ساتھ دم کرتا رہے۔ درد ختم ہو جائے گا۔

سر درد کے خاتمے کے لیے

درود شریف کے بعد

بسم اللہ اذھب عنھا سوء ہ وحشہ بدعوت نبیک الطیب المبارک المتین عندک بسم اللہ

گیارہ مرتبہ پڑھ کر دم کیا جائے۔ ان شاء اللہ فائدہ ہوگا۔ اگر یہ کلمات یاد نہ ہوں تو سورۂ فاتحہ اور آیت الکرسی تین تین بار پڑھ کر دم کر دینے سے بھی آرام آ جائے گا۔ اگر پہلی بار دم سے پورا آرام نہ آئے تو پندرہ بیس منٹ کے وقفہ سے پھر دم کرے اور پھر اسی طرح پندرہ بیس منٹ کے وقفہ کے بعد تیسری بار دم کرے۔ ان شاء اللہ سر درد سے نجات مل جائے گی۔

فقر اور تنگی معاش سے نجات کے لیے

نماز فجر کے فوراً بعد سورج نکلنے سے پہلے سبحان اللہ وبحمدہ سبحان اللہ العظیم سو مرتبہ پڑھنا اپنا معمول بنائیے۔ ان شاء اللہ اس کی معاشی حالت تبدیل ہو جائے گی اور کاروبار میں برکت آئے گی۔ اس عمل کو معمول بنائے رکھیں۔

سفلی جادو اور ٹونے کے علاج کے لیے

درود شریف گیارہ مرتبہ پھر سورہ توبہ کی آخری آیات لقد جاء کم رسول ۔ سے وھو العظیم تک اور سورۂ بقرہ کے آخری رکوع کے ساتھ سورۂ اخلاص معوذتین پڑھ کر مریض پر دم کرے۔ اور یہ دعا سات روز پانی پر دم کرکے پلائے۔

اللھم انت المحی وانت الممیت وانت الخالق وانت الباری وانت الشافی خلقتنی من ماء مھین جعلنا فی قرار مکین الی قدر معلوم اللھم انی اسئلک باسماءک وصفاتک العلیا یا من بیدہ الابتلاء والمعافات والشفاء والدوآء بمعجزات نبیک محمد وبرکات خلیلک ابراھیم وحرمۃ کلیمک موسی علیھم السلام اللھم اشفہ۔

یہ عمل بھی گیارہ روز سورج طلوع ہونے سے پہلے کیا جائے۔

میرے علمی ذوق اور دین کے ساتھ محبت کو دیکھ کر میرے استاد ومرشد حضرت مولانا مفتی محمد محمود صاحب الوریؒ نے مجھے اپنی خصوصی محبت سے نوازا اور عربی تعلیم کے ساتھ روحانیت کا علم بھی پڑھنے اور عملیات اور روحانیت کے لیے منتخب کرلیا۔ میری عمر پندرہ سولہ سال تھی۔ ایک خصوصی وظیفہ کرنے کا حکم دیا کہ روزانہ رات 9 بجے آیت الکرسی کا حصار کھینچ کر بیٹھ کر یہ وظیفہ اکیس روز کرنا ہے۔ ہر وقت باوضو رہنا ہے اور بعد نماز مغرب مراقبہ کرنا اور کثرت سے درود شریف پڑھتے رہنا ہے۔ ابھی غالباً دس بارہ روز ہی ہوئے تھے کہ ایک روز مغرب کے بعد چند بے تکلف دوست آگئے اور گپ شپ میں اس طرح مصروف ہوئے کہ نو بجنے میں دو منٹ باقی رہ گئے۔ اتفاق سے گھڑی دیکھی اور دوستوں کو فوراً رخصت



کرکے وظیفہ پڑھنے بیٹھ گیا۔ جلدی میں آیۃ الکرسی کا حصار کھینچنا بھول گیا۔ پھر مجھے کچھ معلوم نہیں کہ کیا ہوا۔ جب آنکھ کھلی تو میں ایک جنگل میں پڑا ہوا تھا۔ سخت حیران ہوا کہ میں تو مسجد میں تھا یہ کیا ہوا اور اس جنگل میں کیسے آ گیا۔ باجرہ اور جوار کی فصل کھڑی ہوئی تھی۔ ایک اونچی جگہ دیکھ کر گردونواح میں کسی آدمی کو دیکھنے لگا۔ کچھ دور ایک آدمی نظر یا اس کے پاس پہنچا اور اس سے پوچھا کہ یہ سامنے کون سی بستی ہے۔ اس نے بتایا کہ یہ قصبہ ہرسولی ہے۔ الور سے اس کا فاصلہ تقریباً پندرہ بیس کوس ہوگا۔ وہاں ایک میوؤں کا گاؤں بجو پور دو تین میل کے فاصلے پر تھا۔ وہاں ہمارے گاؤں کی ایک بچی کی شادی ہوئی تھی۔ میں اس گاؤں میں پیدل چل کر گیا۔ اتفاق سے بچی گھر مل گئی۔ وہ پوچھنے لگی چچا آپ کہاں؟ میں نے سب سے پہلے اسے بتایا کہ مجھے سخت بھوک لگی ہے، پہلے کھانا کھلاؤ۔ اس بچی نے فوراً کھانا تیار کرکے کھلایا کھانا کھا کر اس سے دو روپیہ ادھار طلب کیے۔ اس نے مجھے پانچ روپیہ کا نوٹ دے دیا۔ ہرسولی کے قریب سے بس میں سوار ہوا اور کئی بسیں تبدیل کرتا ہوا تین بجے میں الور پہنچا۔ جب استاد محترم کی خدمت میں حاضر ہوا تو انہوں نے پوچھا کہ آج صبح کیوں نہیں آئے۔ جواب میں جب حالات انہیں بتائے تو غصہ سے لال پیلے ہو گئے اور سختی سے فرمانے لگے کہ فوراً اپنے گھر بھاگ جاؤ، میں تمہیں ایک منٹ یہاں رکھنا نہیں چاہتا ہوں۔ اگر تم ہلاک کر دیے جاتے تو میں تمہاری والدہ اور بھائیوں کو کیا جواب دیتا۔ بس فوراً نکل جاؤ۔ چلو نکلو بھاگو۔

میں نے ہاتھ جوڑ کر معافی طلب کی لیکن ان کا غصہ بڑھتا ہی گیا۔ ان کی غصہ بھری آواز سن کر ان کے ماموں اور میرے فارسی کے استاد مولانا فخر الدین صاحب تشریف لے آئے اور انہوں نے سارے حالات معلوم کیے اور راقم کی حالت پر رحم کھا کر فرمایا کہ محمود صاحب! معاف کر دو، غلطی ہو گئی اور غلطی بھی بڑی سنگین۔ لیکن اب اس پر رحم کرو۔ آئندہ ان شاء اللہ محتاط رہے گا۔ حضرت صاحب اپنے ماموں کا بے حد احترام کرتے تھے اور ان کے فرمانے کے بعد معاف کر دیا

روحانیت کی زندگی کے عجیب حالات وتجربات

میرے علمی ذوق اور دین کے ساتھ محبت کو دیکھ کر میرے استاد ومرشد حضرت مولانا مفتی محمد محمود صاحب الوری نے مجھے اپنی خصوصی محبت سے نوازا اور عربی تعلیم کے ساتھ روحانیت کا علم بھی پڑھانے اور عملیات اور روحانیت کے لیے بھی منتخب کر لیا۔ میری عمر پندرہ سولہ سال کی تھی کہ ایک خصوصی وظیفہ

کرنے کا حکم دیا۔ روزانہ رات 9 بجے آیت الکرسی کا حصار کھینچ کر، بیٹھ کر یہ وظیفہ اکیس روز کرنا ہوتا ہے۔ ہر وقت باتصور رہنا ہے اور بعد نماز مغرب مراقبہ کرنا اور کثرت سے درود شریف پڑھتے رہنا ہے۔ ابھی غالباً بس بارہ روز ہی ہوئے تھے کہ ایک روز مغرب کے بعد چند بے تکلف دوست آ گئے اور گپ شپ میں اس طرح مصروف ہوئے کہ نو بجنے میں دو منٹ باقی رہ گئے۔ اتفاق سے گھڑی دیکھی اور دوستوں کو فوراً رخصت کرکے وظیفہ پڑھنے بیٹھ گیا۔ جلدی میں آیت الکرسی کا حصار کھینچنا بھول گیا۔ پھر مجھے کچھ معلوم نہیں کہ کیا ہوا۔ جب آنکھ کھلی تو میں ایک جنگل میں پڑا ہوا تھا۔ سخت حیران ہوا کہ میں تو مسجد میں تھا، یہ کیا ہوا اور اس جنگل میں کیسے آ گیا۔ باجرہ اور جوار کی فصل کھڑی تھی۔ ایک جگہ اونچی دیکھ کر وہاں چڑھ گیا اور گردونواح میں کسی آدمی کو دیکھنے لگا۔ کچھ دور ایک آدمی نظر آیا۔ اس کے پاس پہنچا اور اس سے پوچھا کہ یہ سامنے کونسی بستی ہے۔ اس نے بتایا کہ یہ قصبہ ہرسولی ہے۔ الور سے اس کا فاصلہ غالباً پندرہ بیس کوس تھا۔ سخت حیران وپریشان ہوا۔ وہاں ایک میوؤں کا گاؤں بجو پور دو تین میل کے فاصلہ پر تھا۔ وہاں ہمارے گاؤں کی ایک بچی کی شادی ہوئی تھی۔ اس گاؤں میں پیدل چل کر گیا۔ اتفاق سے بچی گھر مل گئی۔ وہ پوچھنے لگی۔ چچا آپ کہاں؟ میں نے سب سے پہلے اسے بتایا کہ مجھے سخت بھوک لگی ہے۔ پہلے کھانا کھلاؤ۔ اس بچی نے فوراً کھانا تیار کرکے کھلایا۔ کھانا کھا کر اس سے دو روپیہ ادھار طلب کیے۔ اس نے مجھے پانچ روپیہ کا نوٹ دے دیا۔ ہرسولی کے قریب سے بس میں سوار ہوا اور کئی بسیں تبدیل کرتا ہوا تین بجے الور پہنچا۔ جب استاد محترم کی خدمت میں حاضر ہوا تو انہوں نے پوچھا کہ آج صبح کیوں نہیں آئے۔ جواب میں جب حالات انہیں بتائے تو غصہ سے لال پیلے ہو گئے اور سختی سے فرمانے لگے کہ فوراً اپنے گھر بھاگ جاؤ، میں تمہیں ایک منٹ یہاں رکھنا نہیں چاہتا۔ اگر تم ہلاک کر دیے جاتے تو میں تمہاری والدہ اور بھائیوں کو کیا جواب دیتا۔ بس فوراً نکل جاؤ...... چلو نکلو...... بھاگو!''

میں نے ہاتھ جوڑ کر معافی طلب کی لیکن ان کا غصہ بڑھتا ہی گیا...... ان کی غصہ بھری آواز سن کر ان کے ماموں اور میرے فارسی کے استاد مولانا فخر الدین صاحب تشریف لے آئے اور انہوں نے سارے حالات معلوم کیے۔ اور راقم کی حالت پر رحم کھا کر فرمایا کہ محمود صاحب معاف کر دو، غلطی ہو گئی، اور غلطی ہے بھی بڑی سنگین لیکن اب اس پر رحم کرو۔ آئندہ ان شاء اللہ محتاط رہے گا۔ حضرت صاحب اپنے ماموں کا بے حد احترام کرتے تھے۔ ان کے فرمانے کے بعد معاف کر دیا اور راقم کی جان میں جان آئی۔

قصبہ گودھ گڑھ کی ایک ہندو مریضہ کا حال پہلے بیان کر چکا ہوں اس کے بعد 1944ء سے 47ء

تک صرف پانچ کیس اور آئے جو معمولی نوعیت کے تھے۔ ان میں کوئی حیران کن صورتحال نہ تھی۔ عمل حاضرات کیا اور چند منٹ کے عمل سے مریضہ اور مریض جنات کی توبہ کے بعد ہوش میں آگئے۔ گویا ان کو تنگ کرنے والی خبیث روحیں چھوڑ گئیں۔

جب نوجوان مریض کو اس کے گھر والے رسوں میں باندھ کر لائے!

ایک دو ایسے مریض بھی آئے جو میرے پاس آنے سے پہلے ہی ہوش وحواس میں آگئے اور کہنے لگے کہ ہم ٹھیک ہیں لیکن اپنے گھر جاتے ہی پھر بے ہوش ہو جاتے۔ ان کے علاج میں خاصی محنت کرنی پڑی۔ پھر جب پاکستان ہجرت کر کے آگئے تو موضع سید پور تحصیل قصور میں عارضی طور پر آباد ہوئے۔ وہاں قریبی بستی کے بیس پچیس نوجوان ایک بیمار نوجوان کو رسوں سے باندھ کر لائے۔ انہوں نے اس کے ہاتھوں کو بھی رسوں سے باندھ رکھا تھا اور چار چار نوجوان رسوں کو پکڑے ہوئے تھے اور پاؤں میں بھی رسے بندھے ہوئے تھے۔ جنہیں اسی طرح سات آٹھ افراد پکڑے ہوئے تھے۔ گویا مریض پندرہ بیس نوجوانوں کے بھی مشکل سے قابو آیا ہوا تھا۔ وہ میرے پاس آئے تو مریض نے بڑے زور سے سلام کیا اور مصافحہ کے لیے ہاتھ بڑھایا۔ میں نے اس کے چہرے کی طرف دیکھا تو اس کی آنکھیں اور چہرہ سرخ تھا۔ میں نے اس سے کہا کہ تم اس بیمار کو کیوں تنگ کر رہے ہو؟

جواب میں مریض کی زبان سے کہا گیا کہ نہ تنگ کروں؟

میں نے کہا کہ نہ تنگ کرو۔ اور پھر اس نے سلام کیا اور مصافحہ کر کے جانے کی اجازت طلب کی۔ مریض ہوش میں آگیا اور اپنے عزیزوں سے پوچھنے لگا کہ مجھے کیوں باندھ رکھا ہے؟

اس کے عزیزوں نے رسوں میں بندھے ہاتھ پاؤں کھول دیئے۔ مریض نارمل حالت میں آگیا۔

ان جنات کا علاج جنہوں نے پورے گھر پریشان کر رکھا تھا

میرے ایک نہایت ہی عزیز دوست اور بھائی جو طبیب بھی ہیں اور عالم دین بھی۔ ان کی سب سے بڑی بیٹی جو قریبی قصبے میں رہتی تھیں ان کے گھر میں جنات داخل ہو گئے اور ان کا مالی نقصان بھی کرنے لگے اور گھر والوں کو خوف زدہ بھی۔ سب گھر والوں کی موجودگی میں گھر کی چیزوں کو ادھر ادھر پھینکتے لگتے۔ نظر نہیں آتے تھے۔ گھر کی اشیاء ادھر ادھر جاتی نظر آتیں۔ کبھی کوئی صندوق اٹھا اور اس کونے سے صحن میں پھینک دیا گیا۔ کبھی کوئی خالی چارپائی صحن سے کسی کمرے میں جا پڑی۔ کبھی غلہ سے رقم غائب ہو گئی۔

یہ محترم بھائی ایک روحانی معالج جو معروف عالم دین اور متعدد بار قومی اسمبلی کے ممبر بھی رہے ہیں ان کو بھی لائے جو اتوار کے روز صرف روحانی علاج ہی میں معروف رہتے ہیں۔ لیکن ان کے عمل سے بھی شفا نہ ہوئی۔ تو کسی دوست نے مشورہ دیا کہ فیصل آباد میں ایک پیر صاحب جنوں کا علاج کرتے ہیں۔ وہ تین ہزار فیس لیتے ہیں اور کار میں سفر کرتے ہیں۔ انہیں لایا جائے۔

جس باپ کی بیٹی ایسے پریشان کن حالات میں مبتلا ہو جائے، اس کا دلی سکون ختم ہو جاتا ہے۔ میرے محترم بھائی نے تین ہزار نقد روپیہ برائے فیس پیر صاحب کے لیے لیا اور اڑھائی ہزار روپے میں کار کرایہ پر حاصل کی اور فیصل آباد سے متعلقہ پیر صاحب کو فیس دے کر لائے۔ پیر صاحب نے مریضہ کے گھر آکے اپنی سی کوشش کی اور یہ کہہ کر چلے گئے کہ اب گھر میں کوئی پریشانی نہ ہوگی۔ جنات کا علاج کر دیا گیا ہے۔ پیر صاحب مریضہ کے گھر سے سڑک پر پہنچنے والے تھے کہ گھر میں پھر وہی شرارت وخباثت شروع ہوگئی۔ میرے محترم بھائی اپنے مطب میں آگئے اور پریشان بیٹھے تھے کہ اتفاقاً میں ان سے ملنے چلا گیا۔ انہیں پریشان دیکھ کر پوچھا کہ حکیم صاحب آپ پریشان معلوم ہوتے ہیں؟

حکیم صاحب نے اقرار کیا کہ ہاں پریشان ہوں۔ جب وجہ پریشانی کے متعلق پوچھا تو انہوں نے بڑی بیٹی کے گھر کی بیماری کا ذکر کیا اور بتایا کہ عاملوں کے ناکام علاج کے بعد آج فیصل آباد کے پیر صاحب پر چھ ہزار روپے خرچ کے بعد بھی حالات اسی طرح پریشان کن ہیں۔ ساری تفصیلات بتائیں اور کہا کہ بیٹی کی اسی پریشانی نے پریشان کر رکھا ہے۔

محترم حکیم صاحب سے محبت ورفاقت کا تعلق بیس پچیس سال سے قائم ہے۔ لیکن انہیں میرے بارے میں بالکل علم نہ تھا کہ میں ایک قسم کا روحانی طبیب بھی ہوں۔ ان کی پریشانی دیکھ کر میں نے کہا کہ چلیے میں بھی اس گھر کو دیکھ لوں جہاں جنات نے ڈیرے ڈال رکھے ہیں۔ حکیم صاحب نے حیرانگی سے میری طرف دیکھا اور فرمایا کہ تم؟؟

میں نے ہنس کر کہا کہ کیا میں آدمی نہیں ہوں؟

اس کے بعد ہم دونوں بذریعہ بس وہاں پہنچ گئے اور حکیم صاحب کی بچی سے حالات معلوم کیے اور پھر انہیں ایک وظیفہ پڑھنے کے لیے لکھ کر دیا اور تعویذ بھی باندھنے کے لیے کہا کہ اسے مین گیٹ پر باندھ دیں: جہاں سے سب گزرتے ہیں۔ اور انہیں تاکید کی کہ پانچ روز کے بعد مجھے اطلاع دیں کہ صورت حال کیا ہے۔ تکلیف بڑھے یا گھٹے اس سے پریشان نہیں ہونا۔ میں بھی آپ کے لیے پڑھوں گا۔ پانچ

روز کے بعد مجھے اطلاع دی گئی کہ اللہ کا شکر ہے کہ پانچ روز ہمارے گھر خیریت رہی ہے۔ راقم نے بھی اپنے اللہ کا شکر ادا کیا۔ پھر انہیں مزید تعویذ دیئے اور ان کے استعمال کا طریقہ بھی بتایا۔ اللہ کا شکر ہے کہ اللہ نے اس گھر کو جنات سے نجات دے دی۔

گزشتہ سال کوئٹہ بلوچستان سے دو میاں بیوی بذریعہ ہوائی جہاز راولپنڈی آئے اور ٹیلی فون ایکسچینج سے دفتر تحریک کا فون نمبر معلوم کر کے راقم سے رابطہ کیا اور کہا کہ ہم علاج کے لیے آئے ہیں۔ میں نے ان سے کہا کہ یہ دفتر ہے۔ یہاں میں خواتین کو نہیں بلاتا۔ انہوں نے کہا ہم تو ڈیڑھ ہزار میل سے آئے ہیں۔ راولپنڈی میں ہمارا نہ کوئی عزیز رشتہ دار ہے اور نہ کوئی واقف۔ ان کی مجبوری کے پیش نظر انہیں دفتر بلا لیا۔ باورچی سے چائے تیار کرنے کے لیے کہہ دیا کہ دو مہمان آ رہے ہیں۔ انہیں چائے اور بسکٹ پیش کرنا ضروری ہے۔ باورچی نے آنے سے پہلے چائے وغیرہ تیار کر لی۔ اور ان کے آتے ہی چائے اور بسکٹ برائے تواضع پیش کر دیئے۔ چائے کے بعد ان سے حالات پوچھے۔ مہمان نے بتایا کہ یہ میری اہلیہ چار سال سے بیمار ہے اسے روزانہ دورہ پڑتا ہے اور دورے کا دورانیہ 9/10 گھنٹے سے کم نہیں ہوتا۔ اس دورے کے دوران پیشاب پاخانہ بھی خطا ہو جاتا ہے۔ ڈاکٹروں، مولویوں اور پیروں پر اسی ہزار روپے خرچ کر چکا ہوں لیکن کوئی فائدہ نہیں ہوا۔ اب ایک فوجی دوست نے آپ کا ذکر کیا تو ہم آپ کی خدمت میں آ گئے۔ خدا کرے کہ آپ کے ذریعہ اللہ اس بیماری سے نجات دلائے۔ راقم نے سب سے پہلے انہیں نماز کی تاکید کی اور زندگی کے دوسرے معاملات میں بھی شریعت کی پابندی کرنے کی تاکید کی اور یہ بھی کہا کہ آدمی کی کوئی حیثیت نہیں بیماری اور شفا، موت و زندگی، نفع و نقصان اسی ذات پاک کے ہاتھ میں ہے جو اس کائنات کا خالق و مالک ہے۔ اسے راضی کرنے اور رکھنے کی کوشش کریں۔ وہ راضی ہو گا تو ہماری بیماری بھی دور ہو گی اور شفا بھی نصیب ہو گی۔ اس نصیحت کے بعد ان کے لیے ایک کلمہ شریف کا تعویز دیا۔ پینے کے لیے بھی تعویذ دیا اور یہ وظیفہ لکھ کر دیا کہ اسے ایک وقت مقرر پر باوضو ہو کر اکیس روز پڑھیں۔ پہلے دن سوچ سمجھ کر وقت کا تعین کریں اور پھر اس کی پوری پابندی کریں۔

وظیفہ یہ ہے:۔

۱۔ درود شریف گیارہ مرتبہ
۲۔ سورہ فاتحہ گیارہ مرتبہ
۳۔ آیت الکرسی گیارہ مرتبہ

۴۔ آیت کریمہ گیارہ مرتبہ
۵۔ سورہ اخلاص گیارہ مرتبہ
۶۔ قل اعوذ برب الفلق دونوں کے درمیان بسم اللہ پڑھیں ایک سورت بنا کر
گیارہ مرتبہ پڑھیں
قل اعوذ برب الناس
۷۔ درود شریف گیارہ مرتبہ

آخر میں عجز و انکساری کے ساتھ اپنے مقصد کے لیے رب العزت سے دعا مانگے اور پھر اٹھ کر کھڑا ہو یہ عمل اکیس روز کرنا ہے۔ اللہ کی ذات سے امید ہے کہ شفا ہو گی۔ تاہم مجھے ہر ہفتہ فون سے اطلاع دیا کریں۔ تاکہ میں بھی صورت حال سے مطلع رہوں اور اس کے مطابق ہی اپنے عمل میں تبدیلی کرتا رہوں۔ پہلے ہفتہ ہی فون پر بتایا کہ چار سال میں پہلا موقع ہے کہ کوئی دورہ نہیں پڑا۔ خدا کا شکر ہے کہ ڈیڑھ ماہ کے علاج سے مکمل صحت ہو گئی۔ آخر میں صحت کے بعد اس نے پچیس ہزار روپے کا ڈرافٹ میرے لیے بھیجنے کی اطلاع دی۔ راقم نے ان کا شکریہ ادا کر کے کہا کہ یہ رقم کوئٹہ کے ان غریب اور مزدور لوگوں اور یتیم بچوں اور بیوہ عورتوں میں تقسیم کر دیں جنہیں دو وقت خشک روٹی بھی نصیب نہیں ہوتی۔ مجھے اللہ نے عزت کی روٹی دے رکھی ہے مجھے دعا کے سوا کچھ نہیں چاہیے۔

ایک سید گھرانے کی خاتون جو پاکستان کے مرکزی شہر میں رہائش رکھتی ہے، تیس سال سے بیمار تھی۔ یعنی شادی کے وقت ہی سے علیل تھی۔ ڈاکٹروں سے بھی علاج کرایا گیا۔ مولویوں، پیروں اور عاملوں سے مہینوں اور برسوں تعویز اور گنڈے لیے لیکن صحت نہ ہو سکی۔ ان کے بقول تیس سال سے بیماری کی وجہ سے رمضان کے پورے روزے نہ رکھ سکی۔ ہر سال اس پانچ روزے رکھے اور پھر بیماری کے شدید حملے کی وجہ سے ترک کرنے پڑے۔ انہیں کسی نے راقم کے متعلق بتایا۔ وہ دونوں میاں بیوی میرے پاس آئے حالات بتائے۔ راقم نے انہیں ایک وظیفہ بھی بتایا اور باندھنے کے لیے اور پینے کے لیے تعویز دیئے۔ خدا کا شکر ہے کہ پہلے کے مقابلہ میں بہتر صحت ہے۔ علاج جاری ہے۔ ان کے قول کے مطابق اللہ کے فضل نے اس سال روزے بھی پورے رکھنے کی توفیق اللہ نے دے دی۔ اور گھریلو حالات میں بھی بہتری ہے۔ بڑی پابندی سے علاج کرا رہی ہیں۔

اس معزز خاتون کے علاوہ دو تین گھرانے اور بھی وہاں زیر علاج تھے۔ خدا کا شکر ہے کہ ان

گھرانوں کی بیماری بھی اللہ نے اپنے کرم سے دور کر دی۔ وہ بھی میرے لیے دعا کرتے ہیں۔ اسی طرح شیخوپورہ اور چکوال سے بھی تین چار خاندان کے بیمار آئے۔ ان کو نماز کی تاکید کی اور پڑھنے کے لیے مختصر سا وظیفہ بتایا اور گلے اور بازو میں باندھنے کے لیے اور پینے کے لیے الگ الگ تعویذ دیئے۔ اللہ نے انہیں صحت عطا فرما دی اور بار بار کے طویل سفر سے بھی نجات دے دی۔ میرے قریب ہی سے گزشتہ سال ایک ایسے نوجوان کو لایا گیا جو جہاد افغانستان میں شریک رہا اور امریکی حملہ کے دوران یعنی 11 ستمبر 2001 کے بعد وہ افغانستان ہی میں تھا۔ اس کے بہت سے ساتھی امریکی بمباری سے شہید ہو گئے۔ اسے قدرت نے بچا لیا لیکن عزیز دوستوں اور ساتھیوں کی شہادت کا صدمہ اس کے لیے اتنا ناقابل برداشت تھا کہ وہ ذہنی توازن کھو بیٹھا۔ کسی سے بات بھی نہیں کرتا تھا۔ بہر کیف اس کے لیے راقم مسلسل پانچ روز ایک خاص وظیفہ بھی پڑھتا رہا اور تین روز عمل زعفران بھی رات کو کیا۔ الحمد للہ حق تعالیٰ نے راقم کی عاجزانہ دعا قبول فرمالی اور اس نوجوان کو ساٹھ فیصد افاقہ ہو گیا۔ امید ہے حق تعالیٰ مکمل صحت بخش دے گا۔

قصور کے سرحدی گاؤں سے ایک بزرگ چار روز پہلے اپنی کنواری بیٹی کے لئے تعویذ لے کر گئے تھے وہ آج اسے لے کر میرے گھر آئے اور بتایا کہ جب تک بچی کے گلے میں تعویذ بندھا رہتا ہے ٹھیک رہتی ہے۔ تعویذ اگر گلے سے نکل جائے یا نکال دیا جائے تو اسی وقت غش آ جاتا ہے۔ راقم نے اس بچی کے والد اور اس کی پھوپھی، جو اسے لے کر آئے تھے، انہیں تعویذ اتارنے کے لیے کہا۔ جونہی تعویذ بچی کے گلے سے نکلا وہ بے ہوش ہو کر گر پڑی۔ جب تک بغیر تعویذ کے رہی، بے ہوش پڑی رہی۔ جب دوبارہ تعویذ اس کے گلے میں ڈال دیا گیا، اسی وقت وہ ہوش میں آ کر بیٹھ گئی۔ میرے لیے یہ عجیب بیماری تھی۔ اس سے پہلے میری پچاس سالہ روحانی زندگی میں کسی بیمار کی یہ کیفیت نہیں ہوئی تھی۔ بہر کیف اس بچی کا علاج جاری ہے۔ حق تعالیٰ اس بچی کو مکمل صحت عطا کرے۔

چند روز پیشتر ایک شادی شدہ لڑکی کو اس کا خاوند لے کر آیا۔ اسے حاضرات کے لیے اس کے خاوند کے مشورے سے بٹھایا گیا۔ وہ دوران عمل ایک دم بے ہوش ہو کر گر پڑی۔ مشکل سے اس کے خاوند نے حصار کے باہر ہونے سے روکا۔ راقم بھی اس صورت حال سے پریشان تھا لیکن اللہ نے خیریت رکھی۔ حاضرات کے بعد ان کو ایک تعویذ گلے میں باندھنے کے لیے اور ایک گیارہ روز پینے کے لیے دیا اور تین تعویذ جن میں شیاطین کے نام تھے جلانے کے لیے دیئے۔ اللہ کا شکر ہے کہ وہ لڑکی ایک ماہ کے علاج

سے صحت یاب ہوئی اور اب وہ بالکل ٹھیک ٹھاک ہے۔

ضلع سیالکوٹ سے تقریباً چھ ماہ پیشتر ایک مریض کو لایا گیا جس کے سر میں ایک سال سے درد ہو رہا تھا۔ ڈاکٹروں سے بہت علاج کرایا گیا۔ افاقہ نہ ہوا۔ بعض ڈاکٹروں نے بتایا کہ اس مریض کے دماغ میں رسولی ہے اور بغیر آپریشن، یہ صحت مند نہ ہو سکے گا۔ دماغ کا آپریشن بڑا نازک ہوتا ہے اس لیے ہم اپنی طرف سے تو بھرپور کوشش کریں گے کہ آپریشن ٹھیک ہو جائے اور اس کی جان بچ جائے لیکن ضمانت کوئی نہیں دے سکتے۔ مریض کے والدین نے آپریشن کرانے سے انکار کر دیا۔ پھر وہ دیسی حکیموں سے دوا بھی لیتے رہے اور مولویوں اور پیروں سے نقش تعویذ بھی لیتے رہے۔ سر پر دم بھی کراتے رہے لیکن مریض کے سر درد میں فائدہ نہ ہوا۔ کسی نے وہاں میرے متعلق بات کی۔ وہ میرے پاس آئے لیکن میں ان دنوں راولپنڈی میں تھا۔ گھر والوں نے انہیں بتا دیا کہ وہ تو ہر مہینے کی پہلی تاریخ کو گھر مل سکتے ہیں۔ وہ لوگ اس وقت واپس چلے گئے پھر پہلی تاریخ کو مریض کو لے کر آئے۔ ملاقات ہوئی۔ مرض کی تفصیل سے آگاہ ہوا۔ ان سے نماز کے بارے میں پوچھا تو معلوم ہوا کہ نماز کبھی کبھی ہی پڑھتے ہیں۔ میں نے ان سے وعدہ لیا کہ نماز پوری پابندی کے ساتھ پڑھا کریں گے۔ یہ بحیثیت مسلمان فرض ہے اور ایک نماز کی جان بوجھ کر قضا سے ہزاروں سال جہنم کا عذاب بھگتنا پڑے گا۔ پھر یہ بھی سمجھو کہ آدمی کچھ نہیں کر سکتا۔ دکھ سکھ بیماری اور صحت اسی ذات کے ہاتھ میں ہے جس نے پیدا کیا ہے۔ آدمی صرف بہانہ بنتا ہے۔ صحت بھی وہی دیتا ہے۔ پھر راقم نے انہیں ایک تعویذ بازو سے باندھنے کے لیے، ایک پینے کے لیے اور ایک وظیفہ روزانہ پڑھ کر مریض کے سر پر دم کرنے کے لیے مریض کے والد کو بتایا اور تاکید کی کہ تکلیف بڑھے یا گھٹے یا علیٰ حالہ باقی رہے مجھے دس روز بعد راولپنڈی فون پر اطلاع دینا۔ میں بھی روزانہ اس کے لیے رات کو ایک وظیفہ پڑھا کروں گا اور مریض کے حالات کے مطابق ہی اس میں رد و بدل کرتا رہوں گا۔ انہوں نے میری ہدایت پر عمل کیا پھر دس روز کے بعد رات کو فون پر اطلاع دیتے رہے۔ پہلی تاریخ کو میرے گھر آ کر حالات بتاتے اور مریض کو بھی ہمراہ لاتے۔ اللہ کا شکر ہے کہ تین ماہ کے بعد درد سے اللہ نے شفا بخش دی اور اب تک مریض ٹھیک ہے۔

روحانی عملیات کے بعض واقعات

غالباً دو سال پہلے کا واقعہ ہے کہ لاہور کے واہگہ بارڈر کے کسی گاؤں سے ایک لڑکی کو ان

والدین گاڑی میں ڈال کر میرے پاس لائے۔ لڑکی بے ہوش تھی۔ جب میرے پاس پہنچے تو لڑکی کو ہوش آ گیا۔ اس کے ماں باپ نے بتایا کہ یہ بچی چار روز سے بے ہوش پڑی ہوئی تھی۔ آج چار روز کے بعد یہاں آپ کے پاس ہوش میں آئی ہے۔ ہم نے اپنے قرب وجوار میں مولویوں، عاملوں اور پیروں سے ہر ممکن علاج کروایا لیکن سب کی کوششیں بے سود رہیں۔ نہ لڑکی کو ہوش آیا اور نہ اس کی زبان سے کچھ نکلا۔

میں نے لڑکی کے والد سے پوچھا کہ یہ کب سے بیمار ہے؟ اس نے بتایا کہ چھ سات سال سے بیمار ہے۔ ہم نے ڈاکٹروں سے بھی علاج کرایا۔ دوائیں دیں لیکن ہر ڈاکٹر نے یہی کہا کہ اس کو کوئی بیماری نہیں ہے۔ اسے کسی پیر یا مولوی سے دم کراؤ شاید دم درود سے افاقہ ہو جائے۔ پھر ہم نے مولویوں سے دم کرایا لیکن کسی کے دم سے بھی فائدہ نہ ہوا۔ پہلے یہ جب بے ہوش ہوتی تھی تو آدھ پون گھنٹہ کے بعد ہوش میں آ جاتی تھی۔ یہ کہتی تھی کہ ایک عورت اور ایک بوڑھا بابا آتے ہیں اور مجھے اپنے گھر لے جانا چاہتے ہیں۔ میں انکار کرتی ہوں تو وہ مجھے مار دینے کی دھمکی دیتے ہیں اور میں بے ہوش ہو جاتی ہوں۔

میں نے ان سے پوچھا کہ آپ لوگ نماز پڑھتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ نماز نہیں پڑھتے۔ چنانچہ انہیں سختی سے تاکید کی گئی اور وعدہ لیا گیا کہ وہ آج ہی سے نماز شروع کر دیں گے۔ پھر انہیں کلمہ شریف کا تعویذ کر کے دیا کہ بچی کے گلے میں اس طرح باندھنا کہ اس میں نمی نہ جائے۔ ایک ہفتہ کے بعد اسے لے کر آئیں۔ اس سے نہ گھبرانا کہ تکلیف بڑھتی ہے کہ کم ہوتی ہے۔ ایک تعویذ پینے کے لیے دیا کہ اسے پابندی سے اور باقاعدگی سے پلانا ہے۔ گیارہ دن تعویذ کے پانی کے علاوہ پانی نہ پیئے۔ بچی سے بھی نماز پڑھنے کا وعدہ لیا۔ اور اسے تسلی دی کہ اللہ آپ کو صحت دے گا۔

آٹھ روز کے بعد وہ پھر اس لڑکی کو لے کر آئے اور بتایا کہ اب کے تکلیف کم ہوئی۔ دو روز کے بعد بے ہوش ہوتی رہی اور بے ہوشی کا وقفہ بھی پندرہ بیس منٹ سے زیادہ طویل نہیں ہوتا تھا۔ البتہ وہ عورت اور بابا ڈراتے تھے کہ ہم تجھے زندہ نہیں چھوڑیں گے۔ میں نے صورت حال کا اندازہ کر کے عمل حاضرات کا ارادہ کیا۔ تمام لوازمات پورے کر کے جب عمل حاضرات شروع کیا تو مریضہ جو حصار کے اندر ہی باوضو بیٹھی تھی، وہ پانچ فٹ اوپر فضا میں پہنچ گئی۔ یہ دیکھ کر اس کے والدین اور دوسرے تماشائی بھاگ کھڑے ہوئے۔ پانچ منٹ کے بعد لڑکی حصار کے اندر زمین پر گری۔ اس کے سر پر بھی چوٹ آئی، میں نے عمل حاضرات جاری رکھا اور آخر کار ان شیاطین سے توبہ کرائی کہ آئندہ وہ نہیں آئیں گے

اور اس لڑکی کو تنگ نہیں کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ اب ہمیں معاف کر دیں۔ الحمد للہ وہ اپنے وعدے پر قائم رہے اور اس کے بعد وہ لڑکی صحت مند رہی۔ اب اس کی شادی بھی ہو چکی ہے۔

جب یہ تحریر لکھی جا رہی تھی، راولپنڈی سے ایک سیدہ خاتون کا گرامی نامہ موصول ہوا، جو تیس سال سے جادو ٹونہ کی وجہ سے مسلسل بیمار چلی آ رہی تھی۔ یہ خاتون تقریب دس ماہ سے میرے زیر علاج ہیں۔ الحمد للہ اللہ نے انہیں اتنی صحت عطا کر دی ہے کہ اس سال روزے بھی پورے رکھ لیے ورنہ بقول ان کے تیس سال سے کبھی بھی پورے روزے نہ رکھ سکیں۔ اسی خط میں انہوں نے مجھے اطلاع دی تھی کہ اب میں کافی صحت مند ہوں۔ کبھی جب درد محسوس ہوتا ہے تو آپ کا بتایا ہوا وظیفہ پڑھ کر دم کر لیتی ہوں اور آرام آ جاتا ہے۔ جو وظیفہ اکیس روز کے لیے بتایا ہے، اسے مسلسل پڑھ رہی ہوں۔

ایک شیعہ گھرانے کی شادی شدہ لڑکی جو میرے گاؤں ہی کی بیٹی اور حجرہ (ضلع قصور) میں شادی شدہ تھی۔ وہ شادی سے پہلے ہی بیمار تھی۔ شادی کے بعد زیادہ بیمار ہو گئی۔ اس کے والد نے شیعہ علماء سے بہت علاج کرایا۔ مگر کوئی فائدہ نہ ہوا۔ لڑکی کی حالت خراب سے خراب تر ہوتی گئی۔ دو تین سال تک وہ لاہور، ساہیوال اور دوسرے مقامات پر بھی لیے پھرتے رہے۔ سینکڑوں روپے بھی علماء کو دیے۔ مگر کچھ نتیجہ نہ نکلا۔ پھر وہ میرے پاس آئے اور رو رو کر اپنی بیٹی کی بیماری کا حال بتایا۔ معلوم ہوا کہ جنات کا سایہ ہے۔ کئی بار گھر سے لڑکی غائب ہوئی اور پھر خود ہی آ گئی……

میں نے اسے پہلے کلمہ شریف کا تعویذ باندھنے کے لیے اور پندرہ عدد کا تعویذ پینے کے لیے دیا اور ایک ہفتہ کے بعد انہیں بلایا۔ وہ ہفتہ کے بعد آئے۔ تعویذ دیکھا تو محسوس ہوا کہ خبیث جنات کا سایہ ہے۔ چنانچہ عمل حاضرات کا اہتمام کیا۔ پہلے ہی روز پندرہ بیس جنات آ گئے۔ انہیں کوہ ہمالیہ کے لیے رخصت کر دیا۔ دوسرے روز پھر عمل حاضرات کیا اور پھر پندرہ بیس آ گئے۔ اسی طرح ایک ہفتہ بعد پھر بلایا۔ اور عمل حاضرات کیا۔ اس طرح اس بچی پر تین سو سے زیادہ جنات آئے۔ چھ ماہ کے مسلسل علاج کے بعد وہ لڑکی ٹھیک ہو گئی۔ الحمد للہ پھر کوئی شکایت نہ آئی۔

ہمارے ہی گاؤں کے ایک تبلیغی جماعت کے نوجوان کے گھر میں جنات تھے۔ اس نوجوان نے بہت سے علماء سے علاج کرایا۔ بہت سا روپیہ خرچ کر دیا۔ لیکن کوئی فائدہ نہ ہوا۔ حتیٰ کہ اس کی ایک بچی مخبوط الحواس ہو چکی ہے۔ وہ چونکہ 20/25 سال سے اپنے کھیتوں میں آباد ہیں۔ تین چار ماہ ہوئے۔ میرے پاس آئے اور اپنی پریشانی سے آگاہ کیا۔ میں نے ان کا علاج شروع کیا تو حالات زیادہ خراب



ہونے لگے۔ مجبوراً عمل حاضرات کرنا پڑا۔ اور انہیں کچھ تعویذ جلانے کے لیے دیے۔ تعویذ کا جلانا تھا کہ حالات حد سے زیادہ خراب ہو گئے۔ سارے بچے بچیاں بیمار ہو گئے۔ بچوں کی والدہ بھی بیمار ہو گئیں۔ مجھے بتایا گیا کہ مکان میں بہت سے جن نظر آتے ہیں۔ سونا حرام کر دیا گیا ہے۔ راقم نے رات کو ایک عمل کیا تو معلوم ہوا کہ تعویذ جنوں کے ایک بزرگ کے سر پر جلایا گیا تھا جس سے وہ بزرگ ہلاک ہو گیا۔ اب ان کی برادری انتقامی کارروائی پر تل گئی ہے۔ راقم نے مسلسل کئی رات عمل کیا۔ خدا خدا کر کے انہیں یقین دلایا کہ جان بوجھ کر تمہارے بزرگ کو نہیں جلایا گیا۔ راقم کی یقین دہانی پر ان کی اکثریت مطمئن ہو گئی۔ لیکن چند ایک خبیث ابھی شرارت کر رہے ہیں۔ لیکن خدا کا شکر ہے۔ اب پچیس تیس سال کے بعد تقریباً حالات بہتر ہوئے ہیں۔ اب انہیں نظر بھی نہیں آتے۔ کبھی کبھی ایک دو بچوں کو کچھ تکلیف ہو جاتی ہے۔ اور وہ میرے پاس آ جاتے ہیں اور میں انہیں پینے کے لیے تعویذ دے دیتا ہوں۔ خدا کا شکر ہے کہ اب وہ ٹھیک ہیں۔

ایک نوجوان بچی پر جنات تھے۔ وہ اسے سیالکوٹ سے لاہور تک علماء اور عاملوں کے پاس لیے پھرتے رہے۔ علماء و عامل صاحبان کے سامنے وہ توبہ کر کے چلے جاتے۔ لیکن جب لڑکی اپنے گھر پہنچتی تو وہ پھر تنگ کرنے آ جاتے۔ جب بار بار وہ علماء، عاملوں کے پاس سے لے گئے تو انہوں نے جواب دے دیا کہ یہ معاملہ ہمارے بس سے باہر ہے۔ کسی اور سے علاج کراؤ۔ کسی نے انہیں میرے متعلق بتایا وہ اس بچی کو لے کر میرے پاس آئے۔ میں نے پہلے اسے باندھنے اور پینے کے لیے تعویذ دیے۔ لیکن وہ دوسرے روز پھر آ گئے کہ تعویذ غائب کر دیئے گئے ہیں۔ پھر دوبارہ تعویذ دیئے اور تاکید کر دی کہ تم خود حفاظت کرو۔ لیکن وہ پھر اگلے دن آ گئے کہ ہماری کوشش کے باوجود تعویذ گم ہو گئے۔ آخر اس بچی پر عمل حاضرات کیا اور خبیث جنوں سے توبہ کرائی۔ بچی ٹھیک ہو گئی۔ لیکن جونہی اپنے گھر پہنچی پھر شیاطین توبہ توڑ کر تنگ کرنے کے لیے آ موجود ہوئے۔ دوسرے دن پھر عمل حاضرات کیا لیکن نتیجہ پھر وہی ہوا کہ اپنے گھر جاتے ہی پھر وہی حالت ہو گئی۔ وہ پھر اگلے روز اسے لے کر آ گئے۔ راقم نے پھر عمل حاضرات کیا اور پوری سختی سے توبہ کرائی۔ انہوں نے وعدہ کیا کہ اب ہم نہیں آئیں گے لیکن گھر جاتے ہی پھر وہی حالت ہو گئی۔ وہ پھر اگلے روز آئے اور بتایا کہ کوئی فائدہ نہیں ہوا۔ آخر راقم نے سرکنڈوں کے دو ٹکڑے چھ چھ انچ کے منگائے اور ان پر ایک سو ایک بار آیۃ الکرسی پڑھ کر دم کر کے انہیں دیئے کہ گھر جا کر انہیں صندوق میں مقفل کر کے رکھنا اور جب لڑکی کو تنگ کریں، ان سرکنڈوں کو صندوق سے نکال کر لڑکی کے

ہاتھ کی انگلیوں کے درمیان رکھ کر پوری طاقت سے دبانا اور اس خیال سے کمزوری نہ دکھانا کہ لڑکی کو تکلیف ہو گی۔ جب وہ توبہ کر کے جانے کا وعدہ کریں تب چھوڑنا۔ اور بچی ہوش میں آ جائے تو ان سرکنڈوں کو صندوق میں مقفل کر کے رکھ دینا اور جب بھی وہ بچی کو تنگ کرنے آ جائیں پھر سرکنڈوں کو اسی طرح بچی کی انگلیوں کے درمیان دے کر پوری قوت سے دبانا۔ انشاء اللہ وہ بچی کی جان چھوڑ دیں گے۔ انہوں نے اس پر چار پانچ روز عمل کیا اور سرکنڈوں کو حفاظت سے رکھا۔ اس کے بعد وہ ہمیشہ کے لیے چلے گئے اور بچی صحت یاب ہو گئی۔

گزشتہ ماہ مئی کے وسط میں راولپنڈی و اسلام آباد سے ایک نوجوان لڑکی کو لائے جو ایم بی بی ایس ڈاکٹر ہے اور سعودی عرب کے شہر دمام میں رہتی ہے۔ شاید ملازمت کرتی ہے۔ اس پر کسی دشمن نے جادو کر دیا ہے۔ مریضہ کے بھائی نے بتایا کہ دو تین ماہ سے جادو ہوا ہے۔ رات ہوتے ہی ڈرتی ہے۔ ذہنی طور پر متاثر ہے۔ یادداشت میں بہت فرق آ گیا ہے۔ لڑکی کے ساتھ اس کی والدہ بھی آئی تھی۔ راقم نے انہیں کلمہ شریف کا تعویذ باندھنے کے لیے دیا اور پینے کے لیے تعویذ دیا۔ ساتھ ہی وہ وظیفہ بھی لکھ کر دیا جس کے عمل سے جادو وغیرہ کا دفعیہ ہو جاتا ہے۔ پانچ روز کے بعد اس کا بھائی آیا اور رپورٹ دی کہ بچی کو افاقہ ہے۔ اب رات کو معمولی خوف آتا ہے۔ راقم نے تاکید کر دی کہ وہ پابندی کے ساتھ وظیفہ جاری رکھیں اور روزانہ اپنے پروردگار سے گڑگڑا کر اپنی صحت کے لیے دعا کرتی رہیں۔ انشاء اللہ جادو سے ان کی جان چھوٹ جائے گی۔ خدا کرے کہ بچی کو مکمل صحت طور پر گھر آ گیا ہوں اور اب میں راولپنڈی نہیں جاؤں گا۔ بلکہ ضلع قصور ہی میں تحریک کا کام کروں گا۔ امیر ضلع محترم چودھری بشیر احمد بلیانہ صاحب ایڈووکیٹ کا دعوتی کام میں ہاتھ بٹاؤں گا۔

1948ء میں جب ہم ہندوستان سے ہجرت کر کے آئے تو کچھ دن باؤلی کیمپ میں رہنے کا اتفاق ہوا۔ وہیں سے مہاجر اخبار میں کام کرنے کا موقع ملا۔ باؤلی کیمپ میں چند روز صبح درس قرآن بھی دینے کی ذمہ داری نبھائی۔ اور یہیں مولانا عطاء اللہ ہندی صاحب سے ربط ضبط ہوا۔ جو عالم دین کے ساتھ روحانیت کے عامل بھی تھے۔ راقم نے ان سے بھی بہت کچھ حاصل کیا۔

ایک روز سرحدی گاؤں ہڈیارہ سے ایک صاحب میرے پاس آئے اور بتایا کہ میرے نوجوان بیٹے کو جنات نے ایک سال سے تنگ کیا ہوا ہے۔ جس عامل کو لائے اسے بھی مار پیٹ کر بھگا دیتے ہیں۔ اب تو علماء اور عامل حضرات ہمارے گاؤں کا نام سن کر کانوں کو ہاتھ لگاتے ہیں اور کوئی علاج کرنے کے لیے

تیار نہیں...... راقم نے مولانا عطاء اللہ ہندی سے ذکر کیا تو وہ چلنے کو تیار ہو گئے اور ہم تانگہ سے ہڈیارہ چلے گئے۔

مریض کو دیکھا۔ حالات سنے اور پھر باوضو ہو کر راقم نے مریض کو اپنے ساتھ مصلے پر بٹھا لیا اور عمل حاضرات شروع کیا۔ مولانا عطاء اللہ ہندی صاحب حصار سے باہر باوضو ہو کر بیٹھ کر پڑھتے رہے اور میری مدد کرتے رہے۔ تین چار منٹ کے بعد مریض نے راقم پر حملہ کیا چونکہ سارے حالات پر نظر تھی۔ راقم نے مریض کو دھکا دیا اور وہ گرنے کی بجائے اوپر فضا میں اڑنے لگا۔ حتیٰ کہ مکان کی چھت سے جا لگا اور وہاں بڑی تیزی کے ساتھ پھرنے لگا۔ مولانا عطاء اللہ ہندی صاحب بھی باہر بیٹھے ہوئے پڑھتے رہے۔ راقم اندر مصروف رہا۔ مریض تین چار بار چھت سے نیچے پھرتا ہوا آیا اور میرے سر سے دو فٹ اوپر سے پھر پھراتا ہوا چھت سے جا لگا۔ اس کے چھ سات منٹ بعد وہ میرے سامنے دھڑام سے گرا اور پھر توبہ کرنے لگا۔ کئی بار کوشش کی کہ حصار سے باہر نکل جائے۔ لیکن حصار سے باہر نہ نکل سکا۔ جب وہ توبہ واستغفار کرنے لگا تو راقم نے مضبوطی سے اس کا دایاں ہاتھ پکڑا اور اس سے ناک رگڑنے اور سو بار توبہ کرنے کے لیے سختی سے کہا۔ اس نے زمین پر ناک رگڑی اور توبہ ایک سو ایک بار کی تب اس کا ہاتھ چھوڑا۔ ہاتھ چھوٹتے ہی مریض ہوش میں آ گیا۔ مریض کا باپ ایک بٹوا لایا اور اسے راقم کو دینے لگا۔ راقم نے مولانا ہندی کی طرف اشارہ کر دیا اور انہوں نے وہ بٹوا انہیں دے دیا۔ فارغ ہو کر ہم تانگہ سے باؤلی کیمپ آ گئے۔ مولانا عطاء اللہ نے وہ بٹوا مجھے دینا چاہا لیکن میں نے صاف انکار کر دیا اور مجبوراً مولانا عطاء اللہ صاحب نے ہی وہ بٹوا اپنی جیب میں رکھ لیا۔